سیاسیات کا عوامی انتظامیہ سے بہت گہرا تعلق ہے۔ حقیقت میں ''عوام'' ایک ایسی اصطلاح ہے جس میں مرکزی سرکاری انتظامیہ خود بخود آ ہی جاتی ہے اگر چہ کہ اس میں پرائیوٹ اور دیگر تنظیموں کا مطالعہ بھی شامل ہے۔ یہ حکومتی پالیسیاں اور سیاسیات کو تشکیل دیتے ہیں اور ساتھ ہی ان کے فارمولے کو نافذ کرواتی ہیں۔ علم سیاسیات اور عوامی انتظامیہ کا مقصد ملتا جلتا ہے، کیونکہ ان دونوں کا مقصد سماجی بہبودی اور وسائل کا زیادہ سے زیادہ استعمال ہے۔

اس طرح ہم یہ سمجھ سکتے ہیں کہ سیاسیات کا علم تجرباتی اور سائنسی اصول کا تجزیہ کرتے ہوئے ریاست کا منظّم مطالعہ ہے۔ اگر چہ کہ اس میں تجرباتی تحقیقات شامل ہیں لیکن اس میں قطعی طور پر پیشن گوئیاں نہیں کی جاسکتیں۔ سیاسیات کا علم ریاست اور اس میں بسنے والے اراکین اور اس کے اداروں کا معائنہ کرتا ہے۔ اس میں سماجی، ثقافتی، اقتصادی اور نفسیاتی عوامل کا مطالعہ بھی ہے جو حکومت پر اثر انداز ہوتے ہیں، البتہ یہ سماجی علوم کے تابع ہے، لیکن اس کا اثر دوسرے علوم پر زیادہ ہوتا ہے۔ سیاسیات اقتدار کے علاوہ بین الاقوامی سطح کی سیاست، ان کے تعلقات، سیاسی نظریات، عوامی قانون، عوامی پالیسی وغیرہ پر توجہ دیتے ہوئے آپس میں موازنہ بھی کرتا ہے۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ اس کا مطالعہ ہمیں سیاسی عمل، نظام حکومت اور اس کے ہر شہری کی زندگی کو متاثر کرنے کے بنیادی طریقوں کو سمجھاتا ہے۔

کارروائی : ACTIVITY

آپ کے روزمرہ زندگی کو سیاست کیسے متاثر کرتی ہے، اس پر ایک مختصر نوٹ لکھئے۔

کارروائی : ACTIVITY

ہمارے پسندیدہ سیاسی مفکر ہنکر کی زندگی اور اس کے کارناموں کے متعلق تصاویر اکٹھا کریں اور جماعتی کمرے میں اس کے نظم ونسق کے بارے میں طلباء کو آگاہ کریں۔

فرہنگ الفاظ (Glossary)

(Polititical System)
آئین کے مختلف اقسام کے حکومتی فارم :

Arthashastra
تیسری صدی قبل مسیح میں سیاسی معیشت اور انتظامی حکمرانی پر کوٹلہ کا لکھا ہوا کام :

City - State
ایک چھوٹے سماج پر مبنی ریاست اور اس شہر کے اطراف میں چھوٹی سی آبادی پر حکمرانی :

Political Behaviour
کسی بھی معاملہ میں عام طور پر ذمہ داروں اور خاص طور پر حکومت کا فیصلہ لینا :

Authority
قانونی منظوری کے ساتھ اپنے اثر ورسوخ کو استعمال کر کے کسی شخص یا کسی ادارے کی صلاحیت :

Tryst کسی خاص جگہ یا مقررہ وقت پر کسی سے ملاقات کرنا:

Desting : ایسے کام جو آئندہ ہو سکتے ہیں۔ مستقبل

Politi cal Dynamic
سیاسی اداروں کا مسلسل بدلاؤ اور ایک مرحلہ سے دوسرے مرحلہ کی طرف منتقل ہونا۔ :

Politics
یہ حکومت کا کلچر ہے ''فن'' ہے یا سائنس، خاص طور پر کسی سیاسی شخصیت یا قوم کی حکمرانی کرنا اور اس کے داخلی وخارجی امور کا نظم و نسق اور اس پر قابو پانا :

11 pol sc unit 1 Set
Sunday, November 21, 2021 2:08:18 PM

Political Science

علم کی ایک شاخ جو ریاستی یا حکومتی نظام اور سیاسی سرگرمیوں کا سائنسی تجزیہ کرتی ہے :

Behaviouralism

سیاسی رویے کی وضاحت اور پیشن گوئی کرنے کے لئے معروضی اور معقول انداز پر زور دینا :

Democracy

جمہوریت، عوام کی منتخب کردہ حکومت خود عوام کے لئے :

Post. Behaviouralism

یہ طرز عمل کے اصولوں کے خلاف ایسا ردعمل ہے جو صحت و درستگی پر زور دیتا ہے۔ :

Totalitarianism

انسانی زندگی کے تمام پہلوؤں کو ریاستی اقتدار کے ماتحت کرنا :

Oligarchy

یہ ایک چھوٹی سی آمرانہ طاقت والا اقتدار ہے جو پیشہ ورانہ بدعنوانی کو فروغ دیتا ہے :

imperialism :

بیرونی ممالک پر کسی سلطنت یا قوم کی حکمرانی

Colonialism

ماتحت ملک، علاقہ یا عوام کے قومی سطح پر نگرانی یا قابو میں رکھنا۔

مشق (Evaluation)

I۔ مناسب ترین جواب منتخب کیجئے :

1۔ سیاسیات کیا صلطاح یونانی زبان کے ایل لفظ ''Polic'' سے ماخوذ ہے جس کے معنی.....ہیں۔

(a) شہر۔ریاست (b) پولیس فورسس (c) سیاست (d) ریاستی پولیس

2۔ کس نے کہا کہ سیاست کا مرکزی موضوع یہ ہے ''کون ہے، جو، کب اور کیسے''

(a) ہارولڈلاسل (b) ہارلڈلاس ویل (c) چارلس۔ای۔میریم (d) فرنگ گڈنو

3۔ ڈیوڈایسٹون کے قول کے مطابق سیاست.....ہے

(a) اقدار کی قابل اعتماد تقسیم (b) وسائل کی قابل اعتماد تخصیص

(c) سلطنت کی رسمی تقسیم (d) قابل اعتماد مخصوص افراد

4۔ قدیم وجدید ہندوستان میں.....کو ایک قدیم سیاسی مفکر سمجھا جاتا ہے۔

(a) کوٹیلیہ اور تریوالوور (b) والمیکی اور ایمبیر ا

(c) ویاسا اور آریہ بٹہ (d) چرخہ اور سوسر بٹہ

5۔ تصور ''قانونیت'' کا گہرا تعلق ہے

(a) ریاست اور حکومت سے (b) قانون کے مطالعہ سے

(c) قوت اور اقتدار سے (d) جائیداد کی جائز ملکیت سے

11 pol sc unit 1 Set
Sunday, November 21, 2021 2:08:18 PM

6۔ کس نے کہا کہ قوت سے قوت بنتی ہے اور ٹاورنسلوں میں طاقت پیدا کرتا ہے اور اس نے مرکزی اصول پسند طبقہ کی تشکیل کی۔

(a) رابرٹ مشیل (b) ہیرالڈلسکی

(c) چارلس۔ای۔میریم (d) ڈیوڈاسٹین

7۔ سیاسیات کا باوا آدم.....کو کہا جاتا ہے۔

(a) ارسطو (b) سقراط (c) پلاٹو (d) میکیاویلی

8۔ کس نے کہا کہ حقیقت میں انسان ایک سماجی جانور ہے

(a) پلاٹو (b) جین بودین (c) ارسطو (d) سوکریٹ

9۔ سیکولر نقطہ نظر سے تجرباتی مشاہدہ کے پیش نظر کس نے سماجی موضوع کو مذہب سے تبدیل کیا۔

(a) تھامس ہوس (b) نیکولی میکاویلی (c) جون لاک (d) جے جے روسو

10۔ کس نے مشہور حوالہ دیا کہ تاریخ ماضی کی سیاست کا نام ہے اور سیاست موجودہ تاریخ کا

(a) ہارولڈلاسل (b) فری مین (c) چارلس۔ای۔میریم (d) جون مارسل

II۔ ذیل کے مختصر ترین جوابات لکھئے:

(1) لفظ ''سیاسیات'' کا اصل کیا ہے بتائیں؟

(2) ''تقدیر کے ساتھ تدبیر'' اس اصطلاح سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

(3) قوت واقتدار کے متعلق کارل مارکس کا نظریہ کیا ہے؟

(4) خوشی پر ارسطو کے کیا خیالات ہیں۔لکھیں؟

(5) وزیراعظم نہرو کے نمایاں کردہ تین چیلنجوں کی فہرست بنائیں؟

(6) سیکولرازم کے تصور کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

(7) بعد کے طرز عمل (Post-behaviouralism) کے بنیادی نظریہ کی وضاحت کیجئے۔

III۔ درج ذیل کے مختصر جوابات لکھیں۔

(1) سیاسیات کے علم کی نوعیت کے متعلق لکھئے؟

(2) ''طاقت'' اس خیال سے کیا مراد ہے؟

(3) ارسطو اور افلاطون کے مابین تعلقات کو اجاگر کریں۔

(4) سیاسیات کے فلسفیانہ انداز پر بحث کریں۔

(5) ''علم سیاسیات کے بغیر تاریخ کا وجود نہیں''، سیاسی سائنس کے بغیر تاریخ کی اصلیت نہیں'' (جان سیلی) اس جملے پر تبصرہ کیجئے۔

(6) سیاسیات سے متعلق قانونی نقطہ نظر کیا ہے؟

11 pol sc unit 1 Set
Sunday, November 21, 2021 2:08:18 PM

IV۔ مندرجۂ ذیل سوالات کے تفصیل سے جوابات لکھے۔

(1) کیا سیاسیات کا علم آرٹ ہے یا سائنس؟ اپنے جواب سے اس کو ثابت کریں۔

(2) علم سیاسیات اور دیگر سائنس کے مابین تعلقات کیا ہیں اس کو واضح کریں؟

(3) سیاسیات کی تعلیم کے روایتی طریقوں کے بارے میں تفصیل سے لکھیں۔

(4) "Post Behaviouralism" کے بنیادی اصولوں کی وضاحت کریں۔

(5) اس سیاق وسباق کی وضاحت کریں جس میں سیاسی موضوع کو مذہب کے چنگل سے آزاد کیا گیا تھا۔

حوالہ جات:

(1) رابرٹ گارنر، بیٹر فرڈ ینیڈ لاسین، ''علم سیاسیات کا ایک تعارف'' آکسفورڈ یونیورسٹی نیویارک 2009

(2) او۔ پی گوبا، ''سیاسی نظریات کا ایک تعارف'' طباعت : انڈیا لمیٹڈ نئی دہلی۔ 2009

مزید مطالعہ کے لئے:

(1) پلاٹو۔ جمہوریت

(2) ارسطو۔ سیاسیات

(3) لاسکی، ہارولڈ، جے، اے گرامر آف سیاست۔ لندن، جورج الن اور انون 1925

(4) بین الاقوامی انسائیکلوپیڈیا برائے سیاسیات

11 pol sc unit 1 Set
Sunday, November 21, 2021 2:08:18 PM

اکائی 2

ریاست State



639NJ



عزیز طلباء ! گذشتہ سبق میں ہم نے آپ کو علم سیاسیات کے بارے میں تفصیل سے بتایا تھا، آپ کے ذہن میں یہ سوال کھٹکا ہوگا کہ سیاسیات کس چیز کے ساتھ معاملہ کرتی ہے، اگر نباتات کا تعلق پودوں اور سماجیات سے ہے تو سیاسیات کا تعلق کس چیز سے ہے اور اس کا بنیادی موضوع کیا ہے ؟

تعارف : Introduction

علم سیاسیات ریاست کے ایک منظم مطالعہ کا نام ہے۔ ہم سب اپنی اپنی زندگیاں ریاست ہی میں گذارتے ہیں، اور دنیا بہت ساری ریاستوں کا مجموعہ ہے، دنیا پر اگر ہم نظر دوڑاتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ ساری سلطنتوں اور حکومتوں کا ایک مجموعہ ہے جسے ہم ریاست کا نام دیتے ہیں اور یہ کسی خطے کے سیاسی، ثقافتی مذہبی اور اقتصادی سیاق وسباق کے تاریخی عمل سے ماخوذ ہے۔ آج جب ہم لفظ ''ریاست'' کہتے ہیں تو اس سے ہماری مراد جدید ریاست Modern State ہوتی ہے کیونکہ آج کی دنیا جدید ریاستوں پر مشتمل ہے اور جدید ریاست ایک عوامی انتظامیہ ہے جو حکمرانوں اور رعایا کی سیاست اور ان کے خیالات سے بالکل مختلف ہے۔ لہذا ریاست کیا ہے؟ اور کیا نہیں؟ اسے صحیح طریقہ سے ہم سیاسیات کے علم کے ذریعہ بچوں کو ذہن نشین کرواتے ہیں۔

سیکھنے کے مقاصد :

- یہ سبق طلباء کو ریاست پر مبنی سیاسیات کی اہمیت اور دلچسپیوں کو سمجھانے کے قابل بنائے گا اور خاص طور پر ریاست اور اس کے افعال کو سمجھنے میں مدد فراہم کرے گا۔
- ریاست کے متعلق مختلف مفکرین کے آراء وخیالات کو جان سکیں گے۔
- ریاست کے عناصر کے متعلق طلبہ معلومات حاصل کرسکیں گے۔
- سماج، ریاست اور حکومت کے مابین تعلقات کی نشاندہی کرنے میں سہولتیں فراہم کرے گا۔
- جدید ریاست، فلاحی ریاست اور سختی سے پاک ریاست کے تصورات سے طلباء واقفیت حاصل کرسکیں گے۔

2.1 ریاست کا معنی اور اس کی تعریف :

Meaning and Definition of State

ریاست سماجی اداروں کی بہ نسبت سب سے زیادہ آفاقی، عالم گیر (Universal) طاقت ور اور مضبوط ہے، یہ ایک قدرتی ادارہ ہے۔ ارسطو نے کہا کہ انسان ایک سماجی جانور ہے وہ قدرتی طور پر اپنا ایک الگ سیاسی وجود رکھتا ہے، اسے ریاست میں زندگی بسر کرنا ار انسان بن کر ہی رہنا ہے۔ ایک جدید ااطلاح ''ریاست'' (State) اسے کیفیت یا حالت "Status" سے لیا گیا ہے جسے نیکو کو ماکیاولی Niccolo Machiavellic (1469-1527) نے اپنی تحریروں میں اسی لفظ کا استعمال کیا ہے

11 pol sc unit 2 Set
Sunday, November 21, 2021 2:47:05 PM



اور اس کا ہونا ہر ایک کے لئے ضروری ہے کیونکہ یہ زندگی کی بنیادی ضروریات میں سے ایک ہے ۔ ایک بہترین زندگی کو پانے کے کے لئے اس کا ساتھ بہت ضروری ہے کیونکہ اسے مقاصد، خواہشات اور تمناؤں کی تکمیل حکومت کے توسط ہی سے حاصل ہوتی ہے ۔ اس میں شک نہیں کہ ریاست ایک اہم ادارہ ہے لیکن کوئی بھی دو انشاء پرداز "Writers" اس کی کسی ایک مخصوص تعریف پر اتفاق نہیں کر سکے ۔ یہ معنی کا عدم اتفاق ہمیں زیادہ جدت پسند Creative اور دلچسپ بنا دیتا ہے ۔ مثال کے طور پر سیاسیات میں سماجی حیات کا نظریہ بھی پایا جاتا ہے ۔ اس نظریہ سے وابستہ تین اہم مفکرین یہ ہیں ۔ تھانس ہوبرس، جان لوک اور جان جیک روسو ۔ تینوں مفکرین اس بات پر متفق ہیں کہ ریاستی کنٹرول انسان کی ایک ضرورت ہے اس لئے اسے چاہئے کہ وہ انسانوں کو اپنے قابو میں رکھے لیکن ان کا ختلاف اس بات پر ہے کہ وہ نسانوں کو کس حد تک اپنے قابو میں رکھے ۔

سیاسی مفکرین	انسانی مفکرین	فطرت کی نوعیت	سماجی عماہدہ
ہوبس	انسان ایک بھیڑیا ہے لیکن اس کا پیچھا (مقابلہ) انسان ہی کر سکتا ہے	یہ جنگ کی حالت ہے	ایک عجیب دریا کا جانور (Leviatham)
لوک	انسانوں کو مکمل آزادی حاصل ہے	جائیداد ایک محفوظ چیز نہیں ہے	عام دولت
روسیو	انسان آزاد ہے لیکن بداخلاق	نہ امن ہے نہ تہذیب	ریاست کی عام مرضی کے متعلق

کارروائی: ACTIVITY

مجھے تلاش کیجئے: Find Me....





ریاست کے سماجی معاہدے کے نظریہ Social Contract Theory کو تین اہم حامیوں نے اجتماعی طور پر ٹھیکیدار "Cintracturlists" کہا ہے اور ان کی اتفاق رائے یہ ہے کہ وہ انسانوں کو اپنے قابو میں رکھے لیکن اس کے انوکھے طریقہ پر بحث ہونی چاہئے ۔ بتایئے کہ یہ تینوں کون ہیں؟

2.2 ریاست کے اہم عناصر:
Essential Elements of State

ریاست مختلف اداروں کا نام ہے جو لازمی طور پر اپنی رعایا پر قوت اقتدار authority رکھتا ہے ۔ لہذا تمام جدید ریاستوں کا اپنا اپنا ایک آئین ہوتا ہے جس میں ریاست اپنے طاقت کے بل بوتے پر ہر شہری کو آزادی اور کچھ رعایتیں دیتا ہے، لہذا آئین ہر ایک کو پابند کرتا ہے، اس طرح آئین کو ریاست کی بھرپور طاقت کے مقابلہ میں ایک محدود عنصر سمجھا جاتا ہے ۔

ریاستوں کے حقوق اور فرائض کے بارے میں مونٹی ویڈیو خصوصی اجلاس Montevideo Convention جو 1933ء کو منعقد ہوا تھا اس میں بنیادی باتیں بتائی گئی تھیں ۔ ریاست میں مستقل آبادی کے ساتھ متعین علاقے بھی ہونے چاہئیں اور ایک ایسی حکومت اور اس کا ہونا ہر ایک کے لئے ضروری ہے کیونکہ یہ زندگی کی بنیادی ضروریات میں سے ایک ہے ۔

11 pol sc unit 2 Set
Sunday, November 21, 2021 2:47:06 PM

ایک بہترین زندگی کو پانے کے کے لئے اس کا ساتھ بہت ضروری ہے کیونکہ اسے ہونی چاہئے جو ان علاقوں اور وہاں کے باشندوں کو اپنے کنٹرول میں کرسکے اور دیگر ریاستوں کے ساتھ بین الملکی تعلقات بھی استوار کرسکے۔اس طرح دیگر ریاستوں کا بیرونی نقطہ نظر سے کسی ریاست کو تسلیم کرنا ریاست کے قانونی جواز کے لئے بہت اہمیت کا حامل ہے۔

ریاست کی تعریف : (Definition of State)

- ارسٹول نے ریاست کے تعریف اس طرح کی ہے ''یہ خاندانوں اور دیہاتوں کا ایک بندھن ہے جس ہدف ایک مکمل اور خودمختار زندگی ہے۔جس کا مطلب ایک خوش حال اور باعزت زندگی ہے۔
- ہولینڈ نے ریاست کی تعریف اس طرح کی ہے ''عام انسانوں کا ایسا مجموعہ جو ایک خاص علاقہ پر قبضہ کئے ہوئے ہے جن کی اکثریت یا سارا طبقہ اپنی مرضی سے ان لوگوں پر غالب آجاتا ہے جو اس کی مخالفت کرتے ہیں''۔
- برگس نے ریاست کی تعریف اس طرح کی ہے''بنی نوع انسانی کا ایسا خاص گروہ جو ایک منظّم اکائی کے طور پر نظر آتا ہو''۔
- گارنر نے ریاست کی اس طرح تعریف کی ہے۔''ریاست، لوگوں کی ایک ایسی جامعیت کا نام ہے جو کسی بیرونی کنٹرول سے آزاد علاقہ کی ایک مخصوص جگہ پر قابض ہے اور ان کی ایک منظّم حکومت ہوتی ہے جسے لوگ تسلیم کرتے ہیں۔''



مردم شماری 2011

ہندوستان کی پندرہویں مردم شماری،1852 سے

لاگت	22,00 ₹ کروڑ
فی شخص لاگت	18.19 ₹
مردم شماری کے کارکنان کی تعداد :	0.27 کروڑ
زبانوں کی تعداد جن میں نظام الاوقات کی تشہیر کی گئی ہے :	16
ایسی زبانوں کی تعداد جس میں ٹریننگ (تربیت) کے کتابچے تیار کئے گئے	18
استعمال شدہ کاغذات :	8,000 MTs
منتقل کیا گیا مواد :	10,500 MTs

ہندوستان کی آبادی 121.02 کروڑ ہے جو ریاست ہائے متحدہ ،انڈونیشیا، برازیل، پاکستان، بنگلہ دیش اور جاپان کی مشترکہ آبادی کے برابر ہے۔

2001-2011 یہ پہلی دہائی ہے۔ (1911-1921) کو چھوڑ کر جس نے پچھلی دہائی کے مقابلہ میں مردم شماری/آبادی میں کمی کا ذکر کیا ہے۔

2001-2011 کی دہائی میں آبادی 18.1 کروڑ سے زیادہ ہوگئی۔

2001 کی مردم شماری کے بعد سے قومی سطح پر مجموعی طور سے جنسی تناسب میں (940) پر سات پوائنٹس کا اضافہ ہوا ہے۔







2011 کی مردم شماری کے حساب سے آبادی 121.02 کروڑ ہوگئی۔

11 pol sc unit 2 Set
Sunday, November 21, 2021 2:47:07 PM

آبادی : (Population)

عوام ریاست کی تشکیل کرتے ہیں اور ریاست کے لئے آبادی بنیادی حیثیت رکھتی ہے ۔قدیم زمانہ ہی سے مفکرین کی جانب سے یہ بحث چلے آ رہی ہے کہ Size کس حد تک ہونا چاہئے ۔افلاطون کے قول کے مطابق تعداد نہ تو بہت زیادہ ہونی چاہئے اور نہ بہت کم ۔ یہ اتنی بڑی ہونی چاہئے کہ ہر ایک کے لئے خود کفیل ہو اور اتنی چھوٹی کہ اچھے طریقہ سے ہر ایک پر قابو پاسکے۔روسیو(Rosusseau)نے بتایا کہ کسی ریاست کی آبادی کی شرح کم ازکم10000(دس ہزار)ہونی چاہئے ۔قدیم مفکرین کا خیال ہے کہ اس کی تعداد ایتھنس اور سپارٹا جیسے چھوٹے شہروں کی آبادی کی طرح ہونی چاہئے۔جدید ریاستوں میں لوگوں کی تعداد مختلف ہوتی ہے ۔ ہندوستان کی2011 کی مردم شماری کے مطابق ہندوستان کی آبادی 121.02 کروڑ ہے۔

کیا ہم جانتے ہو؟

افلاطون کے قول کے مطابق کم از کم ریاست کے باشندوں کی آبادی 5040 ہونی چاہئے اس کی وجہ یہ ہے کہ نمبر 5040، 1 سے 12 تک قابل تقسیم ہے، 11 کی صورت میں دو سے اس کی گردانی کی جائے۔ ہنگامی صورت حال کے دوران آبادی کو مختلف حصوں (Columns) میں تقسیم کرکے انہیں رہنمائی کی جاسکتی ہے۔

علاقے : Territory

لوگوں کو اپنی زندگی بسر کرنے ،سیاسی اور سماجی طور پر اپنے آپ کو منظّم کرنے کے لئے علاقوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ بات ذہن میں رکھا جائے کہ ریاستی علاقوں میں زمین، پانی، ہوا کے ذرائع خود بخود آجاتے ہیں۔چند ریاستیں حجم کے اعتبار سے مختلف ہوسکتی ہیں لیکن ریاست کے لئے آبادیوں کی طرح علاقوں کا ہونا بہت ضروری ہے ۔ ریاست کے رقبہ کے تعلق سے کوئی حتمی حد (Size) مقرر نہیں کیا جاسکتا۔چھوٹی اور بڑی ریاستیں ہوسکتی ہیں۔پروفیسر ایلیٹ کے الفاظ میں جدید ریاستی زندگی کا بنیادی اصول علاقائی خودمختاری یا ریاست کی بالادستی ہے جس کے حدود میں رہ کر بیرونی طاقتوں سے نجات حاصل کیا جاسکتا ہے۔

ہندوستان کا رقبہ3,287,263 مربع کلومیٹر ہے ۔تقریباً عالمی سطح پر ہندوستان کا قبضہ2.4% ہے۔ ہندوستانی آئین کا ابتدائی مضمون ہندوستان کی سرزمین سے متعلق ہے۔

علاقائی خودمختاری کے نام پر ایک ملک سے دوسرے ملک کو آزادانہ طور پر افراد کی نقل وحمل پر پابندی ہے،لیکن کسی بھی ملک میں رہ کر آپ کسی بھی دوسرے ملک کے آدمی سے انٹرنیٹ کے ذریعہ بات چیت کرسکتے ہیں۔ بتائیے کہ ملکوں کی خودمختاری کے بارے میں آپ کا کیا نظریہ ہے؟اس کی بھی وضاحت کریں کہ چند ملکوں میں فیس بک، ٹیوٹر اور یوٹیوب جیسی سماجی نیٹ ورکنگ ویب سائٹس پر کیوں پابندی ہے؟

حکومت (Government)

حکومت ریاست کا ایک خدمتی ادارہ (Working Agency) ہے ۔ یہ ریاست کی سیاسی تنظیم ہے ۔ ہندوستانی سیاستدان پروفیسر اے آپا ڈورائی نے حکومت کو ایجنسی سے تعبیر کیا ہے،جس کے ذریعہ سے ریاست کی ضرورتیں معلوم کرکے اس کی مرضی کے مطابق اسے عملی شکل دی جاسکتی ہے۔ سی ایف کے قول کے مطابق پختہ قوانین بنانے اور اسے نافذ کرنے کے لئے ریاست کا بااختیار ہونا ضروری ہے کیونکہ یہ ایک منظّم ڈھانچے کا نام ہے۔

خودمختاری : (Sovereignty)

خودمختاری ریاست کا چوتھا لازمی عنصر ہے،اسے مکمل طور پر قانونی اختیار حاصل ہے،کوئی بھی قانونی طاقت خودمختاری سے بالا تر نہیں ہوسکتی۔جدید ریاست کے لئے خودمختاری کا تصور اس کے

11 pol sc unit 2 Set
Sunday, November 21, 2021 2:47:07 PM

قیام کے وقت ہی سے حاصل کرلیا گیا تھا۔خودمختاری کی اصطلاح لاطینی زبان کے لفظ "Superanus" سے ماخوذ ہے جس کے معنی حاکمیت یا اقتدار کے ہیں۔روایتی انداز میں خود مختاری کی خصوصیات ،سادہ لوحی، مستقل مزاجی ، عالمگیریت،استحکام ، اختصاصیت اور غیر منتقلی ہیں۔

جدید نظریہ ''خودمختاری'' کے موجد جین لبودین (1530-1597) تھے۔ایک فرانسیسی سیاسی مفکر کے قول کے مطابق خود مختاری ریاست کے انسانی ادارے Human Association اور اس کے دیگر شعبوں سے بھی امتیازی حیثیت رکھتی ہے۔ ہیومن اسوسی ایشن کے مفہوم میں خاندان ،سماج یہاں تک کہ رضا کارانہ تنظیمیں بھی آجاتی ہیں جس کے ذریعہ انسان آپس میں مل کر اپنی شناخت حاصل کرتے ہیں۔

کیا تم جانتے ہو؟



جمہوریت میں کیا کوئی مستقل طور پر وزیراعظم یا وزیراعلیٰ بنا رہ سکتا ہے؟

- کسی بھی عہدے کی زیادہ سے زیادہ مدت معلوم کریں؟ کیا کسی بھی شخص کو ریاست ہائے متحدہ امریکہ کا صدر منتخب کیا جاسکتا ہے؟ اور کیوں؟

کارروائی ACTIVITY

حکومت ہند کی طرف سے دئے گئے اخباری اشتہار کو پڑھ کر ان سوالوں کے جوابات دیجئے۔

- ''ریاست'' کے لفظ سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟
- پانچ قسموں کی ایسی فہرست بتائیے کہ جن کے سبب آپ کو یہ محسوس ہو کہ حکومت آپ کی روزمرہ زندگی کو متاثر کرسکتی ہے؟
- آپ ایسا کیوں سوچتے ہیں کہ قانونی نقطہ نظر سے ریاست کو سب کے لئے اصول بنائے جانے کی ضرورت ہے۔

2.3 سوسائٹی، ریاست اور حکومت : Society, State and Government

سماج، ریاست اور حکومت یہ آپس میں کس طریقہ سے جڑے ہوئے ہیں؟

تاریخی طور پر انسان چاہے وہ شکاری ہوں یا کسی جگہ پھلوں کو اکٹھا کرنے والے ہوں) ترقی کرتے ہوئے ایک معاشرہ کی شکل جب اس نے اختیار کیا تو اسی وقت سے اس نے ساز وسامان تیار کرنا شروع کردیا اور خاندانوں نے آپس میں مل کر برادری اور معاشرے کا ایک گروپ (جماعت) بنایا۔ جسے ہم معاشرے کے نام سے جانے جاتے ہیں۔ایسے افراد جنہیں محبت کے ساتھ مل جل کر رہنے کی ضرورت ہوتی ہے وہ اکثر اپنے خاندان سے جڑے رہتے ہیں۔



امن وسلامتی کے وسیع مقصد کو پانے کے لئے اہل خانہ ایک برادری کی شکل میں بستے ہیں،اس طرح سے تشکیل پانے والی یہ اعلیٰ سطح کی تنظیم کو سماج کہا جاتا ہے۔

جب سماج تنزلی کا شکار ہوتا ہے تو اس کا اثر تنظیموں اور خاندانوں پر بھی پڑتا ہے جس کے سبب ہر ایک کو تکلیف ہوتی ہے چنانچہ اس موضوع پر انسان نے سوچ و بچار کیا اور اپنے لئے ریاست کی ضرورت کو محسوس کیا۔

11 pol sc unit 2 Set
Sunday, November 21, 2021 2:47:08 PM

ریاست ایک ناگزیر ضرورت ہے کیونکہ کسی معاشرہ میں اگر مرکزیت اور اقتدار کی طاقت نہ ہو تو وہ ایک دوسرے سے محفوظ نہیں ہیں۔ جدید ریاستوں میں قانونی طور پر قوانین وضع کر کے اس پر قابو پایا جاسکتا ہے اور جمہوریت میں یہ قوانین قانون ساز کمیٹی کے ذریعہ وضع کئے جاسکتے ہیں اور ان پر عمل انتظامیہ اور عدلیہ کے ذریعہ کروایا جاسکتا ہے اسے نافذ کرنا اور اس کی ترجمانی کرنا حکومت کا کام ہے۔ سماج میں افراد، خاندان اور اداروں کی ایک بڑی تعداد موجود ہے۔ شروع کے سیاسی مفکرین، ریاست اور معاشرہ دونوں کو ایک ہی سمجھتے تھے، ریاست معاشرہ کا ایک حصہ تو ہے لیکن یہ معاشرہ شکل نہیں ہے۔

ریاست اور سماج دونوں کی رکنیت ایک جیسی ہے لیکن ہر ایک کے مقاصد الگ الگ ہیں۔ ریاست کا وجود ایک عظیم مقصد کے لئے ہوتا ہے جب کہ معاشرہ کے متعدد مقاصد ہوتے ہیں۔ ریاست کا وجود ایک عظیم مقصد کے لئے ہوتا ہے جب کہ معاشرہ کے متعدد مقاصد ہوتے ہیں جن میں سے بعض اعلیٰ اور بعض ادنیٰ ہوتے ہیں۔

ریاست ایک قانونی تنظیم ہے جب کہ معاشرہ میں بہت ساری تنظیمیں پائی جاتی ہیں۔ ریاست اپنے غلبہ کے بل بوتے پر انسانوں سے اپنی بات منواتی ہے جب کہ سماج رضا کارانہ طور پر اس قسم کی کارروائی کرتا ہے۔ جن مقاصد کے لئے معاشرہ وجود میں آتا ہے وہ اپنے مقاصد کو پانے کے لئے بہت سارے طریقے اختیار کرتا ہے۔ اگر معاشرہ میں کسی قسم کا ظلم و جبر ہو تو وہ اس کے باشندوں کو یہ حق دیتا ہے کہ وہ کسی بھی تنظیم کے ساتھ مل کر کام کرے چنانچہ ریاست کو چاہئے کہ وہ مرکزی اقتدار کے مشورہ کے بغیر ان لوگوں کے ساتھ سخت فیصلہ نہ کرے ورنہ سماج کے بکھر جانے کا اندیشہ لاحق ہو جائے گا۔

ریاست (State)	سماج (Society)
ریاست کا وجود معاشرہ کے بعد ہوا	معاشرہ ریاست سے پہلے وجود میں آیا۔
ریاست کا دائرہ کار محدود ہے	سماج کا دائرہ زیادہ تر وسیع ہے
ریاست کا علاقہ مخصوص ہے	معاشرہ کا کوئی خاص علاقہ نہیں ہوتا
ریاست ایک سیاسی معاشرہ ہوتا ہے۔	سماج ایک سوشیل معاشرہ ہوتا ہے۔
ریاست کے پاس قوانین نافذ کرنے کا اختیار ہے	معاشرہ کو قوانین نافذ کرنے کا اختیار نہیں ہے۔

ریاست (State)	حکومت
ریاست آبادی، علاقے، حکومت اور خودمختاری پر مشتمل ہے	حکومت ریاست کا ایک حصہ ہے
ریاست کے پاس اصل اختیارات ہوتے ہیں	حکومت کو ریاست سے اختیارات ملے ہوئے ہیں
ریاست مستقل ہے اور ہمیشہ کے لئے جاری ہے	حکومت عارضی ہے اسے عوام کی مرضی سے تبدیل کیا جاسکتا ہے۔
ریاست مجرد اور پوشیدہ ہے	حکومت ٹھوس ہوتی ہے اور نظر آتی ہے

11 pol sc unit 2 Set
Sunday, November 21, 2021 2:47:08 PM

ریاست اور حکومت : State and Government

حکومت کا استعمال اکثر ریاست کے مترادف کے طور پر ہوتا ہے لیکن حقیقت میں دیکھا جائے تو یہ دونوں الگ الگ ادارے ہیں اور مختلف بھی، جس کی وجہ سے اس کی وضاحت نیچے کی جارہی ہے۔

جدید ریاست : Modern State

جدید ریاست کے فرائض کو جاننے سے پہلے یہ معلوم کرنا ضروری ہے کہ اسے جدید ریاست کیوں کہتے ہیں؟

تاریخی حیثیت سے اصطلاح ''جدیدیت''(Modernity) کا مفہوم یہ ہے کہ قدیم دور سے آئے ہوئے عادات وتقالید، عقائد وافکار، ثقافتی اصولوں کو یہ مسترد کرتا ہے کیونکہ اس نے انفرادیت "Individualism" آزادی، مساوات اور زندگی کے تمام پہلوؤں میں سائنسی مزاج کو ملحوظ رکھا ہے۔ اس طرح اس نے انسانوں کو زراعت سے لے کر صنعت کاری، شہر کاری اور درمیانہ روی (اعتدال) کی طرف راغب کیا۔ اس دانشورانہ تبدیلی کے اثرات معاشرے، ریاست اور حکومت پر پڑتے ہیں۔ مثال کے طور پر راجہ رام موہن رائے کی ہندوستانی معاشرے کی اصلاح کی کوششوں کا ہندوستانی مفکرین پر مغربی جدیدیت کے اثر ورسوخ کے ساتھ براہِ راست تعلق پیدا ہوا۔ علم سیاسیات پر جدیدیت نے ریاست، حریت، مساوات اور عدل وانصاف وغیرہ پر گہرا اثر ڈالا۔ یہ کہا جاتا ہے کہ جدید ریاست کا اساسی سرمایہ ویٹیفیا معاہدہ treaty of Westphalia ہے جس پر 1648 میں دستخط کر کے منظوری دی گئی۔

جدید ریاست کا نظریہ ساری دنیا میں انیسویں صدی میں یوروپی نوآبادیات/استعماریت کے بعد روبہ عمل ہوا۔ دوسری جنگ عظیم کے بعد نوآبادیاتی کنٹرول سے (استعماریت کے غلبہ سے) آزاد ہونے والے جنوبی ایشیائی ممالک کو بھی اس میں شامل کیا جاسکتا ہے۔ دوسری جنگ عظیم کے بعد استعماریت کے غلبہ سے آزاد ہونے والے جنوبی ایشیائی ممالک کو نوآبادیتی ممالک کے زیر اثر رکھا جاسکتا ہے اور ان کے نفع ونقصان کو ملحوظ رکھتے ہوئے دوسرے ممالک سے ان کا موازنہ بھی کیا جاسکتا ہے۔

2.4 جدید ریاست کے افعال : Functions of Modern State

جدید ریاست ایک ترقی یافتہ ریاست ہے اور یہ اپنے عوام کو ہمیشہ ہر قسم کے خطروں سے بچانے کی کوشش کرتی ہے اس لئے وہ اپنے سرحدوں کی سخت نگرانی کر کے اپنے ملکوں کو محفوظ رکھتی ہے۔ ایک مضبوط معاشی ڈھانچہ کے ذریعہ بازاروں کو معاشرے میں ضم کرنے کی ضرورت ہے۔ تمام شہریوں کو سب سے پہلے ریاست کے ساری سرگرمیوں کے مقاصد کے تعلق سے جاننا ضروری ہے۔

جدید ریاست کی حکمرانی کا سب سے بڑا اصول یہ ہے کہ وہ اپنے عوام کی فلاح وبہبود کو فروغ دے اس کے لئے بنیادی خدمات کا مہیا کرنا اس کے لئے ضروری ہے۔ اور جدید ریاست کو تین امور پر توجہ دینا بھی ضروری ہے



حفظ و امان اور دفاع : (Security and Defence)

دنیا کی ریاستیں آج کل مختلف جگہوں سے امن وسلامتی اور مدافعت کے موضوع پر غور کرتی رہتی ہیں۔ شہریوں کو اپنا مقام اور

11 pol sc unit 2 Set
Sunday, November 21, 2021 2:47:09 PM

درجہ دینے کے لئے انسانی امن وسلامتی جیسی اصطلاحات وضع کی گئی ہیں، فلسفی امانویل کانٹ Immanuel Kant کے پائیدار امن کے نظریہ سے متاثر ہوکر دنیا کی ریاستوں اقوام متحدہ نے بطور نمائندہ امن وسلامتی کے فروغ اور دفاع عامہ کے شرائط پر تبادلۂ خیال کیا۔

معاشی افعال : Economic Function

جدید ریاست سیاسی نظام کے معاشی فرائض کے انجام دینے میں مدد کرتی ہے اس لئے اسے چاہئے کہ وہ عوام کی حمایت کرکے اس کی بہتری کی فکر کرے، کمزور طبقات کی حفاظت کرے اوران علاقوں میں جہاں سرمایہ کاری کے باوجود بھی منافع حاصل نہ ہوایسے معاشی مسائل میں مداخلت کرے۔

بنیادی خدمات کی فراہمی :

Provision of Essential Services

جدید ریاست اپنے شہریوں کی گہوارے سے لے کر قبر تک دیکھ بھال کرتی ہے، بنیادی خدمات جیسے کھانا پینا، صاف پانی، تعلیم، صحت اور آبادی کی تحفظ دینے کی ساری ذمہ داریاں اسے ادا کرنی چاہئے۔اس سمت میں حکومت ہند اور مختلف ریاستوں کے منصوبوں اور اسکیموں کو تلاش کیا جائے، چنانچہ اس کے پیش نظر تامل ناڈو حکومت نے اسکولی طلباء کے لئے دوپہر کے کھانے کی اسکیم/ پالیسی شروع کی اور ملک کی مختلف ریاستوں کی سرکاری اسکولوں میں اس کا نمونہ اختیار کرکے دوپہر کے کھانے کا انتظام کیا۔

جدید ریاست نے لوگوں کی فلاح و بہبودی کے لئے جد وجہد کی اور پھر فلاحی ریاست کے نام سے ایک خیال کو پیش کیا۔

2.5 فلاحی ریاست کا تصور :

Concept of welfare State

کیا آپ نے کبھی محسوس کیا کہ ہندوستانی آئین میں ریاستی پالیسی کے رہنمایانہ خطوط مغربی یوروپ کے فلاحی ریاست کے مانند ہیں؟ کیا آپ نے کبھی سوچا ہے کہ معاشرے کے چلانے کے طریقۂ کار اور ریاست کی اقتصادی ترقی کو آئین کے حصہ چہارم میں درج کیا گیا ہے؟ سماجی اور شہری حقوق کو بنیادی حق کی حیثیت سے مذاکرات کے بغیر ہی ضمانت دی گئی ہے؟ اس کی وجہ کیا ہے؟ سماجی حقوق کو کیوں بنیادی حق کا درجہ دیا گیا ہے؟

کارروائی : ACTIVITY





- "MGNREGA" تعلیمی ایکٹ، نیشنل خودسیکوریٹی ایکٹ کے متعلق یہ معلوم کریں کہ یہ حقوق قانونی ہیں یا بنیادی ؟
- جے ایس مل (J.S.Mill) کے خدمات اور ہچ جے لاسکی (H.J.Laski) کے فلاحی ریاست کے بارے میں تبادلہ خیال کریں۔

11 pol sc unit 2 Set
Sunday, November 21, 2021 2:47:09 PM

یہ حقیقت ہے کہ فلاحی ریاست کے کامیابی کی بنیادی وجہ وہاں کی آبادی میں کمی ہے اوران کے لئے وسائل کی کثرت ہے۔ شمالی یوروپ کے ثقافتی طور پر متعلقہ ممالک Scandinavian countries فلاحی ریاستوں کی ایک بہترین مثال ہے ۔ ہندوستان کا دستور بھی فلاحی ریاست کے لئے ہمیشہ کوششیں کرتا ہے لیکن یہاں کے وسائل کی کمی اور آبادی کی کثرت فلاحی ریاست کے اہداف کے حصول میں رکاوٹ بنی ہوئی ہے۔

دوسری جنگ عظیم کے بعد مغربی یوروپ میں فلاحی ریاست کا تصور شروع ہوا، اس کا مرکزی موضوع انسانی ترقی میں اہم رول رکردارادا کرنا ہے اور یہ شہریوں کی فلاح و بہبودی اوران کے تحفظ اور ان کا فروغ چاہتی ہے۔ سماجی اور اقتصادی ترقی ان اصولوں پر مبنی ہے۔ (1) ہرایک کے لئے مساوی مواقع (2) دولت کی مساویانہ تقسیم (3) ایک ایسی ذمہ داری کو نبھا کر ان کا حق دلانا جو اچھی زندگی بسر نہیں کر پاتے۔

آزادی سے پہلے ہندوستان برطانوی حکومت کے زیر اثر ایک نوآبادیاتی ملک بنا رہا۔اس وقت ہندوستانی انگریزوں کے ماتحت تھے جب ہندوستان نے آزادی حاصل کی تو ہمارا دستور بھی فلاحی ریاست کے مغربی اثرات سے دل کی گہرائیوں سے متاثر ہوا۔

2.6 زیادہ سختی سے نہ نمٹنے والی (نرم) ریاست کا تصور:
Concept of Soft State

نوبل انعام یافتہ کارل گنر میرڈال Karl Gunnar Myrdal نے مغربی ممالک کے مقابلہ میں ایشیائی ممالک میں معاشرتی بے راہ روی کی زیادہ نشاندہی کی ہے۔اس نے بتایا کہ سماجی انتشار ایک نرم ریاست (Soft State) کی خصوصیت ہے۔سماجی نظر اندازی، بدعنوانی، قانون کی کمزوری یہ تمام چیزیں ایک نرم ریاست کی بنیادی خرابیاں/رجحانات ہیں

- مغربی ممالک میں معیاری طریقہ اختیار کر کے ایک ماں کو اس کے ہونے والے بچہ کی صنف لڑکا/لڑکی کو بتا دیا جاتا ہے اور وہاں یہ عام بات ہے کہ ماں اپنے نوزائیدہ بچہ کی جنس کو قبل از پیدائش ہی جان لیتی ہے۔
- ہندوستان میں کیوں پیدائش سے قبل صنف کو معلوم کرنے کے لئے pre- Natal and Diagnostic Techniques تشخیصی تکنیک پر پابندی ہے؟ 1994 کے ایکٹ کے مطابق حاملہ عورت کو یا اس کے رشتہ داروں کو اشاروں کے ذریعہ یا کسی اور طریقہ سے بھی جنین کے صنف کو بتایا نہیں جاتا؟

نوآبادیاتی ترقی پذیر ریاستوں کو عام طور پر عدم تشدد والی ریاستوں میں شمار کیا جاتا ہے جہاں ان کے طرز حکمرانی کے ادارے مکمل طور پر ترقی یافتہ نہیں ہوتے۔قانون کو نافذ کرنے اور نظم وضبط کو برقرار رکھنے میں ہماری نااہلی ہی ہمارے ملک کو ایک نرم ریاست کے طور پر شمار کی جاتی ہے۔ جب کہ نرم ریاست جمہوری اقدار کو بہتر بنانے میں کبھی بھی آگے نہیں بڑھ سکتی۔

کارروائی : ACTIVITY

نرم ریاست (Soft State) اور نرم طاقت (Soft power) کے درمیانی فرق کو واضح کریں۔ایک آزاد ہندوستان کی حیثیت سے اب ان تصورات کو جوڑ کر دیکھیں۔

ایک طالب علم کی حیثیت سے سماجی نظر اندازی کی ایک فہرست بنائیں اور انہیں اپنے خیال سے درست کرنے کے طریقوں کی نشان دہی کریں۔

2.7 ترقی یافتہ ریاست کا تصور:
Concept of Over Developed State

جنوبی ایشاء کی تقریباً تمام ریاستیں جدید جمہوری طرز کی ہیں ، پھر بھی وہ معاشرتی ترقی میں مغربی ممالک سے بہت پیچھے ہیں ایسا کیوں؟ نوآبادیاتی دور میں حکومتی ادارے جیسے پارلیمنٹ ،

11 pol sc unit 2 Set
Sunday, November 21, 2021 2:47:10 PM

بیوروکریسی منصوبہ بندی کی مشنیری اپنے منصوبہ سے درآمد کرتے ہیں پھر بھی ان ممالک میں ترقی کا عمل بہت سست کیوں ہے؟ حمزہ علوی پاکستان اور بنگلہ دیش کے حکومت کے معاشی بحران کی وضاحت کرتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ انہیں ترقی یافتہ ممالک کی صف میں لا کھڑا کرتا ہے۔

پسماندہ ریاستوں میں نوآبادیاتی ریاستوں کے ہونے کے باوجود بھی عدم استحکام پایا جاتا ہے جہاں پر آزادی سے پہلے اور اس کے بعد بھی بیوروکریٹک گورنس کے لئے bureaucratic governance اسی طرح کے ڈھانچے کے اتھ کام کیا جاتا ہے۔ سیاسی آزادی کے باوجود نوآبادیاتی علاقوں سے ابھر کر آنے کے باوجود بھی تبدیلی کیوں نہیں ہوئی؟ مغربی یوروپ کے نوآبادیاتی ملکوں میں حکومت کے نظام میں اعلیٰ معیارات کو برقرار رکھا گیا جب کہ انہوں نے اپنے متعلقہ ریاستوں میں شہریوں کی سیاسی زندگی ،ان کی آزادی بالخصوص معاشی آزادی کو جب تسلیم کیا تو وہاں کی عوام ریاست کے لئے ایک پالتو جانور کے مانند ہوگئی۔ اس کے برعکس نوآبادیاتی ریاستوں میں ریاستیں اپنے طاقت کے بل بوتے پر اقتدار پر مکمل طرح قبضہ کر چکی تھیں اور انہوں نے د ولت کا ناجائز استعمال شروع کردیا تھا اور بڑے پیمانہ پر بیوروکریسی نے بھی اس طرح کا استحصال کرنا شروع کردیا جس کے سبب آزادی ملنے کے باوجود بھی ترقی کا عمل جاری نہ ہوسکا۔اور اس نوآبادیاتی آقاؤں کی جگہ لینے والے سیاسی طبقے میں بھی کسی قسم کی کوئی تبدیلی نظر نہیں آئی۔

اگر ریاست تیزی سے جدیدیت کی شکل اختیار کر لے لیکن اس کی معیشت اور سماج پرانے اقدار ہی کے حامل ہوں تو ان دونوں میں برابری اور مماثلت نہ ہونے کے سبب عوام اور ریاست میں زبردست اختلاف پیدا ہوگا۔عوام کے لئے اس میں کیا فائدہ ہوگا کہ ان کے فیصلہ جمہوریت کے تحت نہیں ہوتے بلکہ بااثر افراد کے ذریعہ حل کئے جاتے ہیں۔ پاکستان اور بنگلہ دیش کے معاملہ میں حمزہ علوی نے ملٹری بیوروکیریسی ایلیگریٹی کے لفظ کی تشہیر کی جو ہندوستان کے لائنسی راج اور نوآبادیاتی ورثہ کے تسلسل کے طور پر مرکزیت رکھتی ہے جس کی حکومت ہند مستقل طور پر پابندی سے توجہ دیتی ہے۔

2.8۔نوآبادیاتی ریاست کا تصور:

Concept of Post- Colony State

نوآبادیاتی ریاستوں میں دوسری جنگ عظیم کے بعد ابھر کر جو سامنے آئے انہیں نئی قومی ریاستیں کہا جاتا ہے انہیں ترقی یافتہ ریاستوں کے مترادف کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے (انہیں ترقی یافتہ ریاستیں بھی کہا جاسکتا ہے)۔نئی قومی ریاستوں کے سیاسی اداروں میں بھی نوآبادیاتی خصوصیات ہی پائی جاتی ہیں اور ان میں کوئی خاص تبدیلی واقع نہیں ہوئی ہے۔

عام طور پر نوآبایاتی ریاستوں میں غربت، سیاسی عدم استحکام اور قیادت کا بحران پایا جاتا ہے،اس کی وجہ معاشرے اور جدید ریاست کے روایتی ڈھانچہ میں عدم توازن پایا جاتا ہے۔نوآبادیاتی طاقتوں نے مقامی روایات اور قدیم عادات واطوار کو ختم کردیا اور ان کی جگہ مستقل طور پر دوسری چیزوں کو جگہ دے دی گئی جس کی وجہ سے آپس میں اختلافات شروع ہوگئے اور جب وہ خودمختار ہوگئے تو انہیں ایک نئی قومیت شخص اور خوداعتمادی کو فروغ دینے کا خیال پیدا ہوا۔ یہ ایسا پہلو ہے جس نے نوآبادیاتی ممالک میں حاکم اور محکوم کے درمیان تفرقہ پیدا کردیا جس کے تحت ریاستی عناصر قوت و طاقت ہی سے تصرف میں آنے لگے۔

11 pol sc unit 2 Set
Sunday, November 21, 2021 2:47:11 PM

فرہنگ الفاظ: Glossary

State : بنی نوع انسان کا ایک خاص گروہ جس کی حکومت کے ماتحت ایک منظّم سیاسی جماعت ہوتی ہے۔

Governement : لوگوں کی ایسی جماعت جو سرکاری طور پر ملک کو قابو میں رکھ سکے۔

سماجی معاہدہ کا نظریہ : Social Contract Theory
سماج میں بسنے والوں کا معاشرہ کی تشکیل کے لئے معاہدہ جو تمام کو اخلاقی اور سیاسی ذمہ داریوں کا پابند بنائے۔

Society : لوگوں کا ایسا گروہ جو منظّم طریقہ سے ایک ساتھ رہتے ہیں اور امور کے طریقہ کار پر فیصلہ کرتے ہیں اور ہر پیشے کو اس کے متعلقین انجام تک پہنچاتے ہیں۔ ایسے افراد کو کسی بھی ملک یا ممالک میں معاشرہ یا برادری کے نام سے یاد کیا جاتا ہے

Individualism: انفرادیت، ایک سماجی نظریہ جو اجتماعی یا ریاستی کنٹرول سے بے نیاز ہو کر کام کرے۔

Scandinavia : شمالی یوروپی ممالک کا ایک گروہ، اس میں ڈنمارک، ناروے اور سویڈان بھی شامل۔

مشق Evaluation

I۔ مناسب ترین جواب منتخب کیجئے۔

1۔ اس سیاسی مفکر کا نام بتایئے جس نے سب سے پہلے ریاست کے لفظ کو استعمال کیا

(a) نیکولومیکیاولی (b) افلاطون (c) ارسطو (d) لاک

2۔ لیویتھن" Leviathan "نامی کتاب کس نے تصنیف کی۔

(a) مورجنٹھاؤ (b) روسو (c) لاک (d) ہوبوس

3۔ ریاست کا مرکزی جزء بتایئے جو شہریت کی حیثیت کا تعین کرتا ہے۔

(a) علاقہ (b) حکومت (c) خودمختاری (d) آبادی

4۔ مندرجۂ ذیل میں سے..... ریاست کی محدود اتھارٹی ہے

(a) دستور (b) مذہب (c) فیصلہ سازی (d) لوگ

5۔ جدید ریاستی زندگی کا بنیادی اصول، علاقائی خودمختاری یا ریاست کی بالادستی ہے جس کے حدود میں رہ کر بیرونی طاقتوں سے نجات حاصل کی جاسکتی ہے یہ.....کے الفاظ ہیں

(a) ایلیٹ (b) بودین (c) آسٹن (d) ماچیاویلی

6۔ خودمختاری جدید نظریہ کا باپ مندرجۂ ذیل میں سے کون ہے؟.....

(a) جین بودین (b) ہیوگوگوٹیس (c) آسٹن (d) میاویلی

7۔ مندرجۂ ذیل میں سے کون سے افعال جدید ریاست کے ماتحت نہیں آتے

(a) سلامتی دفاع (b) معاشی فرائض (c) اہم خدمات کی فراہمی (d) مذہبی فرائض

11 pol sc unit 2 Set
Sunday, November 21, 2021 2:47:11 PM

8۔ حکومت ٹمل ناڈو کا کون سا پرچم بردار پروگرام (قابل تقلید پروگرام) جسے ہندوستان کے دیگر ریاستوں نے بھی اختیار کیا۔

(a) دوپہر کے کھانے کی اسکیم (b) بارش کی کٹائی

(c) اسکولی طلباء کے لئے سائیکل کی فراہمی (d) شادہ بیاہ کے لئے سونا دینا

9۔ ہندوستانی آئین میں ویلفیر اسٹیٹ کا نظریہ.....میں آیا ہوا ہے

II۔ درج ذیل سوالات کے مختصر ترین جوابات لکھئے۔

1۔ نظم وضبط کے تعلق سے سیاسیات کا علم کیا کہتا ہے؟

2۔ جدید ریاست کی کوئی ایک خصوصیت لکھئے۔

3۔ معاہدہ تھیوری سے وابستہ مفکرین کے نام لکھئے۔

4۔ ریاست کے اہم عناصر کیا ہیں۔

5۔ خودمختاری کی خصوصیات کا ذکر کریں۔

6۔ ایک جدید جمہوریت میں قانون سازی، تنفیذی ادارے اور عدلیہ کے فرائض کیا ہیں۔

7۔ نوآبادیاتی ریاستیں کیا ہیں؟

8۔ ''نرم ریاست'' اس کے واقع ہونے کے عوامل کیا ہیں؟

III۔ مختصر جوابات لکھئے:

1۔ ہونز، لوک اور روسیو کے افکار کا موازنہ کریں۔

2۔ ریاست کی تشکیل میں کون کون سے عوامل اپنا کردار ادا کرتے ہیں۔

3۔ سماج اور ریاست کے درمیانی فرق کو اجاگر کیجئے؟

4۔ ریاست اور حکومت کے ان دونوں کے درمیان فرق کیا ہے؟

5۔ جدید ریاست کے فرائض کیا ہیں؟

6۔ نوآبادیت اور نوآبادیات کے بعد کے حالات کے درمیانی فرق کو ظاہر کیجئے۔

IV۔ درج ذیل کے تفصیلی جوابات لکھئے:

1۔ جدید ریاست کے افعال بیان کیجئے۔

2۔ ریاستی خیرخواہی ادارہ Welfare State کے مقاصد پر تبادلہ خیال کریں۔

3۔ ترقی یافتہ ریاست کے ذمہ دارانہ عوامل پر تبصرہ کریں۔

Reference books حوالہ جات

1. **Introduction to Political Science**, R. G Gettel, Ginn and Company, New York.
2. **Political Theory: An Introduction** , Rajesh Bhargava & Ashok Acharya, Pearson, New Delhi .
3. **Political Science: An Introduction**, Michael G. Roskin et al, Pearson, New Delhi.

11 pol sc unit 2 Set
Sunday, November 21, 2021 2:47:11 PM

اکائی 3

علم سیاسیات کے بنیادی تصورات – حصہ I

Basic Concepts of Political Science – Part I





3.1 خودمختاری : (SOVEREIGNTY)

تعارف : (Introduction)

3.1.1 آیئے ہم خودمختاری کے بارے میں تبادلہ خیال کریں (Let us discuss about Sovereignty)

''Sovereignty'' اصطلاح لاطینی زبان کے ایک لفظ 'Superanus' سے ماخوذ ہے جس کے معنی سپریم یا سب سے اعلیٰ چیز کے ہیں۔ رومن قانون دان اور عام شہریوں نے سوما پوٹسٹاس اور پلینی ٹیوڈ پوٹسٹاس نے اصطلاح کو قرون وسطیٰ کے دوران استعمال کی ہے۔

'summa potestas' and 'Plenitude potestas'

ریاستی اقتدار کو ظاہر کرنے کے لئے علم سیاسیات میں خودمختاری کی اصطلاح کا استعمال 1576ء میں جمہوریہ کے کتاب کی بوڈن کی اشاعت کے موقع پر کیا تھا۔ اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ کسی بھی قوم کا استحکام اس کی اعلیٰ خودمختاری پر منحصر ہوتا ہے اور یہ خودمختاری ریاست کی قانونی بالادستی کی نمائندگی کرتی ہے۔

آئین نے ریاست کے اصول وقوانین وضع کئے ہیں جس میں خودمختاری کی نمائندگی ہوتی ہے۔ ہندوستان کے آئین میں مطلق العنانی کے لفظ کا استعمال کیا گیا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ ریاست کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ کسی بھی موضوع پر آئینی حقوق کے مطابق قانون سازی کر سکے۔

3.1.2۔خودمختاری کی خصوصیتیں : (Characteristics of Sovereignty)

1۔ استحکام : (Permanence)

خودمختاری کی بنیادی خصوصیتیں بہت مستحکم ہوتی ہیں، جب تک خودمختاری ہے، ریاست باقی رہتی ہے یہاں تک کہ بادشاہ انتقال کر جائے یا حکومت کا تختہ الٹ جائے خودمختاری کا اس پر اثر نہیں پڑتا۔ لہذا انگلینڈ کے لوگ کہتے ہیں کہ بادشاہ کا انتقال ہوگیا۔ بادشاہ زیادہ دن جیتا رہے۔

سیکھنے کے مقاصد : (Learning Objectives)

- خودمختاری کا معنی اور اس کی خصوصیتوں کو معلوم کرنا۔
- خودمختاری کے مختلف اقسام،
- معانی اور اس کے مختلف تنوع کو جاننا۔

2۔ خصوصیت : (Exclusiveness)

یہاں پر خصوصیت سے مراد ایک آزاد ریاست ہے جس میں بیک وقت دو حاکم نہیں ہو سکتے ورنہ انتشار کی کیفیت سے وہ دو چار ہو جائے گا۔

3۔ جامعیت : (All Comprehensiveness)

فرد اور اس کی تنظیم ریاست کے تابع ہوتی ہے، خواہ وہ اسوسی ایشن ہو یا گروہ، وہ کتنا ہی زبردست اور طاقت ور کیوں نہ ہو، وہ خودمختار اتھارٹی (اقتدار) کی مخالفت نہیں کر سکتا۔

4۔ عدم اہلیت : (Inalienability)

حاکمیت/خودمختاری یہ ریاست کی جان اور اس کی روح ہے اور اسے ریاست سے اسی وقت الگ کیا جا سکتا ہے جب ریاست نیست ونابود ہو جائے۔

5۔ اتحاد اور لازوالیت : (Unity and Everlasting)

خودمختاری کی روح اس کے اتحاد میں پوشیدہ ہے۔ یہ وقت کی پابند نہیں اور اس وقت تک باقی رہتی ہے جب تک ریاست باقی رہتی ہے۔

11 pol sc unit 3 Set
Sunday, November 21, 2021 3:43:28 PM

6۔ ناقابل تقسیم عمل : (Indivisibility)

ناقابل تقسیم عمل خودمختار زندگی کی ایک لکیر کی طرح ہے (خودمختاری پائیدار زندگی کے مانند ہے)

7۔ مطابقت : (Abosoluteness)

خودمختاری غیر مشروط اور لامحدود ہے اور یہ اطاعت وفرماں برداری سے بھی بالاتر ہے، جو چاہے کرنے کا حق رکھتی ہے۔

8۔اصلیت/حقیقت : (Originality)

خودمختاری اپنے حق کو پانے کے لئے طاقت کا استعمال کرتی ہے، نہ کی کسی کے رحم وکرم سے۔

3.1.3 خودمختاری کے دو پہلو : (Two aspects of Sovereignty)

داخلی خودمختاری : داخلی خودمختاری تمام افراد اور ان کی انجمنوں/تنظیموں پر اپنا مکمل اختیار رکھتی ہے۔

بیرونی خودمختاری : External Sovereignty

بیرونی خودمختاری اصطلاح کا آسان مطلب قومی آزادی ہے، ہر ریاست اپنی خارجہ پالیسی کا تعین کرنے اور اپنے پسندیدہ کسی بھی مستحکم خطے میں شمولیت اختیار کرنے کی آزادی رکھتی ہے۔ بیرونی خودمختاری کا مطلب یہ ہے کہ ریاست اپنا مستقل وجود رکھتی ہے، وہ کسی کے تابع نہیں۔

3.1.4 خودمختاری کے اقسام : (Types of Sovereignty)



کیا آپ خودمختاری کے مختلف قسموں سے واقف ہیں؟ ہم سب کے سب ایک ساتھ مل کر ان کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے۔

Nominal and Real Sovereignty	Legal Sovereignty	Political Sovereignty	عوامی خودمختاری Popular Sovereignty
a) قدیم زمانے کی بہت ساری ریاستوں میں راجا پرجا ہوا کرتے تھے جنہوں نے حقیقی خودمختاری کا استعمال کیا اور یہی اصلی بادشاہ تھے۔	a) ریاستی حکومت کو مکمل اختیارات جاری رکھنے کا قانونی حق حاصل تھا۔	a) جمہوری نظام میں سیاسی خودمختاری میں عوام ہی کا کردار ہوتا ہے یعنی رائے دہندگان یا رائے عامہ	(a) عوامی خودمختاری لوگوں کو ان کی طاقت کے بل بوتے پر حصہ دار بناتی ہے
b) فرانسیسی انقلاب نے اس صورت حال کو بدل دیا۔	b) قانونی خودمختاری ایک ایسی طاقت کا نام ہے جسے قانون بنانے اور نافذ کرنے کا مکمل اختیار حاصل ہے۔	b) سیاسی خودمختاری عام طور پر ایسے طبقہ میں ہوتی ہے جو بڑے پیمانہ پر اپنے اثر ورسوخ کا دوسروں پر ٹھپہ بٹھاتے۔	b) قدیم زمانے میں بادشاہ سے نجات کے لئے عوامی خودمختاری کو بطور ہتھیار استعمال کیا جاتا تھا۔
c) وزیروں کی مجلس عاملہ ہی کو مکمل خودمختاری حاصل تھی کیونکہ بادشاہ برائے نام ہی ہوا کرتا تھا۔	c) قانونی خودمختاری حقیقی قطعی اور متعین ہوتی ہے اسے بڑے پیمانہ پر آزادانہ اختیار حاصل ہوتا ہے۔		

11 pol sc unit 3 Set
Sunday, November 21, 2021 3:43:29 PM

حقیقی اور قانونی خودمختاری : "De Facto and De- Jure sovereignty"

حقیقی خودمختاری : (De Feto Sovereignty)

حقیقی خودمختاری کبھی بھی قانونی دعوٰی نہیں کرتی بلکہ وہ عملی طور پر قوانین بناتی ہے اور اسے نافذ کرنے کے لئے اپنی طاقت کا استعمال بھی کرتی ہے۔

خودمختاری : (Sovereignty)

خود مختاری ریاست کی حتمی اور مستقل طاقت کا نام ہے اور یہ قیادت کی سب سے بڑی قوت ہے۔ - جین بودین

یہ معلومات کا ایک دلچسپ حصہ ہے۔

نپولین دلائل کی روشنی میں خودمختار حکمران بن گیا۔ 28/اکتوبر 1922ء کو مسولینی کے بلیک شرٹ مارچ کے بعد اسپین میں قانونی خودمختاری کو ثابت کرکے فرانکو نے حقیقی اقتدار حاصل کرلیا اور مسولینی قانونی طور پر اس کا وزیراعظم بن گیا۔ انہوں نے پارلیمنٹ اور ملک پر حکومت کی اگر چہ کہ پارلیمنٹ خودمختار تھی لیکن حقیقی یا مجازی طور پر یہ حاکم بن گیا، ہٹلر نے بھی جرمنی میں ایسا ہی کیا تھا، اس نے قانونی خودمختاری پر قابو پا کر خود حاکم بن گیا۔

قابل ذکر بات

خودمختاری کا مطلب رائے دہندگان کی اکثریت اور ان کا غلبہ ہے جو اپنی مرضی سے کسی بھی کام کو قانونی طور پر انجام دیتی ہے۔ - ڈاکٹر گارمر

حقیقی خودمختاری: (De-jure Sovereignty)

حقیقی خودمختاری قانونی ہوا کرتی ہے لیکن یہ اس کی ملکیت نہیں ہوتی۔

کیا تم جانتے ہو؟

درخت کو زمین سے ہٹایا جاسکتا ہے لیکن خودمختاری کو نہیں۔ اسے نشوونما پانے کا حق حاصل ہے یا انسان اپنی زندگی اور شخصیت کو برقرار رکھ کر دوسروں میں سے منتقل کرسکتا ہے۔ - لیبر

3.1.5 اکثریت کسے کہتے ہیں؟

اکثریت ایک انقلابی طاقت ہے جو نظریہ خودمختاری کی ضد ہے اور یہ ریاست کو بڑے پیمانہ پر لامحدود طاقت عطا کرتی ہے۔

نظریۂ اکثریت کے مظاہر : (Exponents of Pluralist theory)

- ہیرالڈ جے۔ لسکی
- جے۔ این فیگس
- ارسنٹ بارکر
- جی، ہچ۔ کول
- ما کیور



تکثیری نظریہ : (Pluralist Theory)

ریاست مختلف گروہوں کے درمیان پیدا ہونے والے تنازعات اور اختلاف کو حل کرنے کی کوشش کرتی ہے تاکہ اس سے سب کو فائدہ حاصل ہو۔

تکثیری نظریہ کا ظاہر ہونا: (The dawn of Pluralist theory)

فلاحی ریاست کے وجود میں آنے سے ریاست کے کام بڑی تیزی سے ہونے لگے اور زندگی کے ہر شعبے میں ریاست نے

11 pol sc unit 3 Set
Sunday, November 21, 2021 3:43:29 PM

اپنی حاکمیت کو برقرار رکھا جس کے سبب ریاستی اقتدار کو بغاوت اور ردعمل کا سامنا کرنا پڑا اور ایسا اکثریت کی وجہ سے ہوا۔



جان آسٹن (1780- 1859)
انگریزی قانون دان نے 1832ء میں اپنی کتاب "لیکچرس آف جورج" Lectures on Jurisprudence میں خود مختاری قانونی نظریہ کی تفصیلات پیش کی، اسے اس نظریہ کا سب سے بڑا حامی سمجھا جاتا ہے۔

کیا تکثیریت ایک اہم شئے ہے؟
(Is Pluralism Important)

- اکثریت تنظیموں کی اہمیت کو پہچان کر اس کے دائرہ کو اور وسیع کرنا چاہتی ہے۔
- جمہوریت کو پھلنے پھولنے کے لئے خودمختار ریاست میں کسی قانونی اتھارٹی کے ماتحتی کی ضرورت نہیں۔
- خدمت کاری کو بانٹ دینے سے اس کا خاتمہ ہوجاتا ہے۔ اور اس کی عدم موجودگی سے معاشرہ منتشر ہوجائے گا۔

ہندوستانی آئین اور خودمختاری : Indian Constitution and Sovereignty

اندرا گاندھی بمقابلہ راج نارائن 1975ء کے معاملہ میں سپریم کورٹ نے یہ اضافہ کیا۔ ہندوستان ایک جمہوری ملک ہے اور آئین کے بنیادی ڈھانچہ کا ایک لازمی عنصر ہے، خودمختاری اس کا ایک اہم پہلو ہے جس کے ذریعہ سے عوام میں بھی خودمختاری آتی ہے۔ آسان اصطلاح میں اسے اس طرح کہا جاسکتا ہے کہ خودمختاری آئین میں مضمر (پوشیدہ) ہے اور لوگ آئین کا اصلی ماخذ حتمی ذریعہ ہیں۔

اکثریت پر تنقید کیوں کی جاتی ہے؟

- یہ خودمختار ریاست ہے جو آپس میں اتحاد پیدا کرواتی ہے اور سماجی باہمی امداد کو منظّم کرتی ہے۔
- حکومت کی طرف سے قوانین بنائے جاتے ہیں، اکثریت کی وجہ سے نہیں۔
- ریاست اپنی رعایا کو تنظیموں کی بے جا حمایت سے بچاتی ہے۔

3.2 مساوات (Equality)

تعارف : (Introduction)

مساوات کی فہمائش : (Understanding Equality)



انسان آپس میں برابری کا درجہ رکھتے ہیں، اس قسم سے سوچنا ایک مبہم سی بات ہے۔ ایک ملک جو آپس میں برابری لانا چاہتا ہو اسے چاہئے کہ وہ وہ اپنے معاشرے میں اس قسم کی تبدیلی لانے کے لئے ایسے اصول وضع کرے۔ ''ہر ایک کے لئے برابری یہ اصول ''سماج کی اکثریتی قوم کے لئے (معاشرے کا طرز آمیز تنوع) چاہے وہ ترقی یافتہ ملک کی ہو یا غیر ترقی یافتہ، مخالف پسند اور ناکافی ہوتا جارہا ہے۔ یہاں تک کہ یہ روزانہ کا معمول بن چکا ہے۔ سیاسی نظریہ کا تیسرا اصول آزادی اور حقوق کی پاسداری ہے۔ مساوات یہ طے کرتی ہے کہ شہریوں اور تنظیموں میں حقوق مساوی یا غیر مساوی طور سے کیسے تقسیم کئے جائیں۔؟

3.2.1 مساوات کے معنی:
(Meaning of Equality)

"Equality" مساوی ور برابری کو کہتے ہیں جسے 'منصفانہ' سے بھی پہچانا جاسکتا ہے۔ یہ حقوق آپسی مراعاتیں، علاج، مقام و مرتبہ، عادات و سلوک اور مواقع کی نشاندہی کرتے ہیں۔ مساوات، تقسیمی ذرائع (distributive Principle) سے تعلق رکھتا ہے، جس کی وجہ سے مستحق افراد میں حقوق، علاج و معالجہ اور مواقع منصفانہ طریقہ سے تقسیم کئے جاتے ہیں۔ انصاف کے معنی یہ نہیں ہیں کہ ہر معاملہ میں سب کے ساتھ ایک جیسا سلوک کیا جائے، حقیقت میں دیکھا جائے تو اس کا مطلب بہت اچھا ہے وہ یہ

11 pol sc unit 3 Set
Sunday, November 21, 2021 3:43:30 PM

(بصریات Visuals) ذاتی تصورات کی مدد سے تبادلہ خیال کریں

Discuss the visuals











کہ جو غیر مساوی ہیں ان کے ساتھ غیر مساویانہ سلوک، بنیادی طور پر اس کا تعلق عدل وانصاف کے اصول سے جڑا ہے کیونکہ اس میں منصفانہ تقسیم کے اصول کی ضرورت پڑتی ہے۔

3.2.2 مساوات کی اہمیت :

(Importance of Equality)

مساوات کیا ضروری ہے؟

ایک سیاسی اصول (نمونہ) کے طور پر مساوات ہمیں یہ بتاتی ہے کہ سارے انسان رنگ، صنف، نسل یا قومیت سے قطع نظر سب کے سب برابری کا درجہ رکھتے ہیں۔ بہ حیثیت انسان ہر ایک کا احترام مساوی طور پر ضروری ہے۔ انسانیت کے اس تصور پر یقین رکھنا انسانی حقوق کو آفاقی تشکیل دینا ہے۔

مساوات ان ریاستوں اور سماجی اداروں کے خلاف ایک شعار کی حیثیت رکھتی ہے جہاں لوگوں کے رتبہ، دولت، حیثیت اور حقوق میں فرق کرکے ہر ایک کو برابری کا درجہ نہیں دیا جاتا۔ اٹھارویں صدی عیسوی میں فرانسیسی انقلابیوں نے جاگیردانہ اشرافیہ اور شہنشاہیت کے خلاف آزادی، مساوات اور برادری کا نعرہ لگاتے ہوئے شورش برپا کی۔ اسی طرح بیسویں صدی کے دوران ایشیاء اور افریقہ میں استعماریت/نوآبادیت کے خلاف مساوات کا مطالبہ کرتے ہوئے آواز اٹھایا گیا۔ اسی طرح ہمارے معاشرہ میں خواتین اور دلتوں کو پسماندہ سمجھا جاتا ہے، جس کے سبب انہوں نے بھی عدم مساوات کے خلاف آواز اٹھائی ہے۔

دنیا کے تمام آئین اور دستور میں وسیع پیمانے پر مساوات کو ایک بہترین اصول/نمونہ کے طور پر جانا جاتا ہے لیکن ساری دنیا میں اور بالخصوص ہمارے معاشرہ میں سب سے زیادہ پریشان کرنے والا عنصر عدم مساوات ہے۔ ایک طرف عالی شان محلات ہیں تو دوسری طرف دیہاتوں کی کچی آبادیاں، ایسے اسکول بھی ہیں جہاں بیت الخلاء اور پینے کے پانی کی سہولت نہیں، خوراک میں کمی اور رفاقہ کشی ہے۔ قانون میں ودے کی بھرمار ہے لیکن ہم اپنے اطراف میں جو دیکھتے ہیں اس میں واضح فرق معلوم ہوتا ہے۔ آئین

11 pol sc unit 3 Set
Sunday, November 21, 2021 3:43:31 PM

میں درج کردہ مساوات کے اصولوں پر ہندوستان عمل کرنے کی بھرپور کوشش کرتا ہے تاکہ ہر ایک کو برابری کا درجہ مل سکے۔

منصفانہ تقسیم کیا ہے؟
(What is distributive Justice ?)

منصفانہ تقسیم مساوی مساوات کے اصول کی متقاضی ہے جس میں مساوات کے اصول کو یقینی بنانے کے لئے تقسیم کیا جاتا ہے، مثال کے طور پر ریاست کو چاہئے کہ وہ مالدار اور غریبوں پر مساوی ٹیکس عائد نہ کرے۔

3.2.3 مساوات کی وسعتیں :
(Dimensions of Equality)

مساوات کیا ہے؟

ہم زمینی سطح پر انسانوں میں ذات پات اور رنگ و نسل کے فرق کو محسوس کرتے ہوئے زندگی گزارتے ہیں۔ حقیقت میں یہ قابل قبول نہیں۔ مساوی نقطہ نظر سے دیکھا جائے تو یہ امتیازات ہماری سمجھ سے باہر ہیں۔ بہ حیثیت انسان تمام کے تمام عزت و احترام کے حق دار ہیں۔ کوئی بھی معاشرہ اپنے شہریوں کے ساتھ تمام حالتوں میں یکساں سلوک نہیں کرتا جب تک کہ اپنی خواہشات، صلاحیتیں اور ضروریات میں وہ ایک دوسرے سے الگ رجدا نہیں ہوتے۔ غیر مساوی لوگوں کو برابری کا درجہ دینا اور مساوی لوگوں کو مساوات کا درجہ دینا یہ ظلم ہی تو ہے۔ سب سے اہم بات قدرتی عدم مساوات سے قطع نظر معاشرتی تفریق پیدائش، دولت، علم، مذہب پر مبنی چیزیں عدم مساوات کا سبب بنی ہوئی ہیں۔

تاریخ کے اوراق پلٹنے سے ہمیں ہر چیز میں مساوات نظر نہیں آتی کیونکہ ہم ایک عدم مساوات کو ختم کرتے ہیں تو ایک اور جنم لے لیتی ہے۔ فرق یہ ہے کہ جس چیز کو ہم نظر انداز کرتے ہیں وہ درست معلوم نہیں ہوتی اور جسے نئے طریقہ سے جنم دیتے ہیں وہ معقول معلوم ہوتی ہے۔ لہذا نئی نسل کو چاہئے کہ وہ سماجی، سیاسی اور تعلیمی مساوات کو ہمیشہ فروغ دے کر اسے برقرار رکھنے کی کوشش کرے۔ آزادی کی طرح مساوات کو بھی اس کے مثبت اور منفی پہلوؤں کی روشنی میں سمجھا جاسکتا ہے، گویا منفی مساوات کا تعلق مراعات (رعایتیں) کا خاتمہ ہے اور مثبت مساوات کا مطلب مواقع کی دستیابی ہے۔



ایسا ملک جہاں مالدار لوگ کم ہوں اور غریب لوگ زیادہ ہوں تو وہاں ایسی حکومت قائم ہوگی جہاں مالدار لوگوں کے املاک کی اور ان کی سہولیات کا تحفظ کیا جاسکے

– ہیرالڈ لاسکی

لسکی نے مساوات کا مطلب یوں ذکر کیا ہے :

- مراعات کی عدم موجودگی: اس کا مطلب یہ ہے کہ کسی کی مرضی کسی اور کے برابر ہوسکتی ہے۔ مساوی حقوق کا مطلب یہی ہے۔
- ہر ایک کو مناسب مواقع حاصل ہوں، ہر ایک کو اپنی شخصیت کو نکھارنے کا موقع ملے۔
- ہر شخص کو معاشی فائدہ حاصل ہو اور کسی کو بھی کسی بھی بنیاد پر پابندی نہ ہو۔
- پیدائش، نسل، نسب اور موروثی وجوہات کی بناء پر عدم مساوات غیر معقول ہیں۔

''بارکر'' نے مساوات کے تعلق سے اپنا عندیہ اس طرح دیا ہے۔

- مساوات ہر ایک کے لئے برابری کا نام ہے۔
- مواقع حاصل کرنے میں ہر ایک کی برابری ہو۔
- حالات میں برابری، زندگی میں تمام کے لئے یکساں مواقع حاصل ہو۔
- مساوات کے نتائج کا حصول۔

11 pol sc unit 3 Set
Sunday, November 21, 2021 3:43:31 PM

مواقع میں مساوات :
(Equality of Opportunities)

مساوات کے مطالعہ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ بہ حیثیت انسان تمام کے تمام اپنے مقاصد اور عزائم کو حاصل کرنے ، اپنی مہارت ، قابلیت کو فروغ دینے کے لئے ایک جیسے حقوق اور مواقع کے حقدار ہیں۔

قدرتی اور سماجی عدم مساوات :
(Natural inequality and Social inequality)

قدرتی عدم مساوات سے مراد لوگوں کی اپنی قابلیت اور اس کے نتیجہ میں ابھرنے والی صلاحیتیں ہیں۔اس قسم کی عدم مساوات معاشرتی طور پر ہونے والی عدم مساوات سے مختلف ہے، جو مواقع کے عدم مساوات یا کچھ گروہوں کے استعمال کے نتیجہ میں رونما ہوتی ہے۔دوسری طرف معاشرتی عدم مساوا تان کو کہا جاتا ہے جسے معاشرے نے جنم دیا ہو جیسے نسل، رنگ، صنف ، ذات پات وغیرہ۔اسی طرح صدیوں سے خواتین کو مساوی حقوق سے محروم رکھا گیا ہے۔ سیاہ فاموں اور معذور بچوں کو غلام سمجھا جاتا تھا اور ان کے اداروں سے بھی پوچھ تاچھ چلتی رہتی تھی۔



اسٹیفن ولیم ہاکنگ

تکنیکی ایجادات میں عام افراد بھی اپنا حصہ لگا سکتے ہیں۔ اسٹیفن ولیم ہاکنگ کی اس میں شرکت قابل ذکر ہے۔ سیاسی فلسفیوں نے معاشرے میں مساوات اور جدت طرازی لانے کے لئے بہت سارے نظریات اور افکار پیش کئے ہیں۔



اس کارٹون کو پڑھیں اور اس میں موجود نقاط کی شناخت کریں کہ کس طرح اس میں عدم مساوات کا اعادہ کیا گیا ہے؟



(i) سماجی مساوات : (Social Equality)

معاشرتی مساوات کا مطلب یہ ہے کہ کسی کو بھی پیدائش، ذات پات، مذہب، نسل، رنگ، صنف یا معاشرتی حیثیت کی بنیاد پر حقوق ، رعایتیں اور مواقع کی تقسیم میں امتیازی سلوک نہیں کرنا چاہئے ، ہر ایک کو اپنی شخصیت کی نشو ونما کے لئے مساوی مقام دینا چاہئے۔سماجی حیثیت پر امتیازی سلوک کو ختم کرنا۔کسی بھی فرد کو خصوصی رعایتیں نہ دینا۔تعلیم کے حصول کے لئے مساوی مواقع فراہم کرنا۔

11 pol sc unit 3 Set
Sunday, November 21, 2021 3:43:32 PM

مارٹن لوتھر لنگ جونیئر امریکہ کی ایک حقوقی تحریک Right Moment USA کا ایک رہنما تھا، اس نے 1950 تا 1960 کے دوران ریاست ہائے متحدہ میں سیاہ فارموں کے لئے قانون کے تحت مساوی حقوق حاصل کرنے کی بہت جدوجہد کی، اس طرح لاکھوں دلتوں کے لئے ڈاکٹر بی آر امبیڈکر نے تحریک آزادی میں معاشرتی مساوات کا بیج بویا جو ہندوستان کی ایک تاریخی تحریک تھی۔

انسانوں اور شہریوں کے حقوق کے بارے میں فرانسیسی اعلامیہ نے یہ اعلان کیا کہ مرد ہمیشہ آزاد اور برابری کے حقوق لئے پیدا ہوتے ہیں۔ 10 ڈسمبر 1948ء کو اقوام متحدہ کی تنظیم نے انسانی حقوق کا ایک باب پیش کیا جس میں سماجی مساوات پر زور دیا گیا ہے۔

(ii) شہری مساوات : (Civil Equality)

'Civil' لفظ لاطینی لفظ Civils یا Civis سے ماخوذ ہے۔ جس کے معنی شہری کے ہیں۔ شہری مساوات کا مطلب ہر شہری کو برابر کے حقوق اور ہر قسم کی آزادی مہیا کرنا ہے۔ شہری مساوات ہر قسم کی شہری آزادی اور شہری حقوق پر مشتمل ہے اور شہری قوانین میں تمام افراد کے ساتھ یکساں سلوک کیا جاتا ہے۔

اسی طرح اعلیٰ، ادنیٰ، امیر، غریب، ذات و پات، رنگ و نسل، گروہ وقبائل، جماعتوں اور طبقوں میں کوئی امتیازی سلوک نہیں ہونا چاہئے۔

شہری مساوات سے متعلق قانونی حکمرانی کیسی ہے؟

قابل ذکر بات

ایک بھوکے آدمی کو کیا آزادی اچھی لگے گی؟ وہ آزادی کو نہ تو کھاتا ہے اور نہ پیتا ہے - تھامس ہوبس

فردی مطالعہ : (Case Study)
اقتصادی عدم مساوات اور عرب شورش
(Economic Inequality and Arab Uprising)

غربت ایک ایسی چیز ہے جو ملک کے استحکام کو خطرہ میں ڈال سکتی ہے مثال کے طور پر تیونس جسمین انقلاب نے آمرانہ حکومتوں کو حیرت میں ڈال دیا جس کے سبب ساری دنیا میں حکومت مخالف مظاہرے رونما ہوئے ۔ 29 دن تک یہ انقلابی جدوجہد جاری رہی، آخر کار 23 سالہ حکمرانی کے دور کا خاتمہ ہوا۔ تیونس کے ایک قصبہ سیدی بوزید میں 17 دسمبر 2010 کو پولیس نے ایک بے روزگار شہری محمد ابو وازیری کو ہراساں کیا جس نے خودسوزی کرلی۔ یہ واقعہ عرب کی گلیوں میں بغاوت پر اکسانے کا سبب بنا۔ اور جسمین انقلاب (جسمین تیونس کا قومی پھول) رونما ہوگیا۔ پولیس کے مظالم اور اقتصادی مواقع کے کمی پر پہلے ہی سے ناراض شہری ایک ہاتھ میں پتھر اور دوسرے میں سیل فون لے کر بے ساختہ سڑکوں پر امنڈ آئے۔

غصہ، مایوسی، سرکشی اور جمہوری مانگ کی ایک عظیم لہر عرب دنیا کے خلاف شروع ہوگئی۔ یہ شورش عرب دنیا میں محض جمہوریت بمقابلہ آمریت کے بارے میں نہیں بلکہ واضح طور پر غیر منصفانہ اقتصادی نظام کے خلاف تھی۔

(بشکریہ: فرنٹ لائن 26 جنوری 2011)

(iii) سیاسی مساوات : (Political equality)

سیاسی مساوات کا مطلب تمام شہریوں کو بلا امتیاز برابری کا حق دلانا اور انہیں بلا روک ٹوک ریاست کے امور میں شریک کروانا ہے۔ عالمی سطح پر تمام بالغوں کے لئے حق رائے دہی کے ذریعہ سیاسی حقوق کو یقینی بنانا چاہئے۔

11 pol sc unit 3 Set
Sunday, November 21, 2021 3:43:32 PM

دیگر عوامل جو شہریوں کے سیاسی حقوق کو یقینی بناتے ہیں وہ یہ ہیں۔

- حق رائے دہی
- انتخابات میں حصہ لینے کا حق
- عوامی عہدوں پر فائز ہونے کا حق
- حکومت سے درخواست کرنے اور عوامی پالیسی پر تنقید کرنے کا حق

سیاسی مساوات حقیقت میں جمہوریت کا ایک امتحان ہے بلکہ یوں کہا جائے کہ یہ خود اپنے آپ میں سیاسی مساوات ہے۔ یہ سیاسی طاقت کو منتشر کرنے لئے مصروف عمل نہیں ہے بلکہ سیاسی مساوات کے حصول کے لئے اسے سماجی اور اقتصادی مساوات کی ضرورت ہے۔

قابل ذکر بات

معاشی مساوات تمام امتیازات کو ختم کرتی ہے اور ہر مرد وعورت کو دنیاوی ساز وسامان میں برابری کا حق دلاتی ہے۔ - لورڈ برائس

iv) معاشی مساوات : (Economic Equality)

معاشی مساوات اسی وقت مکمل ہوسکتی ہے جب لوگوں کے پاس مکمل طور پر ترقی حاصل کرنے کے مناسب مواقع میسر ہوں اور معاشی مساوات تبھی معنی خیز ہوگی جب اس کے لئے روزگار، مناسب معاوضہ، تفریح اور معاشی مشکلات کے نظم ونسق میں برابری کا حصہ دلانے کے لئے خاطر خواہ گنجائش موجود ہو۔ پروفیسر ''لاسکی'' معاشی مساوات کی اس طرح وضاحت کرتا ہے کہ سیاسی مساوات اس وقت تک حقیقی نہیں ہوسکتی جب تک کہ معاشیات کو فرضی طور پر آزادانہ چھوڑ نہ دیا جائے، بصورت دیگر سیاسی اقتدار معاشی طاقت کے تابع ہی رہے گی۔

یہاں معاشی مساوات کا مطلب ہر ایک کو مساوی مواقع فراہم کرنا ہے تاکہ سب معاشی میلان میں ترقی کرسکیں۔ نظریاتی طور پر یہ اشتراکیت (Socialism) میں ممکن ہے نہ کہ سرمایہ دارانہ نظام میں۔

v) مواقع اور تعلیم میں مساوات :

اس کا معنی یہ ہے کہ ریاست اپنے تمام شہریوں کو مواقع اور تعلیم میں یکساں سہولتیں فراہم کرے اور ان کی شخصیتوں کو نکھارنے اور ترقی دینے کے لئے مساوی مواقع سے بھی ہمکنار کرے، سماجی عدم مساوات جیسے نسل، ذات پات، مذہب، زبان، امیر وغریب اور صنف پر مبنی تمام امتیازات کو ختم کیا جائے یہی وجہ ہے کہ ہندوستان کے آئینی دفعات ہر ایک کے لئے مواقع اور تعلیم میں مساویانہ پن کا ذکر کرتے ہیں۔

3.2.4 حریت (آزادی) اور مساوات کا درمیانی رشتہ :

مساوات کے بغیر آزادی کی کوئی قدر و قیمت نہیں ہے۔ لارڈ ایکٹن، ڈی ٹوکویبل اور ہارولڈ نے اس چیز کو مختلف نقطہ نظر سے سمجھایا ہے، یہ بات ذہن میں رہے کہ لاسکی، لارڈ ایکٹن اور ڈی ٹوکیل آزادی کے پرجوش حامی تھے۔

پروفیسر ایچ جے لاسکی نے اپنے ملاحظات میں لکھا ہے کہ ''جہاں امیر وغریب، تعلیم یافتہ اور ان پڑھ ہوں وہاں ہمیشہ آقا اور نوکر کا رشتہ ہی ہوگا''۔

لیزر فیئر Laisser Faire ایک معاشی نظام ہے جس میں ذاتی مساوات کے مابین بحث کیا جاتا ہے اور تنظیمیں (فریقین) اصول وضوابط، مراعات، محصولات اور مدد واعانت میں حکومتی مداخلت سے آزاد ہیں۔

آدم اسمتھ، انفرادیت پسندوں (Individualists) کے اس خیال کا زبردست حامی تھا کہ سرمایہ داروں اور مزدوروں کے درمیان آزادانہ ٹکر ہونی چاہئے اور حکومت کو چاہئے کہ اقتصادی معاملات میں دخل نہ دے۔ اس سلسلہ میں رسد اور طلب (Demand and Supply) کا طریقہ اپنایا گیا۔ اس بات کی توقع کرتے ہوئے کہ اس فارمولے سے معاشی مشکلات حل

11 pol sc unit 3 Set
Sunday, November 21, 2021 3:43:33 PM

کرلئے جائیں گے لیکن اس کے برعکس یوروپ میں اس کے سنگین نتائج درپیش ہوئے۔

سرمایہ داروں نے اس فارمولے سے بہت فائدہ اٹھایا جس کے سبب امیر وغریب کے درمیان بہت سارے اختلاف پیدا ہوگئے، مزدور طبقہ اس سے بہت متاثر ہوا، اس طرح انفرادیت نظریہ کے خلاف ردعمل شروع ہوگیا۔اشتراکیت (سوشلز) شروع ہی سے اس نظریہ انفرادیت کی مذمت کرتا رہا اور اس نے یہ نتیجہ اخذ کیا کہ آزادی بغیر معاشی مساوات کے بے معنی ہے۔

سیاسی آزادی کے لئے معاشی مساوات کا ہونا ضروری ہے بصورت دیگر یہ ایک سرمایہ دارانہ جمہوریت ہوگی جس میں کارکنوں کو صرف ووٹ ڈالنے کا حق ہوگا لیکن وہ اپنے مقاصد پا نہیں کرسکیں گے۔ لہذا آزادی صرف سماجی جمہوریت سے ہی مل سکتی ہے جہاں آدی اور مساوات ایک ساتھ ہوں۔آزادی کا ایک ہی حل ہے اور وہ مساوات ہے۔''پولارڈ'' Pollard نے کہا کہ آزادی اور مساوات ایک دوسرے کی تکمیل کرتے ہیں۔

مساوات کو کس طرح فروغ دیا جاسکتا ہے
(How Equality can be promoted)

رسمی مساوات کو فروغ دینے کے چند طریقے یہ ہیں :

- رسمی مساوات کو اپنانا (قیام)
- امتیازی سلوک کے ذریعہ مساوات
- مثبت کارروائی

اینڈرو ہی ووڈ کے مساوات پر مختلف نظریات:
(Perpectives of Various Ideologies on Equlity by Andrew Heywood)

لیبارالس کا خیال ہے کہ انسان 'پیدائشی' اعتبار سے برابر ہیں۔اس لئے وہ مساوی قدر و قیمت کے حق دار ہیں، اس سے رسمی مساوات خاص طور پر قانونی اور سیاسی مساوات اور مواقع کا اشارہ ملتا ہے۔ یہ ممکن ہے کہ سیاسی مساوات کو آزادی یا سختی سے خریدا جاسکتا ہے۔

قدامت پسندوں نے روایتی طور پر معاشرے کو ایک قدرتی تنظیمی ڈھانچہ کی شکل میں سمجھا ہے اور مساوات کو بلا مقصد abstract اور بغیر تحقیق کے مسترد کردیا ہے۔

اشتراکیت (Socialist) مساوات کو ایک بنیادی قدر قرار دیتا ہے اور خاص طور پر معاشرتی مساوات کی تائید کرتا ہے۔ برخلاف معاشرتی جموریت میں ردوبدل کے سماجی مساوات چاہے جمہوری ہوں یا اشتراکیت پر مبنی ہوں، ان تمام میں ہم آہنگی اور بھائی چارے، انصاف، برابری اور آزادی کو یقینی بنایا جائے۔

جارحیت پسند طبقہ سماجی مساوات پر بہت زیادہ زور دیتا ہے جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہی مساوات ہے اور ذاتی آزادی ہر ایک کا حق ہے۔اس سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ ہر طرح کی سیاسی عدم مساوات ایک ظلم ہے۔ جارحیت پسند/ انتشار پسند کمیونسٹ (Anarcho- Communists) اجتماعی طور پر حاصل کی گئی دولت کو سماجی مساوات خیال کرتے ہیں۔

فسطائی اصولوں کا پیرو (Fascists) کا خیال ہے کہ رہنماؤں اور اور پیروکار/ پیر ومرشد، اور دنیا کی مختلف قوموں اور نسلوں کے درمیان بہت فرق ہے لیکن اس کے باوجود قوم اور نسل کے تمام انسان بنیادی شناخت کے لحاظ سے برابر ہیں۔

عورتیں بھی مرد کی طرح برابر کا درجہ رکھتی ہیں یعنی مرد اور عورت دونوں کے حقوق اور مواقع برابر برابر ہیں۔صنف سے قطع نظر سماجی، اقتصادی طور پر سب مساوی ہیں۔

11 pol sc unit 3 Set
Sunday, November 21, 2021 3:43:34 PM

ماحولیات کے ایک ماہر حیاتیات نے مساوات کا خاکہ پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ زندگی کے ہر شعبے میں ہر ایک کو رہنے سہنے اور ترقی کرنے کا برابر حق ہے۔

3.2.5 ہندوستانی آئین میں مساوات :
(Equality in Indian Constitution)

ہندوستانی آئین میں مساوات کا تصور

ہندوستانی آئین کے دفعہ 14 (Article) تمام افراد کے لئے مساوی قانون کا تحفظ فراہم کرتا ہے۔ یہ مساوات کا ضابطہ ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ اس کا دیباچہ، حیثیت اور مواقع کے معاملہ میں ہر ایک کو مساوات کی ضمانت دیتا ہے، اور زمینی قوانین یکساں طور پر ہر ایک کے لئے لاگو ہوں گے جس میں پیدائش، طبقہ، رنگ، صنف، زبان اور مذہب یا کسی بھی بنیاد پر کوئی امتیازی سلوک نہیں کیا جائے گا۔

اس طرح کے آرٹیکل (15) میں امتیازی سلوک پر پابندی کا ہمیں ذکر ملتا ہے جس سے آرٹیکل 14 کو تقویت ملتی ہے۔ ہندوستانی دفعہ 21 میں اس بات کو یقینی بنایا گیا ہے کہ کسی بھی شخص کو اس کی زندگی یا ذاتی آزادی سے محروم نہیں کیا جائے گا، جب تک کہ وہ یہاں کے قانون کے طریقۂ کار پر عمل پیرا ہو۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ کسی شخص کو زندگی یا آزادی سے معقول اور منصفانہ طریقہ ہی پر محروم کیا جائے گا اور کسی کے ساتھ صوابدیدی، امتیازی سلوک اور عدم مساوات نہیں ہوگا۔

مساوات کا حق (دفعہ 14-18)

- قانون سے پہلے مساوات (دفعہ 14)
- مذہبی بنیاد پر امتیازی سلوک کی ممانعت (دفعہ 15)
- عوام کی ملازمتوں میں مساوات قائم کرنا (دفعہ 16)
- اچھوت کا خاتمہ (دفعہ 17)
- عنوان (القاب) کا منسوخ کرنا (دفعہ 18)



بغیر امتیاز مساوات کو کیسے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

عوام کے ساتھ مختلف قسم سے سلوک کرنا بعض اوقات ضروری ہوتا ہے تاکہ یہ معلوم کیا جا سکے کہ انہیں مساوی حقوق حاصل ہو رہے ہیں یا نہیں؟ اسی طرح حکومت کی طرف سے مساوات میں آنے والی رکاوٹوں کو دور کرنے کے لئے کچھ پالیسیاں درکار ہیں مثال کے طور پر ہندوستان قدامت پسند کے اصول پر عمل پیرا ہے اور دوسرے ممالک مثبت کارروائی/اقدام پر عمل کر سکتے ہیں۔

3.3 آزادی Liberty

سیکھنے کے مقاصد:

- آزادی کی اہمیت کو روایتی معنی کی حیثیت سے اور اس کے حامیوں کے مختلف نقطہ نظر کو اس میں پیش کیا گیا ہے۔

11 pol sc unit 3 Set
Sunday, November 21, 2021 3:43:34 PM

- بہ حیثیت مضمون ''آزادی'' پڑھنے والے طلباء کو اس کے مختلف درجے اور شکلوں کو سمجھایا گیا ہے تاکہ منظّم طور پر حکومتی سطح پر وہ آزادی کے طریقہ کار اور وسائل کی وضاحت کو معلوم کرسکیں۔
- تصور آزادی کی اہمیت کو جاننا، تاکہ ہر شہری کو آزادی کی قدر معلوم ہو۔
- طلباء اس بات پر توجہ دیں کہ پابندی کی مختلف شکلیں ہوا کرتی ہیں جن میں سے ایک قانون بھی ہے جو آزادی کی ایک شکل ہے۔
- آزادی کی حفاظت کرنے والے خاص طور پر جمہوریت اور عدلیہ کے آزاد امیدوار، یہ سب ایسے اہم عوامل ہیں جو آزادی کی قدر کو حقیقت میں پہچانتے ہیں۔

آزادی کا تعارف: (Introduction of Liberty)

آزادی انسان اور ریاست دونوں کے لئے ایک لازمی عنصر ہے اور اعزاز یہ کی بات بھی۔ تاریخ نے بہترین انداز میں ان مطلق العنان بادشاہوں کی زیادتیوں کو محفوظ کرکے رکھا ہے جنہوں نے انگلینڈ کے قدیم وسطی دور میں آزادی کے دعووں کو نظر انداز کردیا تھا۔ بہرحال رعایا کے برداشت کی حد جواب دے چکی ہے اور انہوں نے بادشاہت کے خلاف شورش برپا کردیا ہے یہاں تک کہ بادشاہ گھٹنے ٹیکنے پر مجبور ہوگیا اور عایا کو آزادی ملنے کی امید پیدا ہوگئی۔ بادشاہ نے ٹیوڈر اور اسٹورٹ کے بعد بھی لڑائی کو ختم کرنے کی کوشش کی لیکن یہ لڑائی خانہ جنگی میں بدل گئی اور بادشاہ چارلس کا سر قلم کردیا گیا، اس کے بعد کے بادشاہ کروم ویل کے دور میں بھی لوگوں کو آزادی نہیں مل سکی۔

بہرحال 1688ء میں انگلینڈ کو زبردست اور شاندار ترقی نصیب ہوئی اور چند سالوں کے لئے مطلق العنانی بادشاہت قائم ہوگئی پھر 1789ء میں فرانسیسی انقلاب میں انتشار پھوٹ پیدا ہوگیا۔

اس کے باوجود بھی مطلوبہ آزادی مل نہ پائی۔ نپولین کے جانشین بادشاہوں کی طرح برتاؤ کرتے تھے اور نپولین 111 کے زوال کے نتیجہ میں تیسری جمہوریت اور 1958ء میں چوتھی اور چند سالوں بعد پھر پانچویں جمہوریت کا قیام عمل میں آیا۔ پھر نوآبادیاتی ممالک کے خلاف ایک طویل جدوجہد کے بعد ملک آزاد ہوگیا۔ انیسویں صدی میں اٹلی نے اور بیسویں صدی میں ہندوستان نے قومی آزادی کے حصول کے لئے بڑی بڑی قربانیاں پیش کیں۔

آزادی کا مفہوم : (Meaning of Liberty)

Liberty کی اصطلاح لاطینی لفظ 'Liber' سے ماخوذ ہے جس کے معنی "تمام زنجیروں سے آزاد" کے آتے ہیں گویا اس کے معنی یہ ہیں کہ انسان حالات سے بے پرواہ ہوکر جو چاہے کرسکتا ہے۔

قابل ذکر بات

آزادی انسان کے لئے ایسی فضا پیدا کرتی ہے جس میں اسے بہترین کردار ادا کرنے کا موقع حاصل ہوتا ہے۔

- ہارولڈ جے لسکی

آزادی کے متعلق فلسفیوں/مبلغین کے خیالات : (Exponents views on Liberty)

- آزادی کسی کام کو انجام دینے اور اس سے فائدہ حاصل کرنے کی ایک مثبت طاقت کا نام ہے۔ (گیٹیل)
- کوئی بھی شخص بیرونی رکاوٹ کے بغیر اظہار رائے (اپنی بات کو پیش کرنے) کا مکمل حق رکھتا ہے۔
- آزادی اپنے آپ پر قابو پانے کا نام نہیں ہے بلکہ آزادی ترقی حاصل کرنے کا نام ہے۔ (مہاتما گاندھی)
- حق کے حصول کے بغیر آزادی کوئی معنی نہیں رکھتی کیونکہ انسان اپنے حقوق حاصل کئے بغیر بھی قانون کے ماتحت ہی ہوتا ہے جس کا تعلق اس کی ضرورتوں سے نہیں ہوتا۔ (ہارولڈ جے لاسکی)

11 pol sc unit 3 Set
Sunday, November 21, 2021 3:43:35 PM

- آزادی عام طور پر من مانی اور بے جا قسم کی بیرونی پابندیوں سے چھٹکارے کا نام ہے۔
- قانونی اصول کا اطلاق کرتے ہوئے ایجوسیڈیم خیبرس نے ایک لفظ Freedom کو آرٹیکل 19 کے تحت اس کے رنگ اور ساخت (مالہ وماعلیہ) کو مدنظر رکھتے ہوئے اسے مخصوص الفاظ سے تعبیر کیا ہے جب کہ آرٹیکل 21 میں اس قسم کے کوئی خاص الفاظ نہیں ہیں۔

آزادی کے دو مرحلے : (Two Phases of Liberty)

مثبت آزادی کا مطلب یہ ہے کہ فرد کو اپنی شخصیت کو نکھارنے اور سنوارنے کے لئے مواقع ملنا چاہئے تا کہ وہ کچھ کر کے دکھا سکے۔

منفی آزادی : (Negative Liberty)

جے ایس مل نے اس کا مطلب یہ بتایا ہے کسی بھی انسان پر یا اس کے افعال پر کوئی پابندی نہیں ہونی چاہئے اور اس کی راہ میں کسی بھی قسم کی کوئی رکاوٹ پیدا نہیں کرنی چاہئے۔



i) قدرتی آزادی : (Natural Liberty)

کسی بھی قسم کی روک تھام کے بغیر ہر شخص کو جو چاہے کرنے کی بے لگام آزادی دی جائے۔



ii) شہری آزادی : (Civil Liberty)

شہری آزادی اصول وقواعد کے ماتحت ہوتی ہے اور اپنے حقوق کو قانون کے دائری میں رہ کر حاصل کیا جاسکتا ہے کیونکہ ریاستی قوانین شہری آزادی کے تحفظ کی ضمانت دیتے ہیں۔

iii) سیاسی آزادی : (Political Liberity)

سیاسی آزادی کا مطلب شہریوں کو سیاسی زندگی اور ریاستی امور میں حصہ لینے کی مکمل آزادی کا نام ہے۔اس میں ووٹ ڈالنے ،انتخابات میں حصہ لینے،عوامی رائے رکھنے،حکومت پر تنقید کرنے اور کسی چیز کو حاصل کرنے کے سارے حقوق آجاتے ہیں۔

iv) ذاتی آزادی : (Personal Liberty)

فرد کسی بھی طرح کی صوابدیدی اور غیر ضروری پابندی کے بغیر اپنی مرضی کے مطابق کچھ بھی کرسکتا ہے،صریح طور پر ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ کوئی آدمی کسی فرد کی ذاتی زندگی میں مداخلت نہ کرے، ہر فرد کو کپڑے پہننے ،کھانے، معیار زندگی بلند کرنے ،شادی اور بچوں کی تعلیم وغیرہ کی آزادی ملنی چاہئے اور ریاست کو چاہئے کہ وہ بھی کسی کے ذاتی معاملات میں مداخلت نہ کرے۔



11 pol sc unit 3 Set
Sunday, November 21, 2021 3:43:35 PM

v) اقتصادی آزادی : (Economic Liberty)

اقتصادی آزادی سے مراد کسی بھی شخص کو اپنے روزمرہ زندگی میں بغیر کسی ذات پات، رنگ و نسل اور صنف کی تفریق سے بالاتر ہو کر منصفانہ طریقوں سے روزی روٹی کمانے کی مکمل آزادی ہے۔



ایک چرواہا ایک بھیڑ کو بھیڑیوں کے گلے سے باہر نکال دیتا ہے جس پر وہ بھیڑیں چرواہے کا شکر ادا کرتی ہیں لیکن اسی وقت وہ بھیڑیں اس کے اس فعل کی برائی بیان کرتی ہیں کیونکہ بھیڑیا کالا تھا۔ اس سے یہ معلوم ہوا کہ بھیڑ اور بھیڑئے لفظ آزادی کی تعریف پر اتفاق رائے نہیں رکھتے ۔ یہ حال آج ہم انسانوں کے درمیان میں بھی پایا جاتا ہے۔ - ابراہم لنکن

vi) مالیاتی آزادی : (Fiscal Liberty)

اصول و قواعد کے مطابق ٹیکس کی نمائندگی نہیں ہونی چاہئے (ٹیکس کی ادائیگی غیر ضروری ہے) یہ متوسط طبقہ کا ایک خیال ہے کیونکہ ان کے دعوی کے مطابق خود انہیں اس بات کی اجازت ملنی چاہئے کہ وہ اپنی رقم کو کیسے، کس طرح اور کہاں خرچ کریں۔

vii) گھریلو/داخلی آزادی : (Domestic Liberty)

یہ گھریلو آزادی خواتین اور بچوں کے مساوی حقوق کا احاطہ کرتی ہے، انہیں برائی، ظلم اور استحصال سے بچاتی ہے اور تعلیم کا حق دلاتی ہے۔

viii) فوجی آزادی : (National Liberty)



عارضی طور پر ہی سہی جو لوگ تھوڑی دیر کے لئے بھی آزادی کے حق کو اختیار نہیں کرتے گویا وہ آزادی اور حفاظت کے مستحق نہیں ہیں۔
- بنجامن فرینکلن

اس کا مطلب یہ کہ ملک کی آزادی جس ملک میں روٹی، آزادی اور خودمختاری ہو تو وہاں قومی آزادیاں بھی مل جاتی ہیں۔

آزادی کس شخص کے پاس خود بخود نہیں آیا کرتی بلکہ آزادی کے لئے لوگوں کو آگے آنا ہوتا ہے۔ آزادی ایک نعمت ہے جسے پا کر لطف اندوز ہونا چاہئے، جو نئی دہلی کے مرکزی سکریٹریٹ کی عمارت میں کندہ ہے۔

ix) بین الاقوامی آزادی : (International Liberty)

اس کا مطلب بین الاقوامی تعاون، امن و سلامتی اور دنیا کے ممالک کی فیڈریشن کا قیام ہے۔



یہ اشارتاً
آفاقی طور پر آزادی کی یاددہائی ہے
جو امریکی شہریوں کے لئے
ایک امید کی علامت ہے۔

آزادی، خودمختاری اور قانون کے درمیان کیا مناسبت ہے؟

آزادی، خود مختاری اور قانون کے درمیان گہرا تعلق ہے۔ آزادی ریاست میں ہوا کرتی ہے اور یہ ریاست قانون بناتی ہے اور خودمختار ملک ان قوانین پر عمل پیرا ہوتا ہے۔

قابل ذکر بات

جہاں کوئی قانون نہیں وہاں کوئی آزادی نہیں (جان لوک)

قانون آزادی کی حفاظت کیسے کرتا ہے؟
(How does law Protect Liberty)

i) قانون مجرموں کو سزا دیتا ہے اور انسانوں کو حقوق دلاتا ہے۔

ii) قانون فرد کو حقوق اور فرائض کی روشنی میں فائدہ حاصل کرنے پر ابھارتا ہے۔

11 pol sc unit 3 Set
Sunday, November 21, 2021 3:43:36 PM

iii) دستور آزادی کا نگہبان ہے اور یہ ریاست کے اختیارات کو محدود کرتا ہے اور عوام کے بنیادی حقوق کی حفاظت بھی کرتا ہے۔

آزادی کس طرح محفوظ ہے؟
(How liberty is safeguarded)

i) جمہوریت : (Democracy)

آزادی حکومت کے کسی بھی شعبے کے مقابلہ میں زیادہ محفوظ ہے کیونکہ جمہوریت عوام کی حکومت ہے یہاں تک کہ جمہوریت میں مخالف پارٹیوں/جماعتوں کا بھی احترام ضروری ہوتا ہے۔

ii) دستور : (Constitution)

ریاستی اقتدار کسی بھی ملک کے آئین کے تابع ہوتا ہے، جمہوریت میں دیباچہ کو ایک قصیدہ کے طور پر پڑھا جاتا ہے۔ اس میں وہ فلسفہ ہوتا ہے جس پر پورا دستور قائم ہوتا ہے، یہ حکومت کسی بھی قانون اور اس کی کارروائی کا جائزہ لینے کے لئے ایک معیار فراہم کرتا ہے۔ یہ معلوم کرنے کے لئے کہ یہ اچھا ہے یا برا۔ یہ ہندوستانی آئین کی روح ہے۔

iii) بنیادی حقوق : (Fundamental Rights)

بنیادی حقوق ریاست کے اختیار کو محدود کرتے ہیں اور ہمیں یقین دلاتے ہیں کہ ریاست ذاتی زندگی کے معاملات میں مداخلت نہیں کرتی ہے

بنیادی حقوق یہ ہیں :

i) مساوات کا حق (آرٹیکل 14 - 18)
ii) آزادی کا حق (آرٹیکل 19-22)
iii) عدم استحصال کا حق (آرٹیکل 23-24)
iv) مذہب کی آزادی کا حق (آرٹیکل 25-28)
v) ثقافتی اور تعلیمی حق (آرٹیکل 29-30)
vi) آئینی حقوق (آرٹیکل 32-35)



iv) مرکزی طاقتیں : (Decentralization of Powers)

آزادی کے تحفظ کے لئے اقتدار اور اختیار کی ضرورت ہوتی ہے، اقتدار کو مرکزی حکومت، علاقائی اور مقامی حکومت میں تقسیم کیا گیا ہے، اس سے انتظامیہ مضبوط ہوتا ہے۔

v) آزاد عدلیہ : (Independent Judiciary)

آزادی کا تحفظ عدلیہ کی آزادی پر منحصر ہے اسے مجلس عاملہ (executive) کے تابع نہیں ہونا چاہئے ، کمیونسٹ اور آمرانہ ملکوں میں عوام کو بنیادی حقوق تو حاصل ہیں لیکن عدلیہ مجلس عاملہ کے ماتحت ہے جس کے سبب وہاں کے بنیادی اور آئینی حقوق غیر محفوظ سمجھے جاتے ہیں۔

آزاد عدلیہ (Independent Judiciary)

ہندوستان کا آئین عدلیہ کی آزادی کے لئے کئی دفعات فراہم کرتا ہے کیونکہ صرف آزاد عدلیہ ہی عوام کے حقوق اور آزادیوں کا تحفظ کرسکتی ہے اور آئین کی بالادسی ک تحفظ کرسکتی ہے۔

i) ججوں کی تقرری میں غیر جانبدارانہ طریقہ اپنایا جاتا ہے۔
ii) ججوں کی تقرری میں اعلیٰ قابلیت کا لحاظ رکھا جاتا ہے۔
iii) سپریم کورٹ کے ججوں کی میعاد 65 سال اور ہائی کورٹ کے ججوں کی میعاد 62 سال رکھی گئی ہے۔

11 pol sc unit 3 Set
Sunday, November 21, 2021 3:43:36 PM

vi) اقتصادی تحفظ : (Economic Security)

اقتصادی تحفظ آزادی کے لئے ایک شرط پائی جاتی ہے جہاں مالدار غریب، تہذیب یافتہ، اوران پڑھ پائے جاتے ہیں ان میں ہمیشہ آقا اور نوکر کا تعلق ہی پایا جاتا ہے۔ - لاسکی

vii) قانون کی بالادستی : (Rule of Law)

انگلینڈ، امریکہ اور ہندوستان میں قانون کی بالادستی پائی جاتی ہے، قانون کی حکمرانی سے مراد ذات پات اور رنگ ونسل کی حیثیت سے کسی کو کسی پر فوقیت حاصل نہیں، قانون کی نظر میں سب برابر ہیں، اگر کوئی جرم کرتا ہے تو اسے سزا ضرور ملے گی۔

viii) سیاسی تعلیم اور ابدی بیداری :

(Political education and eternal vigilance)

آزادی کی حفاظت ہر ایک کو پابندی سے کرنی ہے، تعلیم یافتہ افراد اپنے حقوق اور فرائض سے بخوبی واقف ہیں، ابدی بیداری ہی آزادی کی قیمت ادا کرتی ہے، حکومت اپنے طاقت کے بل بوتے پر جب عوام کی ذاتی زندگی میں مداخلت کرے تو عوام اس کے خلاف شورش برپا کر سکتے ہیں۔

فرہنگ الفاظ Glossary

Sovereignty : خودمختاری ایسی طاقت جسے مسخ اور تقسیم نہیں کیا جاسکتا۔

Universal Suffarage : آفاقی دباؤ، صنف، ذات پات، رنگ، امیری غریبی اور دیگر عوامل کی پرواہ کئے بغیر ہر ایک کو ووٹ ڈالنے کے حقوق۔

اصول وضوابط (Statutes): ملک کا قانون ساز ادارہ ایک تحریری قانون کو منظور کرتا ہے۔ اس پر مناسب بحث ومباحثہ کے بعد اسے پارلیمانی قوانین میں شامل کرلیا جاتا ہے۔

انصاف (Justice): انصاف ایک ایسا بنیادی رجحان ہے جو ہر قسم کے امتیاز سے بالاتر ہو کر سب کے ساتھ انصاف والا معاملہ کرتا ہے۔

قدرتی ریاست (State of Nature): زمانۂ قدیم کا ایسا دور جس وقت حکومت اور سماج میں کوئی منظّم رشتہ نہیں تھا۔

De-jure : قانون کی روشنی میں

De- Facto : جو حقیقی اور مضبوط حکمرانی کرتا ہے۔

تشخیص Evaluation

I۔ مناسب ترین جواب منتخب کیجئے

1۔ ..... کو خودمختاری کا باپ تسلیم کیا جاتا ہے

(a) بودین (b) آسٹن (c) افلاطون (d) ارسطو

2۔ خودمختاری کا یک طرفہ نظریہ..... نے پیش کیا۔

(a) آسٹن (b) ہیگل (c) میریم (d) وٹفو

3۔ جمہوریت خودمختاری کا .....میں ساتھ دیتی ہے۔

(a) ریاست (b) حکومت (c) عوام (d) ذرائع ابلاغ (میڈیا)

4۔ ..... نے کہا میں ہی ریاست ہوں

(a) جیمس II (b) نپولین I (c) لوئس II (d) بسمارک

5۔ دہری شہریت.....میں پائی جاتی ہے

(a) یوایس اے (b) چین (c) جاپان (d) آسٹریلیا

6۔ ..... نے کہا کہ خودمختاری عوامی مرضی پر قائم ہے

11 pol sc unit 3 Set
Sunday, November 21, 2021 3:43:37 PM

(a) روسو (b) ٹی ہچ گرین (c) آسٹن (d) بوڈین

7۔ "On Liberty" یہ کتاب..... تصنیف کی

(a) جے۔یس۔مل (b) لوک (c) روسو (d) بوڈین

8۔ قانون کی حکمرانی کا بنیادی مقصد.....کو یقینی بناتا ہے

(a) صحافت کی آزادی (b) شہری آزادی (c) عدلیہ کی آزادی (d)اوپر کے تمام

9۔ ہندوستان کے بنیادی حقوق.....سے لئے گئے

(a) یو یس اے (b) فرانس (c) برطانیہ (d) روس

10۔ .....مذہب ایک افیون (نشے) کی طرح کی .....نے اس کی صراحت کی

(a) مارس (b) گیلیلیو (c) روسل (d) باگت سنگھ

11۔ "Das Capital" یہ کتاب.....نے لکھی

(a) مارکس (b) کریوٹکن (c) اوون (d) نیتاجی

II۔ درج ذیل سوالات کے مختصر ترین جوابات لکھئے۔

1۔ خودمختاری کسے کہتے ہیں؟

2۔ خودمختاری کی کتنی قسمیں ہیں؟

3۔ امتیازی سلوک پر ایک نوٹ لکھئے۔

III۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھئے۔

1۔ منفی آزادی پر ایک نوٹ لکھئے۔

2۔ انتشار کسے کہتے ہیں؟

3۔ ذات پات کے فرق پر تبادلۂ خیال کیجئے۔

4۔ انسانی حقوق کیا ہیں؟

IV۔ درج ذیل سوالات کے تفصیل سے جوابات لکھئے۔

1۔ خودمختاری نظریہ کی خصوصیات بیان کیجئے۔

2۔ آزادی کی خلاف ورزی کرنے والے عوامل پر بحث کریں۔

3۔ ہندوستانی آئین مساوات کے متعلق کیا کہتا ہے واضح کریں۔

حوالہ جات: Reference books

1. Agarwal .R.C, Political theory (Principles of Political science), Chand & company, New Delhi, 2005.
2. Rajeev Bhargava & Ashok Acharya (Ed), Political theory: An Introduction , Thomson press, New Delhi, 2016.

مزید مطالعہ کے لئے: Further readings

1. Heywood, Andrew: Political I dealogies: An Introduction, London, Macmillan, New York 2003.
2. Bakshi, P. Constitution of India, New Delhi, 1990.
3. Basu,Durga.Das: Introduction to the constitution of India, New Delhi, 1997 .

11 pol sc unit 3 Set
Sunday, November 21, 2021 3:43:37 PM



علم سیاسیات کے بنیادی تصورات
حصۂ دوم

Basic Concepts of Political Science – Part II

4

E4L23

4.1 قانون : (LAW)

4.1.1 تعارف : (Introduction)

قانون ریاستی اقتدار کے ذریعہ منظور شدہ قوانین ضوابط کا ایک لائحۂ عمل ہے۔''بورڈن'' کا کہنا ہے کہ قانون حاکم کے حکم کی طرح ہے۔''ارسطو'' نے کیا خوب کہا ہے کہ اگر قانون نہ ہوتا تو انسان بھی درندے کی طرح دوسروں کے ساتھ سلوک کرتے۔ بہرحال قانون معاشرہ کا تحفظ، اس کی ترقی اسی طرح ساری دنیا کا تحفظ، اس کی ترقی اور اس کے نظام کو چلانے کا ایک لازمی جزء ہے۔قانون کی بے پناہ طاقت اور اس کے عائد کردہ پابندیاں سماج میں نظم وضبط/امن وامان کو برقرار رکھنے کے لئے ایک مکمل حل پیش نہیں کرسکتیں۔قانون مجرموں کے لئے ایک جابر حکمران اور اس کے شہریوں کے لئے ایک مہربان نگہبان کی طرح ہے۔

ہمیشہ سے یہ بحث چلے آرہی ہے کہ قانون دنیا کے بعض مجرموں میں نرم اور بعض حصوں میں سخت کیوں ہے؟ قانون کی نرمی اور اس کی سختی اس کے کردار اور خاص طور پر اس کی سزا سے پہچانی جاسکتی ہے۔مثال کے طور پر جمہوری ملک میں قانون کی حیثیت ایک مطلق العنان/جابرانہ (totalitarian) ریاست کے مقابلہ میں بہت مختلف ہوتی ہے۔اس کے علاوہ اس کے نفاذ اور اس پر عمل پیرا ہونے کے لئے قانون اپنے شہریوں کو بہت حد تک آزادی دیتا ہے۔قانون سے لاعلمی کا ڈھونگ رچانے کو دنیا کے کسی بھی حصہ میں عذر نہیں مانا جاتا۔اس لئے ہمیں چاہئے کہ ہم اپنے منظور شدہ دستور کے بنیادی اصولوں اور قوانین کو نئی نسل کے ذہنوں میں پیوست کریں۔

سیکھنے کے مقاصد : (Learning Objectives)

- قانون کی حقیقت کو سمجھنے سے طلباء کو آپس میں انصاف کرنے کو سیکھ سکیں گے۔
- قانون کی درجہ بندی سے طلباء کو قانون کے اقسام، اس کے اطلاقات (Application) اور ہمارے معاشرے پر اس کے اثرات Implication کے جاننے میں مدد ملے گی۔
- قانون کے ذرائع روسائل طلباء کو اس کی حقیقت معلوم کرنے کے لئے ایک وسیع تر فہم عطا کرتے ہیں۔
- ریاست میں قانون اور اخلاقیات کے باہمی ربط کا اس میں ذکر گیا ہے تاکہ طلباء ریاستیں قانون کے دائرہ میں رہ کر معاشرے سے جڑے رہیں۔

4.1.2 قانون کا معنی ومطلب : (Meaning of Law)

"Law" قانون کی اصطلاح ایک قدیم جرمنی زبان کے لفظ 'Law' سے ماخوذ ہے جس کا مطلب ہے کچھ مقررہ یا طے شدہ قوانین۔قانون کے بغیر زندگی انتشار وانجھن کا شکار ہوسکتی ہے بلکہ یوں کہا جائے کہ قانون ہی زندگی کو منظّم کرتا ہے۔ قانون کا لفظ یکسانیت''Uniform'' کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔اس کی دو قسمیں ہیں ۔ مادی اور شہری قانون۔ Physical and Human law: مادی (طبعی) قانون فطرت کو منظّم کرتا ہے جب کہ بشری قانون انسانی زندگی کو منظّم کرتا ہے۔ سیاسیات میں " Law " کی اصطلاح سے مراد انسانی اعمال کی رہنمائی کے لئے قانون کا ایک مکمل مجموعہ ہے۔اس صورت میں ریاست کے کام حکومت کے ذریعہ طے پاتے ہیں اور حکومت قانون کی روشنی

100 95 75 25 5 0

11 pol sc unit 4 Set
Sunday, November 21, 2021 4:21:25 PM

میں ریاست کی مرضی کی ترجمانی کرتی ہے۔

❖ قانون اور انصاف کا تعلق:
(Law in relation to Justice)

- اس کا مقصد سماج میں انصاف قائم کرنا ہے۔
- انصاف!! یہ صحیح، غلط، عدل اور مساوات کا ایک تجریدی خیال abstractidea ہے۔
- خاص حالات میں درست اور انصاف پر مبنی فیصلہ کرنا۔

قانون کے بارے میں رائے رکھنا : (View of Laws)

❖ ''جان آسٹن'' کے قول کے مطابق قانون حاکم کے حکم کا نام ہے۔

❖ ''سالمونڈ'' نے کہا کہ قانون ان اصولوں کا مجموعہ ہے جس کو ریاست منظّم انداز سے انصاف کی روشنی میں ہر ایک پر لاگو کرتی ہے۔

قانون کے مقاصد کیا ہیں؟
(What are the Purpose of Law ?)

❖ انسان کے بنیادی حقوق کا تحفظ
❖ عدل وانصاف کا فروغ
❖ اختلاف کو حل کرنے میں مدد کریں
❖ انصاف کو فروغ دیں۔
❖ امن و استحکام کو فروغ دیں۔
❖ مطلوبہ سماجی اور اقتصادی رویے کو فروغ دیں۔
❖ چند امور میں اکثریت کی مرضی کا خیال رکھیں۔
❖ اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ کریں۔

4.1.3 قوانین کی درجہ بندی: (Classification of laws)

i) نجی قوانین : (Private of Law)

شہریوں اور اجنبیوں کے درمیانی تعلقات قوانین کے ذریعہ ہی طے پاتے ہیں۔

اقتباس

نجی قوانین کے لحاظ سے پارٹیاں (تنظیمیں / جماعتیں) بھی عام افراد کی طرح ہی ہوتی ہیں، ان کے درمیان ریاست ایک غیر جانبدارانہ ثالث کی حیثیت رکھتی ہے۔ - ہالینڈ

ii) عوامی قانون : (Public Law)

ایسے قوانین جن کا تعلق شہریوں اور ریاست سے وابستہ ہے اسے عوامی قانون کہتے ہیں۔ عوامی قانون ایک ثالثی حیثیت رکھتا ہے اور اس میں دلچسپی رکھنے والوں کا جائزہ بھی لیتا ہے۔

iii) آئینی قوانین : (Constitutional laws)

آئینی قوانین وہ بنیادی اصول وضوابط ہیں جن کی روشنی میں ریاست کے اشارے پر حکومت اپنے فرائض انجام دیتی ہے۔ ایسے حکومتی قوانین جو واضح اور منظّم ہوتے ہیں۔ انہیں آئینی قوانین کے نام سے یاد کیا جاتا ہے جیسے صدر کا انتخاب، عدلیہ Suprem Court کے اختیارات اور واجبات، گورنر کی تقرری کا طریقہ۔

iv) آئینی قوانین : (Statute Laws)

آئینی قوانی وہ اصول وضوابط ہیں جسے قانون ساز اسمبلی یا پارلیمنٹ مرتب کرتی ہے۔ جمہوری حکومت بیشتر ممالک میں رائج ہے اور ان حکومتوں میں پارلیمنٹ ہی زیادہ تر قوانین تشکیل دیتی ہے۔

v) فرامین (دستور) : (Ordinance)

ریاست کے قانون کے مطابق عام طور پر حکومت کی مجلس عاملہ ہی فرامین جاری کرتے ہیں اور یہ فطری طور پر عارضی ہوتے ہیں۔ پارلیمنٹ کے نہ ہونے کی صورت میں اور خاص طور پر ہنگامی صورت حال میں صدر ان فرامین کو جاری کرتا ہے۔

vi) عام اصول : (Common Laws)

عام قوانین وہ اصول وضوابط ہیں جو رسم و رواج پر مبنی ہوتے ہیں۔ لیکن دستوری قوانین عدالتوں کے ذریعہ نافذ کئے جاتے ہیں۔ انگلینڈ میں عام قوانین بہت شہرت کا درجہ رکھتے ہیں۔

vii) انتظامی قوانین : (Administrative Laws)

انتظامی قوانین دفتری اور سرکاری ملازمین کی ترجمانی کرتے ہیں۔ یہ عام طور پر سرکاری عہدے داروں سے تعلق رکھتے

11 pol sc unit 4 Set
Sunday, November 21, 2021 4:21:26 PM

ہیں اور سرکاری اہل کار کے رعایتوں کی ترجمانی کرتے ہیں۔ان کا تعلق نجی افراد سے نہیں ہوتا۔شہریوں اور سرکاری ملازمین کے درمیان اگر اختلاف رونما ہوجائے تو انتظامی عدالت ،ان قوانین کی روشنی میں اس مسئلہ کو حل کرتی ہے۔



viii) بین الاقوامی قوانین : (International Laws)

مہذب ریاستوں کے بین الاقوامی سطح کے تعلقات کے طرز عمل کی وضاحت کرنے والے اصول وضوابط کو بین الاقوامی قوانین کہتے ہیں۔ بین الاقوامی تعلقات پر مبنی کوئی طے شدہ قوانین پائے نہیں جاتے ہیں لیکن رائے عامہ اور اقوام متحدہ UNA کو تسلیم کرنے کے سبب کسی بھی ملک کے لئے بین الاقوامی ادارہ کا ہونا اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔اسی طریقہ سے سمندری قوانین کا اطلاق بین الاقوامی سرحدیں پر ہوتا ہے،اسی طرح ہوائی قانون کی رو سے ان ممالک سے اجازت لینا پڑتا ہے جہاں اڑان بھری جاتی ہے۔

4.1.4 قانونی ذرائع : (The Sources of Law)

i۔ رسم ورواج : (Customs)

قوانین کو مرتب کرنے میں رسم ورواج اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ رسم ورواج پر مبنی طریقوں کو بعد میں ریاست قانونی درجہ دیتی ہے،اسے نظر انداز نہیں کرتی۔مثال کے طور پر انگلینڈ کے عام قوانین بنیادی طور پر رسم ورواج ہی سے لئے گئے ہیں۔



مثال کے طور پر ہندوستانی ٹملین کا ثقافتی کھیل (Bull Taming Sport Culture) ''بیلوں کو دوڑانا'' (Jallikattu) جلی کٹو نامی قانون 2017 میں بننے کا سبب بنا۔ (مزید تفصیلات کے لئے باکس میں موجود 2017 کا قانون جلی کٹو کا مطالعہ کریں)

ALANGANALLUR – THE BULL – TAMING SPORT

کارروائی ACTIVITY



یہ تصویر ٹمل ثقافت کے ''بیلوں کا دوڑانا'' . Bull Taming Sport کھیلوں کی ہے جسے مدورائی ضلع کے الانگالور میں جلی کٹو کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔الانگالور ٹمل ناڈو میں ماہ جنوری میں پونگل تہوار کے موقع پر اس کا مقابلہ کیا جاتا ہے۔ ہمارے ملک کے ہر سماج کو اپنے طریقہ سے زندگی گذارنے اور ان کی ثقافت کو اپنانے کی پوری آزادی حاصل ہے۔لیکن جلی کٹو کے

11 pol sc unit 4 Set
Sunday, November 21, 2021 4:21:26 PM

اس مسئلہ پر ثقافتی اور جانوروں کے حقوق سے متعلق اختلاف پایا جاتا ہے۔

ہندوستانی دستور کے مطابق آرٹیکل 29(1) بنیادی حقوق پر مشتمل ہے اور اس کے حصہ سوم میں تعلیمی اور ثقافتی حقوق کے حفاظت کی ضمانت دی گئی ہے۔

آرٹیکل 21 کے تحت جاندار مخلوق کی حیثیت سے جانوروں کو بھی چھی زندگی گزارنے کا بنیادی حق حاصل ہے۔اس اختلافی کھیل کو اصولی طور پر انجام دینے کے لئے بہت ساری کوششیں کی گئی ہیں۔

ii) مذہب : (Religion)

سماج کے اولین دور میں مروجہ عادات واطوار اور رسم و رواج نے ریاستی قانون بنانے میں ایک اہم کردار ادا کیا ہے۔ ہر قوم کے لئے ان کا مذہب ہی اساسی قانون کی حیثیت رکھتا ہے۔ ہندو قانون کی اصلیت منولا "Dode of Manuu" سے معلوم کی جاسکتی ہے جب کہ محمدی قانون کی ابتداء شرعی قانون سے ہوتی ہے۔ خدائی قانون ایک ایسا قانون ہے جو خدا کی طرف سے انسانوں پر اتارا جاتا ہے یہی اصلی قانون ہے۔ عیسائی قوم کے لئے خدائے تعالیٰ نے احکام (Commandments) کو بطورِ اولین شریعت کے عطا کیا جسے وہ اپنا بنیادی قانون سمجھتے ہیں۔

iii) عدالتی فیصلے : (Judicial Decisions)

عدلیہ قانون کی ترجمانی اور اس کی وضاحت کرتا ہے۔ عدلیہ کا بنیادی کام نئے قوانین کو مرتب کرنا ہوتا ہے جسے ریاست تسلیم کرتی ہے۔اسی طرح عدالتی فیصلہ قانون کے حقیقی سرچشمہ/ ماخذ ہوتے ہیں۔بعض اوقات ہائی کورٹ اور بعض اوقات سپریم کورٹ کے فیصلوں کو قانون کا روپ دے دیا جاتا ہے۔

iv) مساوات : (Equality)

قوانین اگر مبہم (Ambiguous) ہوں اور انصاف کے اصولوں پر نہ اتریں تو فیصلے عقل وانصاف اور مساوات کی بنیاد پر کئے جاسکتے ہیں۔انگریزی قانون کے مطابق انصاف پسندی کا مطلب اصول وقواعد کا ایسا مجموعہ جو منظّم طور پر عدالت کی منظوری سے نافذ کیا گیا ہو۔

v) سائنسی تجزیہ/تبصرہ : (Scientific Commentaries)

قانون کا ایک اور ماخذ سیاسی یا علمی تبصرہ ہے، جب کوئی تبصرہ سامنے آتا ہے تو اسے دلیل مانا جاتا ہے،اس کے بعد اس کے پختہ دلائل کو مدنظر رکھتے ہوئے عدالتی فیصلہ کے موقع پر پیش کیا جاتا ہے۔

> ''قانونی معاملات میں قانون دانوں کی رائے کو انگلینڈ میں صحتِ قانون کے طور پر قبول کیا جاتا ہے۔مثال کے طور پر امریکہ میں کوک اور بلیک اسٹون کی رائے، قصے اور گذری ہوئی چیزوں Story and Kent کے متعلق،اسی طرح ہندوستان میں وجنیسورا اور اپارارکا کی رائے'' - اے اپادورائی

vi۔ مجلس قانون ساز : (Legislature)

جدید دور میں بیشتر قانون مجلس قانون ساز کے ذریعہ تشکیل دئے جاتے ہیں اور یہ قانون کے سب سے اہم ذرائع / ماخذ ہیں۔ ہندوستانی دستور ایک بہترین (Classical) مثال کی حیثیت رکھتا ہے جہاں دیگر آئینوں کی بہترین دفعات کو ادھار کے طور پر لیا جاتا ہے اور انہیں ہمارے ملک کے بہترین مقاصد کے حصول کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

ہندوستانی دستور کے ماخذ :
(Sources of the Indian Constitution)

i۔ گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ 1935

ii۔ برطانیہ آئین/دستور

iii۔ امریکی آئین/دستور

4.1.5 قانون کا تعلق ریاست اور مذہب سے کس طرح ہوتا ہے؟

قانون اور اخلاقیات کا رشتہ ایک دوسرے سے بہت گہرا

11 pol sc unit 4 Set
Sunday, November 21, 2021 4:21:27 PM

ہوتا ہے، اخلاقیات اپنے شہریوں کو حسن سلوک سے آراستہ و پیراستہ دیکھنا چاہتے ہیں۔ اسی ریاستی قوانین بھی اسی مقصد کا حصول چاہتے ہیں۔

''سب سے بہترین عادت یہ ہے کہ انسان انسان سے قریب تر ہوجائے، جیسے اگر اس کے جسم کے کسی حصہ کو تکلیف ہو تو اس کا سارا بدن تکلیف کے مارے درد محسوس کرتا ہے۔'' - پلاٹو

یہ فطری بات ہے کہ اگر ماحول خراب ہو تو اس میں بسنے والا بھی خراب ہوں گے۔ اگر ماحول/ اچھا ہے تو وہاں کے باشندے بھی اچھے ہوں گے۔ لہذا ریاست اپنی رعایا کے اخلاق کے معیار کو بلند کرنے میں اہم کردار ادا کرے۔

اقتباس

اخلاقیات کا تعلق انسانی عادات واطوار کی درستگی پر منحصر ہے اور ریاستی قوانین کا تعلق اصول وضوابط کی پابندی کا نام ہے۔

قانون اور اخلاقیات میں فرق :

- ریاست کو قوانین کے نفاذ کا حق حاصل ہے اگر اس کی پاسداری نہ کی گئی تو ریاست سزا بھی دے سکتا ہے۔
- اخلاقی حدود سے تجاوز کرنے کی صورت میں مجرموں کو سماجی بائیکاٹ جیسی سخت سزائیں سنائی جاسکتی ہیں۔
- اخلاقایت کا تعلق داخلی اور خارجی Internal and External دونوں امور سے ہے جب کہ قانون کا تعلق صرف انسان کے خارجی/ بیرونی معاملات سے ہے۔ لہذا قانون ان افراد کو سزا کا موجب ٹھہراتا ہے جو خارجہ طور پر قوانین کی مخالف ورزی کے مرتکب ہوتے ہیں۔

رائج خیالات مصلحت عامہ کی خاطر ہوا کرتی ہیں جس میں رائے پیش کی جاتی ہو۔

اصولی اخلاق کسے کہتے ہیں؟ (What is Moral Law?)

ایسا قانون جو برائیوں کے خاتمہ کے لئے بنایا گیا ہو جیسے جوا، چوری، ڈکیتی، قتل وغیرہ، اسے اصولی اخلاق کہتے ہیں اور یہ مستقل طور پر نافذ العمل ہوتے ہیں۔

4.1.6 قانون اور عام لوگوں کے خیالات، ان دونوں کا تعلق کیسے ہوتا ہے؟

جمہوریت میں عوام اپنے پسندیدہ نمائندوں کا انتخاب آزادانہ طریقے سے کرتے ہیں اور قوانین کے مسودے تیار کرنے میں عوام براہِ راست ملوث نہیں ہوتے ہیں۔ اس کے باوجود دستور ساز کمیٹی کے لئے نمائندوں کا انتخاب وہ خود کرسکتے ہیں، یہی وہ ایک منتخب ادارہ ہے جو عوام کی مرضی کی نمائندگی کرتا ہے۔



جدید ریاست اپنے نظریاتی بنیاد کا حوالہ دے کر اخلاقیات، مذہبیت اور فطری اصول سے گذارش کرتی ہے کہ اپنی جان کی حفاظت کی خاطر ان میں سے کسی ایک یا سب کی بے حرمتی/ خلاف ورزی پر راضی رہے۔

- جے ایم۔ کوٹزی

جمہوری قوانین عوامی رائے کو (رائج الوقت خیالات) مدنظر رکھتے ہوئے بنائے جاتے ہیں، لوگ اپنی رائے پیش کرنے یا ان پر عدم اطمینان کا ظہار کرنے کے لئے پرامن مظاہرے کرسکتے ہیں، عوام کی فلاح و بہبودی اور سماجی ترقی ہی عامہ کی بنیاد یں ہیں۔

اقتباس



قانون کا مقصد عدل او انصاف کا قیام ہے اور جب وہ اس مقصد میں ناکام ہوجاتے ہیں تو وہ خطرناک اور گرم سمندر کی شکل اختیار کرلیتے ہیں اور سماجی ترقی کے بہاؤ میں رکاوٹ بنتے ہیں۔

- مارٹن لوتھر کنگ .Jr

11 pol sc unit 4 Set
Sunday, November 21, 2021 4:21:28 PM

4.2 شہریت : (Citizenship)

4.2.1 تعارف : (Introduction)

سیاسی نظریہ کے اعتبار سے شہریت صرف قانونی حیثیت کا نام نہیں ہے بلکہ سیاسی عمل میں مکمل اور مساوی طور پر وہ برابر کی شریک ہے۔ جمہوریت اور شہریت ایک دوسرے سے گہرا تعلق رکھتے ہیں ۔شہریت اپنے شہریوں کے طور طریقوں کا جائزہ لیتی ہے۔شہریوں کے کچھ حقوق ہیں جو ہر ملک میں جداگانہ ہیں۔

اصلی شہری وہ ہوا کرتے ہیں جنہیں پیدائشی طور پر شہری تسلیم کیا جاتا ہے، مجازی شہری وہ ہیں جو کسی نہ کسی بنیاد پر شہریت حاصل کرتے ہیں۔

ارسطو نے پیدائشی جگہ، خاندانی نسب اور ثقافت کا حوالہ دے کر شہریت کی تعریف کی ہے۔

4.2.2 شہریت اور شہری ریاست : (Citizenship and City-state)

قدیم یونان اور رومن کے دور میں شہریت ایک اہم موضوع تھا اور اسے جاگیردارانہ نظام میں شامل نہیں کرتے تھے۔لیکن اسے جدید دور میں ایک مطلوبہ پہلو کے تحت بحال کیا گیا۔ قدیم ایتھنز میں شہریت صرف اپنے فرائض وواجبات تک محدود ہوا کرتی تھی۔

4.2.3 مارشل کا تجزیہ : (Marshall's Analysis)

مارشل کے مطابق ایک جمہوری آزاد سماج شہریت کو سرمایہ داری کے مقابلہ میں سماجی طبقہ سے مربوط کرتا ہے۔شہریت کے تین اہم حصے ہوا کرتے ہیں،شہری، سیاسی اور سماجی۔ ہر ایک کو آزادی کا حق حاصل ہے۔ایک شہری ہونے کی حیثیت سے سیاسی امور میں ہمیں بھی شامل ہونے کا حق حاصل ہے

ارسطو (Aristotle)

شہریت کی تعریف اس طرح کی جاسکتی ہے کہ کوئی بھی شخص کسی بھی ادارہ/مجلس یا عدالتی انتظامیہ میں حصہ لینے کا اختیار

کیا تم جانتے ہو؟

معمر والدین اور بزرگ شہریوں کی مدد اور ان کی دیکھ بھال کے خاطر 2007 میں والدین اور معمر شہری ایکٹ منظور کیا گیا تھا۔

ایکٹ میں کیا کہا گیا ہے..... (What the Act States ....)

- اس قانونی ایکٹ کے تحت عمر رسیدہ افراد کو فوری اور مؤثر مدد فراہم کرنے کے لئے ایک عدالتی انتظامیہ Maintenance Tribunal قائم کیا گیا ہے۔
- اس ایکٹ میں ان کی دیکھ بھال، کھانا، کپڑے، رہائش اور طبی علاج ومعالجہ کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔
- اس ایکٹ کے تحت ان معمر افراد کی دیکھ بھالی کے لئے یہ شرط رکھی گئی ہے کہ وہ خود کفیل نہ ہوں، ان کی اپنی کمائی اور جائیداد نہ ہو۔
- اس ایکٹ کے تحت ان کی دیکھ بھالی کے لئے زیادہ سے زیادہ ماہانہ 10,000 روپے لیا جاسکتا ہے، ان کی ضرورتوں کا خیال کرتے ہوئے یہ رقم اسی مقصد سے متعین کی گئی ہے کہ وہ حسب معمول زندگی گذار سکیں۔
- والدین یا عمر رسیدہ افراد عدالتی انتظامیہ کی کارروائی کے دوران اپنے مفادات کے حصول کے لئے حکومت سے مقرر کردہ خدمات حاصل کر سکتے ہیں، لیکن ایکٹ کے مطابق وکلاء اس عدالت کے روبرو کوئی مقدمہ پیش نہیں کر سکتے۔
- کوئی بھی شخص جو معمر افراد کی حفاظت اور دیکھ بھالی کا ذمہ دار ہے، جان بوجھ کر اگر کوتاہی سے کام لے رہا ہو تو اسے 5000 روپے جرمانہ ادا کرنا پڑے گا یا اس کے ساتھ ساتھ تین ماہ کی سزا بھی بھگتنی ہوگی۔

11 pol sc unit 4 Set
Sunday, November 21, 2021 4:21:28 PM

رکھتا ہو۔ یونانیوں نے جمہوریت سے بہت فائدہ اٹھایا کیونکہ ان کی حکومت عوامی رائے دہندگان ہی سے بنی ہوئی تھی اس لئے انہیں بول چال کی آزادی کے تحت بڑی حد تک آزادئ اظہار کی اجازت دی گئی تھی۔

انہیں اپنی معیار زندگی کو بلند کرکے اس سے استفادہ کرنے کے تمام حقوق حاصل ہیں۔ اسی لئے مارشل شروع ہی سے سماجی خدمات پر زور دیتا ہے۔

4.2.4 ہندوستانی شہریت : (Citizenship in India)

ہندوستانی دستور نے سب کو مکمل شہریت فراہم کرنے کی کوشش کی ہے چاہے وہ کسی بھی طبقہ تعلق رکھتے ہوں۔

> اس سلسلہ میں ایک اچھے شہری کا ثبوت دیتے ہوئے اپنے خیال کے مطابق ایک چارٹ تیار کریں اور اسے اپنے اساتذہ کرام اور دوستوں کو پیش کریں۔

ہمارے آئین کے حصہ دوم میں شہریت کے دفعات موجود ہیں اور پارلیمنٹ کے منظور شدہ قوانین میں شہریت، پیدائشی، خاندانی، رجسٹریشن، یا علاقائی شمولیت کے ذریعہ حاصل کی جاسکتی ہیں۔ آئین میں یہ بھی شق پائی جاتی ہے کہ ریاست نسل، ذات، پات، جنس، مقام پیدائش وغیرہ کی بنیاد پر کسی بھی شہری کے ساتھ امتیازی سلوک نہ کرے، مذہبی اور لسانی اقلیتوں کے حقوق میں بھی اسی قسم کا سلوک کیا جائے۔

4.2.5 عالمی شہریت اور ملکی شہریت :

ہماری ریاست کی ملکی شہریت ہمیں یہاں زندگی بسر کرنے کے لئے تحفظ اور حقوق فراہم کرتی ہے تاہم ریاستوں کو آج کل بہت ساری پریشانیوں سے نمٹنا پڑتا ہے۔ لہذا لوگوں کی حفاظت کے لئے انفرادی طور پر بھی اقدامات کرنے چاہئے۔ دوسری طرف عالمی شہریت ملکی سرحدوں کے پار تعلق رکھتی ہے اس لئے یہاں تعاون کی ضرورت ہوتی ہے۔ لہذا شہریت بہت سارے ممالک اور ان کی حکومتوں کے سماجی اور اقتصادی مسائل حل کرتی ہے۔ مزید یہ کی عالمی شہریت ہمیں یہ بار آور کراتی ہے کہ ہم ایسی دنیا میں رہتے ہیں جہاں ریاستیں ایک دوسرے سے جڑی ہوتی ہیں ورر آپس میں تعلقات کو مضبوط کرنا ہی سب سے اہم بات ہے۔

4.3 حقوق اور واجبات (فرائض) (Rights and Duties)

سیکھنے کے مقاصد : (Learning Objectives)

- حقوق کی اہمیت اور اس کی خصوصیتیں
- حقوق کی مختلف قسمیں
- ریاستی پالیسیوں کے رہنما اصول
- شہریوں کی سیاسی ذمہ داریاں
- شہریت
- جائیداد کے نظریاتی پہلو

4.3.1 تعارف : (Introduction)

ہمارے حقوق ساری دنیا میں اتنے پھیلے ہوئے ہیں کہ ان کا شمار انسانی حقوق کے زمروں میں ہوتا ہے۔ جدید دور میں حقوق کا تعلق صرف دستور اور بین الاقوامی معاہدات اور اقرار ناموں تک محدود نہیں ہے۔ لوگوں کا یہ تصور کہ انہیں یہ حقوق بہ حیثیت انسان حاصل ہیں تو ٹھیک ہے لیکن یہ خیال رہے کہ تمام انسانوں کو طبقہ، ذات، پات، نسل یا مذہب کے بغیر سب کو برابری کے حقوق حاصل ہوں۔

11 pol sc unit 4 Set
Sunday, November 21, 2021 4:21:29 PM

اخلاقی حقوق انسان کی ضرورتوں کی تکمیل کے لئے لازمی حیثیت رکھتے ہیں۔ - ٹی۔ ہچ۔ گرین

کیا آپ حقوق کے بارے میں جانتے ہیں؟
(Do You Know about Rights ?)

لوگوں کے مشترکہ مطالبات کو سماجی ثقافت بنیادی حیثیت کی وجہ سے تسلیم کرتی ہے اور ریاست اس کو نافذ کرتی ہے۔

خصوصیات : (Features)

- حقوق اہم ہیں یا سماجی ترقی
- ذات پات، نسل اور صنفی تعصب سے قطع نظر سب کے حقوق مساوی درجہ رکھتے ہیں۔
- حقوق اور واجبات ایک دوسرے سے باہم مربوط ہیں، واجبات نہیں تو حقوق بھی نہیں۔
- حقوق انصاف کے متقاضی ہیں۔
- عوامی حقوق کی حفاظت ریاست کا فرض ہے۔

حقوق کی مختلف قسمیں : (Different Types of Rights)



i) قدرتی حقوق (Natural Rights)

انسانی حقوق سیاسی نظریہ پر مبنی فطرت اور عقل سے تعلق رکھتے ہیں جو یہ وضاحت کرتے ہیں کہ ان کے کچھ بنیادی حقوق ہیں جسے حکومت نظر انداز نہیں کر سکتی۔

ii) اخلاقی حقوق حسن کردار پر مبنی اخلاق: (Moral Rights)

اخلاقی حقوق بہترین عادات و اطوار، سنجیدگی و حسن کردار اور لوگوں کے ساتھ حسن سلوک کے اصول و قواعد پر مشتمل ہوتے ہیں۔

iii) قانونی حقوق (Legal Rights)

قانونی حقوق تمام شہریوں کے لئے یکساں اور بلا تفریق ہوتے ہیں۔ قانونی حقوق وہ ہوتے ہیں جس کو ریاست منظور کرنے کے بعد لاگو کرتی ہے۔ قانونی حقوق تین طرح کے ہوتے ہیں :

❖ **شہری حقوق : (Civil Rights)**

یہ وہ حقوق ہیں جو ہر ایک کو مہذب سماجی زندگی گزارنے کا موقع فراہم کرتے ہیں اور جس سے ریاست بھی مستفید ہوتی ہے۔ زندگی، آزادی اور مساوات ان کا تعلق شہری حقوق میں ہوتا ہے۔

❖ **سیاسی حقوق : (Political Rights)**

یہ وہ حقوق ہیں جن کی بنیاد پر عوام سیاست میں حصہ لے سکتی ہے، ان میں ووٹ ڈالنے کا حق، منتخب ہونے کا حق، عوامی عہدہ سنبھالنے کا حق وغیرہ شامل ہے۔

❖ **اقتصادی حقوق : (Economic Rights)**

یہ وہ حقوق ہیں، جو لوگوں کو اقتصادی تحفظ فراہم کرتے ہیں۔

قانونی حقوق وہ ہیں جسے قانون کی روشنی میں انجام دیا جاتا ہے اور جس پر قانون کا اطلاق ہوتا ہے۔ وہ قانونی طور پر مضبوط اتھارٹی یا شاہی فرمان کے ذریعہ اہمیت پاتے ہیں۔

iv) معاہداتی حقوق : (Countractual Rights)

یہ حقوق وعدوں کو پورا کرنے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا اطلاق ان مخصوص افراد پر ہوتا ہے جن سے معاہدہ کیا جائے۔

v) انسانی حقوق : (Human Rights)

حقوق انسانی پہلے درجہ کے وہ اعلیٰ ترین حقوق ہیں، جسے بین الاقوامی اور ملکی قوانین اور معاہدوں کے ذریعہ تسلیم کیا جاتا ہے۔

11 pol sc unit 4 Set
Sunday, November 21, 2021 4:21:29 PM

کیا آپ نے حقوق نامہ (Bill of Rights) اور بنیادی حقوق کے بارے میں سنا ہے؟

ریاست ہائے متحدہ میں حقوق نامہ کو واحد یونٹ کے طور پر 15 دسمبر 1791 کے طور پر منظور کرلیا گیا تھا، اس نے وفاقی اور ریاستی حکومتوں پر انفرادی حقوق اور ان پر عائد پابندیوں کے مجموعہ کا ایک سیٹ تشکیل دیا۔



جیمس میڈیشین نے بل آف رائٹس کی تجویز پیش کی، اس لئے کہ یہ جارج بیسن کے ورجینا قانونی حقوق 1776ء اور 1689ء کے انگریزی حقوق سے متاثر ہوا تھا۔ اس حقوق کے بل کا اطلاق میگنا کارٹا 1215ء، انگریزی بل آف رائٹس 1689ء سے ہوا تھا۔ -جیمس میڈیسین

بنیادی حقوق Fundamental Rights

اظہار آزادی اور سائبر چیلنج Freedom of Expression and Cyber Challenge

I۔ ان بنیادی حقوق کا ذکر کریں جس کی خلاف ورزی رحمایت مندرجۂ ذیل میں دی گئی ہے۔

نمبر	مقدمات	حقوق کی پاسداری یا پامالی
1.	عورتوں کی ایسی تصاویر جو عوامی نمائش کے لئے رکھی گئی ہوتا کہ ان سے جنسی تعلقات قائم کئے جاسکیں	
2.	اقلیتیں اپنی پسند کے تعلیمی ادارے قائم کرکے ان کی باگ ڈور اپنے ہاتھ میں لے سکتے ہیں۔	
3.	دہلی سے تعلق رکھنے والی ایک 21 سالہ لڑکی شریہ سنگھل نے آئی ٹی ایکٹ کے 66A کی دفعہ کو چیلنج کرتے ہوئے سپریم کورٹ میں مفاد عاملہ کی عرضی داخل کی تھی۔	
4.	کارٹونسٹ عاصم ترویی پر بذریعۂ انٹرنٹ فحش تصویر کشی کے الزام میں مہاراشٹرا حکومت نے ملک بغاوت کا الزام عائد کیا۔	
5.	شمالی مشرقی ہندوستان کی ایک لڑکی کو چنئی میں رہائش اختیار کرنے کی اجازت نہیں ہے۔	
6.	متنازعہ قانونی دفعات کے ذریعہ سماجی ابلاغ ذرائع (Social Media) پر بڑھتی ہوئی پابندیاں سماجی شہریت (Civil Society) کے لئے ایک بہت بڑا چیلنج رخطرہ ہے۔	
7.	پاکستانی کارکن ملالہ یوسف زئی جسے اکٹوبر 2012ء میں لڑکیوں کی تعلیم کی وکالت کرنے پر طالبان نے سر پر گولی ماردی تھی۔	

بنیادی حقوق

ہندوستانی دستور کا حصہ سوم، بنیادی حقوق پر مشتمل ہے۔



دستور میں آئین کو مرتب کرنے کے لئے 2 سال 11 ماہ 20 دن کی مدت لگی۔

مساوات کے حقوق :

مساوات کا حق، ذات، نسل، صنف سے قطع نظر سب کو برابر کی ضمانت دیتا ہے۔

آزادی کا حق :

اس دفعہ "Article" میں تحریر و تقریر کی آزادی پر امن طور پر بغیر اسلحہ کے مظاہرے، آزادانہ طور پر پورے ہندوستان

11 pol sc unit 4 Set
Sunday, November 21, 2021 4:21:30 PM

میں نقل وحرکت کی آزادی کی تصدیق کی گئی ہے۔

نیچے دیئے گئے کارٹون سے آپ نے کیا سمجھا؟

(ہندو 5.12.2012)



اطلاعاتی تکنیکی امور (Information Technology) ایکٹ کی دفعہ 66A بتاتی ہے .....

.....

حق زندگی اور ذاتی آزادی :

(Right to life and Personal Liberty)

کسی بھی شہری کو اس کی شخصی آزادی سے محروم نہیں کیا جاسکتا اس کا مطلب یہ ہے کہ کسی بھی قسم کے وجوبات بتائے بغیر اسے حراست میں نہیں لیا جاسکتا۔ اور گرفتار شدہ شخص کو وکیل سے مشورہ کرنے اور دفاع کا پورا حق حاصل ہے۔ اس کے علاوہ اسے 24 گھنٹے سے زیادہ حراست میں رکھا نہیں جاسکتا اور اسے جج (Megistrate) کے روبرو پیش کیا جانا چاہئے۔

حفاظتی قید : (Preventive Detention)

حفاظتی قید رمزاحمتی حراست شرپسندوں کے اقدامات پر جانچ پڑتال کا ایک ذریعہ ہے جو وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اگر ریاست کو اس بات کا علم ہوجائے کہ فلاں شخص امن وامان اور قومی سلامتی کے لئے خطرہ بن سکتا ہے تو اسے گرفتار یا نظر بند کیا جاسکتا ہے۔

عدام استحصال کے حقوق :

دستور کے مطابق کسی بھی شخص کا استحصال نہیں کیا جاسکتا۔ انسانی اسمگلنگ یا اس سے بھیک ماننے پر مجبور کرنا جبری مشقت کی ایک قسم ہے۔ 14 سال سے کم عمر بچوں کو کسی کارخانہ، کان یا کسی بھی طرح کے خطرہ والے کام کرنے سے منع کیا گیا ہے۔

مذہب کی آزادی کا حق :

(Right to Freedom of Religion)

آرٹیکل 26 کے مطابق ہندوستان میں ہر شخص کو کسی بھی مذہب اور عقیدے کو اختیار کرنے کا حق حاصل ہے۔

جمہوریت اور خواتین (Democracy and Women) اختیارات (Empowerment) متفق یا غیر متفق (Agree and Disagree)

مندرجۂ ذیل بیانات کی روشنی میں دئے گئے دو حصوں میں یہ نشان دہی کریں کہ آپ کن باتوں سے اتفاق رکھتے ہیں اور کن سے نہیں۔

1) خواتین اور لڑکیوں کو اگر تعلیم سے آراستہ کیا جائے تو وہ اپنے کنبہ اور سماج کو ترقی کے منزلوں تک پہنچا سکتے ہیں۔
2) خواتین ہمیشہ مرد کے تابع ہوتی ہیں کبھی والد اور شوہر کے تو کبھی بھائی اور بیٹے کے۔
3) خواتین اور لڑکیوں کی تعلیم سے ہمارے اقتصادی امور میں ترقی رونما ہوتی ہے، صحت اچھی بنتی ہے اور قوم کا عروج ہوتا ہے۔
4) خواتین گھریلو کام کرنے اور کھانا پکانے کے لئے پیدا کی گئی ہیں۔
5) لڑکیاں اور خواتین ناچ گانے، رنگ سازی اور کھانا پکانے کے ہنر ہی میں اچھی لگتی ہیں۔
6) تعلیم زندگی کی قدر و قیمت، اس کی حفاظت، قیام امن، لڑکیوں اور خواتین کو بااختیار بنانے کا ایک وسیلہ ہے۔
7) سترہ سالہ پاکستانی مسلم لڑکی ملالہ یوسف زائے لڑکیوں کی تعلیم پر زور دیتی ہے۔

1۔ میں متفق ہوں _____

_____

2۔ میں متفق نہیں _____

_____

11 pol sc unit 4 Set
Sunday, November 21, 2021 4:21:30 PM

اس طرح مذہبی امور اور رفاہی مقاصد کے تحت اداروں کو قائم کرسکتے ہیں۔آپ ایک منقولہ یا غیر منقولہ جائیداد کے مالک ہوسکتے ہیں اور قانون کی روشنی میں جائیداد کا انتظام بھی کرسکتے ہیں۔

ثقافتی اور تعلیمی حقوق :

(Cultural and Education Rights)

مذہبی، ثقافتی، لسانی اقلیتوں، لوگوں کی تنظیمیں/گروہوں کے چند غیر سیاسی حقوق ہیں۔آئین ان حقوق کی ضمانت دیتا ہے۔ کسی بھی شہری کو ذات پات، نسل، جنس وغیرہ کی بنیاد پر ریاست کے کسی بھی اداروں یا امدادی اسکولوں میں داخلہ سے روکا نہیں جاسکتا۔شہریوں کو اپنی پسند کے کسی بھی اسکول یا کالجوں میں تعلیم حاصل کرنے کا پورا پورا حق ہے۔اگر کوئی ادارہ امتیازی سلوک برت رہا ہو تو ریاست ایسے اداروں کی امداد روک دے گی۔اس کے علاوہ ریاست کو چاہئے کہ وہ ان اداروں میں اپنی طرف سے تعلیم کے طرز کا تعین نہ کرے اور انہیں اس بات کی اجازت دی جائے کہ وہ اپنی ثقافت کے تحفظ کی خاطر کسی بھی قسم کا فیصلہ لے۔

کارروائی ACTIVITY

1۔ معلوم کرو کہ ہندوستان میں کتنی زبانیں، لہجے اور بولیاں موجود ہیں؟
2۔ ہندوستان کی سرکاری زبانیں کتنی ہیں؟

آئینی تدارک کا حق :

آرٹیکل 32 شہریوں کو سپریم کورٹ اور آرٹیکل 226 ہائی کورٹ میں اضافی حقوق فراہم کرتا ہے۔عدالتیں مجرم پر چالان (Habeas Corpus)، مسل طلبی/عدالتی پروانہ (Certiorari)، عدالتی حکم نامہ (Quo warrant) حکم امتناعی (Prohibition and Injunction) یا کسی بھی حکم کے تحت احکامات جاری کرسکتے ہیں

نئے حقوق (New Rights)

معلوماتی حقوق

Rights to information 2015 حکومت کا ایسا ایکٹ ہے جو حکومتی ملازمین کے کاموں میں شفافیت لانے اور ان کا بروقت محاسبہ کرنے میں مدد دیتا ہے۔ایک باخبر شہری حکومتی فرائض کے انجام دہی پر اپنی ذمہ کا احساس کرتے ہوئے اس پر زیادہ نظر رکھتا ہے۔

نجی حقوق (رازداری کے حقوق) (Rights of Privacy)

راز داری حقوق، انسانی عظمت ووقار کا ایک لازمی حصہ ہیں۔آرٹیکل 21 کے تحت ان کا شمار انسانی زندگی اور شخصی آزادی میں ہوتا ہے اور دستور کے حصۂ سوم میں اس کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا ہے۔

مخنث کے حقوق : (Rights of Transgenders)

ان کا شمار نہ تو مردوں میں ہوتا ہے اور نہ عورتوں میں، آج کل انہیں تیسری صنف کی حیثیت سے پہچانا جاتا ہے۔سپریم کورٹ نے اداروں/انجمنوں (Union) اور ریاسی حکومتوں کو ان کی صنفی شناخت کو قانونی طور پر تسلیم کرنے کی ہدایت جاری کی ہے۔

سیاسی فرائض وخدمات (Political Obligation)

سیاسی فرائض ہر فرد کو دستور میں مقرر کردہ اصول کی انجام دہی کے پابند بناتے ہیں، اس لئے ہر فرد کو چاہئے کہ وہ اپنی اور سماج کی فلاح و بہبودی کے لئے ان اصول وقوانین پر عمل کریں۔جب ریاست شہری کی ذمہ داری کو قبول کرتی ہے تو شہری کو بھی چاہئے کہ وہ بھی ریاست کے ساتھ ایسا ہی معاملہ کرے۔

4.4.1 سیاسی وابستگی اور سیاسی اقتدار :

(Political obligation and political Authority)

اگر ریاست کو سیاسی اقتدار حاصل ہے تو اپنے مخالفین کو بھی مجبور کرسکتا ہے۔ مثال کے طور پر ریاست کے دائرہ کار میں ٹیکس عائد کرنا ہے تو اسے اس کے مخالفین پر ٹیکس عائد کرنے کے سارے حقوق حاصل ہیں۔ اگر ریاست اسے نافذ بھی نہیں کرتی ہے تو شہریوں کا اخلاقی فرض ہے کہ وہ ان قوانین کی پاسداری کریں۔

11 pol sc unit 4 Set
Sunday, November 21, 2021 4:21:31 PM

لہذا ہر انسان اپنی سیاسی ذمہ داری کو محسوس کرے کیونکہ جدید قومی ریاست کے وجود کے لئے سیاسی غلبہ کا ہونا ضروری ہے ، دوسری صورت میں اخلاقیات سماجی خدمات کے لئے سیاسی وابستگی تین اہم پہلوؤں پر مشتمل ہے۔

قابل تسلیم اقتدار جس پر سیاسی ذمہ داری ڈالی جائے

سیاسی ذمہ داری کس حد تک ڈالی جاسکتی ہے

سیاسی ذمہ داری کی بنیادی باتیں

سیاسی واجبات کی خصوصیتیں :

(Features of Political obligation)

- سیاسی جذبہ اور سماجی خدمات کا ایک ذریعہ ہے
- عام فرائض سر انجام دینے کے لئے ایمان داری اور دیانتداری ضروری پہلو ہیں۔
- سیاسی قانون اور اس کے اثرات کو یقینی بنانا چاہئے
- شہریوں پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اپنے محافظین/ سرپرستوں کی حفاظت کریں۔

بنیادی حقوق: Fundamental Rights



مختلف سیاسی فرائض/ذمہ داریاں

سیاسی واجبات کی چار قسمیں ہیں۔



i) اخلاقی اقدار : (Moral obligation)

کیا آپ اپنے گھر آنے والے مہمانوں کے مہمان نواز ہیں؟ کیا آپ غریبوں کی مدد کرتے ہیں؟ کیا آپ بوڑھے والدین کا خیال رکھتے ہیں؟ یہ آپ کی اخلاقی ذمہ داریاں ہیں۔ قانونی طور پر یہ چیزیں افراد اور سماج کے لئے ضروری نہیں ہیں اور نہ ہی آپ کو ان اخلاقی ذمہ داریوں کو ادا نہ کرنے کی صورت میں سزا دی جاسکتی ہے۔

11 pol sc unit 4 Set
Sunday, November 21, 2021 4:21:31 PM

ii) سیاسی ذمہ داریاں/فرئض : (Legal obligation)

ہمارا ملک ایک فلاحی ریاست Welfare State ہے۔ یہ ریاست ہمیں بنیادی ضروریات/ڈھانچے کی سہولتیں فراہم کرتی ہیں جیسے سڑکیں، ہسپتال، صحتی مراکز، تعلیم وغیرہ۔

iii) مثبت فرائض/واجبات : (Positive obligation)

ریاست نے چند ایسے اصول بنا رکھے ہیں جن کو ٹھکرایا نہیں جاسکتا، انہیں مثبت فرائض یا ذمہ داریاں کہا جاتا ہے جیسے ٹیکس کی ادائیگی۔ دفاعی خدمات وغیرہ

iv) منفی واجبات/ذمہ داریاں: (Negative obligation)

یہ مثبت فرائض کی براہ، راست ضد ہے۔ کسی بھی فرد کو ایسے کام کرنے کی اجازت نہیں ہے جسے حکومت روکتی ہے جیسے جرائم کرنے کی صورت میں کمیشن ادا کرنا۔ یہ بھی منفی واجبات میں سے ہے۔

ریاست کے لئے آپ کی کیا کیا ذمہ داریاں ہیں

- دوستوں کے ساتھ کھیل کود کرنا
- انتخابات کے دوران ووٹ ڈالنا۔
- اپنی بہن کو پڑھانا
- ریاست کو ٹیکس ادا کرنا
- عوامی خدمات میں اپنی شمولیت کو یقینی بنانا
- حادثاتی/ہنگامی حالات میں فوج کی مدد/خدمت کرنا

دستور اور اہم ذمہ داریاں : (The Constitution and important obligations)

بعض حالات میں حکومت ایسے قوانین وضع کرتی ہے جو لوگوں کے لئے نقصاندہ ہیں لیکن اسے دوسروں کی حمایت حاصل ہے۔ جیسے بھاپ سے چلنے والا گردندہ قانون ساز " Steam roller legislature "۔ شہریوں کی ذمہ داری ہے کہ اس قانون کے خلاف آواز اٹھائیں۔ کیونکہ سیاسی ذمہ داریاں نہ صرف ریاست کے قواعد وضوابط کی پابندی سے آگاہ کرتے ہیں بلکہ ایسے مضر قوانین کی بھی اطلاع دیتے ہیں جو سماج کے لئے کسی بھی صورت میں مناسب نہیں ہیں۔

سیاسی اقتدار/واجبات کے فرائض :

(Theories of Political Obligation)

ہماری زندگیوں میں چند اقدار اور نظریات ہوا کرتے ہیں جو سیاسی ذمہ داریوں کے لئے قابل عمل ہیں۔ سیاسی اقدار کے مختلف اقسام ہیں۔

i) خدائی نظریہ : (The Divine theory)

پرانے زمانے میں لوگوں کا یہ خیال تھا کہ خدا نے ریاست بنائی ہے اور بادشاہ اس کا نمائندہ ہے، لیکن یہ نظریہ صرف قدیم اور قرون وسطیٰ میں مقبول ہوسکتا ہے لیکن اس جدید دور میں نہیں۔

ii) موافق/متفق نظریہ: (The consent Theory)

یہ نظریہ واضح کرتا ہے کہ ریاست کا اقتدار عوام کی رضامندی پر منحصر ہے۔ ہوبس، لاک، اور روسے نے اس نظریہ پر فیصلہ کیا کہ بنیادی طور عوام کی زندگی جس اقتدار سے متفق ہوتی ہو اس پر منحصر ہوتی ہے۔ مگر بعد میں اس نظریہ کی تردید کی گئی کیونکہ اس نے ریاست کو ایک مصنوعی تنظیم کا درجہ دیا۔

iii) توضیحی نظریہ : (The Prescriptive Theory)

اس نظریہ میں یہ بتایا گیا ہے کہ سیاسی اداروں کا تعلق ماضی سے ہمیشہ سے جڑا ہوا ہے اور اس خیال کی تائید اینڈمنڈ برک (Emund Burke) نے کی ہے لیکن حد سے زیادہ لوگوں میں اپنی مقبولیت کی وجہ سے مدتوں بعد اپنا اثر کھو بیٹھا۔

iv) تصوراتی مثالی نظریہ : (The Idealistic Theory)



11 pol sc unit 4 Set
Sunday, November 21, 2021 4:21:32 PM

یہ انسان اور ریاست کو الگ الگ شئے کا درجہ دیتا ہے، انسان کو ایک سیاسی اور عقلی مخلوق سمجھتا ہے جب کہ ریاست کو خود کفیل اور بے نیاز تنظیم/گروہ گردانتا ہے۔ یہ تصوراتی نظریہ یہ رائے پیش کرتا ہے کہ جب کوئی فرد ریاست سے اپنے حقوق حاصل کرتا ہے تو اسے ایسے حقوق پر عمل نہیں کرنا چاہئے جو ریاست سے متصادم ہوں۔ تاہم یہ نظریہ مکمل طور پر اپنے آپ میں مجرد اور اکیلا ثابت ہو اہے کیونکہ انسان اس سے فائدہ حاصل نہیں کرسکتا ہے۔

v) مارکسین نظریہ : (The Marxian Theory)

مارکیسی نظریہ کو تین مرحلہ میں درجہ بندی کیا گیا ہے۔

انقلاب سے قبل کا مرحلہ - یہ انقلابی مراحل کے سیاسی وابستگی/عزم کی کمی کی عکاسی کرتا ہے۔

انقلابی تبدیلی والا معاملہ - یہ عدم وابستگی کے مرحلہ سے مکمل سیاسی وابستگی کے مرحلے تک حتمی تبدیلی کا نام ہے

انقلاب کے بعد کا مرحلہ : یہ مرحلہ سیاسی ذمہ داری سے قطع تعلق کرتے ہوئے سماجی ترقی کی طرف لے جاتا ہے۔ مارکسی سیاسی نظریہ نچلے طبقہ والوں (Proletariat) کو ریاستی اقتدار کا ایک آلہ سمجھتا ہے۔

اشتراکی نظام (Socialist order) کو مستحکم کرنے میں یہ انقلابی کامیابی نام نہاد ریاست سے مٹ جانے کا سبب بن سکتی ہے تاہم یہ نظریہ بھی غیر منطقی تصور کیا جاتا تھا کیوں کہ اس نے انسانوں کو ریاست کے ماتحت بنادیا۔

ہم ریاست کا کہا کیوں مانیں؟ کیا یہ ضروری ہے۔

(Why Should we obey the State? Is it necesary?)

اگر چہ نظریات سیاسی ذمہ داری کا اشارہ تو کرتے ہیں لیکن ان میں کچھ غیر منطقی بھی ہیں جن کا خلاصہ ہونا ضروری ہے ، وہ کون سے وجوہات ہیں جن کی وجہ سے فرد ریاست کی تابعداری پر مجبور ہے۔

i) سزا کا خوف : (Fears of Punishment)

کیا آل کو اس بات کا ڈر لگا رہتا ہے کہ آپ گھریلو لکھائی پڑھائی (Home Work) نہ کرنے کی صورت میں استاد کی سزا کے مرتکب ہوں گے؟ کیا آپ کے والد سزا کے خوف سے آمد ورفت کے اشارے (traffic Signals) کا خیال رکھتے ہیں؟ جی ہاں ! یہ خوف ہمیشہ دامن گیر رہتا ہے کیونکہ میں اپنا کام بخوبی انجام نہیں دے پاتا۔ اسی طرح افراد ڈرتے ہوئے نوکریاں کرتے ہیں۔ یہ اصل میں ریاستی اقتدار ہے جو انسان کو اصول وضوابط کے مطابق چلنے پر مجبور کرتا ہے۔

ii) حب الوطنی : (Patriotism)

ہم قومی ترانہ پڑھتے وقت کیوں کھڑے ہوتے ہیں؟ یہ حب الوطن کی علامت ہے۔ ہم ملک سے پیار کرتے ہیں اس لئے ریاست کے ارکان Members اچھی طرح یہاں کی حالت کو جانتے ہیں کہ وہ بھی مہذب اور شریف انسانوں کی طرح جی نہیں پاتے ، اس لئے وہ ریاست کو ترقی دلانے کے لئے ہمیشہ کوششیں کرتے رہتے ہیں۔

iii) انتشار اور بدامنی کا خوف :

(Fear of Disorder and anarchy)

ایک عام اصول یہ ہے کہ انسان ہمیشہ امن وامان چاہتا ہے ، وہ نہ صرف قوانین کی پاسداری کرتا ہے بلکہ ان لوگوں پر بھی کڑی نگاہ رکھتا ہے جو ان کی تعمیل نہیں کرتے ہیں۔

iv) عادات واطوار روایات : (Habits and traditions)

ہم سب لیاقت و دیانت ، نظم وضبط اور فرمانبرداری جیسی اچھی عادتوں پر عمل کے پابند ہیں۔ یہ ہمارے روایتی اقدار میں شامل ہے حتی کہ یہاں کے شہری بھی اچھی روایات قائم کرنے کی خواہش رکھتے ہیں اور ریاست کا کہا مانتے ہیں۔ یہ سب اچھی عادتوں کا نتیجہ ہے۔

اس سے یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ ملک بھر میں شہریوں کے لئے ایک اچھا نظام قائم کرنے کے لئے سیاسی واجبات/فرائض ضروری ہیں۔ لہذا فرد کو چاہئے کہ وہ ریاست کی عوام کے ساتھ حسن معاملہ کی خاطر ریاستی قوانین پر پابندی سے عمل کرے۔

11 pol sc unit 4 Set
Sunday, November 21, 2021 4:21:33 PM



بحث DEBATE

جائیداتی عدم مساوات کے متعلق تنقیدی بحث:
(Critical Debate on Property inequality)

ہمارے ملک کے بیشتر حصوں میں غیر منقولہ خاندانی جائیداد میں بیٹے کو اس کی پیدائش ہی سے ترکہ کا حق حاصل ہوتا ہے جب کہ بیٹی کو یہ حق ملتا۔ ہندو جانشین/ وارثین ایکٹ 1956:(Hindu Succession Act 1956) نے بیٹیوں کو بھی ان کے والد کی وراثت میں بیٹوں کے برابر حصہ دینے کو لازمی قرار دیا ہے۔

تنقیدی مباحثہ : (Critical Debate) ٹیچر دو گروپ تشکیل دے، ہر گروپ میں تین ممبر اور ایک لیڈر ہوں، ٹیم A ہندو جانشین ایکٹ کی حمایت میں اور ٹیم B اس ایکٹ کی مخالفت پر بحث کرے۔

4.5 جائیداد : (Property)

جائیداد انسانی عظمت، آزادی، زندگی کی قدر و قیمت کا قدرتی حق ہے۔ ملکیت/ جائیداد سے مراد انسانوں کی وہ قانونی ملکیت ہیں جن کا تعلق چند محدود چیزوں سے ہوتا ہے۔ یہ مادی بھی ہوسکتی ہیں یا تجریدی بھی۔

4.5.1 لوک اور افادیت پسندی کا جواز :

لوک کے قول کے مطابق حکومت کا بنیادی فریضہ یہ ہے کہ وہ ہر شہری کو اس کے انفرادی حقوق کے تحفظ اور اس کی جائیداد سے پر امن طریقہ سے فائدہ اٹھانے کے لئے مواقع فراہم کرے۔ کیونکہ انسانوں کو جائیداد کی سخت ضرورت ہے جو زندگی کا لازمی حصہ ہے۔

لہذا سب سے بہتر ریاست یہ ہے کہ وہ افراد کی خوشی کی خاطر جائیدادی نظام کو بہتر بنائے۔ جائیدادی حقوق کا تحفظ کرتے ہوئے پیداواری صلاحیت کی حوصلہ افزائی کی جائے۔ کسی بھی حکومت کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ لوگوں کی ملکیت کو غصب کرلے جن سے وہ فائدہ اٹھا رہے ہوں۔

4.5.2 تحریک نسوان : (Feminist Perspectives)

بیسویں صدی میں خواتین یہ مطالبہ کر رہی ہیں کہ انہیں بھی بااختیار بنایا جائے۔ حقوق نسوان کے دانشوروں Scholars کا کہنا ہے کہ خواتین کا بااختیار نہ ہونے کا ایک سبب آمدنی کے وسائل کی کمی جیسے زمین سے محرومی ہے۔ مردوں کی ملکیت اور ان کا بااختیار ہونا ان کے یہی وسائل زندگی کی بنیاد ہے۔ جس کے سبب خواتین مردوں کے ماتحت ہوتے ہیں۔ انہیں اسباب کی وجہ سے خواتین نے اپنے املاک کے حقوق اور دعوے پیش کئے۔

ہندوستانی دستور جائیداد کو کسی کا بنیادی حق تسلیم نہیں کرتا۔ 1978ء میں 44ویں ترمیم نے جائیداد پر قبضہ، ملکیت اور تصرف کو ایک بنیادی حق ماننے سے انکار کردیا۔ البتہ دستور کے 300A آرٹیکل میں اس بات کی تصدیق کی گئی ہے کہ کسی کی جائیداد قانون کے مطابق ہو تو اس شخص کو اس کی جائیداد سے محروم نہیں کیا جائے گا۔ لہذا اب یہ قانونی حیثیت اختیار کرچکا ہے۔



فرہنگ الفاظ Glossary

قابل انصاف (Justiciable): عدالت کے روبرو مقدمہ کی سماعت کرنا۔

آزادی (Liberty): سماجی ناانصافی یا سیاسی نظریات کی وجہ سے معاشرہ کو ظلم و ستم سے محفوظ رکھنا۔

جمہوریت (Democracy) : سماجی مساوات کے اصول یا قوانین۔

واجبات (Obligation) : فرض یا ذمہ داری۔

حب الوطنی (Patriotism): ملک کی بھرپور مدد یا حمایت کرنا۔

حصول (Acquisitions): اثاثے خریدنا یا کہیں سے حاصل کرنا۔

11 pol sc unit 4 Set
Sunday, November 21, 2021 4:21:33 PM

Evaluation محاسبہ

I۔ صحیح جواب منتخب کیجئے :

1۔ وہ کون سا حق ہے جو کسی شخص کو ذاتی طور پر اپنے رائج خیالات کو ظاہر کرنے کا اہل بناتا ہے

(a) آزادی کا حق (b) اظہار رائے کا حق (c) تعلیم کا حق (d) مذہبی حق

2۔ .....زندگی آزادی اور مساوات کا حق کہا جاتا ہے۔

(a) سیاسی حقوق (b) شہری حقوق (c) قانونی حقوق (d) قدرتی حقوق

3۔ وہ حقوق اور معاہدت جو بین الاقوامی اور ملکی قوانین کے تحت محفوظ اور مددگار ہیں۔

(a) بنیادی حقوق (b) حقوق کا مسودہ (c) قدرتی حقوق (d) انسانی حقوق

4۔ دستور ساز کونسل کی ڈرافٹنگ کمیٹی کی سربراہ.....

(a) ڈاکٹر بی آر امبیڈکر (b) پنڈت جواہر لال نہرو (c) سردار ولبھ پٹیل (d) راجیندر پرساد

5۔ مساوات اور آزادی دو ضروری حقوق ہیں

(a) اشتراکیت/کمیونزم (b) جمہوریت (c) بادشاہت (d) فرقہ واریت

6۔ کسی فرد کو ملک یا قانون کی حفاظت کی خاطر نظر بند کیا جاسکتا ہے

(a) Habeas Corpus (b) Mandamus

(c) Preventive Detention (d) Prohibition

7۔ کون سا آرٹیکل شہریوں کو سپریم کورٹ میں دستوری حق دلاتا ہے

(a) آرٹیکل 21 (b) آرٹیکل 32 (c) آرٹیکل 15 (d) آرٹیکل 18

8۔ یکساں سول کوڈ کے ذریعہ حاصل کیا جاسکتا ہے

(a) بنیادی فرائض (b) بنیادی حقوق (c) ہدایتی اصول (d) انسانی حقوق

11 pol sc unit 4 Set
Sunday, November 21, 2021 4:21:34 PM

II۔ مختصر ترین جوابات لکھئے :

1۔ قدرتی رفطری قانون کیا ہے؟

2۔ قدرتی شہریت کسے کہتے ہیں؟

3۔ وہ بنیادی حقوق کیا ہیں جو ہمارے لئے ضروری ہیں؟

4۔ ہندوستانی شہریوں کے لئے کون سی دستوری عدالتیں قائم ہیں؟

III۔ مختصر جوابات لکھئے:

1۔ سیاسی فرائض رواجبات کا خدائی نظریہ کیا ہے؟

2۔ سیاسی نظریہ کے تحت شہریت کا کیا مطلب ہے؟

3۔ ہندستان میں شہریت حاصل کرنے کے کون کون سے ذرائع ہیں؟

4۔ افادیت پسندی کے جواز پر لاس نے کیا تعریف کی ہے؟

IV۔ تفصیلی جوابات لکھئے:

(1) مختلف قسم کے قوانین کیا ہیں؟ وضاحت کیجئے۔

(2) حقوق نامہ (Bill of rights) اور بنیادی حقوق (Fundamental rights) کے بارے میں فرق کیجئے۔

(3) سیاسی ذمہ داری (Post-behaviouralism) سے آپ کی کیا مراد ہے اور اس کی خصوصیات کیا ہیں؟

Reference books کتب حوالہ جات

1. Rajeev Bhargava, Ashok Acharya, "Political Theory- An Introduction", Pearson India Education Services Pvt.Ltd., Uttar Pradesh, 2017.
2. Biswaranjan Mohanty, "Dynamics of Political Theory- The Current Analysis" Atlantic Publishers and Distributors (P) Ltd., New Delhi, 2010.
3. Sushila Ramaswamy, " Political Theory – Ideas and Concepts", Macmillan India Ltd., Chennai, 2009.

11 pol sc unit 4 Set
Sunday, November 21, 2021 4:21:34 PM



ICT Corner

آئی سی ٹی کارنر

BASIC CONCEPT OF POLITICAL SCIENCE PART-II

سیاسیات کے بنیادی تصورات
حصہ دوم

اس سرگرمی کے ذریعہ آپ شہریت
کے متعلق جان لیں گے۔



2GIZ0

شہریت۔طریقۂ کار

مرحلہ-1 : شہریت کارروائی صفحہ کھولنے کے لئے URLیا QR کوڈ کا استعمال کریں۔

مرحلہ-2 : ونڈوس کھلنے کے بعد سرگرمی کو شروع کرنے کے لئے آپ دائیں جانب کا'Explore' کا بٹن دبایئے۔

مرحلہ-3 : شہریت کی خصوصیات کو جاننے کے لئے نیویگیشن کلید Nvigation key کا استعمال کریں۔

مرحلہ-4 : نیچے دئے گئے نیویگیشن کلید Nvigation key بٹن پر کلک کر کے آگے پیچھے شہریت URL معلوم کریں۔

CITIZENSHIP URL: http://mocomi.com/what-is-citizenship/



ICT Corner

آئی سی ٹی کارنر

BASIC CONCEPT OF POLITICAL SCIENCE PART-II

علم سیاسیات کے بنیادی تصورات
حصہ سوم

اس سرگرمی کے ذریعہ آپ
بنیادی فرائض کو سمجھ سکیں گے



V2PIN

ہندوستانی شہری کے بنیادی فرائض

مرحلہ 1 شہریت کارروائی صفحہ کھولنے کے لئے URL یا QR کوڈ کا استعمال کریں۔

مرحلہ 1 سرگرمی ونڈوز کھلنے کے بعد اوپر دائیں جانب نیویگیشن کلید Nvigation key بٹن پر کلک کریں

مرحلہ 1 کہانی کے مختصر تعارف کے بعد بنیادی فرائض کی وضاحت ہوگی۔

مرحلہ 1 فارورڈ نیویگیشن کلید Navigation key بٹن پر کلک کر کے بنیادی فرائض کے مختلف پہلوؤں کو معلوم کریں۔

FUNDAMENTAL DUTIES URL:
http://mocomi.com/indian-fundamental-duties/

Pictures are indicative

11 pol sc unit 4 Set
Sunday, November 21, 2021 4:21:35 PM

اکائی 5

جمہوریت
Democracy



5.1 جمہوریت کا معنی اور اس کی قسمیں
(Definition and types of Democracy)

جمہوریت کی اصطلاح یونانی زبان سے ماخوذ ہے۔ "Demo" کے معنی عوام "Cracy" کے معنی اصول کے ہیں۔ یونانی اصطلاح میں جمہوریت کا تصور Demo اور Cracy سے اخذ کیا گیا ہے۔ اس طرح جمہوریت کی اصطلاح کے معنی عوام کا قانون یا ان کی بالادستی/حکمرانی Rule by People کے ہیں۔



بیسویں صدی کے آغاز ہی سے جمہوریت دنیا کا سب سے اہم اور زیر بحث موضوع رہا ہے۔ اکیسویں صدی میں اس کی اہمیت میں بے حد اضافہ ہوا۔ جدید دور میں برطانیہ نے اس کا تصور پیش کیا اور اسی نے سب سے پہلے اس پر عمل کر کے بھی دکھایا۔ کہا جاتا ہے کہ اس کا تصور اس سے پہلے بھی یونان نے پیش کیا تھا اور اس پر عمل کر کے بھی دکھایا تھا۔ بہرحال دنیا کے مختلف ممالک میں بیسویں صدی ہی سے اس کا آغاز ہو گیا تھا۔

جمہوریت کی خصوصیات
(Characteristics of Democracy)

a) جمہوریت اکثریتی اصولوں کے ساتھ ساتھ انفرادی اور اقلیتی حقوق پر مبنی ہوتی ہے۔

b) عوام اپنی منتخب کردہ حکومت سے ضروریات کا مطالبہ کرنے کا حق رکھتی ہے اور حکومت کو اپنا اولین فرض سمجھ کر ان کی ضروریات کو پورا کرنا پڑتا ہے۔

c) جمہوریت کا سب سے پہلا کام انسانی حقوق کی حفاظت کرنا ہوتا ہے۔ i) مساوات قانون سے بھی پہلے ii) تحفظ قانون سے بھی پہلے iii) تقریر کی آزادی iv) مذہب کی آزادی v) سماج کے سیاسی، اقتصادی اور ثقافتی حقوق میں شمولیت اختیار کر کے اس کا حصہ دار بننا۔

(d) جمہوریت باقاعدہ آزادانہ اور منصفانہ انتخابات انعقاد کرتی ہے اور اس کا دروازہ ہر ایک کے لئے کھلا ہوتا ہے۔

(e) جمہوریت تمام شہریوں کو قانون کی روشنی میں یکساں/مساوی تحفظ فراہم کرتی ہے، قانونی اور دستوری نظام کے تحت ان کے حقوق کی حفاظت بھی کرتی ہے۔

جمہوریت فلسفیوں کی نظر میں :
(Democracy defined by Philosophers)



حکومت کی ایک بہترین شکل جمہوریت ہے۔ منتشر اور بے ترتیبانہ/بغیر اصول کے، مساوات کی قسموں سے کنارہ کشی اختیار کرتے ہوئے سب کو ایک ہی مساوات کا درجہ دلاتی ہے۔ (سقراط)



جمہوریت میں آزادانہ پن کا ہونا ریاست کی شان ہے۔ اس لئے جمہوریت میں قدرتی طور پر ہر ایک کو آزادی نصیب ہوتی ہے۔ (پلاٹو)



جمہوری دستور کی شان آزادی میں پنہاں ہے۔ اس کا معنی یہ ہے کہ مطلق طور پر اس دستور میں ہر ایک کو آزادی کا حق حاصل ہے۔ (افلاطون)

11 pol sc unit 5 Set
Sunday, November 21, 2021 5:36:06 PM

f) جمہوریت ایک گوناگوں متنوع: (diverse) سیاسی نظام کا نام ہے جو ہر قوم کی اپنی سیاسی، سماجی اور ثقافتی زندگی کو اپنی طرف راغب کراتا ہے۔

g) جمہوریت شہریوں کو سیاسی نظام میں شمولیت کی ضمانت دیتی ہے۔

h) جمہوریت حکومت کا ایک ایسا نظام ہے جس میں تمام شہریوں کو براہ راست یا آزادانہ طور پر منتخب نمائندوں کے ذریعہ شہری ذمہ داری دی جاتی ہے۔

جمہوریت کی قسمیں : (Types of Democracy)

جمہوریت اپنے منصبی فریضہ کی بنیاد پر الگ الگ دائرہ کار اور اہمیت رکھتی ہے۔

i) سیاسی جمہوریت
ii) سماجی جمہوریت
iii) صنعتی جمہوریت
iv) اقتصادی جمہوریت
v) مطلق العنان جمہوریت
vi) بنیاد پرست جمہوریت
vii) عوام الناس کی جمہوریت

i) سیاسی جمہوریت : (Political Democracy)

سیاسی جمہوریت کی سب سے بڑی خصوصیت حکومت میں شہریوں کی حصہ داری یا ان کی شراکت ہے۔ اسی وجہ سے شہری، ریاست کے قانون ساز اداروں میں اپنے نمائندوں کا انتخاب کرتے ہیں، یہ منتخب نمائندے ان شہریوں کے جواب دہ ہوتے ہیں جنہوں نے ان کا انتخاب کیا ہے۔ حکومت کے سیاسی نظام کی حیثیت سے جمہوریت براہ راست شہریوں کے ملوث ہونے کی وجہ سے قوانین بناتی ہے اور منتخب اراکین پارلیمنٹ انہیں دستور ساز کمیٹی کو پیش کرتے ہیں۔ اسے ابتدائی کارروائی (Popular initiative) کے نام سے موسوم کیا گیا ہے۔ اسی طرح جب منتخب اراکین اسمبلی قانون سازی کرتے ہیں تو ووٹ کے ذریعہ اسے منظور کیا جاتا ہے جس کا نام استصواب عامہ "Popular Referendum" رکھا گیا ہے۔

جمہوریت کی دوسری قسم جمہوریت کا نمائندہ نظام (Representative System) ہے جسے عوام اپنے نمائندوں کو ایک مخصوص مدت کے لئے منتخب کرتے ہیں جو عوام کی طرف سے عام پالیسی کا تعین کرتے ہیں۔ جمہوری سیاست، نمائندگی نظامِ جمہوریت کو اس کی ایک اہم بنیادی شکل تصور کرتے ہیں جب کہ سوئزرلینڈ وفاقی جمہوریہ "Fedral" میں بلا واسطہ جمہوریت رائج ہے۔

(ii) سماجی جمہوریت : (Social Democracy)

سماجی جمہوریت، سماجی اقتصادی اور سیاسی نظریات کا ایک سنگم ہے جو اقتصادی اور سماجی پالیسیوں کی نہ صرف تائید کرتا ہے بلکہ اس سے اقتصادی مساوات اور سماجی انصاف کو بھی تقویت ملتی ہے۔ سماجی جمہوریت صنف، منصب، عقائد اقدار اور رواج کے تمام پہلوؤں میں مساوات کے اصول کو اپناتی ہے۔ انسانی حقوق اور جمہوریت کی بنیاد پر جمہوری اشتراکیت میں مساوی مواقع اور برابر کی آزادی ملتی ہے۔

(iii) تجارتی/صنعتی جمہوریت : (Industrial Democracy)

صنعتی جمہوریت میں ملازمت کے مقامات، وہاں کی ذمہ داریاں، صنعت اور مزدور حقوق کے تحفظ کے ذریعہ جمہوری اصول کو فروغ دینے کا ایک وسیلہ ہے۔

صنعتی جمہوریت فیصلہ سازی میں کارکنوں کی شرکت کی حوصلہ افزائی کرتی ہے اور مزدوروں کو سماج اور ریاست کی اجتماعی و انفرادی بھلائی کے عمل میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کے قابل بناتی

11 pol sc unit 5 Set
Sunday, November 21, 2021 5:36:07 PM

ہے اور انہیں شراکت دار کی حیثیت سے بااختیار بنانا چاہتی ہے تاکہ سماج کے مفادات اور فلاح و بہبودی کے لئے مشترکہ کوششیں کی جائیں۔

(iv) اقتصادی جمہوریت :
(Economic Democracy)

جمہوری اقتصادیت معاشی پیداوار کا ایک ایسا طریقہ ہے جس میں ہر ایک طبقہ کے لئے خواہ وہ امیر ہو یا غریب، سارے اختلافات کو دور کر کے معاشی ترقی اختیار کرنے کے لئے ان میں مساوات پیدا کیا جاتا ہے۔ جس کو اقتصادی جمہوریت کہا جاتا ہے۔

(v) آزادانہ جمہوریت :
(Totalitarian Democracy)

مطلق العنان جمہوریت کو عوامی یا اکثریتی جمہوریت کہا جاتا ہے، نمائندوں کے منتخب ہونے کے بعد یہی قانون سازی کرتے ہیں، نہ کہ عوام۔ استبدادی جمہوریت میں شہریوں کے مقابلہ میں منتخب نمائندوں کو ایک مقام حاصل ہوتا ہے اور وہ جمہوری طریقہ سے اقتدار پاتے ہوئے کام کرتے ہیں۔ حکمران پارٹی اور قانون سازوں کا سیاسی نظریہ عام لوگوں کے مفادات پر غالب آجاتا ہے اور عوامی حقوق کے نام پر یہ جمہوریت کچھ مخصوص طبقات کے خلاف دہشت گردی کا الزام لگا کر تمام کو اپنے قابو میں کرنے کے لئے تقاریر کرنے پر پابندی لگاتی ہے۔

آزادانہ جمہوریت سے ریاست کی معیشت پر مکمل کنٹرول ہوتا ہے اور اس کے ذریعہ سے آبادی پر قابو میں پا سکے۔

(vi) بنیاد پرست جمہوریت :
(Radical Democracy)

بنیاد پرست جمہوریت کی تجویز ایم این رائے نے دی تھی جو ہندوستان کا اہم سیاسی اور بااختیار مفکر تھا جس کا دعویٰ تھا کہ حقیقی حکمران وہی ہیں جو کمیونٹی کی جانب سے اس عہدے کے لئے ارکان اسمبلی منتخب ہو کر آتے ہیں اور اپنی اس منصبی مدت کے دوران اراکین پارلیمنٹ اور مجلس قانون ساز کے ذریعہ عوام براہ راست ان کا محاسبہ کر سکتے ہیں۔ بنیاد پرست جمہوریت میں عوامی طاقت منتخب ہونے والے نمائندوں اور حکومت کو تبدیل کرنے کا مجاز رکھتی ہے۔

(vii) عوام کی جمہوریت :
(Plebiscitary Democracy)

کسی امیدوار، پارٹی یا عوامی مسئلے یا کسی ریاست کے نئے آئین کو اپنانے یا ریاست کے ساتھ صوبے کی وابستگی کو عوامی جمہوریت یا قومی خودی کہا جاتا ہے۔ اسی سبب سے انتخاب کو قبول کرنے اور مسترد کرنے کا اختیار انہیں حاصل ہوتا ہے۔

عوامی جمہوریت، شہریوں کو دستور سازی، عوامی پالیسی کے پروگرام بنانے، آزادی سے کسی کو ووٹ ڈالنے، قانونی مسودہ تیار کرنے یا قانونی طور پر درخواست پیش کرنے کے لئے بڑی تعداد میں دستخط جمع کرنے کا حق اور موقع دیتی ہے

عوامی جمہوریت دستخطوں کے ذریعہ عوام کے حقیقی مفادات نہ ملنے کی صورت میں منتخب نمائندوں کو خاص توجہ دلانے کا موقع فراہم کرتی ہے۔

11 pol sc unit 5 Set
Sunday, November 21, 2021 5:36:07 PM

سرگرمی - صحیح یا غلط Activity-True or False

مندرجۂ ذیل میں سے کونسا بیان آج کی دنیا پر لاگو ہوتا ہے۔

a) بادشاہت حکومت کی طرح نہیں ہے۔

جواب : .....

b) مختلف ممالک کے درمیان تعلقات پہلے سے کہیں زیادہ جمہوری بن گئے ہیں۔ جواب : .....

c) بہت سارے ممالک میں عوام حکمرانوں کو منتخب کرتی ہے۔

جواب : .....

d) دنیا میں اب فوجی آمریت نہیں رہی۔ جواب : .....

e) سب سے اچھی شکل کون سی ہے۔ جمہوری حکومت یا حکومتی نظام۔ جواب : .....

f) کسی بھی ملک میں جمہوریت جہالت کے سبب ناکام ہوجاتی ہے۔ جواب : .....

g) جمہوریت اس وقت ناکام ہوجاتی ہے جب اس میں عوام کے حقوق چھین لئے جاتے ہیں۔

جمہوریت پر اسکالرس کے نظریات



جمہوریت سماجی، اقتصادی اور سیاسی سرگرمی کے ہر شعبہ میں ایک ابدی حقیقت کا نام ہے۔

(جارج ڈنگس باورڈ کول)



جمہوریت کی تعریف اس طرح کی جاتی ہے۔

1) عوام کی حکومت خاص طور پر اکثریت کی حکومت۔

2) ایسی حکومت جس کا کل اقتدار عوام کے ہاتھ میں ہو۔ منتخب نمائندوں کے ذریعہ بالواسطہ یا بلا واسطہ اس کا استعمال کیا جاتا ہو، اس طرح وقتاً فوقتاً آزادانہ انتخابات کا انعقاد ہوتا رہے۔

(تھامس جیفرسن)

5.2 جمہوری نظریات :

(Theories of Democracy)

جمہوریت ایک نظریہ ہے جس میں مختلف تاریخی، تہذیبی اور ثقافتی ادوار پائے جاتے ہیں۔ بہت پہلے یونان میں یہ نظریہ ابھر کر سامنے آیا تھا جسے وہاں کے باشندوں نے قبول کیا اور عوامی پالیسیوں پر بحث ومباحثے اور براہِ راست انتخابات کے طریقۂ کار کو لاگو کیا تھا۔ قدیم تاریخی دور میں یوروپ کے سارے علاقوں میں یونانی تہذیب اور ثقافت کا بول بالا رہا، اس طرح اولین مرحلہ میں یوروپ میں اور اس کے بعد شمالی جنوبی امریکہ میں بھی جمہوریت رائج ہوگئی۔

یونانی پالیسیوں نے منتخب نمائندوں کے ذریعہ ملک میں جمہوریت کی اہمیت کو واضح کرنا شروع کردیا۔ اسی کے بعد جمہوری نمائندگی یوروپی قرون وسطی اور روشن خیالی Age of Enlightenment کے سور میں نمایاں طور پر رونما ہوگئی۔ امریکیوں (1783 - 1775) اور فرانسیسیوں 1799 - 1789) نے اس عرصہ میں وسیع پیمانہ پر جمہوریت کا مطالبہ کرنا شروع کردیا۔ اب جمہوریت کو مختلف ملکوں نے اپنی تنظیموں، ثقافتوں اور زبانوں کے ساتھ قبول کر کے ایک آفاقی شکل دے دی ہے۔



دائرہ کار اور اثرات کے لحاظ سے جمہوریت کے مختلف نظریات اوپر پیش کئے گئے ہیں۔

5.2.1 روایتی جمہوریت :

(Classical Democracy)

قدیم یونان میں روایتی جمہوریت براہِ راست جمہوریت کی شکل میں رونما ہوئی۔ ایتھنز ہی وہ سب سے پہلا شہر تھا جس نے اس

11 pol sc unit 5 Set
Sunday, November 21, 2021 5:36:08 PM

کا تعارف کروایا جہاں جمہوریت 800 - 500 قبل مسیح کے دوران ابھر کر سامنے آئی۔ ایتھیائی ریاستی شہر کے تمام شہر یا اسمبلی کے رکن ہوتے ہیں جو فیصلہ اور قانون سازی کے عمل میں براہ راست حصہ لیتے ہیں، محدود آبادی کی وجہ سے وہ شہر کے چوک میں جمع ہو کر تجارت کیا کرتے تھے۔ اسی لئے اس کو روایتی جمہوریت کہا جاتا ہے۔ اس کی کامیابی کی دو شرطیں ہیں۔ (i) شہریوں کی تعداد کم ہو تاکہ معاملات پر غور وفکر کرنے اور رائے دہی کے لئے کسی قسم کی دشواریاں پیش نہ آئیں۔ (ii) ملکی معیشت اس قابل ہو کہ انہیں ملکی ریاست میں شامل کیا جاسکے۔

روایتی جمہوریت کے اصول نیچے بیان کئے گئے ہیں :

(a) تمام اہم سیاسی نظریات عوام کیلئے آزادی، قانون اور انصاف کی روشنی میں مساوات کا درجہ رکھتے ہیں۔

(b) معاشرے کے تقریباً تمام شعبے قانون اور انصاف کی نگاہ میں برابری کا درجہ رکھتے ہیں کیونکہ ہر ایک کی سیاسی زندگی آزاد اور کھلی کتاب کی طرح ہے۔

روایتی جمہوریت کا سب سے اہم موضوع جہاں ریاستی امور میں شہریوں کی شرکت کا ہے وہیں ان کے حقوق اور فرائض میں مساویانہ پن ہے۔

حفاظتی جمہوریت : (Protective Democracy)

حفاظتی جمہوریت میں افراد کو اختیارات دئے جاتے ہیں تاکہ وہ اپنے حقوق اور آزادیوں کا تحفظ کرسکیں۔ حقوق انسانی پر مبنی یہ جمہوریت سترھویں صدی کے اواخر اور اٹھارویں صدی کے اوائل میں ابھر کر سامنے آئی تو اسے انسانی حقوق اور آزادیوں کے تحفظ کا ایک ذریقہ قرار دیا گیا ۔ انگریزی مفکر جان لوک (1704-1631) کو اس جمہوریت کا سب سے بڑا حامی سمجھا جاتا ہے اور اس نے یہ وضاحت کی کہ شہریوں کی آزادی اور ان کی رائے دہی کا حق قدرتی ہے اور ان کی خصوصیتیں زندگی، آزادی اور املاک ہیں۔

حفاظتی جمہوریت کی تجویز انگریزی مفکر **جیریمی بنتھم** (1832 -1748) **جیمس مل** (1836 - 1773) اور **جان اسٹورٹ مل** (1873 - 1806) نے افادیت پسند جمہوری حقوق پر مبنی اسکول کے ذریعہ رکھی۔ **Utilitarian school of Democracy and Rights** جس میں حفاظتی جمہوریت کے حق میں افادیت پسندی کی وکالت کی گئی تھی۔

حفاظتی جمہوریت کی مندرجۂ ذیل خصوصیات یہ ہیں :

- حفاظتی جمہوریت ، آزاد خود مختاری / حاکمیت، پر یقین رکھتی ہے۔
- عوامی حاکمیت اور نمائندہ شکل دونوں بھی درست ہیں۔
- شہریوں کے حققوق کی پاسداری اور انہیں ہر قسم کی آزادی دینا ریاست کا بنیادی فرض ہے۔
- حکومت عوام کے سامنے جواب دہ ہے اس لئے مستقل بنیادوں پر اس کی تشکیل ہوتی ہے۔
- قانون سازی، انتظامیہ اور عدالتی اختیاراتی حقوق، آزادی اور فرائض/اعمال تقسیم کا اہم وسیلہ ہیں۔
- حقوق پر مبنی تحفظ پسند جمہوریت نے آئین سازی کا تصور پیش کیا جو حاکم اور محکوم کو آئینی اصولوں پر عمل کرواتا ہے۔

11 pol sc unit 5 Set
Sunday, November 21, 2021 5:36:08 PM

دستور ہی سب کا واحد سرچشمہ ہے اور یہی حقوق اور آزادی کا ضامن ہے۔

5.2.2 جمہوریت میں مارکسی نظریہ :

(Marxist Theory of Democracy)

جمہوریت میں مارکسی نظریہ صنعتی انقلاب کے دور میں سماجی اختلاف پر نظر رکھتا ہے اور یہ دو قسم کے ہوتے ہیں۔ سرمایہ دار یا اراضی (جائیداد) کے مالکان کو بوربوس 'bourgeois' اور مزدور طبقے کو 'proletariat' کہا جاتا ہے۔

جمہوریت میں مارکسی نظریہ سرمایہ داروں کی بالادستی کو چیلنج کرتے ہوئے مزدور طبقے کے استحصال کے خلاف سیاسی موقف کی تائید کرتا ہے اور یہ انتخابی حقوق کی حمایت نہیں کرتا ہے اور سرمایہ داری کا خاتمہ چاہتا ہے اور سماج میں انقلابی تبدیلی کا مطالبہ کرتا ہے۔ اس کا خیال ہے کہ سیاسی اقتدار اشتراکیت کے نظریات پر عمل کرنے سے حاصل ہوسکتا ہے۔

غیر مساوی دولت اور پیداوار کے مقابل اقتصادیات کی مساوی تقسیم ہوسکتی ہے۔ اشتراکی اور مارکسی جمہوریت طبقاتی اور امتیازاتی اختلافات کو ختم کرکے جمہوریت اور مساوات کی طرف قدم آگے بڑھاتی ہے۔

اشتراکیوں (Socialists) کا خیال تھا کہ لوگ آفاقی راعلیٰ تعلیم حاصل کرکے خود حکومت کرسکتے ہیں۔ یہ نظریہ آزادانہ جمہوریت کی خامیوں پر تنقید کرتا ہے اور اسے سرمایہ دارانہ نظام یا بورژوا جمہوریت سے تعبیر کرتا ہے جو ہمیشہ حکمران طبقہ کے اطراف چکر لگاتے رہتا ہے اور یہ طبقاتی تقسیم، ملکیت اور پیداوار پر قابو پانے کے لئے کلیدی عنصر کی حیثیت پر زور دیتا ہے۔

(a) مارکسی جمہوریت کا خیال ہے کہ ریاست جرائم کے خلاف عوام کی وکالت کرتی ہے اور مستقل فوجی نظام کو ہٹا کر رضا کارانہ فوجی نظام لاگو کرنے پر غور کرے۔

(b) تمام ذمہ داروں کو معزول کرکے نئے طریقہ سے انتخابات کروائے جائیں۔

(c) مکمل طور پر پولیس کی سیاسی حیثیت کو ختم کیا جائے۔

بادشاہت کا خاتمہ کرکے جمہوریت کے متعلق رہنماؤں کے خیالات کو پیش کیا جائے۔

جمہوریہ کے متعلق لیڈروں کے نظریات:



جمہوریت ہی اشتراکیت کا راستہ ہے۔
(کارل مارکس)



عوام کے لئے عوام کے ذریعہ تشکیل کردہ حکومت جمہوریت کہلاتی ہے۔
(ابراہیم لنکن)



میرا خیال ہے کہ جمہوریت میں کمزوروں کو بھی اتنے ہی مواقع حاصل ہونے چاہئے جتنے کہ طاقتوروں کو، یہ صورت اسی وقت ہوسکتی ہے جب کہ ملک تشدد سے پاک ہو۔
(مہاتما گاندھی)

5.2.3 ممتاز افراد (عمائدین شہر کی حکمرانی)

(Elitist Theory of Democracy)

جمہوریت میں اشرافیہ/عمائدین شہر ایک ناگزیر قوت کا نام ہے، یہی قائدین راج کرتے ہیں، وسائل پر قابو پاکر صدیوں سے اہم فیصلے کرتے آرہے ہیں۔ ایک انڈسٹری/کارخانہ زراعتی

11 pol sc unit 5 Set
Sunday, November 21, 2021 5:36:09 PM

کھپت اور پیداوار پر قابو پانا اہم عوامل میں سے ہے۔ زرعی زمین اور صنعتی شعبے سے تعلق رکھنے والے ممتاز افراد اور زمینی صنعت کے مالکان جاگیردار بن کر ریاست میں حکمرانی کرتے ہیں۔اس نظریہ کی حمایت کرنے والے تین اہم رہنما یہ ہیں۔ ولفریڈیا ٹو (1876-1936)، گیٹانوموسکا (1857-1941) اور رابرٹ مائیلکز (1876-1936) ''پریٹو'' نے ان اشرافیہ (ممتاز افراد) کو عوامی حکمرانی اور غیر حکمران طبقے میں درجہ بندی کیا ہے اور اکثر حکمران بھی اسی طبقہ سے تعلق رکھتے ہیں انہیں تعلیم، سماجی مقام و مرتبہ، سیاسی روابط اور دولت جیسے متعدد ذرائع سے یہ اقتدار حاصل ہوا ہے۔ ''پریٹو'' نے ان کی یہ دو خصوصیتیں بیان کی ہیں۔

(a) لومڑیوں کی طرح چال بدل کر وہ عوام پر حکمرانی کرتے ہیں اور ان کی رضامندی سے ہیر پھیر کرتے ہیں

(b) وہ ایسے شیر ہیں جو تسلط، جبر اور تشدد کے ذریعہ اقتدر پر فائض ہیں اور یہ لوگ جمہوریت اور اشتراکیت جیسے مساوات کے اصول سے فائدہ اٹھا کر ترقی کی منزلوں پر پہنچے ہوئے ہیں۔

جمہوریت کے متعلق رابرٹ مائیکلز (Robert Michels) نے ایک متبادل نظریہ پیش کیا گرچہ کہ اس کی یہ تنظیم جمہوری ہے لیکن اعلیٰ اقتدار پر مبنی یہ کم افراد اپنی تنظیم ورتجارتی امور پر غور وفکر کرنے کے بجائے منظّم طور پر فیصلہ کرتے ہیں جنہیں لوہے کی جیسی مضبوط حکومت (Iron law of Oligarchy) کا نام دیا گیا ہے۔

5.2.4 جمہوریت کا متنوع نظریہ :

یہ نظریہ اقلیتوں کے مفادات، حقوق اور نمائندگی سے جہاں تعلق رکھتا ہے وہیں آزادی جمہوریت کے بنیادی حصوں پر بحث کرتا ہے۔ یہ قانون سازی کے لئے جمہوری دائرہ کار کے ایوان نمائندگان اور ریاست کی ایک تشکیل دہ نمائندگی رائے وفاقیت کو پیش کرتا ہے۔ اس تنوع نے جمہوریت میں بہت سارے تنظیموں کی شرکت کو یقینی بنایا تا کہ وہ اپنے حقوق حاصل کرسکیں۔ اس پالیسی (Scheme) میں سیاسی طاقت/اقتدار کو بہت سارے سماجی طبقوں میں تقسیم کیا ہے۔اس میں شراکت پر زور دیا ہے۔ یہ تکثیریت مسابقی توازن پیدا کرکے حکومت کے توسط سے اپنے مخصوص مفادات کا دفاع کرتی ہے جس سے سماج کو ایک عرصہ دراز تک فائدہ پہنچ سکتا ہے۔

اس تنوع سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ جمہوریت کے اس نظام میں انتخابات کروانا بہت ضروری ہے تا کہ جماعتوں، گروپوں اور افراد کے اندر سیاسی امور میں آگے بڑھنے کا حوصلہ پیدا ہو۔

یوٹی لیٹیرین اسکول (Utilitarian school) کے مفکرین اور تنوع پسند جمہوریت کے حامی جیمز میڈیسین، جان اسٹورٹ مل اور تو کیویل نے یہ کہا ہے کہ انتخابات اکثریتی گروپ میں متعدد افراد کی خواہشات کے بجائے مختلف مسابقی گروپ کی ترجیحات کا اظہار کرتے ہیں۔رابرٹ ڈہل نے یہ نشان دہی کی ہے کہ جمہوریت کا جوہر پالی آرکی Polyarchy نظام سے حاصل کیا جاسکتا ہے جو سرکاری اقتدار اور عدلیہ کی خودمختاری سے فائدہ اٹھانے کے لئے مختلف گروپوں، تنظیموں اور انجمنوں کو دعوت دیتا ہے۔

کیا تم جانتے ہو؟

ایک مدت بعد رابرٹ ڈہل اپنے سابقہ نظریہ سے رجوع کرتے ہوئے امریکی جمہوریت کے امور کو بہتر انداز میں بیان کرنے کے لئے مسخ شدہ مخلوط حکومت Deformed Polyarchy نظریہ کو پیش کیا۔

5.2.5 جمہوریت کا دانستہ (جان بوجھ) نظریہ :
(Deliberative Theory of Democracy)

جمہوریت اپنے دائرہ کار میں دانستہ ہوا کرتی ہے ۔ یہ

11 pol sc unit 5 Set
Sunday, November 21, 2021 5:36:09 PM

جمہوریت عوامی مفاد کے حصول کے لئے بات چیت غور وفکر اور مباحثے کی ضرورت پر زور دیتی ہے ۔ جمہوری مباحثے اور اس میں شرکت دو اہم پہلو ہیں جو عام طور پر جمہوریت کو مضبوط کرتے ہیں ۔اسی طرح ہندوستان کے پنچایتی ادارے جن کا شمار شہری سماج کی خصوصیات میں ہوتا ہے یہ بھی حکومت کے کاموں کو مستحکم کرتے ہیں ۔جیمز مار "James Maller" نے اس بات کی وضاحت کی ہے کہ دانستہ جمہوریت غور وفکر کے اصول پر بنائی گئی ہے جس میں یہ بتایا گیا ہے کہ معاملات کے فیصلہ شرکاء کی ہونے والے مباحثہ پر مبنی ہوتے ہیں اور اس میں لوگوں کی آراء کو تبدیل کرنے اور دوسروں کے مفادات کا خیال رکھا جاتا ہے۔

عوامی مفاد اور عوامی رائے دانستہ جمہوریت کے کلیدی حصے ہیں۔



جمہوری نمائندگی اور براہِ راست جمہوریت یہ دونوں دانستہ جمہوریت سے بہت ہم آہنگ ہیں ۔رالس اور سرس انصاف اور رائے عامہ کے مشہور نظریہ نگار نے یہ نوٹ کیا ہے کہ سیاسی اقتدار اسی وقت درست ہوسکتا ہے جب کہ وہ نمائندوں کی حتمی گفتگو، آزاد مساوی اور ہوشیاری پر مبنی ہو۔ یہ ذمہ دار خود مختار ادارہ ہر ایک کے لئے مکمل اور یکساں ممبر شپ عطا کرتا ہے۔

ACTIVITY سرگرمی

(a) جمہوری سماج میں مذہب کو ریاست سے الگ رکھنا کیوں ضروری ہے؟

(b) سرکاری اسکولوں میں کسی ایک مذہب کو فروغ دینا کیوں مناسب نہیں ہے؟

(c) کوئی دو ایسی دلیلیں دیں کہ جن سے یہ معلوم ہو کہ ہندوستان ایک جمہوری ملک ہے۔

(d) کوئی تین ایسے اہم عوامل کا ذکر کریں جو ہندوستان کی جمہوریت کی ترقی کے لئے خطرہ کا سبب ہیں۔

(e) آپ نے پڑھا ہے کہ پنچایت کارپوریشن میں یا اسمبلی پارلیمنٹ میں 5 سال میں ایک مرتبہ اراکین منتخب ہوکر آتے ہیں۔ ہمارے پاس ایسا نظام کیوں ہے کہ جہاں نمائندوں کا انتخاب 5 سال کی مدت کے لئے کیا جاتا ہے ؟

(f) کسی تین احتجاجی صورتوں کی فہرست بنائیں جسے آپ نے اخبار میں دیکھا ہو اور اسے چارٹ کی صورت دے کر چسپاں کریں۔

(g) تحریری درخواست یا محضر : (Round Robin) جمہوریت کی متعلق عام خیالات کا ذکر کریں اور ترتیب وار اس پر بحث کریں۔

جمہوریت موجودہ دور میں حکومت کی ایک ابھرتی ہوئی اور مقبول ترین شکل ہے ۔اس کی بعض خامیوں کو مسترد نہیں کیا جاسکتا۔ بہرحال جمہوریت کے کسی پانچ مقاصد کا ذکر کریں۔

11 pol sc unit 5 Set
Sunday, November 21, 2021 5:36:10 PM

فردی مطالعہ : (Case Study)

دو کارٹون پر مبنی کہانی (Tale of Two Cartoons)



بشکریہ : دی ہندو 30.12.2007
سریندر کا بنایا ہوا کارٹون

اپریل کا انقلاب اور نیپال میں جمہوریت
(April Revolution and Democracy in Nepal)

اپریل 2006 میں متحرک جمہوریت نواز سول سوسائٹی تحریک سیون پارٹی الائنس (ایس پی اے) کے رہنماؤں نے دارالحکومت کھٹمنڈو میں رنگ روڈ کے ساتھ دس لاکھ آدمیوں پر مشتمل سات مختلف مقامات میں مظاہرے کئے۔ عوامی تحریک کی تشکیل کرنے کے لئے لاکھوں شہریوں نے بادشاہت کے ظلم کے خلاف اور ہمالیہ سلطنت کی بحالی کا مطالبہ کیا۔ اس بے مثال مظاہرہ نے شاہ گیندر کو عہدہ چھوڑ کر مجبور کیا اور جمہوریت کی راہ ہموار کر دی۔

جدید اور معاصر جمہوریت : (Modern and Contemporary Democracy)

صنعتی انقلاب، مزدور عروج اور سماجی تبدیلیوں کے نتیجہ میں مغربی یوروپ میں اٹھارویں صدی کے آخر میں جدید اور معاصر جمہوریتیں ابھر کر سامنے آئیں جن کی جمہوری خصوصیات یہ ہیں۔

فردی مطالعہ : (Case Study)

بھوٹان کی تاریکی منتقلی
(Historic Transitions in Bhutan)



شکریہ : ہندو 3.11.208
کیشو کا بنایا ہوا کارٹون

بھوٹان کے چوتھے بادشاہ جگمے سنگے وانگچک نے حکومت کے 20 اضلاع کا دورہ کیا جس کا مقصد بھوٹان کے عوام کو موروثی بادشاہت سے نجات دلا کر پارلیمانی جمہوریت میں تبدیلی لانے کے لئے تاریخی منتقلی کی اہمیت کو اجاگر کرنا تھا۔ اس طرح 34 سال بادشاہ نے 2006 میں اپنے تخت سے سبکدوشی اختیار کر لی اور اس کا بیٹا اور ولی عہد شہزادہ جگمے کھسار نامئیل بھوٹان کے اس ہمالیہ سلطنت کا پانچواں بادشاہ بن گیا۔ بھوٹان ایک پارلیمانی جمہوری ملک بن گیا اور دستوری طور پر اس کا بادشاہ کنگ جگمے ہے۔

اپریل میں نیپال کے انقلاب اور بھوٹان میں رضا کارانہ طور پر منتقلی کی اہم خصوصیات پر تبادلہ خیال کریں۔ کلیدی اصطلاحات جیسے موروثی بادشاہت، پارلیمانی جمہوریت، بادشاہت، خودمختاری اور جمہوریت پر تبادلہ خیال کریں۔

- ایک تحریری آئین بنیادی ضرورت ہے۔ سیاست دانوں اور حکام کی روزمرہ زندگی میں اسے آئینی طور پر برقرار رکھنا چاہئے۔
- تمام سماجی گروہوں بالخصوص مذہبی اور اقلیتوں اور دیگر پسماندہ افراد کے بنیادی انسانی حقوق اور ان کی ضمانت۔

11 pol sc unit 5 Set
Sunday, November 21, 2021 5:36:11 PM

- ریاستی اداروں کے درمیان اختیارات کی تفریق
- حکومت (مجلس عاملہ) پارلیمنٹ (دستور ساز کمیٹی) عدالتیں
- رائے، تقریر، صحافت اور ذرائع ابلاغ کی آزادی
- مذہبی آزادی
- ہر آدمی کے لئے عمومی اور مسوی ووٹ دینے کا حق، نوجوانوں کے لئے ووٹ ڈالنے کا ہمہ گیر آفاقی حق

اکثریتی حکمرانی کو جمہوریت کی اہم خصوصیات قرار دیا گیا ہے تاہم یہ عمل آزادانہ اور مسابقانہ ہونا چاہئے۔ اس کے علاوہ اس میں حقوق کو بہت زیادہ اہمیت حاصل ہے جیسے سیاسی اظہار رائے، اظہار رائے کی آزادی، صدر کی آزادی، سیاسی مہم کے ذریعہ ان چیزوں کے متعلق عوام کو آگاہ کرنا، سیاسی تنظیموں کے منشور کی روشنی میں اپنے ذاتی مفادات حاصل کرنے کے لئے ووٹ کا صحیح استعمال کرنا۔

جمہوری نظام نے ایک جماعتی حکمرانی سے لے کر کثیر الجہتی نظام تک کے سیاسی نظام کے مختلف طریقوں پر عمل کیا ہے۔ متعدد ممالک کی جمہوریت میں ہر ایک کو مساوی ووٹنگ کے دئے ہوئے حق کو قانونی حیثیت مل چکی ہے۔ ایشیائی اور یوروپی ممالک میں لوگ جمہوریت کی اصطلاح کو آزادانہ جمہوریت کے معنی میں عام طور پر استعمال کیا کرتے تھے جس میں سیاسی اکثریتیت کی نمایاں خصوصیت ہیں۔ قانونی مساوات، شہری آزادیاں، انسانی حقوق، حکومت سے ہٹ کر اجتماعی زندگی کے عناصر، آزادی اظہار۔ یہ سب جدید جمہوریت کی خصوصیات ہیں۔

جمہوری طور پر منتخب ہونے والی تمام حکومتوں کو اظہار رائے کی آزادی کے ذریعہ ذمہ دار ٹھہرایا جاتا ہے اور انہیں ہر فیصلے کا سبب بتانا لازمی ہوتا ہے جس کے وہ جواب دہ بھی ہیں۔ جمہوریت معاملات کی آزادانہ تحقیق کرنے کے بعد افراد اور حکومت دونوں کو بہتر فیصلے کرنے پر زور دیتی ہے۔ جمہوریت کی وضاحت یا اس کی تعریف وسیع پیمانے پر اس طرح بیان کی گئی ہے:

(a) اقتدار کے حصول کے لئے مقابلہ کرنے کا سیاسی نظام

(b) عوامی زندگی میں حصہ لینے کا حق

(c) قانون کی قیادت یا حکمرانی

جدید جمہوریت کی قسمیں
(Types of Modern Demcracy)

قائم مقام حکومت/نمائندہ جمہوریت:
(Representative Democracy)



ایک قائم مقام جمہوریت حکومت کا ایسا نظام ہے جس میں شہریوں کی حیثیت سے تمام افراد اپنے نمائندوں کو آزادانہ طور پر اپنے رائے دہی کے حق کا استعمال کرتے ہوئے الگ الگ طور پر اپنے اپنے ضلعوں میں ووٹ ڈالتے ہیں۔

11 pol sc unit 5 Set
Sunday, November 21, 2021 5:36:11 PM

لوگ سیاسی تنظیموں کے ذریعہ اپنے سیاسی، سماجی اور اقتصادی اصولوں، پالیسیوں اور پروگراموں کو ترقی دینے کے لئے اپنے اپنے خیالات کے مطابق حکومت کے چلانے کے لئے نمائندوں کو منتخب کرتے ہیں اور پارٹیوں کو یہ اجازت حاصل ہے کہ وہ عوام کو اپنی طرف راغب کرنے کے لئے اپنے طور پر امیدواروں کا انتخاب کریں۔

وہ انتخابات کے دوران عوام کو اپنے پروگراموں اور پالیسیوں کو واقف کراتے ہیں جسے پارٹی منشور کہا جاتا ہے۔ ہندوستان جیسے تغیر پذیر ممالک میں ہر قومی اور علاقائی پارٹی عوام کا اعتماد حاصل کرنے کے لئے انتخابی منشور کو جاری کرتی ہے تاکہ مستقل کا وہ لائحۂ عمل پیش کر سکے۔

افراد کسی بھی سیاسی جماعت سے ہٹ کر آزد امیدوار کی حیثیت سے انتخابات میں حصہ لے سکتے ہیں۔ قائم مقام/نمائندہ جمہوریت میں سیاسی جماعتوں کا کردر بہت اہم ہوتا ہے کیونکہ ان کے ارکان حکومت کی پالیسیوں کی حمایت یا مخالفت میں عوام کو آگاہ کرتے رہتے ہیں۔ اس طرح سیاسی جماعتیں اپنے عوام کو ان کی ضروریات جاننے کے لئے حرکت میں رہتی ہیں۔ اس کے نتیجہ میں رائے عامہ کی تشکیل ہوتی ہے اور نمائندوں کو آئینی طور پر تسلیم کیا جاتا ہے اور وہ عوام کے مفاد میں اپنے فرائض اور ذمہ داریاں انجام دیتے ہیں۔

نمائندہ جمہوریت کا آزاد جمہوریت سے بڑا گہرا تعلق ہے جو ریاست ہائے متحدہ اور مغربی یوروپ میں شروع ہونے والی سیاسی نظام کی وضاحت کرتا ہے جسے بعد میں تیسری دنیا کے متعدد ممالک میں اپنایا گیا اور آہستہ آہستہ سابق سوویت یونین اور مشرقی یوروپ میں اچھی طرح سے قائم ہوسکتا ہے۔ جمہوری حکومتوں کی ریاستی یا پارلیمانی نظام کے طور پر درجہ بندی کی جاسکتی ہے اور اس کے شعبوں میں بھی بہت سارے اختلافات پائے جاتے ہیں۔

نمائندہ جمہوریتیں متعدد باہمی اصول پر مبنی ہیں۔

- ایک آزاد ادارہ کی حیثیت سے الیکشن کمیشن کی نگرانی میں ہمہ گیر اور آزادانہ رائے دہندگی پر باقاعدگی کے ساتھ آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کرائے جاتے ہیں۔
- سیاسی جماعتیں مد مقابل کی موجودگی میں انتخابی قوانین کا وجود ہوتا ہے۔
- ایک آزاد عدلیہ کی نگرانی میں انتخابی قوانین بنائے جاتے ہیں۔
- اظہار رائے کی آزادی اور اداروں/تنظیموں کی تشکیل۔ انتخابات میں حصہ لینے کی آزادی۔

ACTIVITY سرگرمی

a) ہم ٹیلی ویژن پر ان مجلسوں کو دیکھ سکتے ہیں جہاں اسمبلی اور پارلیمانی ممبران اپنے مخصوص حلقوں سے متعلق امور پر بحث کرتے ہیں۔

b) طلبہ کی خواہش کے مطابق خفیہ بلٹ سسٹم کے ذریعہ کلاس لیڈر کو منتخب کیا جاسکتا ہے۔

c) طلبہ پارلیمنٹ کے طریقۂ کار پر بحث و مباحثہ کرنے کے لئے ایک خودساختہ جیسی پارلیمنٹ بنائیں۔

11 pol sc unit 5 Set
Sunday, November 21, 2021 5:36:12 PM

شریک جمہوریت :

(Participatory Democracy)

مساوات کے تصور کو بدلتے ہوئے عدل وانصاف کے حصول کے لئے شراکت دار جمہوریت کو فروغ دیا گیا۔ حالیہ دنوں میں شریک جمہوریت ایک ایسا عمل بن گیا ہے جو سیاسی نظام کی کارروائی کے لئے زیادہ سے زیادہ حلقوں کو وسیع پیمانے پر شامل کراتا ہے۔ جمہوری روایتی نمائندے شہریوں کو زیادہ سے زیادہ شریک کر کے جمہوریت کی ترقی میں نمایاں رول ادا کرتے ہیں۔ ایک آزاد سماج پر مبنی تصور شراکت دار جمہوریت کے تمام ممبروں کو فیصلہ سازی کے عمل میں اظہار خیال کرنے اور مواقع پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ سماجی تعلقات سیاسی عمل کے تنظیمی ڈھانچے کے گرد گھومتے رہتے ہیں جو سماج میں سیاسی مساوات اور جمہوریت کے دائرہ کار کو بڑھاتے ہیں۔

شراکت دار جمہوریت کا مقصد عوام کو ریاست کے سیاسی، قانونی اور اقتصادی معاملات میں حصہ لینے کے لئے دلچسپی پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں کئے گئے فیصلوں کا ذمہ دار بھی بناتا ہے۔ شراکت جمہوریت کی ایک بڑی خصوصیت یہ بھی ہے کہ وہ لوگوں کو براہ راست فرائض میں حصہ لینے اور ریاستی فیصلہ سازی کرنے والے اداروں تک رسائی حاصل کرنے کا موقع دیتا ہے۔ اس طرح اسے کسی دوسرے ادارے یا ایجنسی کو اختیارات سونپنے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ اقتصادی ترقی کے دور میں جمہوری شراکت کو زندہ رکھنے اور عوام میں مساوات قائم کرنے کے لئے اسے تشکیل کیا

ACTIVITY سرگرمی



ہندوستان کو یوم آزادی اور یوم جمہوریہ کے موقع پر منعقدہ پنچایتی اجتماع "Grama Sabha" کے اجلاسوں میں حصہ لینے کی کوشش کریں جہاں گاؤں کے لوگ اپنے مطالبات رکھنے اور منوانے کے لئے اکٹھا ہوتے ہیں۔

11 pol sc unit 5 Set
Sunday, November 21, 2021 5:36:12 PM

گیا ہے ۔ اس کی سب سے اہم خصوصیت سیاسی مساوات کی اہمیت، بنیادی حقوق کے پہلو اور آزادیاں ہیں جنہیں زیادہ سے زیادہ اجاگر کرنے کی ضرورت ہے۔

5.3 جمہوریت کی پیمائش اور تشخیص :
(Measuring and evaluating democracy)

جمہوریت حقیقت میں رجعت پسندی، نقطہ نظر، طریقہ کار کی منظوری اور مخالفت کے اظہار کے لئے ایک گہرا چینل ہے۔اس کی پیمائش اور تشکیل ایک دوسرے کی تکمیل کرتے ہیں جیسا کہ ہندوستانی دستور سازی کے چیئرمن ڈاکٹر بی آر امبیڈکر نے تفصیل سے اس بات کی وضاحت کی ہے کہ سیاسی امور میں تو ہمیں آزادی ہے لیکن اقتصادی اور سماجی زندگی میں آزادی نصیب نہیں ہو رہی ہے۔سیاست میں ہم ایک ایک آدمی کے ووٹ کی اہمیت کو محسوس کرتے ہیں لیکن سماجی اور اقتصادی زندگی میں ''ہم ایک ہی انسان ایک ہی قدر'' One mna one value'' کے اصول کی تردید کرتے ہیں۔ معیاری اور مقداری دونوں لحاظ سے جمہویت کی پیمائش اور تشخیص کی جاتی ہے۔معیاری تجزیہ سے سماجی تبدیلی کے پہلوؤں کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے اور مقداری تجزیہ سے جمہوری عمل کو تیز کیا جاتا ہے تاکہ اس میں تبدیلی لاکر بہتر نتیجہ حاصل کرنے میں مدد مل سکے۔

احتجاج، مظاہرہ، مہم آرائے، اظہار رائے کی آزادی اور اس قسم کے دوسرے دستوری حقوق سے سیاست میں حصہ لیتے ہوئے



جمہوریت کا تجزیہ اور پیمائش دونوں کئے جاسکتے ہیں۔ سماجی بدعنوانیاں ذات پات کی وجہ سے اُس وقت ظاہر ہوتی ہیں جب مذہبی، صنفی اور ثقافتی نقطہ نظر سے سماج میں تبدیلیاں رونما ہوں۔عدم مساوات کم کر کے اقتصادیات کو ترقی پر لانے میں جمہوریت کا براہِ راست تعلق ہے، مقداری جمہوریت کی تشخیص کی فی کس آمدنی کے ذریعہ کی جاتی ہے۔جمہوریت کی پیمائش اور تشخیص مندرجۂ ذیل بالا معیارات کی روشنی میں کی جاسکتی ہیں۔

a) سیادت وقیات : (Sovereignty)

ایک حکومت اپنے اندرونی معاملات کو حل کرنے اور خارجہ پالیسیوں پر عمل کرنے میں دوسرے ممالک کی مداخلت سے آزاد ہے۔

b) اقتدار : (Authority)

مرکزی حکومت کا اقتدار جو ساری ریاستوں پر پھیلا ہوا ہے۔ یہ سیاسی نظام کا ایک حصہ ہے۔

c) منتخب حکومت : (Elected Government)

خفیہ رائے شماری کے ذریعہ انتخابات چلانا، اور منتخب عہدیداروں کا انتظامی امور انجام دینا۔

d) بالغوں کی ہمہ گیر رائے :
(Universal Adult Suffrage)

تمام بالغوں کو انتخابات میں ووٹ ڈالنے کا حق ہے

e) رائے دہندے والوں کی تعداد : (Turnout)

انتخابات کے دوران ووٹنگ میں حصہ لینے والوں کا فی صد

f) باقاعدگی سے انتخاب کروانا : (Regular Election)

ہندوستانی دستور کے مطابق باقاعدہ ہر 5 سال میں ایک مرتبہ انتخابات کروائے جاتے ہیں۔

11 pol sc unit 5 Set
Sunday, November 21, 2021 5:36:13 PM

g) آزادانہ اور منصفانہ انتخابات :
(Free and Fair eletions)

پارٹیوں اور امیدواروں کی رسائی بیلٹ پیپر تک ہو اور ووٹوں کی گنتی منصفانہ طریقہ سے کی جائے اور ہر شہری بغیر خوف کے یا کسی کے دباؤ میں آئے بغیر ووٹ ڈالے۔

h) ذرائع ابلاغ اور مہم جوئی تک پہنچ :
(Access to media and campaign)

امیدواروں کو ذرائع ابلاغ اور انتخابی میں برابری کی سہولت دیجائے تاکہ وہ ووٹرس ان کی حمایت کر کے منتخب کر سکیں۔

i) قانون کی برتری کو ماننا : (Ensuring rule of law)

کس حد تک مجلس عاملہ اپنے قانون کی پیروی کرتی ہے اسے آئین نے بتایا ہے اور عدلیہ نے اس کی ترجمانی بھی کی ہے۔

j) مجلس عاملہ کی قوت وطاقت :(Legislative Power)

پارلیمانی قوانین کی روشنی میں مجلس عاملہ کس حد تک قانون سازی کا اختیار رکھتی ہے۔

k) حزب اختلاف کا کردار :
(Role of opposition Parties)

اپوزیشن پارٹیوں کا کردار اس وقت نمایاں ہوتا ہے جب پارلیمانی جمہوریہ میں آئین کے دائرہ کار سے ہٹ جائیں۔

l) آزاد عدلیہ : (Independent Judiciary)

اعلیٰ ترین عدالتی ادارے مجلس عاملہ اور دیگر بیرونی طاقتوں / اثرات سے آزاد ہوتے ہیں۔

m) عدالتی جائزہ : (Judicial review)

آئینی شقوں / دفعات کی روشنی میں قانون سازی اور دیگر حکومتی طریقہ کار کا جائزہ لینے کے لئے اعلیٰ عدالتی اداروں کے اختیارات کی حد، اور دوسرے ادارے کس حد تک فیصلوں کو تسلیم کرتے ہیں۔

n) پارٹیوں کے اختیارات: (Party Strength)

پارٹیاں کس حد تک اپنی طاقت، مرکزیت، فرائض اور جامعیت کو برقرار رکھتے ہیں۔

o) پارٹی نظریہ: (Party Ideology)

پارٹیاں کس حد تک اپنے بہترین نظریات سے مربوط اور ہم آہنگ رہتے ہیں۔

p) پارٹی سسٹم: (Party system)

مجلس عاملہ میں نشستیں جیتنے والی پارٹیوں کی تعداد

q) صحافت کی آزادی : (Freedom of Press)

ذرائع ابلاغ کی آزادی، متعدد سیاسی آراء کو نشر کرنے کی آزادی اور شہریوں تک انہیں پہنچانے کی صلاحیت۔

r) اجتماعی زندگی کی آزادی :
(Civil society independence)

ریاست میں اجتماعی زندگی کی آزادی کا حد۔
سیاسی رہنماؤں کی رائے پر تنقید کرنے کی صلاحیت

s) شہری آزادی : (Civil Liberty)

شہری کس حد تک آئین میں ذخر رکدہ بنیادی اور انسانی حقوق سے فائدہ حاصل کرتے ہیں۔

t) جائیدادی حقوق : (Property Rights)

جائیدادی حقوق کس حد تک محفوظ کیا جا سکتا ہے۔

u) مذہبی آزادی : (Religious Freedom)

مذہبی آم آہنگی کو برقرار رکھنے کے لئے کس حد تک حکومتی پالیسیاں اور پروگرام آزادئ مذہب کی ضمانت دیتے ہیں۔

v) وسائل تک سبھوں کی یکساں رسائی :
(Equal access to resources)

اقتصادی مساوات کے حصول کے لئے آمدنی، تعلیم اور صحت کے ذرائع کو کس حد تک تقسیم کی اجاتا ہے تا کہان کے ذریعہ سیس یاست میں سیاسی اثر ورسوخ نمایاں ہو۔

11 pol sc unit 5 Set
Sunday, November 21, 2021 5:36:14 PM

w) قدرتی اور عام املاک تک مساوی رسائی : (Equal access to natural and common property)

روزی اور سماجی آزادی کو یقینی بناتی ہے۔

x) صنفی مساوات : (Gender equality)

قانون ساز اداروں، سماجیاداروں اور دیگر حق رائیدہی میں بلا امتیاز مسوی طور پر کس حد تک لاکھوں خواتین حکومت کے اعلیٰ عہدوں پر فائز ہیں۔

y) سماجی اور اقتصادی فوائد کے حصول کے لئے سیاسی مساوات: (Political equality to achieve socio-economic status for under privileged)

ذات پات، قبیلہ، نسل، مذہبی اقلیت، دیگر نسبی خصوصیات رکھنے والے اور دیگر پسماندہ طبقوں کو کس حد تک حکومت میں اقتدار کے منصب پر پہنچنے کے لئے آئینی حقوق موجد ہیں اور انہیں اس سے کتنا فائدہ پہنچتا ہے، ان کی قانون سازی، حکومت اور دیگر اعلیٰ عہدیداروں میں کتنی نمائندگی ہے۔

5.4 ہندوستانی جمہوریت کے کارنامے (Achievements of Indian Democracy)

ہندوستان کے بانیں اور اس کے آباء واجداد نے اس ملک کے دستور اور آئین میں مضبوط جمہوریتی بنیادیں تعمیر کی ہیں جس کے سبب ہندوستان ایک عظیم ملک بنا۔ سماجی، سیاسی اور اقتصادی ہر پہلو میں آئین کو بالادستی حاصل ہے۔ دستوری دیباچہ نے بنیادی حقوق وفرائض اور اصول وقواعد کا ایک بہترین خاکہ تیار کر رکھا ہے۔ اس طرح پارلیمانی نظام، اصلاحی طریقہ کار، عدالتی جائزہ اور بنیادی ڈھانچہ رساخت کا نظریہ بھی پیش کیا ہے۔

سیاسی محاذ : (Political Front)

❖ 1951-52 میں عام انتخابات میں ہندوستان میں 53 سیاسی جماعتوں نے حصہ لیا اور 2014 عام انتخابات میں 263 پارٹیوں نے حصہ لیا۔ یہ جمہوری عمل کے گہرا پن کا ثبوت ہے۔

❖ 1951 کے عام انتخاابات میں 173 ملین شہریوں نے ووٹ ڈالنے ان کا مجموعی فی صد 44,87 تھا۔ اسی طرح 2014 میں 16ویں عام انتخابات میں رائے دہندگان کی تعداد 814 ملین تھی، ووٹنگ کی شرح 66.4 تھی اور ان میں 67.9 فی صد مرد اور 65.6 فی صد خواتین تھیں۔ انتخابات میں حصہ لینے والوں کی تعداد 8,251 تھی۔

❖ 2004 کے بعد سے برقی رائے دہی آلہ (EVMs) Electronic voting Machines کے ذریعہ ووٹ ڈالے جاتے ہیں۔ ان مشینوں کو ہندوستان ہی میں تیار کیا جاتا ہے اور یہیں اس کی مرمت ہوتی ہے اور اس کام کو بڑی رازداری سے انجام دیا جاتا ہے۔

❖ یہاں کا انتخابی نظام جسے ''فردی دائرہ نظام'' (FPTP) First - Past -The Post system سے تعبیر کیا جاتا ہے - یہ ایک واحد ضلعی نظام اور اکثریتی عام نظام "Simple - Plurality system" ہے جس میں رائے دہندگان پارلیمانی ایوان یا ریاستی اسمبلی میں ایک نمائندہ کا انتخاب کرنے کے لئے ہر ایک ووٹ ڈالتے ہیں۔ اس طرح انتخابی حلقے کی نمائندگی کرنے کے لئے ایک بڑی تعداد میں ووٹ جمع ہوجاتے ہیں۔

❖ 1989 سے شہریوں کو 18 سال کی عمر سے ووٹ ڈالنے کا حق دیا جاتا ہے۔ یہ جمہوریت کا شاہانہ پن ہے۔

❖ ہندوستان دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت ہے، اس حکومت نے ایک پیچیدہ اور نیم وفاقی نظام حکومت میں اجتماعی اور علاقائی مطالبات میں مطابقت پیدا کرنے کی کامیاب کوشش کی ہے۔

❖ آئین کی 73ویں اور 74ویں اصلاح رترمیم نے ایس سی ر ایس ٹی ایس نچلہ طبقہ ایس سی SC اور ادنی قبیلہ STS خواتین کو پنچایتوں، بلدیہ، Municipalities کارپوریشنوں میں ممبران کونسلرز اور میئر کی حیثیت سے مقامی حکومت کے اداروں میں ریزرویشن دیا ہے۔

11 pol sc unit 5 Set
Sunday, November 21, 2021 5:36:14 PM

❖ ہندوستان میں جمہوری نظام بہت متحرک ہے۔ یہاں فوج کو سیاسی امور میں عمل دخل نہیں ہے۔ یہاں کے فوجی افسران اور دفاعی اہل کار حکومت کو بڑی عقیدت و احترام کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

سماجی محاذ : (Social Front)

جمہوری عمل کے سیاسی اقتدار نے شہری معاشرہ کے درمیانی، اعلیٰ اور پسماندہ طبقوں میں ایک قسم کی تبدیلی لائی ہے جس کے سبب ان کا شمار ملک کے بااثر افراد میں ہوتا ہے۔ انہوں نے سرکاری ایجنسیوں اور اداروں میں اپنے لئے تحفظات (reservations) حاصل کئے ہیں، کیونکہ انہیں آئینی دفعات کے تحت آزادی کے بعد نچلے طبقہ اور درج فہرست قبائل میں شمار کیا گیا ہے۔

ایک آزاد صحافت اور آزاد عدلیہ جیسے ہندوستانی اداروں نے قانونی بالادستی کی بنیاد پر انہیں معاشرے میں عزت کی نگاہ سے دیکھے جانے پر زور دیا ہے۔

صحت کی بہتر سہولیات اور عوامی فلاح و بہبودی پروگرام وبائی امراض متعدی اور مواصلاتی امراض پر کنٹرول اور دیگر وجوہات کے سبب 1951 سے زندگی کی متوسط عمر 36 سال سے بڑھ کر 2011 میں 66 سال ہوگئی ہے۔

اس طرح چیچک اور پولیو جیسی بیماریوں کا بھی خاتمہ ہو چکا ہے۔ 1950-51 میں 27 یونیورسٹی اور 578 کالج تھے۔ 1951 میں شرح خواندگی 18.3 فی صد تھی۔ 2011 کی رپورٹ کے مطابق شرح خواندگی 73 فی صد ہوگئی ہے۔

اقتصادی محاذ : (Economic Front)

ان پہلوؤں میں حکمت عملی Strategic, تحفظ Security، جمہوری قوانین کی بالادستی کے ساتھ معاشرہ اور معیشت بھی شامل ہیں۔

❖ ہندوستان اپنی اقتصادی، فوجی اور ایٹمی صلاحیتوں کی بنیاد پر ایشیاء میں ایک مثالی طاقت اور جنوبی ایشیاء میں ایک عظیم طاقت کے طور پر ابھرا ہے۔

❖ اس کا مطلب 2017 تک اس کی مرکزی منصوبہ بندی ہے اور عوامی شعبہ جات کے تحت ملک میں روزگار سائنس اور ٹکنالوجی تعلیم کو مہیا کرانا ہے لیکن اس کی خامیوں کے سبب جلد ہی ملک میں غیر یقینی کیفیت اور مزدوری مسائل پیدا ہوگئے جس کی نتیجہ میں 1991 کی اصلاحات سے ایک آزاد خیال اور بازاروں کا ایک اقتصادی طریقہ model اپنایا گیا جس کا نام ساختی مطابقتی پروگرام Structural Adjustrment Programme رکھا گیا۔ اس کے بعد معیشت نے نجی اور غیر ملکی شعبوں میں زیادہ حصہ لیا، نتیجہ کے طور پر متوسط محنت دار نئے طبقہ کا وجود ہوا۔ تکنیکی ایجادات نے شعبۂ خدمات service sector جیسے تعلیم، صحت، نقل و حمل کے دیہی و شہری بنیادی ڈھانچوں کو ڈیجیٹل انڈیا میں تبدیل کر دیا۔ بینک کے شعبوں میں ہونے والی نئی اصلاحات نے حقیقت میں معاشرہ کو بدل کر ہی رکھ دیا۔

❖ ہندوستان کی مجموعی قومی آمدنی Gross national income (GNI)، 1950-51 میں بڑھتی ہوئی قیمتوں کی وجہ سے 35 گنا سے زیادہ بڑھ کر 2.92 ہزار کروڑ روپئے تک ہوگئی اور 2015 میں 105.28 ہزار کروڑ روپئے تک پہنچ گئی۔ موجودہ قیمتوں کی روشنی میں فی کس آمدنی 1950-51 میں 274 تھی اور 2014-15 میں بڑھ کر 88.339 ہوگئی۔

11 pol sc unit 5 Set
Sunday, November 21, 2021 5:36:15 PM

❖ غذائی اجناس میں یہ پیداوار 50.8 ملین ٹن ہوگئی ۔ 1950-51 میں غذائی اجناس کی پیداوار 50.8 ملین ٹن تھی اور 2014-15 میں یہ پیداوار ایک تخمینہ کے حساب سے اس سے پانچ گنا بڑھ کر 264.77 ملین ٹن ہوگئی۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ سب زرعی ٹکنالوجی میں ترقی سے ممکن ہو پایا ہے۔

5.5 ہندوستانی جمہوریت کے لئے چیلنجس/للکارات:
(Challenges to Indian democracy)

ہندوستانی جمہوریت میں ایک فرد سے لے کر معاشرے تک مجموعی طور پر جو درپیش چیلنجز ہیں وہ ناخواندگی کے مسائل ہیں جن کے نتیجہ میں تعلیم کی ہمہ گیریت، غربت، بدعنوانی، ذات پات، فرقہ واریت، مذہبی بنیاد پرستی، پائیدار ترقی، صنفی امتیازات، خواتین کے خلاف تشدد، یہ سب نقص عمل کا نتیجہ ہیں ۔ اس طرح سیاسی تشدد، علاقائی امتیازات، عدالتی اور انتظامی صلاحیت، آزادانہ سماج، ملکی فوجی تعلقات، سیاسی اقتصادی جرائم کی کثرت یہ سب حالیہ اور مستقبل کے چیلنجز ہیں جو وسیع طریقۂ کار میں شفافیت اور احتساب اور جواب دہی کا عمل چاہتے ہیں جس پر ہندوستان کا جمہوری ڈھانچہ قائم ہے۔

کیا تم جانتے ہو؟

73 اور 74 ویں آئینی ترمیم کے بعد بھی ایسے گاؤں کا پتہ چلا ہے جہاں کئی سالوں سے پنچایت انتخابات نہیں کروائے گئے ہیں۔

فرہنگ الفاظ — Glossary:

قوت اقتدار (Authority) قوت و طاقت کا اختیار اور اثر ورسوخ استعمال کرنے کا حق۔ جو مستقل، معروف اور توسیع پسند طریقہ کار کے مطابق اس عہدے پر فائز ہونے سے حاصل ہوتا ہے۔

سماجی شہریت: Civil Society ۔ خودمختار گروہوں اور انجمنوں کا ایک نجی شعبہ جو عوامی اتھارٹی سے آزاد ہو۔

ملکی اور فوجی تعلقات: (Civil-Miliary relationship) ایک ایسا نظم وضبط جو سماجی شہریت، اس کی حفاظت، فوج اور اس کے اداروں کے درمیانی تعلقات کی وضاحت کرتا ہو۔

Communalism: سیاسی نظریہ کے تحت فرقہ واریت جس کا تعلق اختلافات اور تناؤ سے ظاہر ہوتا ہے، اس کے نتیجہ میں مختلف مذہبی، نسلی اور ذات پات کے گروہوں کے مابین تشدد برپا ہوتا ہے۔

بدعنوانی (Corruption) : قانونی ذرائع اختیار نہ کرنے سے عام طور پر بدعنوانی رونما ہوتی ہے۔ اسی طریقہ سے اپنا خاص فائدہ/منافع حاصل کرنے کے لئے مناسب ذمہ داری نہ نبھائی جائے۔

دانستہ جمہوریت (Deliberative Democracy) جمہوریت کا ایسا بہاؤ/رخ جو مفاد عامہ کی وضاحت کے لئے بات چیت اور مباحثے پر زور دیتا ہو۔

مالدار اور عمائدین (Elite): اس کا مطلب ایک ایسی اقلیت جس کے پاس طاقت، قوت، دولت اور مرتبہ ہو۔

صنفی امتیاز (Gender discrimination) : مختلف سماجی کردار اور رویوں کی بنیاد پر خواتین اور مردوں کی درمیانی تفریق۔

بنیادیں/جڑیں (Grass - democracy) عوامی جمہوریت جو سماجی اور اقتصادی نچلے طبقے سے تعلق رکھنے والے عوام کی

11 pol sc unit 5 Set
Sunday, November 21, 2021 5:36:15 PM

ضروریات کو پورا کرنے کے لئے اپنے سیاسی عمل اور فیصلہ سازی کے طریقہ کار کے لئے مقامی حکومت کے امور اور عمل میں حصہ لیتی ہو۔

کثیر الجہتی مخلوط حکومت (Polyarchy)

(Polyarchy) پا کی آر کی کا مطلب کئی لوگوں کے ذریعہ حکومت کرنا ہے۔ اقلیت میں رہنے والوں کا سلسلہ، جو ایک حد رہتے ہوئے بعض خود سے دلچسپی رکھتے ہوں اور دیگر دلچسپی نہ رکھتے ہوں جن کا مقصد دوسروں پر غلبہ پانا نہیں ہوتا، بلکہ تمام کے لئے سیاست میں کسی مقصد اور معاہدے کے لئے اقدامات کئے جاتے ہوں۔

جمہوریہ (Republic) : جمہوریہ، ایسے سیاسی اصول جو عوام کی رضامندی ، بادشاہت اور خاندانی اصول کے مسترد ہونے سے حاصل ہوتے ہیں۔

حقوق (Right): ذاتی خود مختاری۔ذاتی اور انفرادی آزادی۔انسانوں میں آزادی اور مساوات کا پایا جانا۔

آزادی (Freedom) : 1) اپنی سوچ کے مطابق کام کرنے کی صلاحیت، آزادی کا مطلب عدم مداخلت یا اپنی خودی سے ترقی کرنا۔

2) شہریوں کی حکومت میں شرکت اور مشترکہ امور میں انتظام کرنے کا حق۔من مانی اقتدر سے آزادی۔

آزادی (Liberty) : اس سے مراد کسی خاص طریقہ سے کام کرنے کی آئینی اجازت۔

مساوات (Equality) : یکساں تقسیم کا انداز۔مساواتی۔مواقع یا نتائج پر مبنی ہو۔

برادری(Fraternity) : اس کا مطلب بھائی چارگی، انسانوں کی آپسی ہمدردی اور ساتھیوں کا بندھن۔

حاکمیت/خودمختاری اور حتمی طاقت (Sovereignty) :

خودمختاری ایک اعلی قانونی اتھارٹی یا غیر متزلزل سیاسی اتھارٹی کو مسلط کرنا۔

سیکولرزم (Secularism) : یہ ایک ایسا تصور ہے جس کا اطلاق معاشی نظام میں مساوات کے حصول کے لئے ہوتا ہے جس میں ملکیت/جائیداد مشترکہ ہوتی ہیں۔انفرادی نہیں، ریاست اور سماج کے آپسی تعلقات سیاسی اقتدار سے چلتے ہیں

ریاست: State ایک ایسا سیاسی وجود جس میں عوام، علاقے، حکومت اور حاکمیت کا قبضہ ہوتا ہے۔

مشق Evaluation

I۔صحیح جوابات منتخب کیجئے

1۔ جمہوریت کی اصطلاح سے مراد .....ہے

(a) عوام کی حکمرانی (b) عوام کی طاقت

(c) انقلاب (d) کثیر الجہتی مخلوط حکومت

2۔جمہوریت یہ.....ہے

(a) حکومتی شکل (b) قانونی بالادستی

(c) سیاسی نظام (d) عوامی طاقت

EN3SJ

11 pol sc unit 5 Set
Sunday, November 21, 2021 5:36:16 PM

3۔جمہوریت اس اصول کی تصدیق کرتی ہے

(a) عوامی حکمرانی (b) آئین کی حکمرانی (c) انتخابات (d) حکمرانی کے اصول وفرائض

4۔سماجی جمہوریت پختہ یقین رکھتی ہے۔

(a) مواقع اور آزادی میں مساوات (b) انسانی حقوق (c) اشتراکیت (d) آزادی

5۔براہ راست جمہوریت.....میں عمل کیا جاتا ہے

(a) وفاقی سوئزرلینڈ جمہوریہ (b) ریاست ہائے متحدہ (c) روس (d) چین

6۔ اقتصادی جمہوریت بنیادی اہمیت دیتی ہے

(a) معاشی حقوق اور سیاسی مساوات (b) مزدوروں کے حقوق (c) ملازمتی مقامات پر جمہوریت کا طرز اختیار کرنا (d) ملازمت کا حصول

7۔ بنیاد پرست جمہوریت کا نظریہ پیش کرنے والا معروف ہندوستانی سیاسی مفکر

(a) ایم این رائے (b) نہرو (c) گاندھی (d) امبیڈکر

8۔بنیاد پرست جمہوریت میں.....یقین کیا جاتا ہے

(a) عوامی طاقت (b) مقامی کمیونٹی کردار (c) قانون کی حکمرانی (d) جمہوری شراکت

9۔حفاظتی جمہوریت کی بنیادیں پر.....رکھی گئی ہے

(a) حقوق (b) مساوات (c) آزادی (d) سماجی تحفظ

10۔مارکسی نظریہ جمہوریت کو اقتصادی تناظر میں.....کے طور پر دیکھتا ہے

(a) برادری (b) سماجی گروہ (c) طبقاتی تجزیہ (d) سرمایہ دارانہ نظام

11۔ وہ کون سا جمہوری نظریہ ہے جس نے معاشرہ میں انقلابی تبدیلی کے لئے سرمایہ داری اور سیاہ فارم لوگوں کے خاتمہ سے متعلق کہا تھا

(a) قدیم نظریہ تعزیر (b) مساوات کا نظریہ (c) مارکسی کا نظریہ (d) ایلیسٹ نظریہ

12۔ تکثریت اپنے مخصوص مفاد کا دفاع کرتی ہے

(a) سماجی توازن (b) مسابقتی توازن (c) اقتصادی توازن (d) سیاسی مساوات

13۔ ہندوستانی جمہوریت کی نمایاں خصوصیات میں سے یہ ایک ہے

(a) شہریوں کی شمولیت (b) پارلیمانی جمہوریت (c) خفیہ رائے شماری (d) بالغوں کی ہمہ گیر رائے دہی

11 pol sc unit 5 Set
Sunday, November 21, 2021 5:36:16 PM

II۔ مختصر ترین جوابات لکھئے:

1۔ جمہوریت کی کوئی بھی ایک پسندیدہ/مقبول ترین تعریف کیجئے؟

2۔ Pareto's elites نظریہ کی درجہ بندی کیجئے؟

3۔ انتہاء پسند جمہوریت کی بنیادی باتیں کیا ہیں؟

4۔ آپ مارکسی طبقاتی تجزیہ کو کیسے سمجھائیں گے؟

5۔ کثیر الجہتی/مخلوط حکومت (Polyarchy) کی اصطلاح سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

6۔ نمائندہ جمہوریت کے چند اصولوں کا تذکرہ کریں؟

7۔ معیاری جمہوریت کے عوامل کیا کیا ہیں؟

III۔ مختصر جوابات لکھئے۔

1۔ بنیاد پرست جمہوریت میں ایم این رائے کے مقامی جمہوری ریاستوں پر ایک مختصر نوٹ لکھئے؟

2۔ پریٹو نظریہ میں ایلیسٹ ''عمادین'' کی حکمرانی'' کی خصوصیات بیان کیجئے؟

3۔ تکثیریت پر رابرٹ ڈہل کے نظریہ کی وضاحت کریں؟

4۔ جمہوری شراکت دار/شریک جمہوریت کے فوائد لکھیں؟

5۔ جمہوریت کے بارے میں بی آر امبیڈکر کے خیالات کو واضح کریں؟

iv۔ تفصیلی جوابات لکھئے۔

1۔ جمہوریت کے متعلق ایلیسٹ نظریہ کیا کہتا ہے، وضاحت کیجئے؟

2۔ سیاسی محاذ میں ہندوستانی جمہوریت کی کامیابیوں پر ایک مضمون لکھیں؟

3۔ اقتصادی محاذ میں ہندوستانی جموہریت کی کامیابیوں پر ایک مضمون لکھیں؟

11 pol sc unit 5 Set
Sunday, November 21, 2021 5:36:16 PM

Reference books حوالہ جات

1. Iain McLean and Alistart McMillan (2006),Oxford Concise Dictionary of Politics (Indian Edition), Oxford University Press, New Delhi.
2. SushilaRamaswamy(2005),Political Theory: Ideas and Concepts, MacMillan India Limited, New Delhi.
3. Andrew Heywood (2002), Politics (Second Edition), Palgrave Foundations, New York.
4. Joseph A. Schumpeter (1980), Capitalism, Socialism and Democracy,S.Chand and Company, New Delhi. (with introductory note by Tom Bottomore).
5. C.B.Macpherson (1977), Democratic Theory: Essays in Retrieval, Clarendon Press, Oxford, London.

ICT Corner آئی سی ٹی کارنر



DEMOCRACY جمہوریت

اس سرگرمی کے ذریعہ آپ کو حکومتی جمہوریت کے ممالک کا علم ہو جائے گا۔



جمہوری خاکہ :

طریقہ کار

مرحلہ 1 : جمہوری نقشہ کے صفحہ پر جانے کے لئے URL یا QR کوڈ کھولیں۔

مرحلہ 2 : سرگرمی شروع کرنے کے لئے ونڈو کے نیچے دیئے گئے فارورڈ بٹن پر کلک کریں

مرحلہ 3 : نچلے حصہ میں رنگین کوڈ کے ساتھ ایک علامت دی گئی ہے، یہ علامت ایسے ممالک کی نشاندہی کرے گی جہاں کی حکومتوں میں جمہوریت پائی جاتی ہے۔

CITIZENSHIP URL:

https://www.nobelprize.org/educational/peace/democracy_map/production/index.html

*Pictures are indicative

11 pol sc unit 5 Set
Sunday, November 21, 2021 5:36:16 PM

اکائی 6

حکومت کی شکلیں
Forms of Government

6.1 تعارف :
(Introduction)

حکومت ریاست کی ایک مرکزی ایجنسی ہے اس میں سیاسی اور انتظامی امور سے تعلق رکھنے والے متعدد ارکان ہوتے ہیں ۔ یہ ایک ایسا آلۂ کار ہے جس میں ریاست کی پالیسیوں کو عوامی فلاح و بہبودی کے لئے استعمال کیا جاتا ہے تاکہ اس پر عمل کیا جاسکے۔ یہ ریاستی ضرورتیں پورا کرتی ہے، مجلس عاملہ اور عدالتی آئین کے تحت یہ قانون تشکیل دیتی ہے۔ اس کے تحت تین ادارے کام کرتے ہیں جو یہ ہیں ۔ قانون سا ادارہ (Legislature) ، مجلس عاملہ (Executive) اور عدالتی ادارہ (Judiciary) ، حکومتوں کو وحدانی "Unitary" ، وفاقی "Federal" پارلیمانی Parliamentary اور صدارتی "Presidential" شکلوں کے تحت اس کی درجہ بندی کی جاتی ہے۔



سیکھنے کے مقاصد:

طلباء اس اکائی کو پڑھنے کے بعد اس قابل ہوسکیں گے :

- گورنمنٹ کا مفہوم جان سکیں گے
- حکومت کے مقاصد کو سمجھ سکیں گے
- حکومت کی مختلف قسموں کو معلوم کرسکیں گے
- انفرادی اور حکومتی تعلقات کو جان کر حکومت کی کارکردگی کا تنقیدی جائزہ لے سکیں گے

درج ذیل بیانات پر غور کریں :

a۔ جب آپ گورنمنٹ Government یہ اصطلاح سنتے ہیں تو آپ کیا محسوس کرتے ہیں۔



b۔ آپ اور آپ کے خاندان کا تعلق شہری حکومت سے کیسا ہے؟

c۔ کیا آپ روز مرہ زندگی میں حکومتی کردار کی نشاندہی کرسکتے ہیں۔

d۔ کیا آپ کو ایسا لگتا ہے کہ حکومت ایک ناگزیر قوت ہے اور شہری اس کے بغیر رہ نہیں سکتے۔

e۔ کیا آپ منتخب نمائندوں "Elected represen tatives" اور سرکاری ذمہ داروں "Appointed Bureaucrats" کے کردار میں فرق کرسکتے ہیں۔

f۔ چند سرکاری محکموں کا پتہ لگائیں۔ مرکزی حکومت ، ریاستی حکومت اور مقامی حکومت کے درمیانی فرق کو واضح کریں۔

g۔ آپ اپنے الفاظ میں حکومت کی تعریف بیان کرنے کی کوشش کریں۔

اقتباس :

کوئی بھی شخص ایسا پیشہ اختیار نہیں کرتا جسے وہ جانتا نہیں، یہاں تک کہ اخلاق سے گرا ہوا شخص بھی۔ سب سے مشکل پیشہ حکومت سنبھالنے کا ہے لیکن ہر شخص اپنے آپ کو اس کا اہل سمجھتا ہے۔ (سقراط)

11 Pol sc unit 6 Set
Sunday, November 21, 2021 7:06:22 PM

آپ جائزہ لیں اور توازن برقرار رکھیں (صدارتی شکلیں)

مجلس عاملہ کی شاخ (صدر قانون نافذ کرتا ہے) 	قانون سازی کمیٹی (شاخ) کا جائزہ لیں۔ دستور بنایا جاتا ہے قوانین کو ختم بھی کیا جاسکتا ہے۔ کانگریس اپنے خصوصی اجلاسات منعقد کرسکتے ہیں۔ اجلاسات طے کئے جاسکتے ہیں۔ غیر ملکی معاہدات پر مذاکرات ہوسکتے ہیں۔	عدلیہ کی قسم پر غور کریں۔ وفاقی ججوں کی تقرری یہ زیر حراست مجرموں کو عام معافی سے ہمکنار کرسکتا ہے۔
قانون ساز کمیٹی : کانگریس نے قوانین تشکیل کئے 	مجلس عاملہ (قسم) کا جائزہ صدر قوانین ختم کرسکتا ہے مجلس عاملہ رپورٹ تصدیق کرکے معاہدوں کی منظوری دیتی ہے۔ جنگ کا اعلان کرسکتی ہے۔ مناسب رقم صدر کا مؤاخذہ اسے عہدے سے معزول کیا جاسکتا ہے۔	عدلیہ کا جائزہ/جانچ پڑتال ادنیٰ وفاقی عدالتیں تشکیل کی جاسکتی ہیں ججوں کا تعین کیا جاسکتا ہے یا انہیں عہدوں سے ہٹایا جاسکتا ہے۔ عالتی امور میں منظم طریقہ سے ترمیم کی تجویز پیش کی جاسکتی ہے۔ وفاقی ججوں کی تقرری اور منظوری
عدالتی ادارہ (شاخ) سپریم کورٹ قوانین تشکیل دیتی ہے۔ 	مجلس عاملہ شاخ کا ایک جائزہ: مجلس عاملہ کاروائیوں کو غیر آئینی قرار دے سکتی ہے۔	دستور ساز کمیٹی کا جائزہ یا احتساب غیر آئینی امور کا اعلان کیا جاسکتا ہے۔

حکومتی اقدامات تک پہنچ : (Approaches to the Study of Government)

عصر حاضر میں ہم حکومت کا مختلف نظر سے مطالعہ کرسکتے ہیں تا کہ اس کی ارتقاء اور اس کی کارکردگیوں کو ہم سمجھ سکیں۔ حکومت کے مطالعہ کرنے کے طریقے یہ ہیں۔

1۔ تقابلی اور تاریخی نقطۂ نظر : (Comparative-Historical Approach)

قدیم و جدید دور کے مغربی سائنسدانوں نے یہ واضح کیا کہ یہ نقطہ نظر قدرتی ہے۔ ارسطو، مونسٹیک اور لوک نے حکومت کا ان دونوں حیثیتوں سے مطالعہ اور تجزیہ کرنے کے بعد اس نقطہ نظر کو اپنایا ہے۔ مثال کے طور پر "Monumental work politics" کتاب لکھنے سے پہلے ارسطو نے 158 آئینوں کا اس سلسلہ میں مطالعہ کیا ہے۔

مونٹیس نے برطانوی دستور کا مطالعہ کیا اور وہ اس نتیجہ پہنچا ہے کہ برطانوی دستور کا استحکام اختیارات کے تقسیمی اصول کو تسلیم کرنے ہی میں ہے۔

2۔ قانونی ادارہ جاتی نقطہ نظر: (Legal - Institutional Approach)

بینتھن، آسٹن اور ڈائس جیسے دانشوروں "Scholars" نے اس نقطہ نظر کو عملی شکل دی ہے، یہ نقطہ نظر سیاسی اداروں کو قانونی حیثیت دیتا ہے۔ انہوں نے ایسے نظریات تشکیل کئے ہیں جو حکومت اور قانون کے آپسی تعلقات اور ان میں باہمی ربط کی وضاحت کرتے ہیں۔ بینتھم انگلینڈ ایک ماہر قانونی مصلح ہے اور اسی طرح آسٹن نے ناقابل تقسیم، ناقابل تسخیر اور آزادانہ خودمختاری کو قانونی حیثیت دی ہے۔ اسی طرح اے ایف دیسی نے قانونی حیثیت سے اس کا تجزیہ کیا اور اسے حکومت کی مختلف شاخوں پر اطلاق کیا۔

3۔ سیاسی اقتصادیت کا نقطہ نظر : (Political Economic Approach)

یہ نقطہ نظر حکومت کے اقتصادی پہلوؤں کو تفصیل سے اجاگر کرتا ہے۔ اس میں مارکیٹ کا رول، پیداواری طریقے اور سماج تک ان اشیاء کو کیسے پہنچایا جائے اس طریقہ کار کو بھی اس میں واضح کیا گیا ہے۔ یہ نقطہ نظر آزاد سیاسی معیشت اور مارکسی سیاسی، اقتصادی نظریہ دونوں حیثیت سے درجہ بند کیا ہے۔

4۔ سیاسی عمرانیات کا نقطہ نظر : (Political Sociology Approach)

اس نقطہ نظر نے عمرانیاتی رسماجی اور بشریات کو مدنظر رکھتے

11 Pol sc unit 6 Set
Sunday, November 21, 2021 7:06:23 PM

ہوئے اپنے نظریات تشکیل دئے ہیں جنہیں سسٹم اپروچ بھی کہا جاتا ہے۔سیاسی سماجیات کا دعوی ہے کہ حکومت اور سیاسی نظام، سماجیات کا ایک ذیلی نظام ہے اور یہ اعلیٰ اور فرعی طریقہ کار کا مطالعہ کرتا ہے۔

مونسٹیک نے سہ فریقی تقسیم کی تجویز پیش کی ہے وہ یہ ہے۔ جمہوریت، بادشاہت اور آمرانہ حکومت۔

جمہوری حکومت : یعنی عوام کی حکومت

شاہی حکومت : اس قسم کی حکومت میں ایک ہی شخص حکومت کرتا ہے۔ طے شدہ قوانین اور مضبوط اصولوں کی روشنی میں یہ حکومت چلتے رہتی ہے۔

آمرانہ/استبدادی حکومت : (Monarchical Government)

اس میں اکیلا شخص ہی حکومت چلاتا ہے لیکن حکمرانی کے لئے کوئی اصول وضوابط نہیں ہوتے۔ ہر چیز اپنے مرضی کے مطابق چلتی ہے۔ مونسٹیک کے قول کے مطابق حکومت کی بقاء کا انحصار سماج پر ہوتا ہے۔

6.2 معنی، تعریف اور طبعی حکومت : (Meaning, Definition and Nature of Government)

حکومت سے مراد مجلس عاملہ ''Executive'' کے وہ ریاستیں فرائض ہیں جسے شہری، کمپنی، مذہبی، تعلیمی اور دوسرے امور سے متعلق قانون بنانے اور نافذ کرنے کا حق جسے حاصل ہے۔ حکومت کی اصطلاح ایک قدیم فرانسیسی لفظ "Governor" سے ماخوذ ہے جو لاطینی زبانی لفظ "gubernare" سے مشتق ہے جس کے معنی توجیہ، ہدایت، سیادت، رہنمائی اور حکومت کے آتے ہیں۔

حکومت کی سب سے قدیم شکل کون سی ہے؟

حکومتوں سے متعلق ارسطو کی درجہ بندی :



ارسطو نے آئین کا تجزیہ کرتے ہوئے اس کی درجہ بندی کے لئے دو معیاروں کی نشان دہی کی ہے۔



بادشاہت برطانوی حکومت کی سب سے پرانی شکل ہے۔راجا یا رانی حکومت کی سربراہی کرتی ہیں، برطانوی بادشاہت کو آئینی بادشاہت کہا جاتا ہے۔اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ ریاست کا خود مختار سربراہ ہوتا ہے اور اس کی سربراہی میں پارلیمنٹ ہی قانون تشکیل کرتا ہے اور اسے نافذ کرتا ہے۔

پہلا معیار :

ایسے لوگ جن کے پاس قوت و طاقت کی کوئی کمی نہیں چاہے وہ تعداد میں کم ہوں یا زیادہ۔ان کے نزدیک بادشاہت، عمائدین اور سیاست میں نمایاں فرق ہوتا ہے۔

دوسرا معیار :

حکومت مفادات حاصل کرنا چاہتی ہے چاہے عوامی مفادات ہوں ہو یا ذاتی مفادات۔ ناگوار شکلوں کی تین قسمیں یہ ہیں ظلم، سری حکومت اور جمہوریت۔

طاقت رکھنے والوں کی تعداد	مفادات عامہ کے تحت کام کرنا	ذاتی مفادات کے تحت کام کرنا
ایک	بادشاہت	ظلم
چند	عمائدین	سری حکومت
بہت	سیاست	بادشاہت یا جمہوریت

سرگرمی ACTIVITY

جنین کی پیدائش رحمل سے لے کر قبر پہونچنے تک افراد کی ہر سرگرمی کو ریاستی ایجنسیاں منظم طریقے سے کنٹرول کرتی ہیں۔

11 Pol sc unit 6 Set
Sunday, November 21, 2021 7:06:24 PM



بحث ومباحثہ DEBATE

مندرجۂ ذیل نکات کی روشنی میں موجودہ ہندوستانی نظام حکومت اور ارسطو کی حکومتی درجہ بندی کا موازنہ کرتے ہوئے بحث ومباحثہ کریں۔

1۔ ہماری حکومت چاہے عوامی مفاد کے لئے کام کرے یا ذاتی مفاد کے لئے۔

2۔ کیا ہماری جمہوری حکومت واقعتاً چند لوگوں کی مصلحت کی خاطر یا ذاتی مفادات کی نمائندگی کرتی ہے۔

6.3 وحدانی نظام حکومت :

(Unitary Form of Government)

حکومت کا وحدانی نظام ایک خودمختار اور اکیلے ادارے کی حیثیت سے سارا انتظام خود سنبھالتا ہے اس میں مکمل طور سے سارا اقتدار مرکزی حکومت کو حاصل ہوتا ہے اور باقی محکمے صرف ان اختیارات کا استعمال کرتے ہیں جو انہیں دئے جاتے ہیں۔ حکومت کا یکجہتی/وحدانی نظام میں سارے اختیارات مرکز کو حاصل ہوتے ہیں جیسے انگلینڈ، فرانس، جاپان اور سری لنکا اس کی مثالیں ہیں۔

تعریف : (Definition)

A.V.DICEY عام طور پر ایک اعلیٰ دستور ساز ادارہ ہے جو مرکزی طاقت کے تابع ہوتا ہے۔

GARNER : آئین صرف مرکزی ادارے ہی کو سارا اختیار دیتا ہے۔

C.F.STROG : ''حکومتی وحدانی نظام کی دو اہم خصوصیات ہیں۔ وہ یہ ہیں :

1) مرکزی حکومت کی بالادستی

2) ذیلی شعبوں میں محدود اختیارات

کیا آپ ان سرگرمیوں کی فہرست بنا سکتے ہیں جسے حکومت بچہ کی پیدائش سے لے کر موت تک سارے انتظام کرتی ہے۔

-1

-2

-3



حکومتی وحدانی نظام کی خوبیاں :

a) یہ چھوٹے ممالک کے لئے موزوں ہے۔

b) اقتدار اور ذمہ داری دونوں اختلافات کا سامنا نہیں کرتے۔

c) اس نظام میں فوری فیصلہ اور کاروائی کی جاسکتی ہے

d) اس میں اخراجات کم ہوتے ہیں۔

e) اس نظام کے تحت آئین میں ترمیم کی جاسکتی ہے۔

f) اس نظام میں، انتظامیہ اور پالیسی میں مساوات اور یکسانیت ہوتی ہے۔

وحدانی نظام حکومت کی خامیاں :

(De-Merits of Unitary form Government)

a) یہ بڑے ممالک کے لئے موزوں نہیں ہے۔

b) انتظامی امور میں تاخیر ہونے کی صورت میں اس نظام کے تحت ہمیں بہت سارے پیچیدہ مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔

11 Pol sc unit 6 Set
Sunday, November 21, 2021 7:06:24 PM

c) مرکزی حکومت، مقامی امور، مقامی مفادات اور اقدامات پر مکمل توجہ نہیں دے سکے گی۔

d) مرکزی حکومت کو حد سے زیادہ اختیارات اس نظام کے تحت حاصل ہوتے ہیں۔اس لئے وہ مطلق العنانیت یا استبداد کی راہ اختیار کرسکتی ہے۔

ہندوستانی دستور کی غیر جانبدارانہ خصوصیات : (Unitary Features of Indian Constitution)

i) مضبوط مرکز : (Strong Centre)

مرکز اختیارات کو اپنی مرضی سے بانٹتا ہے جو وفاقی حیثیت سے مناسب نہیں۔ اس لئے کہ سب سے پہلے یونین فہرست کے اعتبار سے اسے ریاست کی بہ نسبت زیادہ ذمہ داریاں ہوتی ہیں، دوسری بات یہ ہے کہ انتہائی اہم موضوعات کو یونین لسٹ میں شامل کیا جاتا ہے، تیسری بات یہ ہے کہ مرکز کو مشترکہ فہرست سے زیادہ اختیارات حاصل ہیں۔

ii) ریاستی علاقوں پر مرکزی حکومت کا کنٹرول : (Central Government control over state territory)

ہندوستان کی پارلیمنٹ اپنے یک طرفہ فیصلے سے علاقے، حدود یا کسی بھی ریاست کا نام تبدیل کرسکتی ہے۔

iii) ایک ہی دستور : (Single constitution)

ہندوستانی دستور میں مرکزی آئین کے ساتھ ساتھ ریاستی آئین بھی شامل ہیں۔مرکز اور ریاست دونوں کو ایک ہی فریم کے اندر کام کرنا چاہئے۔

iv) آئین کی لچکداری : (Flexibility of the Constitution)

آئین کے بیشتر حصوں کو پارلیمنٹ اپنی یک طرفہ کارروائی سے یا عام اکثریت یا خصوصی اکثریتی سے ترمیم کرسکتا ہے۔

v) ریاستوں کی غیر مساوی نمائندگی : (Unequal representation of states)

سیاسی اتحاد/وفاقی Fedration میں ریاستوں کو ایوان بالا کے حوالے سے مساوی نمائندگی دی جاتی ہے لیکن ہندوستان میں ریاستوں کو راجیہ سبھا کے حوالے سے مساوی نمائندگی نہیں ملتی۔

vi) ہنگامی یا حادثاتی دفعات: (Emergency Provisions)

کسی ہنگامی صورت حال میں مرکزی حکومت مزید طاقتور بن جاتی ہے اور ریاستیں اس کے دائرہ اختیار میں آجاتی ہیں۔ یہ آئین میں رسمی ترمیم کے بغیر وفاقی ڈھانچے کو وحدانی نظم میں تبدیل کردیتا ہے اس طرح کا تغیر دوسرے اداروں میں نہیں پایا جاتا۔

vii) اکہری شہریت : (Single Citizenship)

ہندوستان نے اکہری شہریت کا نظام اپنایا ہے۔ یہاں صرف ہندوستانی ہونے پر شہریت دی جاتی ہے اور کسی کو بھی ریاستی بنیاد پر اور ایک شہریت نہیں دی جاتی۔ تمام شہری خواہ وہ کسی بھی ریاست میں پیدا ہوئے ہوں یا رہائش پذیر ہوں انہیں ملک بھر میں ایک جیسے حقوق حاصل ہیں۔ دیگر وفاقی ریاستیں جیسے ریاست ہائے متحدہ، سوئزر لینڈ اور آسٹریلیا میں دوہری شہریت کا نظام ہے یعنی قومی شہریت کے ساتھ ساتھ ریاستی شہریت بھی انہیں حاصل ہے۔

viii) ایک مربوط عدالت : (Single integrated Judiciary)

اس کا مطلب یہ ہے کہ ہندوستان کی تمام عدالتیں نچلی عدالتوں سے لے کر ہندوستان کی سپریم کورٹ تک آپس میں بڑی حد تک مربوط ہیں۔ ہندوستان میں ہر ایک کو عدالتوں میں اپیل کرنے کا حق حاصل ہے۔

ix) آل انڈیا/ہندوستانی خدمات : (All India Services)

اس میں ہندوستانی خدمات چاہے وہ مرکزی ہو، ریاستی ہو یا شہری خدمات سبھی شامل ہیں۔ پورے ہندوستان میں مرکزی اور آل انڈیا خدمات یکساں طور پر انتظامی نظام اور اس کے عمل کو فروغ دیتے ہیں۔

x) گورنر کا انتخاب: (Appoinment of Governner)

کسی بھی ریاست میں گورنر کو منتخب نہیں کیا جاتا بلکہ صدر اسے مقرر کرتا ہے۔ وہ صدر کی صواب دید پر اپنا عہدہ سنبھالتا ہے۔ وہ ریاستی مجلس عاملہ کا صدر بھی ہوتا ہے اسے دستور سازی، خود مختاری اور ہنگامی صورت حال کے بھی اختیارات حاصل ہیں۔

11 Pol sc unit 6 Set
Sunday, November 21, 2021 7:06:25 PM

6.4 حکومت کی وفاقی شکل :
(Federal form of Government)

حکومت کے وفاقی اور وحدانی نظام (Unitary and Federal) میں ملکی اور علاقائی حکومتوں کے آپسی تعلقات کی خاطر درجہ بندی کی جاتی ہے۔ وفاقی حکومت تو ایک ہے لیکن اس کے اختیارات ملکی اور علاقائی حکومتوں میں ایک ہی دستور کے مطابق تقسیم کئے جاتے ہیں اور دونوں اپنے اپنے دائرہ اختیارات میں رہ کر آزادانہ طور پر کام کرتے ہیں۔ سوئزرلینڈ، آسٹریلیا، کینڈا، روس، برازیل، ارجنٹینا میں وفاقی حکومت ہے۔ وفاقی نظام میں قومی حکومت کو وفاقی، مرکزی یا یونین حکومت کہا جاتا ہے۔ علاقائی حکومت کو ریاستی یا صوبائی حکومت کے نام سے بھی یاد کیا جاتا ہے۔

ہندوستانی دستور میں وفاقی خصوصیات : (Federal Features of Indian Constitution)

a) دوہری حکومت : (Dual Government)

ہندوستانی دستور کے مطابق مرکز اور ریاستی حکومتوں کا الگ الگ انتظامیہ ہوتا ہے، ان میں سے ہر ایک کو آئین کے مطابق الگ الگ اختیارات حاصل ہوتے ہیں جنہیں وہ استعمال کرتے ہیں۔

a) تحریری آئین : (Written Constitution)

دستوری دفعات تحریر شدہ ہیں، پارلیمنٹ کی منظوری کے بغیر آسانی سے اس میں ترمیم نہیں کیا جاسکتا۔

a) اختیارات کی تقسیم : (Division of Power)

آئین نے اپنے ساتویں شیڈول میں مرکز اور ریاستوں کے باہمی تعلقات کو یونین، ریاست اور یکجہتی رہم آہنگی فہرست کے لحاظ سے تقسیم کیا ہے

a) آئین کی بالادستی: (Supremacy of the Constitution)

ہندوستان میں یہاں کے آئین کو ایک عظیم قانونی حیثیت حاصل ہے جسے مرکز نافذ کرتا ہے اور ساری ریاستیں اس کے دفعات کو تسلیم کرتی ہیں۔

b) محکم آئین (ایسا آئین جو غیر قابل تغیر ہو) (Rigid Constitution)

کوئی بھی حکمران جماعت آسانی سے آئین کو بدل نہیں سکتی الا اینکہ اس کے پاس ایوان میں 2/3 کی اکثریت ہو۔

c) آزاد عدلیہ : (Independent Judiciary)

عدالتی اداروں کا تعلق مجلس عاملہ اور قانون ساز کمیٹی سے ہوتا نہیں ہے ۔ عدلیہ فوری طور پر ریاستی سطح کے جائزوں، درخواستوں اور فیصلوں پر نظر ثانی کرتا ہے۔ یہ مجلس عاملہ اور قانون ساز اداروں سے منسلک ہوئے بغیر آزادانہ طور پر کام کرتا ہے۔

d) دوایوانوں کا نظام : (Bicameralism)

یہ دو قانون ساز ایوانوں پر مشتمل ہے ایک سپریم کورٹ (Upper Chamber) اور دوسرا پارلیمنٹ ایواں زیریں / پارلیمنٹ۔ ایوان زیریں کے پاس مالی قانون سازی کے اختیارات بھی ہوتے ہیں۔

حکومت کے وفاقی نظام کی خوبیاں :
(Merits of Federal form Government)

a) مقامی خود مختاری اور قومی یکجہتی کے درمیان میل ملاپ / مصالحت

b) مرکز اور ریاستوں کے مابین اختیارات کی تقسیم کا عمل انتظامی کارکردگی کا باعث بنتا ہے۔

c) یہ بڑی بڑی ریاستوں کو جنم دیتا ہے۔

d) اختیاراتی تقسیم مرکزی حکومت کے استبداد/ظلم وستم کو ظاہر کرتا ہے۔

e) یہ بڑے ممالک کے لئے موزوں ہے۔

f) یہ اقتصادی اور ثقافی ترقی کے لئے زیادہ موزوں ہے۔

g) حکومت کا وفاقی نظام درست نہیں ہے/عیب زدہ ہے۔

h) ایک وحدانی حکومت کے مقابلہ میں وفاقی حکومت کمزور ہوتی ہے۔

i) وفاقی حکومت بہت گراں (expensive) ہوتی ہے۔

11 Pol sc unit 6 Set
Sunday, November 21, 2021 7:06:25 PM

j) صوبائی رجحانات بہت پھیلے ہوئے ہیں/مشترکہ ہیں۔

k) انتظامیہ میں یکجہتی کا فقدان/کمی

l) قومی اتحاد کو خطرہ

m) مرکز اور ریاستوں کے مابین اختیارات کی تقسیم تنازعات کا سبب بن سکتے ہیں

n) دوہری شہریت

o) حالات اور ضرورتوں کے لحاظ سے بھی محکم آئین میں ترمیم نہیں کیا جاسکتا۔

p) ریاستیں حکومتیں بعض اوقات خارجہ پالیسی میں رکاوٹ کا سبب بنتی ہیں۔



وحدانی اور وفاقی حکومتوں میں فرق :

نمبر	حکومت کی وحدانی شکلیں Unitary Form of Government	حکومت کی وفاقی شکلیں Federal Form of Government
1۔	حکومت کی ایک سطح یا کسی مرکب کا جزء	حکومت کی دو سطحیں دگنی شہریت
2۔	عام طور پر اکہری شہریت	وفاقی اکائیاں (مرکزی حکومت)
3۔	ذیلی اکائیاں (units) کام نہیں کرسکتے	آزادانہ طور پر کام کرسکتی ہیں اختیارات کو بانٹنا
4۔	اختیارات بانٹے نہیں جاتے	مرکزی اقتدار حاصل نہیں
5۔	مرکزی اقتدار	

نمبر	ملک	پارلیمنٹ کا نام
1۔	اسرائیل	نیس سیٹ (Knesset)
2۔	جرمن	بنڈسٹیج
3۔	جاپان	ڈائیٹ
4۔	ناروے	اسٹورٹنگ
5۔	نیپال	راشٹریہ پنچایت
6۔	پاکستان	قومی اسمبلی
7۔	روس	دوما
8۔	امریکہ	کانگریس
9۔	ساؤتھ آفریقہ	پارلیمنٹ
10۔	سوئزرلینڈ	وفاقی اسمبلی

11 Pol sc unit 6 Set
Sunday, November 21, 2021 7:06:26 PM

خلاصہ

نمبر	قسم/زمرہ	نوعیت	ممالک
1۔	حکومت کی شکلیں	حکومتی صدارتی شکل	امریکہ
		حکومت کی پارلیمانی شکل	متحدہ سلطنت (UK) ہندوستان
		براہ راست جمہوریت	سوئزرلینڈ
		بالواسطہ جمہوریت	ہندوستان
		بادشاہت	مطلق بادشاہت۔ بحرین
			آئینی بادشاہت۔ جاپان
			دولت مشترکہ کے علاقے۔ آسٹریلیا
		آمرانہ	آمرانہ۔ ہٹلر کا جرمنی اور مسولینی اٹلی
2۔	مذہبی کردار	سیکولرزم	ہندوستان
		خدائی نظریہ	پاکستان، ایران، ویٹیکن ملک، نیپال
3۔	اختیارات کی تقسیم/علاقائی	یک ایوانی Unicameral	چین
		دو مجلسی حکومت Bicameral	متحدہ سلطنت، امریکہ۔ ہندوستان
4۔	خودمختار نظام	اکہرا خودمختار نظام	امریکہ
		دوہرا خودمختاری نظام	فرانس
5۔	عدلیہ کے اقسام	آزادانہ نظام	تمام جمہوری ممالک
		پابند/پرعزم	USSO یونین آف سوویت اشتراکی جمہوریت
6۔	آئین کی نوعیت	سخت اور تحریری	امریکہ
		لچکدار اور غیر تحریری	برطانیہ (UK)
		جزوی طور پر لچکدار اور سخت	ہندوستان
7۔	ریاست کی نوعیت اصلاحات اور مقاصد خیالات اور پالیسیاں	سرمایہ داری	
		کمیونزم/کمیونسٹ	شمالی کوریا، کیوبا، چین
		اشتراکیت	

11 Pol sc unit 6 Set
Sunday, November 21, 2021 7:06:26 PM

6.5 حکومت کی پارلیمانی شکل :
(Parliamentary form of Government)

مجلس عاملہ اور قانون ساز اداروں کے تحت جدید جمہوری حکومتوں کو پارلیمانی اور صدارتی زمرہ بندی کی گئی ہے۔ حکومت کا پارلیمانی نظام اپنی پالیسیاں اور کارروائیاں کرنے پر مجلس عاملہ اور



قانون ساز کمیٹی کے سامنے جواب دہ ہوتا ہے۔ دوسری طرف حکومت کا صدارتی نظام ایک ایسا نظام ہے جس میں مجلس عاملہ اپنی پالیسیوں اور اقدامات کے سبب دستور ساز کمیٹی کے روبرو جواب دہ نہیں ہے اور وہ اپنی منصبی مدت میں آئینی طور پر مسئولیت سے آزاد ہے۔

پارلیمانی حکومت کو کابینہ، بری الذمہ حکومت یا برطانوی پارلیمنٹ ماڈل ''ویسٹ منسٹر ماڈل'' Westminister Model کے طور پر جانا جاتا ہے اور یہ برطانیہ، جاپان، کینیڈا، ہندوستان اور دیگر ممالک میں رائج ہے۔

اوَر جینگس نے پارلیمانی نظام کو 'کابینہ نظام' سے تعبیر کیا ہے کیونکہ پارلیمانی نظام میں وزراء کی کونسل کو مرکزی حیثیت حاصل ہوتی ہے اور اسے ایک ذمہ دار حکومت بھی کہا جاتا ہے کیونکہ کابینہ اصل میں مجلس عاملہ کے تابع ہوتی ہے اور جب تک مؤخر الذکر کا وہ اعتماد حاصل کرتے رہتی ہے اپنے عہدے پر قائم رہ سکتی ہے۔

برطانوی حکومت میں پارلیمانی نظام جب سے شروع ہوا اسی وقت سے اسے ویسٹ منسٹر ماڈل Westminister Model قرار دیا گیا ہے۔ برطانوی آئین اور سیاسی ماہرین کے مطابق کابینہ میں وزیراعظم کو دونوں پارٹیاں اپنا سربراہ تسلیم کرتی ہیں، گویا حالیہ عرصہ میں وزراء کونسل نے وزیراعظم کی طاقت، اثر ورسوخ اور مقام میں ڈرامائی طور پر اضافہ ہوا ہے تاکہ برطانوی سیاسی نظام کا کردار ہمیشہ غالب رہے۔

پارلیمانی حکومت کی خصوصیات : (Features of Parliamentary from of Government)

فرضی اور حقیقی مجلس عاملہ :
(Nominal and Real Executives)

صدر مجلس عاملہ کا سربراہ ہوتا ہے لیکن قانونی حیثیت سے مجلس عاملہ کا اصل ذمہ ار وزیراعظم ہی ہے۔ اس طرح صدر ساری ریاستوں کا سربراہ ہوتا ہے اور وزیراعظم حکومت کا سربراہ ہوتا ہے۔

اکثریتی حکومت : (Majority Party Rule)

لوک سبھا میں زیادہ نشستیں حاصل کرنے والی سیاسی جماعت ہی حکومت بناتی ہے، صدر اسی پارٹی کے اعلیٰ رہنما کو وزیر اعظم مقرر کرتا ہے۔ صدر وزراء کا تقرر وزیراعظم کے اشاروں پر کرتا ہے۔ کسی ایک جماعت کو اکثریت نہ ملنے کی صورت میں دوسرے پارٹیوں کے اتحاد سے حکومت بنانے کی دعوت بھی صدر ہی دیتا ہے۔

اجتماعی ذمہ داریاں : (Collective Responsibility)

یہ پارلیمانی حکومت کا سب سے پہلا اصول ہے کہ اجتماعی طور پر وزراء پارلیمنٹ کے ذمہ دار ہوتے ہیں۔

دوہری رکنیت : (Double Membeship)

وزراء قانون سازی اور مجلس عاملہ دونوں اداروں کے ممبر ہوتے ہیں۔

وزیراعظم کی سربراہی یا قیادت :
(Leader ship of the Prime Minister)

وزیراعظم حکومتی نظام میں قائدانہ کردار ادا کرتا ہے۔ وہ وزراء کونسل، پارلیمنٹ اور حکمران پارٹی کا رہنما اور قائد ہوتا ہے،

11 Pol sc unit 6 Set
Sunday, November 21, 2021 7:06:26 PM

اپنے عہدہ کی بنیاد پر حکومتی امور میں انتہائی اہم کردار ادا کرتا ہے۔

پارلیمانی حکومت کی خصوصیات : (Merits of the Parliamentary Form of Government)

قانون ساز ادارہ اور مجلس عاملہ کے درمیان ہم آہنگی :

پارلیمانی نظام کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ وہ حکومت کے قانون ساز اداروں اور محکمہ انتظامیہ کے مابین ہم آہنگی اور مطابقت پیدا کرتا ہے۔مجلس عاملہ قانون سازی کا ایک جزء ہے ۔ اور دونوں کا تعلق ایک دوسرے سے بہت گہرا ہے ۔اس لئے دونوں کے درمیان اختلافات اور تنازعات دیکھنے میں نہیں آتے۔

ذمہ دار حکومت : (Responsible Government)

پارلیمانی نظام حکومت اپنی ذمہ داری بہتر طریقہ سے ادا کرتی ہے اور اس میں کسی قسم کی غفلت یا لاپرواہی نہیں برتی جاتی۔ اور پارلیمنٹ مختلف طریقہ سے اپنے وزراء کو اپنے کنٹرول میں رکھتی ہے جیسے سوالات کے ذریعہ، بحث ومباحثہ، تحریک التواء، عدم اعتماد کی تحریک وغیرہ۔

آمریت کا انسداد : (Prevents Despotism)

اس نظام کو مجلس عاملہ کے عظیم المرتبت افراد پر مبنی ایک گروپ وزراء کی کونسل) کے سپرد کیا جاتا ہے نہ کہ کسی ملک کے فرد کو، یہ قوتی اقتدار مجلس عاملہ کے آمرانہ رجحانات کی جانچ پڑتال کرتی ہے مزید یہ کہ مجلس عاملہ پارلیمنٹ کو جواب دینا پڑتا ہے اور عدم اعتماد کی تحریک کی ذریعہ اسے برخواست بھی کیا جاسکتا ہے۔

وسیع نمائندگی : (Wide Representation)

پارلیمانی نظام میں حکومت تمام ریاستوں اور حصوں کی نمائندگی کی جاسکتی ہے۔ جب وزیراعظم اپنے وزراء کا انتخاب کرتا ہے تو ان تمام حقائق پر غور کرتا ہے۔

پارلیمانی نظام کے نقائص رخامیاں : (Demerits of the Parliamentary Form of Government)

غیر مستحکم حکومت : (Unstable Government)

پارلیمانی نظام مستحکم حکومت مہیا نہیں کرتی اس کی کوئی ضمانت نہیں کہ حکومت ہمیشہ باقی رہے گی۔حکومت کی بقاء، وزراء کا اپنے عہدوں پر برقرار رہنا اراکینِ اسمبلی کی اکثریت پر منحصر ہوتا ہے۔عدم اعتماد کی تحریک، سیاسی اختلافات یا اکثریتی اراکین میں اختلافات حکومت کو غیر مستحکم کر سکتے ہیں۔

پالیسیوں کا عدم تسلسل:(No Continuity of Policies)

حکومتی میعاد کی غیر یقینی صورت حال کے پیش نظر پارلیمانی نظام طویل المیعاد پالیسیاں نہ تو مرتب کرتا ہے اور نہ ہی اسے نافذ کرتا ہے ۔عام طور پر حکمران پارٹی کے بدل جانے پر پالیسیاں میں بھی تبدیلی آجاتی ہے۔

کابینہ کی حکومت : (Dictatorship of the Cabinet)

حکمران جماعت پارلیمنٹ میں جب اکثریت حاصل کرلیتی ہے تو اس کی کابینہ خودمختار بن جاتی ہے اور اپنے لامحدود اختیارات کو استعمال کرتی ہے۔

ہیرولڈ جے لاسکی کا کہنا ہے کہ پارلیمانی نظام مجلس عاملہ کو ظلم وبربریت کا موقع فراہم کرتا ہے۔

سابق برطانوی وزیراعظم رامسے مارنے بھی کابینہ کی مطلق العنانی کی شکایت کی تھی۔

اختیارات کے تقسیم کے خلاف :

پارلیمانی نظام میں قانون ساز اور مجلس عاملہ اپنے دائرہ اختیارات الگ الگ رکھتے ہیں لیکن اس کے باوجود بھی وہ ایک دوسرے کے لئے لازم وملزوم ہیں۔کابینہ دستور سازی کے ساتھ ساتھ مجلس عاملہ کی حیثیت سے بھی کام کرتی ہے، لہذا حکومت میں اختیارات کی تقسیم الگ الگ ہوتی ہے جو عین اصولوں کے خلاف ہے۔

11 Pol sc unit 6 Set
Sunday, November 21, 2021 7:06:27 PM



ہندوستانی آئین کو پامال کرنے والوں نے پارلیمانی طرز حکومت کو کیوں اپنایا؟

1۔ نظام سے واقفیت

2۔ ذمہ داری کو ترجیح دینا رمزید مسئوولیت کا احساس

3۔ قانون سازی اور محکمہ انتظامیہ (مجلس عاملہ) کے درمیانی اختلافات سے بچے رہنا۔

4۔ ہندوستانی معاشرہ کی نوعیت۔ ہندوستان دنیا کے ایک متنوع اور کثیر الجہتی معاشروں میں سے ایک ہے۔ لہذا آئین سازوں نے پارلیمانی نظام کو اس لئے اختیار کیا تا کہ حکومتی علاقوں میں مختلف طبقات کے مفادات کا خیال کرتے ہوئے انہیں مناسب نمائندگی دی جاسکے۔ اس سے لوگوں میں حب الوطنی کو تقویت ملے گی اور ہندوستان ایک ذمہ دار ملک بن سکے گا۔

6.6 حکومت کی صدارتی شکل/نظام : (Presidential form of Government)

حکومت کے صدارتی نظام کو غیر ذمہ دارانہ، غیر پارلیمانی حکومت کا مقرر کردہ انتظامی طریقہ کار بھی کہا جاتا ہے جو اختیارات کی تقسیم کے اصول پر وضع کیا گیا ہے اور یہ نظام ریاست ہائے متحدہ، امریکہ، برازیل، روس، سری لنکا اور دیگر ملکوں میں پایا جاتا ہے۔

حکومتی صدارتی نظام کی خصوصیتیں : (Features of Presidential form of Government)

امریکی صدر، ریاست اور حکومت دونوں کا سربراہ ہوتا ہے۔ ریاست کے سربراہ کی حیثیت سے وہ ایک رسمی عہدہ پر فائز ہوتا ہے۔ حکومت کے سربراہ کی حیثیت سے وہ محکمہ انتظامیہ (مجلس عاملہ) کا قائد ہوتا ہے۔ منتخب پارٹی صدر کو چار سال کے لئے مقرر کرتی ہے، اسے کانگریس کے ذریعہ ہٹایا نہیں جاسکتا سوائے اس کے کہ اس پر سنگین مقدمہ ہو، صدر کابینہ یا چھوٹے ادارے کے توسط سے حکمرانی کرتا ہے جسے باورچی خانہ کا کابینہ (بااثر غیر سرکاری افراد) "Kitchen cabinet" کہا جاتا ہے۔ اصل میں یہ ایک مشاورتی ادارہ ہے جو غیر منتخب شعبہ جاتی سکریٹریوں پر مشتمل ہوتا ہے جو اس کے ذریعہ منتخب اور مقرر ہوتے ہیں اور یہ صرف اس کے ذمہ دار ہیں اور اسے کسی بھی وقت برطرف کیا جاسکتا ہے۔

11 Pol sc unit 6 Set
Sunday, November 21, 2021 7:06:27 PM

صدر اور اس کے سکریٹری (وزراء) خود کارروائیاں کرتے ہیں نہ کہ کونسل کے کہنے پر۔ وہ نہ تو کانگریس کے ارکان ہیں اور نہ ہی اس کے اجلاسوں میں شرکت کرتے ہیں ۔ صدر ایوان نمائندگان کو تحلیل نہیں کرسکتا۔

پارلیمانی طرز حکومت اور صدر کی طرز حکومت کے درمیان فرق :

نمبر	صدر کی طرز حکومت	پارلیمانی طرز حکومت
1۔	صدر کو براہ راست عوام منتخب کرتے ہیں	وزیر اعظم اکثریتی پارٹی کا رہنما ہوتا ہے
2۔	صدر حاکم اعلیٰ اور خودمختار ہوتا ہے۔	مرکزی قانون سازی کمیٹی ہی سب سے اعلیٰ ہوتی ہے
3۔	اختیارات کی تقسیم	اختیارات کی تقسیم نہیں
4۔	آزاد صوبے	کلی طور پر کام کرنے والے ادارے
5۔	صدر ریاست کا سربراہ ہوتا ہے	صدر ریاست کا سربراہ ہوتا ہے
6۔	صدر حکومت کا سربراہ ہوتا ہے	صدر حکومت کا سربراہ ہوتا ہے
7۔	اختیارات کی تقسیم	مرکزیت
8۔	اختیارات کی تقسیم	آزاد ادارے اور کلی طور پر انجام دینے والے افعال
9۔	انفرادی قیادت	اجتماعی قیادت
10۔	صدر کانگریس کا جواب دہ نہیں	انفرادی اور اجتماعی ذمہ داریاں

نظریۂ تقسیم اختیارات امریکہ صدارتی نظام کی اساس ہے۔ حکومت کے قانون ساز ادارے، انتظامیہ (مجلس عاملہ) اور عدالتیں یہ سب الگ الگ اختیارات رکھتے ہیں جو حکومت کی تین ذیلی شاخیں ہیں۔

عالمی بینک ۔ عالمی ترقی رپورٹ 1997 ۔ دنیا کی بدلتی ہوئی ایک ریاست۔

"World bank-World Development Report 1997 : The State in a Changing world"

اس رپورٹ نے ریاستی کردار اور اس کے ہونے والے اثرات سے آگاہ کیا ہے۔ اسے کیا کرنا چاہئے اور کیسے کرنا چاہئے۔ تیزی سے بدلتی ہوئی دنیا میں اسے کس طرح بہتر بنایا جاسکتا ہے، مخلوط اور مرکزی منصوبہ بند اقتصادی حکومتیں، ریاست میں بے جا مداخلت سے مارکیٹ میں اپنا اثر کھو رہی ہیں۔

اس رپورٹ نے ایک منفی موقف اختیار کیا ہے وہ یہ ہے کہ ادارہ جاتی ماحول جس پر اقتصادیات کا دارومدار ہے وہ لین دین اور تبادلہ کے لئے قانونی حیثیت چاہتی ہے تاکہ حکومت زیادہ سے زیادہ ترقی کرسکے، اور ایک موثر حکومت کی ضرورت ہے جو نجی کمپنیوں اور افراد کی سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی کرکے انہیں سہولیت مہیا کرے۔

رپورٹ میں ریاستی اقدامات کی بنیادی حکمت عملی پیش کی گئی ہے ۔ سب سے پہلی چیز ریاست کو چاہئے کہ وہ اپنی سرگرمیوں کو بہتر بنانے کے لئے عوامی اداروں کو بحال کرے۔ اس رپورٹ کے مطابق حکوت کو یہ بھی چاہئے کہ وہ سرکاری مشن کے طور پر پانچ بنیادی کام کرے جس کے بغیر پائیدار اور مشترکہ ترقی نہیں ہوسکتی اور نہ ہی غربت میں کمی آسکتی ہے۔

11 Pol sc unit 6 Set
Sunday, November 21, 2021 7:06:28 PM

وہ یہ ہیں۔

1۔ قانونی معیار کو قائم کرنا

2۔ اقتصادی استحکام کو برقرار رکھنا

3۔ بنیادی سماجی خدمات اور منصوبہ بند سرمایہ کاری کرنا۔

4۔ کمزوروں کے تحفظ کا خیال کرنا۔

5۔ ماحولیاتی تحفظ

6.7 حکومت کا انتظامی پہلو :

(The Concept of Governance from Government to Governance)

گڈ گورنس (Good Governance) ایک مبہم اصطلاح ہے جو بین الاقوامی اور مرکزی حیثیت سے عالمی ترقی کے لئے استعمال کی جاتی ہے تا کہ عوامی ادارے اپنے امور کے نظم ونسق اور وسائل کا انتظام بہتر طور پر کر سکیں۔ گڈ گورنس قرار دات بناتی ہے اور اس پر عمل درآمد بھی کرتی ہے۔ گورنمنٹ (Government) اور گورنس (Governance) یہ دونوں مترادف الفاظ ہیں، دونوں میں کسی تنظیم، ادارے یا ریاست کے اختیارات کی ترجمانی ہوتی ہے۔ حکومت اور حکمرانی کو درجہ ذیل جہتوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

a۔ گورننگ ایکٹ کے تحت کون کون سی سرگرمیاں رونما ہوتی ہیں۔

b گورننس کے تحت کون کون سے شعبے آتے ہیں

c۔ کس عمل نے اس وضاحت کو ضروری قرار دیا ہے؟

d۔ اچھی حکمرانی کا اندازہ لگانے کے لئے کون کون سے معیارات استعمال کئے جاتے ہیں۔

e۔ اس کے حصول کے لئے کون سی صلاحیتیں درکار ہیں۔

اچھی حکمرانی (Good Governance) کسی سیاسی، اقتصادی اور انتظامی اوامر کے نظم ونسق کا ایک طریقۂ کار ہے۔ وہ اچھے اور برے تمام طریقوں کو اپناتی ہے تا کہ سماج میں عوامی وسائل اور ذرائع کے نظم ونسق کو بہتر انداز میں تقسیم کر سکے۔

حکمرانی وہ طریقہ کار ہے جس کے تحت ملک کی ترقی کے لئے سماجی واقتصادی نظام میں طاقت کا استعمال کیا جاتا ہے (ADB, 2000)۔ یہ صرف نئے ادارے ہی تشکیل نہیں کرتی بلکہ قدیم اداروں کی بھی تزئین وآرائش کر کے ریاست کو مضبوط بناتی ہے۔ اسے ہمیشہ یہ بات ذہن میں رکھنا چاہئے کہ اس کی پانچ سالہ مدت گزرنے کے بعد اسے پھر آنا ہے اس لئے وہ چوکس رہ کر اپنی کارکردگی اور احتساب کا ہمیشہ جائزہ لے۔

سماجی زندگی میں شراکت داری :

(Partnership with Society)

طرز حکمرانی کے تحت حکومت کی منتقلی میں سماجی زندگی کا کردار بہت اہم ہوتا ہے اس میں دو طرح کے کردار ہوتے ہیں

a) سماجی تحریکیں

b) غیر سرکاری تنظیمیں

سماجی تحریکیں اپنے اثر ورسوخ کا استعمال کرتے ہوئے غریب اور پسماندہ طبقوں کے لئے کام کرتی ہیں تا کہ اداروں، قوانین اور نظام میں تبدیلی لا کر ان کی ضرورتوں کا خیال رکھ سکیں۔ اس سلسلے میں این جی اوس (NGO'S) نے متنوع کردار ادا کیا ہے جن میں سرکاری پروگراموں پر عمل درآمد بھی شامل ہے۔ سیاسی عمل اور عوامی خدمت کی بحالی کے لئے سماجی تحریکوں اور غیر سرکاری تنظیموں نے نئی نئی جگہوں پر بھی قبضہ کر لیا ہے۔



Activity سرگرمی

عالمی تناظر میں کارٹون کیپ کے متعلق سوچنا

11 Pol sc unit 6 Set
Sunday, November 21, 2021 7:06:28 PM



کوپین ہیگن اور ماحولیاتی تبدیلی پر اجلاس

بتاریخ P.8 / 9.12.2009 /اور P.10 /18.12.2009

197 ممالک AC گرین ہاؤس گیسوں کی تیاری پر متفق ہیں۔ قانونی طور پر معاملات کی پابندی کرتے ہوئے عالمی حرارت اور آب وہوا کی تبدیلی کی خاطر گیس کا استعمال کم کرنا چاہئے جو CO_2 سے بھی 1000 گنا بدتر ہے۔

3۔ ریاستی گروپ : (Group of Nations)

امریکہ سمیت ترقی یافتہ ممالک کو 2011-2013 سے لے کر 2019 تک ایچ ایف سی کے استعمال کو 10 فی صد اور 2036 تک 85 فی صد کم کرنا ہوگا۔

چین افریقہ سمیت ترقی پذیر ممالک کا دوسرا گروپ 2024 تک جو ترقی کے مراحل عبور کرنا چاہتے ہیں انہیں چاہئے کہ 2020-2022 تک 10 فی صد اور 2045 تک 80 فی صد کم کرلیں۔

ترقی پذیر ممالک کا ایک تیسرا گروپ جس میں ہندوستان، پاکستان، ایران، عراق اور خلیجی ممالک شامل ہیں انہیں یہ عمل 2028 تک اسے شروع کرنا چاہئے اور 2024-2026 کی سطح سے 2032 تک 10% اور 2047 تک 85 فی صد کم کرنا چاہئے۔

(KIGALI (RWANDA

عالمی حرارت اور آب وہوا کی تبدیلی "Global warming" کو روکنے کے لئے ایک اہم اقدام کے تحت ہفتہ کے دن 200 ممالک کے مندوب پہنچ گئے ۔ فرج (Refrigerators) اور ایئر کنڈیشنز بادگراں آلہ اس میں استعمال ہونے والی مضبوط گرین ہاؤس گیسوں کو نکالنے کے لئے معاہدہ کیا ۔ اوزون پرت کے تحفظ میں 1987 میں مونٹر یال پروٹول ترمیم کے تحت مالدار ممالک کو چاہئے کہ وہ ترقی یافتہ ممالک کے مقابلہ میں جلد از جلد کارروائی کریں۔ سبھوں نے اس معاہدہ کا خیر مقدم کیا اور مندوبوں کی تعریف کی جو راؤنڈا کی دارالحکومت کیگلے میں رات بھر مشغول رہے تاکہ HCFs کی پیداوار اور کھپت کو فروغ دینے والے معاہدیے کو حتمی شکل دے سکیں۔

لیکن کچھ نمائندوں نے اس بات کا افسوس کیا کہ ہندوستان، پاکستان اور خلیجی ممالک نے بعد میں اسے منتقل Shift، transition کرنے کا ارادہ کیا ہے ۔ بحرالکاہل کے ایک جزیرہ مارشل کے مندوب نے کہا کہ جزائر ایسا نہیں چاہتا ہے لیکن اسے ایک اچھا تسلیم کرتا ہے اور اس کا یہ بھی ماننا ہے کہ 2015 کی ایک تحقیق کے مطابق ایچ سی ایف کے خاتمہ سے 2100 تک عالمی درجہ حرارت میں 0.5 ڈگری کی کمی ہوسکتی ہے۔

تاہم ایچ ایف سی کی جگہ امونیا، پانی گیسوں جیسے ہائڈروفلورو لفنز کا متبادل پیش کرنے سے ہندوستان جیسے ترقی پذیر ممالک کو یہ مہنگا ثابت ہوسکتا ہے۔ ہندوستانی ماحولیاتی اور موسمیاتی تبدیلی کے ایک وزیر نارائن نے کہا ہے کہ معاہدے کے اعلان سے پہلے، اس کی لاگت، ٹکنالوجی مسائل، مالی معاملات پر غور کرنا چاہئے ، ہمیں اس بات پر زور دینا چاہئے کہ کوئی بھی معاہدہ لچکدار ہو نہ کہ ایک طرفہ پر مبنی ہو۔

11 Pol sc unit 6 Set
Sunday, November 21, 2021 7:06:29 PM

ایچ ایف سی HFCs کے پیش رووں نے سی ایف سی کلوروفلورا کاربن کو مونٹریال پروٹوکول کے تحت اسے بند کر دیا جب سائنسدانوں نے محسوس کیا کہ و ہ اوزون کی تہہ کو تباہ کر رہے ہیں لیکن یہ بات سامنے آئی ہے کہ یہ اوزون کے لئے محفوظ ہے اور کاربن ڈائی آکسائیڈ حرارت کے مقابلہ میں مرکزی گرین ہاؤس گیس ہزاروں گنا خراب ہے۔

دی نیو انڈین ایکسپرس 16.10.2016

عالمی تناظر سے سوچئے:

عالمی تناظر آپ کو اپنے اور اپنے کنبے سے ماورا سوچنے پر مجبور کرتا ہے، آپ کا اسکول، برادری، گاؤں، ضلع، ریاست، اور ملک جہاں آپ رہتے ہیں اور جن کے تعلق سے خبریں آرہی ہیں وہ عالمی نوعیت کے ہوتی ہیں۔ مثال کے طور پر ماحولیاتی مسائل۔

عام طور عالمی مسائل کو عالمی حیثیت ہی سے حل کیا جاتا ہے۔ انہیں مقامی طور پر حل نہیں کیا جاسکتا، البتہ اس کے حل کے لئے مقامی تدابیر اختیار کی جاسکتی ہیں اور مقامی طور پر گلیوں کے کھیل، نمائش، انسانی لڑیاں، یا پوسٹر مہم کے ذریعہ شعور پیدا کیا جاسکتا ہے۔

اچھی حکمرانی کی خصوصیتیں :

1۔ شراکت داری :

تمام مردوں اور خواتین کی فیصلہ سازی کے عمل میں ایک ہی آواز ہونی چاہئے چاہے براہ راست ہو یا صلح پسند اداروں کے ذریعہ، جو ان کے مفادات کی نمائندگی کرتے ہیں۔ اس طرح وسیع پیمانے پر تنظیموں کو آزدی دینا اور آزادانہ طور پر رائے پیش کرنا، شراکت داری کے عمل کو آگے بڑھاتا ہے۔

ii) قانون کی بالادستی : (Rule of Law)

قانونی فریم ورک خاص طور پر انسانی حقوق پر مبنی قوانین کو منصفانہ اور غیر جانبدارانہ طریقہ سے قابل عمل بناتا ہے۔

iii) شفافیت : (Transparency)

معلومات صاف و شفاف ہونے چاہئے تاکہ ہم ادارہ جات اطلاعاتی امور اور طریقہ کار تک براہ راست پہنچ کر ان کی نگرانی کرسکیں۔

iv) ردعمل : (Responsiveness)

ادارے اور تنظیمیں (عمل) تمام متعلقین کی خدمت کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

v) پالیسی اور طریقہ کار : (Consensus orientation)

پالیسیوں اور طریقہ کار کی روشنی میں گروپ کے بہترین مفادات کے حصول کے لئے گڈ گورنس سب کے لئے ثالثی کردار ادا کرتی ہے۔

vi) مساوات : (Equity)

سبھی مرد و خواتین کے لئے سارے مواقع دستیاب ہیں تاکہ وہ اپنی فلاح و بہبودی کو بہتر بنا سکیں یا ان کی نگرانی کرسکیں۔

vii) تاثیر اور کارکردگی :
(Effectiveness and Efficiency)

کارکردگیاں اور ادارے وسائل کا بہتر استعمال کر کے ضرورتوں کو پورا کرتے ہیں۔

viii) محاسبہ یا جواب دہی : (Accountability)

حکومت، اس کے نجی شعبے اور سول سائٹی کی تنظیمیں عوام اور ان کے ادارہ جاتی متعلقین کو جواب دینا پڑتا ہے اور یہ محاسبہ ان

11 Pol sc unit 6 Set
Sunday, November 21, 2021 7:06:30 PM

کے اندورنی یا بیرونی عوامل پر منحصر ہوتا ہے۔

ix) منصوبہ بندی/حکمت عملیاں : (Strategic Vision)

قائدین اور عوام گڈ گورنس اور انسانی ترقی کے بارے میں ایک وسیع اور دیرینہ نقطہ نظر رکھتے ہیں، انہیں اس بات کا بھی احساس ہے کہ اس طرح کی ترقی کے لئے کس چیز کی ضرورت ہے۔ سماجی، تاریخی اور ان کے علاوہ دوسری پیچیدگیاں بھی ہیں جن کی حقیقت کو جانتے ہوئے اس نقطہ نظر کو بنیاد بنایا گیا ہے۔

ماخوذ (1997) UNDP۔ پائیدار انسانی ترقی کے لئے حکمرانی۔ اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام

6.8 کسی حکومت کی کارکردگی کا اندازہ کیسے لگائیں : (How to evaluate the performance of Government)

کسی ایک عنصر کا تجزیہ کرتے ہوئے حکومتی کارکردگی کا اندازہ لگانا مشکل ہے۔ اصل تشخیص سماجی، ثقافتی، سیاسی، اقتصادی ماحولیاتی اور دیگر عوامل پر غور وخوض کرنے کے بعد ہی کی جاتی ہے۔ کسی بھی حکومت کی کارکردگی کا اندازہ لگانے کے لئے درج ذیل امور پر غور کرنا چاہئے۔

سماجی ثقافتی عوامل :

- صنفی مساوات فہرست
- مذہبی آزدی
- ذات پات کی بنیاد پر مساوات
- مذہبی اور لسانی اقلیتی حقوق کا تحفظ
- صنفی بجٹ

سیاسی عوامل

- جمہوریت کے مؤثر افعال
- آزادانہ اور منصفانہ انتخابات
- بدعنوانی سے پاک سیاست اور اس کی انتظامیہ
- انتظامیہ میں شفافیت
- آزاد چھاپہ خانے/اخبارات
- آزاد عدلیہ
- انسانی حقوق

اقتصادی عوامل :

- انسانی ترقیاتی فہرست (HDI)
- مجموعی گھریلو مصنوعات (GDP)
- قوت خرید میں برابری (PPP)
- نشوونما بمقابلہ ترقی
- دولت کی مساویانہ تقسیم

ماحولیاتی عوامل :

- پائیدار ترقیاتی اہداف
- موسمیاتی تبدیلی کے لئے نیشنل ایکشن پلان (MAPC)
- آفات کی روک تھام

کسی آبادی کی اجتماعی خوشیاں : (Gross National Happiness (GNH))

مجموعی قومی خوشیاں ایک ترقی پذیر فلسفہ کے ساتھ ساتھ ایک انڈیکس بھی ہے جو کسی خاص قوم کی اجتماعی خوشی کی پیائش کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ بھوٹان کے آئین سے ہمیں اس قسم کے تصور کا پتہ چلتا ہے، جنہوں نے ماحولیاتی اہداف کے حصول کے لئے بجٹ کی پالیسی سازی میں آلات کا استعمال کرتے ہوئے 8 جولائی 2008 کو اسے نافذ کیا تھا۔

''مجموعی قومی خوشیاں'' کی اصطلاح بھوٹان کے چوتھے بادشاہ جگمے سنگے وانگ چک نے 1970ء میں وضع کی تھی۔ GNH کے مرکزی اہداف یہ ہیں۔

پائیدار مساوی سماجی اقتصادی ترقی، ماحولیات، ثقافت کا تحفظ اور ان کا فروغ، اچھی حکمرانی۔ GNH کے اہداف میں سے ایک اجتماعی خوشی کی قدر کرنا ہے، اسے قدرتی اور روایتی اقدار کے ساتھ ہم آہنگ کرنا بھی ہے۔

11 Pol sc unit 6 Set
Sunday, November 21, 2021 7:06:30 PM

سرگرمی : Activity

نیچے دیے گئے حالیہ شائع شدہ خبروں پر تبادلۂ خیال کریں :

- انسانی ترقیاتی فہرست
- بین الاقوامی سطحیں
- بھارتی اقتصادی سروے
- بجٹ۔گرین بجٹ، صنفی بجٹ
- صنفی تناسب فہرست
- مندرجۂ ذیل اداروں کی سالانہ رپورٹیں
  - NHRC انسانی حقوق برائے قومی کمیشن
  - این این سی سی نیشنل کمیشن برائے شیڈول ذات
  - اس سی ایس کی نیشنل کمیشن برائے شیڈول ٹرائب
  - NCW قومی کمیشن برائے خواتین
  - قومی کمیشن برائے تحفظ اطفال

اچھی حکمرانی
Good Government

ہم آہنگی/اتفاق پر مبنی
اثر انگیز اور اثر پذیر
اصولی قانون کی پیروی کریں
قابل اور مخصوص

محاسبہ
ذمہ دار

شراکت دار
نقل وحمل

فرہنگ الفاظ :Glossary

عمائدین : (Aristocracy)
اعلیٰ طبقہ کی حکمرانی

جائزہ لے کر موازنہ کریں : (Checks and Balances)
حکومتی نظام کا ایک اصول جہاں حکومت کے ہر ذیلی شعبے دوسروں کے اقدامات کا جائزہ لے سکتے ہیں۔ یہی حقیقی اور سچا تصور ہے جو USA میں رائج ہے۔

آپس میں ملی جلی قوتیں : (Concurrent powers)
قومی ریاستی حکومتوں کے مشترکہ اختیارات۔

اتحادی نظام : (Confederal System)
آزاد ریاستوں کی انجمن جسے لازمی طور پر خودمختاری حاصل ہے۔ اس طرح لیگ کے ذریعہ قائم کی گئی ریاستوں کو مرکزی حکومت نے چند محدود اختیارات دیے ہیں۔

عوامی جمہوریت : (Democratic Republic)
ایک ایسی جمہوریت جس میں عوام کے نمائندے قوانین اور پالیسیاں مرتب کر کے اسے نافذ کرتے ہیں۔

انحراف : (Devolution)
ریاستی یا مقامی حکومتوں کے لئے مرکزی حکومت کی طرف سے اختیارات کی منتقلی، برطانیہ میں اس طرح بیسویں صدی کے اواخر میں ہوا تھا۔

براہ راست جمہوریت : (Direct Democracy)
بلاواسطہ کی جمہوریت۔ یہ ایسا نظام ہے جس میں سیاسی فیصلے عوام کے منتخب نمائندوں کے بجائے براہ راست کئے جاتے ہیں۔

وفاقی : (Federalism)
ایسا سیاسی نظام جس میں مرکزی حکومت اور ریاستی و علاقائی حکومت کے درمیان قوت اقتدار کا اشتراک ہوتا ہے۔

11 Pol sc unit 6 Set
Sunday, November 21, 2021 7:06:30 PM

آزاد جمہوریت : (Liberal Democracy)

جمہوریت فرد کے حقوق کی تحفظ کرتی ہے تا کہ اکثریت اقلیت پر ظلم نہ کر سکے۔

آزاد خیالی : (Liberalism)

لوگوں کی فلاح و بہبودی، شہری حقوق کی حمایت سماجی اوور سیاسی تبدیلی کے پیش نظر رواداری بہتر بنانے کے لئے حکومت کی مثبت کارروائی۔

محدود حکومت : (Limited Government)

ایسی حکومت جس کے اختیارات محدو ہوں، خاص طور پر ادارہ جاتی جائزہ کے لئے۔

صدارتی نظام : (Presidential System)

ایک نمائندہ جمہوریت جہاں کا سیاسی اقتدار ملکی حکومت کے منتخب اور مقرر کردہ شعبوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ یہ نظام ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں پایا جاتا ہے۔

نمائندہ جمہوریت (Representatvie Democracy)

یہ حکومت کی ایک شکل ہے جس میں قوانین اور پالیسیاں تشکیل دینے اور انہیں نافذ کرنے کے لئے نمائندوں کا انتخاب کیا جاتا ہے۔ سیاسی فیصلے عوام کے منتخب کردہ نمائندہ ہی کرتے ہیں۔ اس طرح بعض جمہورتیں شہنشاہیت کے کردار کو برقرار رکھنے میں رسمی کردار ادا کرتے ہیں۔

جمہوریہ : (Republic)

حکومت کی ایک شکل جس میں بادشاہ یا فرماں روا کے مقابلہ میں عوام خود مختار ہوتے ہیں۔ اس شکل کو امریکی حلقہ کے فریب کاروں نے بتایا تھا۔

اختیارات کی تقسیم : (Separation of Powers)

حکومت کی ذیلی شاخوں میں کاموں اور اختیارات کی تقسیم تا کہ ہر گروہ اعتدال کا خیال کرتے ہوئے دوسروں کے مفادات کو بھی ملحوظ رکھے۔

مذہبی حکومت (یونانی دیوتاؤں سے متعلق (خدائی نظام)

God and krateen (حکمرانی کرنا)

کسی دیوتا کے ذریعہ حکمرانی، مطلب یہ ہے کہ پادری کی حکمرانی، چرچ اور ریاست علاحدہ نہیں ہیں۔ عمائدین کے ساتھ موازنہ کر کے دیکھئے۔

مطلق العنان : (Totalitarian)

حکومت کی حکمرانی اور شہریوں کا کہا ماننا۔ حکومت سیاسی اور سماجی زندگی کے تمام پہلوؤں کو (جسے جارج آرول کی 1984 میں) کنٹرول کرتی ہے۔ آمرانہ ریاست کے برعکس۔ تمام سماجی اور اقتصادی ادارے حکومت کے ماتحت ہوتے ہیں۔

ایک ایوانی مجلس قانون ساز: (Unicameral Legislature)

ایک قانون ساز ادارہ جس میں اکیلا ایک ایوان ہوتا ہے (اکیسویں صدی کے شروع میں) صرف نیپر اس اس کی ریاست کا ایک غیر قانون ساز ادارہ تھا۔ اس کے مقابلہ میں دو عددی قانون ساز ادارے۔

عالمگیر رائے : (Universal suffrage)

(لاطینی ووٹنگ کا حق۔ ووٹنگ بورڈ۔ ووٹ دیں ۔)

تمام نمائندوں کو ووٹ دینے کا حق اور استحقاق۔

11 Pol sc unit 6 Set
Sunday, November 21, 2021 7:06:31 PM

I۔ صحیح جواب منتخب کیجئے:

1) حکومتی پارلیمانی نظام کو.....کہا جاتا ہے۔

a) کابینہ حکومت b) ذمہ دارانہ حکومت c) حکومت ویسٹ منسٹر کی شکلیں d) مندرجہ بالا سب

2) مندرجۂ ذیل میں سے کس کا تعلق وفاقی حکومت سے نہیں ہے

a) تحریری آئین b) لچکدار آئین c) آئین کی بالادستی d) خودمختار عدلیہ

3) ہندوستانی وفاقی نظام Federal System کس ملک کے ماڈل پر مبنی ہے۔

a) کینیڈا b) برطانیہ c) امریکہ d) جاپان

4) انسانی ترقیاتی فہرست (HDI) میں کونسے تین عوامل استعمال کئے جاتے ہیں؟

a) معیارزندگی b) تعلیم c) زندگی کی امید d) ماحولیات

1) 1, II, IV 2) I, II, III 3) II,I 4) یہ سب کے سب

5) ہندوستان میں پارلیمانی نظام حکومت ہے جس کی بنیاد پر مندرجۂ ذیل میں سے کون سی خصوصیات شامل ہیں۔

a) فرضی اور حقیقی مجلس عاملہ b) ایوان زیریں کی ذمہ دار مجلس عاملہ

c) وزیرعظم ہی اصل ذمہ دار ہوتا ہے d) یہ سب کے سب

6) وہ کون سے وجوہات ہیں جس کے سبب برطانیہ کے بانیوں نے برطانوی پارلیمانی نظام کو اپنایا۔

a) نظام سے واقفیت b) مزید ذمہ داری c) اختیارات کی تقسیم d) متفرق ہندوستانی سماج

1) صرف 1,II,IV 2) صرف I,II,III III) صرف : 2,3,4 4) یہ سب کے سب

7) وہ کون سا وفاقی ادارہ ہے جو آئینی دفعات اور طریقہ کار کے نفاذ کی نگرانی کرتا ہے

a) قانون ساز ادارہ b) مجلس عاملہ c) عدلیہ d) کابینہ

8) امریکہ میں حکومت ..... پر مشتمل ہے۔

a) پارلیمانی نظام b) صدارتی نظام c) مطلق بادشاہت d) محدود بادشاہت

9) وہ کون سا عظیم ملک ہے جو اپنے پاس ایک بھی تحریری آئین نہیں رکھتا۔

a) روس b) ایران c) جرمنی d) برطانیہ

11 Pol sc unit 6 Set
Sunday, November 21, 2021 7:06:31 PM

II۔ دیئے گئے سوالات کے مختصر جوابات دیجئے۔

1۔ حکومت کی تعریف کیجئے۔

2۔ وحدانی حکومت کی خوبیوں کی وضاحت کیجئے۔

III۔ دیئے گئے سوالات کے جوابات تفصیل سے لکھئے۔

1۔ ہندوستانی دستور میں وحدانیت کی اوصاف بیان کیجئے۔

2۔ حکومت کے وفاقی شکل کی خوبیوں اور خامیوں کی وضاحت کیجئے۔

3۔ ہندوستان کے دستور سازوں نے کیوں پارلیمانی حکومت کو اپنایا؟

(IV) درج ذیل سوالوں کے تفصیلی جواب دیجئے۔

(1) صدارتی حکومت اور پارلیمانی قسم کی حکومت کے درمیان فرق کیجئے۔

کتب برائے حوالہ جات

1. Vijayaragavan, Political Thought, New Delhi, Sterling Publications
2. D.D.Basu, Introduction to the Constitution of Indian, New Delhi, Lexisnexis
3. R.C.Agarwal, Political Theory, New Delhi, S.Chand

ICT کارنر ICT Corner

حکومت کی شکلیں FORMS OF GOVERNMENT

اس کارروائی کے ذریعہ آپ حکومت کی مختلف شکلوں کے بارے میں جان سکتے ہیں۔



طریقہ کار :

مرحلہ 1 : حکومت کے اقسام کے صفحہ پر جانے کے لئے URL یا QR کوڈ کھولیں۔

مرحلہ 2 : کئی سلائیڈس کے حکومت کے مختلف شکلوں کو سمجھاتے ہوئے نظر آئیں گے۔

مرحلہ 3 : حکومت کی شکلوں کے وضاحتی سلائیڈ پر کلک کریں۔

مرحلہ 4 : کوئز کو چلانے کے لئے اوپر کے کارروائی ونڈو کے پلے بٹن پر کلک کریں اور معلومات حاصل کریں۔

Types of Government URL:

http://www.brainrush.com/lesson/play/types-of-government

*Pictures are indicative

11 Pol sc unit 6 Set
Sunday, November 21, 2021 7:06:31 PM

اکائی 7

سیاسی فکر (سیاسی سوچ) Political Thought

7.1 پلاٹو (428/427 - 348/347 BCE)



- سقراط بحیثیت طالب علم
- اکیڈمی کا بانی۔ اعلیٰ تعلیم کا اولین ادارہ
- پہلا مغربی فلسفہ نگار
- جس کی ساری تصانیف ابھی تک زندہ جاوید ہیں۔
- سقراط سے متعلق جو بھی ہمیں معلومات حاصل ہوتی ہیں یہ پلاٹو کی تحریروں ہی کی بدولت ہے۔
- مسئلہ فیثاغورث (Pythagoras) کے مطابق دنیا کو سمجھنے کے لئے ریاضی کی تعلیم ضروری ہے۔

سیکھنے کے مقاصد :

- طلباء افلاطون "Plato" کی سیاسی فکر کو جان سکیں گے۔
- طلباء اس سبق کا گہرائی سے مطالعہ کر پائیں گے۔
- ریاست، حکومت، عدل وانصاف اور تعلیم سے متعلق افلاطون کے نظریات جان سکیں گے۔

افلاطون "Plato" کی پیدائش 427/428 قبل مسیح ہوئی۔ اس کا تعلق ایک معزز گھرانے سے تھا۔ ایتھنز نامی ایک یونانی ریاست کے شہر کا یہ رہنے والا تھا، اور اس کا اصلی نام ارسطو تھا۔ تاریخی ماخذ/ذرائع کے مطابق ارگوس کے رہنے والے اس کے کشتی کے استاد ارسٹن نے پلاٹو کو اس کی عمدہ کارکردگی کے سبب اسے سرد "Broad" کہہ کر پکارا ہے۔ یہ سقراط کا شاگرد تھا جس کا شمار فلسفی ماہرین میں ہوتا ہے۔ اس کے دور میں یونانی ریاستی شہر ایتھنز اس کے تعلیمات سے بہت متاثر تھا جس کی وجہ سے وہاں سیاسی خلفشار پایا جاتا تھا، یہی وجہ ہے کہ اسے سزائے موت دی گئی۔

387 قبل مسیح افلاطون "Plato" نے ایک اکیڈمی کی بنیاد رکھی۔ ایک مشہور اتھنائی ہیرو سے متاثر ہو کر اس نے اپنے اکیڈمی کا نام اکیڈموس رکھا، جہاں وہ سیاسی فلسفہ پڑھاتا تھا جس میں سیاست، اخلاقیات، ریاضی اور عمرانیات کے مضامین بھی ہوا کرتے تھے۔

افلاطون کے خدمات : (Plato's Works)

افلاطون نے تین اہم کتابیں تصنیف کی ہیں۔

ایک "The Republic" (386 قبل مسیح)،

دوسری "The Statesman" (360 قبل مسیح اور

"The Law" (347 قبل مسیح)۔ اس کے علاوہ اس نے کئی اور چھوٹی موٹی کتابیں بھی لکھی ہیں۔

افلاطون کا نظریہ: (Plato's Thought)

افلاطون کے نظریات کو ہم اس کے تین اہم کارناموں سے پہچان سکتے ہیں جن کا یہاں ذکر کیا جا رہا ہے۔

ایک مثالی ریاست : (Ideal State)

علم سیاسیات میں ایک مثالی ریاست اس کا سب سے اہم تصور ہے جس کے سبب یہ مضمون تیار کیا گیا ہے۔

11 pol sc unit 7 Set
Sunday, November 21, 2021 8:21:11 PM

ریاست 'The State'، اس کے نظریہ کے مطابق انسان کو اپنی زندگی بسر کرنے کے لئے ایک مثالی ریاست تشکیل دینی چاہئے جس میں حکمران طبقہ، فوجی طبقہ، سماجی و اقتصادی طبقہ یہ سب طبقے پائے جائیں۔ وہ تفصیل سے وضاحت کرتا ہے کہ آگے چل کر اس کے نظریات کس طرح تعلیم اور عدل و انصاف کے شعبوں میں متاثر کرسکیں گے۔

عدل و انصاف پر مبنی تصور: (Idea of Justice)

اس کا خیال ہے کہ عوام اور ریاست دونوں میں عدل و انصاف ایک ساتھ ہونی چاہئے۔ وہ کہتا ہے کہ ہر شخص کے اندر تین خصوصیات مختلف حیثیت سے سہی پائی جانی چاہئیں۔ ایک ذہن جو انسانی دماغ میں بسا رہتا ہے، دوسری روح جو انسانی دل کو کو آباد کرتی ہے اور تیسری خواہشیں جو انسانی پیٹ سے جڑی رہتی ہیں۔ اس نے کہا کہ انسانی روح کے تین حصے ہیں۔ سب سے پہلی چیز جسے صحیح معنوں میں انصاف سے تعبیر کرسکتے ہیں وہ انسان کو صحیح معنی میں انسان بنانا ہے۔ یہ اسی وقت ہوگا جب کہ وہ ان تینوں صورتوں کو اختیار کرے۔ دوسری بات یہ کہ یہ تینوں خصوصیتیں ریاست میں بھی ہونی چاہئے تا کہ ایک مثالی ریاست وجود میں آئے جس میں حکمرانی طبقہ، فوجی طبقہ اور اقتصادی طبقہ شامل حال ہو۔

انسان بنانے کے لئے		ریاست
اسباب	←	حکمرانی طبقہ
روح	←	فوجی طبقہ
خواہشات	←	اقتصادی طبقہ یا مددگار طبقہ

تعلیم کا نظریہ : (Concept of Education)

افلاطون "Plato" نے طلباء کی عمر کا خیال کرتے ہوئے بچپن سے جوانی تک کے مراحل پر مبنی ایک تعلیمی خاکہ تیار کیا ہے۔ یہ انسانی علوم کے اعلیٰ مراحل مرتب کرتا ہے جس کے تحت انسان، ذہن، روح اور خواہشات ان تینوں خصوصیاتوں کو حاصل کر پاتا ہے۔ ایسے افراد جو ریاست کے اقتصادی فرائض انجام دیتے ہیں وہ سرکاری اور فوجی خدمات سے مستثنیٰ ہوتے ہیں۔ دوسرے مرحلہ میں حکمرانی کے لئے اس سے مناسبت رکھنے والے افراد کو خصوصی تربیت دی جانی چاہئے تا کہ افلاطون کے شاہی فلسفہ پر عمل کر کے ایک مثالی ریاست پر حکمرانی کرسکیں۔



ہر فلسفی اپنے زمانہ میں ایک شیر خوار بچہ کی طرح ہی ہوا کرتا ہے۔ یونان کے دانشور ترین شخص ''سقراط'' کو پھانسی دئے جانے کے عمل نے پلاٹو کو جمہوریت کی توہین کرنے پر مجبور کر دیا اور اس نے سوچا کہ یہاں کے نظام میں تبدیلی لا کر دانشمندوں کی حکومت کو قائم کیا جانا چاہئے۔

جمہوری خیالات/تصورات:

افلاطون "Plato" نے اپنی کتاب " The Republic " میں عملی طور پر جمہوریت کے نقصانات کا ذکر کیا ہے، اس نے بتایا کہ سب کے [سب حکمرانی کے قابل نہیں ہیں بلکہ ان ماہرین کو حکمرانی ملنی چاہئے جنہیں اس مقصد کے تحت خصوصی تربیت دی جائے، اس نے یہ بات اس لئے کہی کہ اتھینی حکومت نے اس کے سرپرست سقراط کو بغیر سوچے سمجھے سزائے موت دے دی تھی۔

دستور کی درجہ بندی : (Classification of Constitutions)

آئین کے بارے میں افلاطونی نظریہ اس کے اصطلاح کے جدید مفہوم سے بالکل الگ ہے۔ اس نے اس کا مقصد سماج کے افراد کی فلاح و بہبودی کو بتایا ہے۔ اس میں سماجی رسومات، روایات، سیاست اور حکومت کی سبھی شقیں شامل ہوجاتی ہیں۔ افلاطون نے اپنے دور میں موجود دنیا کے بہت سارے ملکوں کے آئین پر تبادلہ خیال کیا ہے۔ اس نے دستور کو عمائدین شہر، شاہی حکومت، سری حکومت، جمہوریت، جابرانہ حکومت، مخصوص طبقہ کی

11 pol sc unit 7 Set
Sunday, November 21, 2021 8:21:11 PM

حکومت میں درجہ بندی کی ہے۔اس نے یہ بھی کہا کہ یہاں مخصوص طبقہ کی حکومت کی بالادستی پائی جاتی ہے اوراس نے یہاں کی حکومت کو شاہی حکومت میں اور شاہی حکومت نے چنندہ لوگوں میں اور چنندہ لوگوں کی حکومت نے جمہوریت میں اور جمہوریت نے جابرانہ حکومت میں تبدیل کر دیا ہے۔

بچوں کی پرورش/تربیت : (Bringing of Children)

افلاطون "Plato" کے قول کے مطابق بچوں کو بھی مالکانہ حقوق حاصل ہونی چاہئیں۔اس لئے ریاست کی یہ ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ ان کی حیثیت کو مدنظر رکھتے ہوئے ان کی مناسب پرورش اورتربیت کرے۔

افلاطون کا منطقی نظریہ : (Plato's dialetical Method)

افلاطون نے اپنی کتاب "The Republic" میں اسی طریقہ کو استعمال کیا ہے۔وہ اپنی کتاب میں ایسا اسلوب اختیار کرتا ہے جیسا کہ ایک طالب علم ہے جو بار بار سوالات کر رہا ہے اور سقراط بہ حیثیت استاد ان سوالات کے جوابات دے رہا ہے۔تعلیمی اصول "Didactics" کے برخلاف اس میں استاد تعلیم دیتا ہے کیونکہ اسے اس کا ادراک ہوتا ہے۔لیکن طلباء اسے نہیں جانتے۔البتہ Dialectics یہ سوال و جواب کا طریقہ ہے جس میں طالب علم ایک مبہم خیال رکھتا ہے اوراس کے بارے میں وہ اپنے اساتذہ سے سولات کرتا ہے پھر اساتذہ اس کے جوابات دیتے ہیں اس طرح یہ سلسلہ چلتا ہے تاکہ طلباء اپنے خیالات کو ترتیب دے کر ان کی اصلاح کر کے اسے اچھی طرح سمجھ سکیں۔

تشخیص : (Assessment)

افلاطون "Plato" گرچہ یہ پہلا فلسفی نہیں ہے لیکن بلاشبہ اس کا شمار اولین فلسفیوں میں ہوتا ہے جس نے ہمارے لئے بے شمار خدمات انجام دی ہیں اس نے اپنا بیشتر وقت ایسے سوالات پوچھنے میں صرف کیا ہے جس کے جوابات لوگوں کو ہمیشہ پریشان کرتے رہے۔اس کو گذرے ہوئے کئی صدیاں گذر گئے لیکن آج بھی وہ سب سے بااثر فلسفی مانا جاتا ہے۔

7.2 ارسطو (384-322 BCE)

(Aristotle (384-322 BCE))



سیکھنے کے مقاصد :

- ارسطو کی سیاسی فکر کو جان سکیں گے
- اس طرح کا تصور معلوم کر کے مفکرین کے موازنہ کو سمجھ سکیں گے۔
- مثالی ریاست، شہریت، آئین، بادشاہت کی عام اور مسخ شدہ شکلیں، حکومتی اور جمہوری شکلوں کے متعلق ارسطو کے نظریات کو طلباء جان سکیں گے۔



انسان سیاسی طور پر ایک قدرتی جانور ہے۔وہ فطری طور پر ہو یا ہنگامی طور پر ریاست کے بغیر رہ نہیں سکتا، چاہے وہ انسانیت کے اعلیٰ درجہ پر فائز ہو یا ادنیٰ درجہ پر۔

زندگی اور وقت : (Life and Times)

ولیم اینسٹین کا کہنا ہے کہ سیاسی فلسفہ کی تاریخ میں تمام علوم کے شعبوں آج تک کوئی **ارسطو** سے آگے بڑھ نہیں سکا۔

ارسطو اکیڈمی میں افلاطون کا پہلا طالب علم تھا۔ افلاطون کے انتقال کے بعد ارسطو نے 335 قبل مسیح میں اپنا ایک ذاتی اسکول "The Lyceum" نامی قائم کیا اور سکندر نے ارسطو

11 pol sc unit 7 Set
Sunday, November 21, 2021 8:21:12 PM

سے درس وتدریس اور تحقیق وتدقیق کے سارے شعبوں سے متعلق تعلیم حاصل کی تھی۔ اور ارسطو 384 قبل مسیح اسٹیگرا Stagira میں پیدا ہوا تھا اور افلاطون کے برخلاف وہ خاندانی اعتبار سے ایک متوسط طبقہ سے تعلق رکھتا تھا جس کے والد نیکو ماس مقدونیہ کے باشاہ ایمنتاس کے ذاتی معالج تھے۔

ارسطو جس کے معنی ''بہترین مقصد'' کے آتے ہیں۔ یہ اس نام اس پر صادق آتا تھا، کیونکہ اس نے پلاٹو کی مثالی ریاست "Ideal State" کے برعکس بہترین عملی ریاست "Best Practicative State" کی تجویز پیش کی۔ ارسطو کے مطابق ریاست کسی خاص مقصد کے تحت قائم کی جاتی ہے اور یہ مقصد انسان کو اخلاقی اور فکری دونوں اعتبار سے معزز بناتا ہے۔

ارسطو کے خدمات: (Aristotle's works)

ارسطو نے یونانی ادب سے لے حیاتیات "Zoology" تک بہت سی کتابیں تحریر کی ہیں لیکن اس کا سب سے اہم کارنامہ "Polities" کی تصنیف ہے جہاں سے جدید علم سیاسیات کا نیا دور شروع ہوتا ہے۔ اس لئے اسے علم سیاسیات کا باوا آدم کہا جاتا ہے گرچہ کہ اس کتاب کی سن اشاعت ٹھیک طور سے معلوم نہیں ہے لیکن یہ 8 جلدوں اور 1000 صفحات پر مشتمل ہے۔ اس میں ارسطو نے کئی معاملات میں اپنے استاد افلاطوں "Plato" سے اتفاق نہیں کیا ہے۔

قابل ذکر اقتباس

لیاقت وقابلیت ہی سے ہر کسی کا کا پتہ چلتا ہے (سقراط)

ارسطو کے نظریات (Aristotle's Thought)

ارسطو کے سیاسی نظریات کو اس کی کتاب "Politics" سے معلوم کیا جاسکتا ہے۔

ریاست بطور ایک فطری ادارہ کے اور اخلاقی و فطری حیثیت سے بھی اپنے پاس بہت سارے اختیارات رکھتی ہے۔ ایک خاندان اپنے افراد کی بڑھتی ہوئی ضرورتوں کا مکمل طور سے خیال نہیں رکھ سکتا اس لئے وہ اپنے محدود دائرہ سے نکل کر ریاست کی تشکیل چاہتا ہے، اس طرح سارے خاندان کے ملاپ سے ایک معاشرہ کا وجود عمل میں آتا ہے جسے ریاست کہتے ہیں۔ ارسطو کا خیال ہے کہ ریاست ایک انفرادی عظیم نوشتہ ہے اور افراد ہی اس کی خوبیوں کا علم رکھتے ہیں۔

ریاست کے فرائض : (Functions of the State)

ریاست کا سب سے پہلا کام اچھی زندگی کو فروغ دینا اور عوام کی ذہنی واخلاقی اور جسمانی تربیت کے لئے ضروری حالات پیدا کرنا ہے۔ اس لئے اسے ایسے طریقۂ کار اختیار کرنے چاہئے جس سے افراد میں بہترین عادتیں پیدا ہوں، اور خوشگوار اور پاکیزہ زندگی کا فروغ حاصل ہو۔

شہریت کا نظریہ : (Theory of Citizenship)

ارسطو یہ تسلیم نہیں کرتا تھا کہ محض رہائش یا قانونی حق یا پیدائشی بنیاد پر کسی کو شہریت کا حق دیا جائے، وہ کہتا تھا کہ یہ تو ایک فعل ہے جو کسی شخص کو شہری بننے کا اہل بناتا ہے۔ اسی شخص کو اسمبلی میں حصہ لینا چاہئے جس کے پاس خودمختار اختیارات حاصل ہوں اور حکومت کے فیصلہ سازی امور میں حصہ لینے کی قابلیت رکھتا ہو۔

ریاستوں کی درجہ بندی: (Classification of States)

اس نے ریاستوں کی مقداری اور معیاری دونوں حیثیتوں کی بنیاد پر درجہ بندی کی ہے

مقداری	معیاری	
قسم	عمدہ شکل	راہ راست سے منحرف
ایک	بادشاہت	ظلم
چند	عمائدین/معزز افراد	امراء کی حکومت
بہت سے	سیاست	جمہوریت

11 pol sc unit 7 Set
Sunday, November 21, 2021 8:21:12 PM

ارسطو کے قول کے مطابق ریاست میں کوئی ایک شخص حکمرانی کرتا ہے تو اسے شاہی حکومت کہا جاسکتا ہے، اس نظام میں عوام ظلم واستبداد کی کیفیت سے دوچار ہوتی ہے، اس لئے وہ اس کا مقابلہ کرکے است چند حکمرانوں کے حوالہ کرتی ہے اس طرح مائدین شہر کی حکومت بنتی ہے، لوگ پھر ایک بار بغاوت کرتے ہیں اور ان سے یہ اقتدار چھین لیتے ہیں، اس طرح ریاست ایک حکومت کی شکل اختیار کرلیتی ہے، جب اس پر زوال آتا ہے تو یہ جمہوری شکل بن جاتی ہے لیکن اس میں مشترکہ بھلائی کا مقصد پورا نہیں ہو پاتا جس کے لئے ریاست کا قیام ہوا تھا، جس کے نتیجہ میں پھر ایک بار یہاں بادشاہی نظام آجاتا ہے۔

غلامی پر نظریات : (Views on Slavery)

ارسطو کے قول کے مطابق غلام شعوری طور پر مالک کی ملکیت ہے، وہ کہتا ہے کہ جو نیک نہیں وہ غلام نہیں۔ غلام کام کرنے کے لئے ہوتا ہے نہ کہ سرمایہ پیدا کرنے کے لئے کیونکہ اگر وہ پیداواری کا کام انجام دے تو اس کی حیثیت ختم ہوجاتی ہے اور اس کا شمار نیکی میں ہوجاتا ہے اور وہ غلام باقی نہیں رہتا۔

خاندان سے متعلق نظریہ : (Views of Family)

ارسطو کا خیال ہے کہ خاندان قدرتی طور پر ایک ادارہ کی حیثیت رکھتا ہے جس کا وجود ریاست سے پہلے ہوتا ہے اور یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ فرد اپنی پیدائش ہی سے رکن کی شکل اختیار کرلیتا ہے۔ یہ اخلاقی زندگی کا نقطۂ آغاز اور ریاست کا کلیدی حصہ ہے۔

کاروائی ACTIVITY



کیا یہ سچ ہے کہ ارسطو نے سکندر اعظم کو پڑھایا؟



ہاں ! اس نے سکندر اعظم کے والد میسڈون قلب دوم کی درخواست پر اسے پڑھایا تھا۔

املاکی نظریات : (Views of Property)

ارسطو نے ایک عام اور بہتری زندگی گذارنے کے لئے نجی ملکیت رکھنے کی وکالت تو کی ہے لیکن اس نے اس کی حدیں بھی مقرر کی ہے اور نجی املاک کے خاتمہ پر بھی اعتراض کیا ہے۔

ارسطو اور فارغ اوقات : (Aristotle and Liesure)

ارسطو کا کہنا ہے کہ ریاستی شہریوں کے پاس غلاموں کے ساتھ ساتھ جائیداد کا ہونا بھی ضروری ہے تاکہ وہ اپنے فارغ اوقات میں اچھی زندگی گذارنے پر غور وفکر کرکے اسے مفید بنا سکیں۔

انقلاب سے متعلق خیالات : (Views of Revolution)

ارسطو کی رائے ہے کہ انقلابات چاہے بڑے ہوں یا چھوٹے، وہ آئینی تبدیلیوں کے سبب ہی رونما ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر شاہی نظام میں ظلم وستم واقع ہو تو یہ انقلاب کا رُخ اختیار کرلیتے ہیں، دوسری بات یہ ہے کہ ریاست میں مقاصد حاصل نہ ہوں تو یہ بھی انقلاب کی وجہ بن سکتی ہے اگرچہ کہ ریاست کے آئین میں کوئی تبدیلی واقع نہ ہو۔

ارسطو حکومت کی چھ شکلیں:

(Aristotle's six Forms of Government)

ارسطو کا شمار اب بھی سیاست، نفسیات اور اخلاقیات کے ابواب میں ایک عظیم مفکر کے طور پر ہوتا ہے۔ اس کی فکری حدوں کا تعلق بہت سارے علوم اور فنون سے جڑا ہوتا ہے۔، اس کی خدمات کے سبب صدیوں سے فلسفہ اب تک باقی ہے یہاں تک کہ نشأۃ ثانیہ کا فکری انقلاب، اصلاح اور روشن خیالی، افلاطونی تصورات، عالمی فلسفہ میں سرایت پذیر ہے۔ بہرحال اس کا شمار بااثر فلسفیوں میں ہوتا ہے۔

11 pol sc unit 7 Set
Sunday, November 21, 2021 8:21:13 PM

7.3 سینٹ تھامس ایکناس (1224-1225-1274)
St. Thomas Aquinas (1274/1275)



سیکھنے کے مقاصد :

1۔ سینٹ تھامس ایکناس کی سیاسی فکر کے متعلق طلبہ جانکاری حاصل کرسکیں گے۔

2۔ طلباء کو اس اکائی کے ذریعہ پڑھنے کے بعد ایکناس کے تصور قانون کو سمجھنے میں مدد ملے گی۔

3۔ ریاستی حقیقت، ریاستی افعال، حکومت کی درجہ بندی، قوانین کی درجہ بندی، چرچ اور ریاست کے مابین تعلقات ان سب پر ایکناس کے خیالات معلوم کرسکیں گے۔

زندگی اور وقت : (Life and Times)

مغربی یوروپ میں تیرھویں صدی کو مغربی فلسفہ کا سنہرا دور سمجھا جاتا ہے کیونکہ وہاں پر کیتھولک ایک عالمی مذہب کے طور پر ابھر کر سامنے آیا۔ اس طرح ارسطو کی سیاست تیرھویں صدی کے دوران ایک بار نکھر کر سامنے آئی۔ ارسطو کے سیکولر خیالات اور گناہ و پاپ سے متعلق اگسٹین کے مذہبی نظریات، زوال، اور سیاسی معاشرے کے مابین سخت اختلافات پیدا ہوئے، جنہیں چرچ نے ایک لازمی نظریہ کے تحت تسلیم کیا تاہم کچھ فلسفیوں کو اس چیلنج کا سامنا کرنا پڑا کہ ان کے مذہبی نظریات اور سیکولر سیاسی مفروضوں کا ایک مجموعہ دونوں کو کس طرح ایڈجسٹ کیا جائے۔ آخر کار دنیا کی افہام وتفہیم کے لئے دو مختلف طریقوں میں مطابقت پیدا کی گئی۔ آخر کار وہ خدا سے صلح کرنے کے لئے بڑے لوگوں کے مطالبہ کی خلاف ورزی کرتے تھے۔ سینٹ تھامس ایکناس عیسائی مذہبی ماہرین میں سب سے عظیم تھا جس نے اسے بڑے فلسفہ کو کامیابی سے ہمکنار کیا۔

سینٹ تھامس ایکناس (1224 یا 1225-1274)

نیپلس کے شمالی حصہ روکا سیکا کے ایک خاندانی محل میں پیدا ہوا، اس کا باپ اکینو جس کی کنیت Landolfi تھی، جو ایک زمین دارانہ خاندان کا سربراہ تھا اور اس کی ماں تھیڈورا روسی تھی جو نیپولین کی ریکا سولو خاندان سے تعلق رکھتی تھی۔

ایکناس کے کارنامے : (Aquinas' works)

انیسویں صدی میں پوپ لوئس XIII نے اعلان کیا کہ ایکونس کا فلسفیانہ نظام جسے باضابطہ طور پر کیتھولک کی حیثیت سے قائم کیا گیا تھا یہ صرف کیتھولک کے لئے ہی نہیں بلکہ ان تمام لوگوں کے لئے بھی اہم مطالعہ کا سبب بنا جو عیسائیت کی اس شاخ کی سطح سے بھی زیادہ فہم وافہام کا خواہاں تھا۔ ایکناس کے کاموں میں ایسے تبصرے بھی شامل ہیں جو ان کے مذہبی ماور سے تعلق رکھتے ہیں جن میں سے چند یہ ہیں

(1) Summa contra Genitiles (1264)

(2) سوما تھیلوجیکا Summa Theologica (1274)

(3) بادشاہت On Kingship

ایکناس کی سوچ : (Aquinas' Thought)

Summa contra Genitiles

یہ بات اکثر کہی جاتی ہے کہ ایکنامس نے سوما کونٹرا جنٹیلس (SCG) کو دستی یا درسی کتاب کی طرح لکھا تھا جسے اسپین میں کام کرنے والے ڈومینکیس مشنریوں کے استعمال کے لئے تیار کیا گیا تھا۔ وہاں پر اس وقت اسلام کا غلبہ تھا۔ عیسائی جس کی توہین نہیں کرسکتے تھے۔ SCG واضح طور پر یہ معافی مانگنے کا ایک عمل ہے کیونکہ عیسائی عقائد کے ایک تسلسل Series کا دفاع کرتا ہے جو تنقید کے نشانہ پر تھا یا ممکنہ تنقید کا نشانہ بن سکتا تھا۔

11 pol sc unit 7 Set
Sunday, November 21, 2021 8:21:14 PM

Summa Theologics

ایکونس نے اپنی سوماتھیلوجیکا میں قانون کے چند سطحوں کا ذکر کیا ہے جس کی ایک بنیادی اکائی ہے اور یہی چیز ہے جو قانون کی ایک شکل کو دوسرے سے ممتاز کرتی ہے اور یہی سب سے زیادہ جامع اور دائمی قانون ہے جس کی وجہ سے کائنات کا نظام چلتا ہے۔ یہ انسانی عقل ہے جو قدرتی اور اخلاقی نظام پر مشتمل ہے جسے خدا نے قائم کیا ہے۔ یہ آسمانی قانون ہے جو ابدی قانون کی ایک قسم ہے جس کا ذکر خدا نے بائبل میں کیا ہے۔

لیکن دوسری شکل قدرتی قانون کی ہے جس کی بنیاد اصولوں پر رکھی گئی ہے اور اخلاقی قانون سے مراد ایسی اشیاء ہیں جو اسباب کی بنیاد پر دریافت کی جاتی ہیں۔ فرض کیا جائے کہ انسانی سوچ کسی اخلاقی نتیجہ پر پہنچنے کی صلاحیت رکھتا ہے اور اس پر وہ پابند ہے کہ آیا اسے قانون میں واضح کیا گیا ہے یا نہیں؟ مثال کے طور پر ''کسی کو قتل کرنا'' یہ غلط کام ہے اسے سمجھنے کے لئے کسی فوجداری ضابطہ کی ضرورت نہیں ہے۔ ایکناس کے قدرتی قانون کے نظریہ کی انفرادیت یہ ہے کہ یہ فطرت اور روح کے مابین ایک تعلق قائم کرتی ہے۔ اسی وجہ سے ایکناس کا کہنا ہے کہ صحیح اور غلط یعنی خدا کے ابدی قانون کے ذریعہ طے پاتا ہے۔ اسی طرح یہ فطری قانون انسانی ذہن کو ابدی قانون میں شریک کروانے کے علاوہ اور کوئی چیز نہیں ہے۔ مختصر طور ہی سے سہی انسانی اخلاق روحانی اصول کی توسیع کا نام ہے جو فطرت سے ماوراء ہے۔ بہرحال انسانی ہمدردی (انسانیت کا) قانون اپنے فطری قانون کے اصولوں پر مبنی حالات میں انسانی عقل ہی کی عکاسی کرتا ہے۔

بادشاہی : (On Kingship)

ایکناس اور ارسطو دونوں کے سیاسی نظریہ میں بڑی حد تک مماثلت پائی جاتی ہے۔ کنگ شپ پر اس کی تصانیف کو ''سب سے منظّم سیاسی کام'' سمجھا جاتا ہے۔ اکناس نے بھی وہی طریقہ اختیار کیا ہے جسے ارسطو نے سیاست میں اپنایا تھا۔ وہ دونوں کہتے ہیں کہ ریاست ایک قدرتی امر ہے۔ ایک سماجی اور سیاسی جانور بننا اور ایک ہی گروپ میں سکونت پذیر اختیار کرنا۔ اسی مناسبت سے انہوں نے اس بات پر زور دیا ہے کہ سیاسی سرگرمیاں بہت ہی ضروری اور اچھی ہونی چاہئے۔

قابل ذکر اقتباس

سماج کی دیکھ بھال اور عام افراد کی فلاح و بہبودی کی خاطر کسی فرد کی طرف سے جاری کردہ ایک مخصوص عقلی فرمان کو قانون کہتے ہیں۔ (تھامس ایکناس)

تشخیص: (Assesment)

سینٹ تھامس ایکناس قرون وسطی کا ایک عظیم مفکر ہے اس نے ایک روایات قائم کی ہے جس کا نام تھومزم "Thomism"

11 pol sc unit 7 Set
Sunday, November 21, 2021 8:21:14 PM

ہے۔ یہ سیاسی نظریہ ارسطو کے خیالات کی وضاحت کرتا ہے۔ ارسطو کی طرح اس نے بھی یہی کہا ہے کہ ریاست ایک قدرتی ادارہ ہے، روایتی نہیں اور یہ ایک مثالی معاشرہ ہے۔ کیونکہ انسان سماجی جانور ہے، اسے زندہ رہنے، خوشحالی اور اپنی ثقافتی نشوونما کے لئے اسے ایک سماج کی ضرورت پڑتی ہے۔ سبز خور جانور اپنی جبلت کے ذریعہ ایسا کرتے ہیں جب کہ انسان دماغ کے ذریعہ ایسا کرتا ہے۔

ایکناس کے مطابق خدا ہی صلاحیتوں کو عطا کرتا ہے کیونکہ اس میں زندگی اور موت کا راز چھپا ہوا ہوتا ہے۔ کنیسا Church's کے نظریہ کے مطابق یہ خدا کی تعظیم ہے۔ یہاں ایکناس ارسطو کے خیالات کے سے کنارہ کشی اختیار کر لیتا ہے۔ لیکن جب وہ خود مختاری کا مسئلہ اٹھاتا ہے تو کہتا ہے کہ یہ فطری امر ہے۔ کوئی شخص منظّم حکومت کے بغیر فیصلہ صادر کرے تو وہاں افراتفری مچ جائے گی اور لوگ ایک دوسرے کو تباہ و برباد کر دیں گے۔

ایکناس کے قول کے مطابق حکومت ہی عوام کی نمائندگی کرتی ہے بہرحال ریاست چرچ کے ماتحت نہیں ہے لیکن ریاست کو چاہئے کہ وہ لازمی طور پر چرچ کے متعلق غور و فکر کرے کیونکہ ریاست کے خاتمہ سے اس کا خاتمہ کہیں زیادہ نقصان دہ ہوسکتا ہے اور چرچ ہی شہری توجہ کا آخری مرکز ہے۔ ایکناس چرچ کے رشتہ کو روح اور جسم سے تشبیہ دیتا ہے، ہر ایک الگ الگ کردار ادا کرتے ہیں لیکن ان میں روح کا کردار ہی بہت اعلیٰ ہوتا ہے۔

7.4 نیکیولومیکیاولی (1469 - 1527)



سیکھنے کے مقاصد :

1۔ نیکیولومیکاویلی کے سیاسی افکار کو طلباء جان سکیں گے۔
2۔ اس طرح کے تصور پر مفکرین کے موازنہ کو سمجھ سکیں گے۔
3۔ نیکیو میکیاولی کے سیاسی، مذہبی، ریاستی اور شاہی مشوروں کو طلباء معلوم کر سکیں گے۔

زندگی اور وقت : (Life and Times)

میکیاولی اطالوی تہذیب و تمدن کے مرکز فلورنس میں پیدا ہوا جہاں اطالوی ثقافت اور یوروپی نشأۃ ثانیہ کا اثر ورسوخ تمام علاقوں کی بہ نسبت زیادہ تھا۔ یہ اپنے باپ وکیل برنارڈ وڈی نکول میکیو لی اور ماں برٹولوومیہ ڈی اسٹیفانو لی کی تیسری اولاد تھی۔ اس کی تحریروں سے پتہ چلتا ہے کہ اس نے ایک بہترین انسان دوست تعلیم پائی۔ جو نشأۃ ثانیہ کے اقتدار سے متاثر تھی، اس نے 1494ء میں میڈیسی کو ملک بدر کرنے کی تحریک میں شمولیت اختیار کی اور جمہوری حکومت کی خدمت کرنا شروع کی۔ 1498 تا 1512 تک یہ دیوانِ وزارت کا سکریٹری تھا۔ یہ ایک اہم عہدہ تھا جس کا تعلق سفارتی فوجی اور انتظامی امور سے تھا۔ 1512ء میں میڈیسی کی بحالی کے نتیجہ میں اپنا عہدہ کھو بیٹھا اور اس پر پابندی عائد کی گئی جس

11 pol sc unit 7 Set
Sunday, November 21, 2021 8:21:15 PM

کے بعد اس نے ادبی کیریئر کا آغاز کیا۔ میکیاولی نے 1513ء میں "The Prince" دی پرنس نامی کتاب لکھی جس کا مخاطب 'لورنیرو ڈی میڈیکی'' ہے۔ اس کے ساتھ ہی اس نے ایک اور اہم کام شروع کیا وہ ٹٹس لیبیوس کی پہلی دس کتابوں پر تبادلہ خیال اور مباحثہ تھا جو 1517 میں مکمل ہوا اور جس کی اشاعت 1531 میں اس کی وفات کے بعد ہوئی۔ اس کے علاوہ بھی اس نے چند کتابیں لکھی لیکن بہ حیثیت سیاسی مفکر اس کا شمار ان دو کتابوں کی وجہ سے ہوا۔۔

میکیاولی۔ انسانی فطرت کا مطالعہ :
(Machiavelli on Human Nature)

حکومت سے متعلق میکیاولی نظریہ انسانی فطرت کا مطالعہ ہے جو اس کے تصور سے ظاہر ہوتا ہے۔ ہوبس "Hobes" کی طرح وہ بھی انسانی فطرت کے تعلق سے مایوسی کا اظہار کرتا ہے۔ اس کا ماننا ہے کہ فطری لحاظ سے انسان خودغرض ہے اور وہ اپنی زندگی میں خودغرضی ہی کی وجہ سے خواہشات پورا کرتا ہے۔ اپنی کتاب "The Prince" میں ایک جگہ لکھتا ہے کہ انسان، ناشکرے، چینچل، دھوکہ باز، بزدل اور لالچی ہوتا ہے۔ وہ ایک جگہ اپنی رائے اس طرح پیش کرتا ہے کہ بادشاہ لوگوں کو محبت کی نگاہ سے دیکھنے کے بجائے انہیں گھیرنا چاہتا ہے۔ حالانکہ محبت قرض کی پابند ہے جو مرد بنیادی طور پر خودغرض ہیں وہ مواقع کی مناسبت سے ٹوٹ جاتے ہیں، ان کی دلچسپیاں غالب آجاتی ہیں لیکن خوف انہیں غیر متعینہ مدت کے لئے محفوظ کردیتا ہے۔ ایسے محسوس ہوتا ہے کہ انسان خود معاملات کا فیصلہ کرنا چاہتے ہیں، لہذا حکمرانوں کو اس حقیقت سے فائدہ اٹھانا چاہئے تاکہ قانون کی روشنی میں عمل پیرا ہوں۔ انسان جاہل، کمزور ہیں، بنیادی طور پر برے ہیں، ضرورت پڑجائے تو اچھے بن جاتے ہیں، یہ ساری باتیں حکمرانوں کو متنبہ کرتی ہیں کہ وہ اپنے اراکین پر مکمل اعتماد نہ کرے بلکہ اپنے اقتدار کو ان پر مسلط کرے۔

میکاویلی کا خیال ہے کہ انسان کی خواہشات لازوال ہوتی ہیں اور سب سے اہم خواہش اس کی نجی ملکیت سے محبت ہے۔ یہ مادی انفرادیت آزادی اور خودمختاری (حکومت) سے محبت کی نشانی ہے۔ اور وہ بحث ومباحثہ میں بھی انسانی فطرت کے تعلق سے ایک مایوس کن نظریہ پیش کرتا ہے وہ مادیت پسندی کے حصول کو انسان کی ایک بنیادی سوچ قرار دیتا ہے۔ اس کا کہنا ہے کہ عوام اسی لئے جمہوریت اور بادشاہت کو ناپسند کرتے ہیں۔ جمہوری حکومت میں عموماً مادی فوائد حاصل کرنے کے زیادہ مواقع دستیاب ہوتے ہیں جب کہ بادشاہت میں ایسا ممکن نہیں کیونکہ بادشاہ ہی کو تمام فوائد اور منافع حاصل ہوتے ہیں۔

سیاسیات اور اخلاقیات کا درمیانی فرق :
(Separation between Politics and Morality)

یونانی طرز سیاست میں اخلاقیات کو سیاست کی بنیاد کہا جاتا ہے۔ میکاویلی نے اس کلاسک نمونہ سے ایک حیرت انگیز کشش تیار کی۔ اس کا خیال تھا کہ سیاست اپنے آزاد معیار کی بدولت چلتے رہتی ہے۔ لہذا یہ روایتی اخلاق معیارات پر نہیں چل سکتی۔ اس لئے اس نے سیاست اور اخلاقیات کو الگ کرکے پیش کیا۔ اس کے قول کے مطابق ایک حاکم میں سچائی، راست بازی، وفاداری اور قول وعمل میں مطابقت پائی جانی چاہئے۔ ان صفات کے کم وبیشی کی پرواہ کئے بغیر حاکم کو ریاستی تحفظ پر زور دینا چاہئے۔ میکیاویلی یہ دعوی نہیں کرتا کہ ہر فیصلے معنی خیز ہوتے ہیں لیکن وہ یہ ضرور دعوی کرتا ہے کہ حکمرانی کی کامیابی کا دارومدار اس کی بہترین کارکردگی پر ہے اگر سیاسی مہم جوئی کی وجہ سے حکمران روایتی

11 pol sc unit 7 Set
Sunday, November 21, 2021 8:21:15 PM

اخلاقیات قائم کرنا چاہے تو اسے چاہئے کہ وہ سیاسی امور میں دلچسپی دکھائے۔

قابل ذکر اقتباس :

کوئی شہزادہ ریاستی حفاظت کا بیڑا اٹھائے تو اس کے ایسے کاموں کو ہمیشہ عزت کی نگاہ سے دیکھا جائے گا اور عالمی سطح پر اس کی تعریف کی جائے گی۔

نیکولومیکاویلی کا خیال ہے کہ سیاست اور مذہب الگ الگ چیزیں ہیں، اس لئے اس نے پلاٹو، ارسطو، سینٹ تھامس ایکناس اور دیگر مفکرین کی راویات سے ہٹ کر اس نے ریاست کے اخلاقی مقاصد پر زور دیا ہے اور وہ سیاست کو مذہب اور اخلاق سے الگ گردانتا ہے اور سیاست کو ایک آزاد درجہ دیتا ہے۔ میکیاویلی کے مطابق کسی شہزادے کو اپنی ریاست میں مذہب اور راخلاقیات کے اصولوں پر عمل کرنے کی حکمت عملی اختیار نہیں کرنی چاہئے۔

کیا تم جانتے ہو؟

میکیاویلی (ایک حکمران)

میکیاویلی کا نظریہ

میکیاویلی کے قول کے مطابق سیاسی مطالعہ کا صحیح طریقہ تاریخی نوعیت پر مبنی ہونا چاہئے۔ اس کا کہنا ہے کہ انسانی خواہشات اور جذبات ایک جیسے رہتے ہیں اور جب زندگی میں واقعات کا موازنہ کیا جاسکتا ہے تو انسانیت ایک ہی طرح کا علاج تلاش کرتی ہے اور اسی طرز عمل کو دہراتی ہے۔ اس نے غور کر کے بتایا کہ ماضی کے مطالعہ سے حال کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے اور مستقبل کی پیشن گوئیاں کو جاننے میں سہولت ہوتی ہے۔

اس نے ریاست کے مطالعہ کو تاریخی حقیقت پسندانہ اور تجرباتی طریقہ قرار دیا۔ خاص طور پر سیاسی طرز عمل کے مطالعہ کو اس نے روایت پسندی کا علمبردار کہا۔ اس نے شہزادہ اور بحث ومباحثہ دونوں کے سیاق وسباق میں اسی طریقہ کو اپنایا اور سیاست کو اقتدار کا حصول، اس کا تحفظ اور اس کی توسیع کا ایک آلہ کار قرار دیا جو حقیقی دنیا میں موجودہ لوگوں کی ذہانت وفطانت کو استعمال کر کے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

میکیاویلی کے اس طریقہ کار کو استقرائی یا سائنسی طریقہ کار کہا جاسکتا ہے اس بنیاد پر کہ اس نے انسانی فطرت کے عملی اور تاریخی تجربات سے یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ مختلف سیاسی حکومتوں کے تحت اس میں تبدیلی رونما نہیں ہوتی، سیاست کا تجزیہ کرنے کے لئے اخلاقیات کے بجائے انسانی طرز عمل کو اختیار کرنا چاہئے لیکن تنقید نگاروں کا کہنا ہے کہ اس کا یہ تاریخی اور سائنسی طریقہ سطحیت پر مبنی ہے۔ اس نے ''خاص سے عام'' کا استقرائی طریقہ اختیار نہیں کیا اور نہ ہی اس نے استنباطی طریقہ اختیار کیا جو ''عام سے خاص'' کا ہے اور یہ کبھی بھی سیاسی فلسفہ کے مرکزی مسائل پر بحث نہیں کرتا جیسے ریاستی وجود کا جواز، سیاسی وابستگی کے وجوہات اور حدود وغیرہ۔ اپنے مقاصد کی وسعتوں کے باوجود وہ کبھی بھی عملی ریاست کی ضروروں سے آگے قدم نہیں بڑھاتا۔

ریاستوں کے قیام اور ان کی بہتر کارکردگی کے لئے ایک حکمران کا ہونا ضروری ہے، جمہوری حکومتوں کے قیام کے بعد ان کا تحفظ کرنا بہت بہتر اقدام ہے۔

11 pol sc unit 7 Set
Sunday, November 21, 2021 8:21:16 PM

میکاویلی

Machiavelli (The Discourses on Livy)

جارج ہچ سابین George H. Sabine نے بجاطور پر کہا ہے کہ میکیاولی کی دو اہم کتابوں "The Prince" اور The Discourses on Livy میں کسی قسم کا تضاد نہیں ہے۔ دونوں میں تقریباً ملتے جلتے مضامین پائے جاتے ہیں۔ اس میں ریاستوں کے عروج وزوال کے اسباب اورانہیں پائیدار کرنے کے طریقے، بادشاہوں، سلطنتوں، حکومتوں اور مباحثوں کا موازنہ کیا گیا ہے جو بنیادی طور پر رومن جمہوریہ کی توسیع سے تعلق رکھتا ہے۔

میکیاویلی کا ریاستی عمل:

(Machiavelli's Statecraft)

میکیاویلی کا ریاستی عمل اوراس میں حصہ لینا اس کی شہرت اور مباحثہ کوظاہر کرتا ہے۔کیونکہ اس سے چند اہم رہنمایانہ خطوط حاصل ہوتے ہیں،لیکن اس میں اختلاف بھی پایا جاتا ہے کیونکہ بعض اوقات اچھی حکمرانی کرنے کے لئے غیر اخلاقی طریقوں کواستعمال بھی کیا جاتا ہے۔میکیاویلی نے حکمرانوں کو یہ مشورہ دیا ہے کہ اپنے اقتدار کو باقی رکھنے کے لئے کبھی کبھی اخلاقی پابندیوں کوایک طرف رکھ دیں۔بعض اوقات وہ دوہرے اخلاقیات کا تصور بھی پیش کرتا ہے ایک حکمران کے لئے اور دوسرا ماتحتوں اورشہریوں کے لئے۔حکمران اخلاقی طور پر ریاست کومضبوط بناتے ہیں ریاست میں امن وامانقائم کرتے ہیں،غیر ملکی حملہ آوروں سے اپنے ملک کا بھرپور دفاع کرتے ہیں اوراپنے اختیارات کومستحکم کرتے ہیں۔وہ کسی حدتک اپنی ذمہ داریوں کوادا کرنے میں کامیاب ہیں ان کی کارکردگی سے اس کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے،لیکن ان کے خادموں اورشہریوں کو روایاتی اخلاق سے دستبردار ہونے کی اجازت نہیں ہے،بصورت دیگر ریاست کے مقاصد حاصل نہیں ہوں گے۔

میکیاویلی کہتا ہے کہ بادشاہ کو بہت محتاط انداز سے کام کرنا چاہئے کیونکہ اسے لوگ عزت واحترام کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور بادشاہ کو''عالم گیر خودغرض'' کے دائرہ کار سے بھی واقفیت حاصل کرنی چاہئے اس طرح اس کی حکومت داخلی بدعنوایوں کے ساتھ ساتھ بیرونی دشمنوں سے بھی لوگوں کوتحفظ فراہم کرتی ہے۔ایک ہوشیار حکمران اپنی پالیسیوں کے ذریعہ اپنی رعایا کی جان و مال اور عزت وآبرو کی حفاظت کرتا ہے۔وہ کہتا ہے کہ رعایا اسی وقت حکمرانوں کواپنی وفاداریاں پیش کریں گے جب کہ اس کی حکومت میں خواتین امن وسلامتی کے ساتھ رہیں اورعوام کی جان، مال محفوظ ہو۔

تشخیص: (Assesment)

میکیاویلی کا مقصد سماج میں اخلاقیات کو ڈھانے کا نہیں ہے۔ ایک مخلص محبّ وطن کی حیثیت سے وہ اٹلی میں مضبوط قومی ریاست کی تشکیل کا بے چینی سے خواہاں تھا جسے اس وقت پانچ حصوں میں تقسیم کردیا گیا تھا،فلورنس، وینس بنسیلس، میلان اور رومن کیتھولک چرچ کا علاقہ۔وہ چاہتا تھا کہ اس کا ملک سارے یوروپ میں ایک قابل احترام مقام حاصل کرے۔وہ اٹلی کے باشندوں میں پائی جانے والی ابدعنوانی سے پریشان تھا،اگرچہ کہ وہ جمہوریت کا حامی تھا لیکن اٹلی کی صورت حال کے پیش نظر اس نے بادشاہت کی وکالت کی۔

11 pol sc unit 7 Set
Sunday, November 21, 2021 8:21:16 PM

7.5 تھامس ہوبیس (1588-1679)

Thomas Hobbes (1508-1679)



سیکھنے کے مقاصد :

1۔ تھامس ہوبیس کے سیاسی فکر کو بہتر طریقہ سے سمجھ سکیں گے۔

2۔ فطری طرز زندگی، سماجی معاہدہ، قوانین، آزادی کے حقوق، حاکمیت کے متعلق تھامس ہوبس کے کے خیالات کا ادارک کرسکیں گے۔

زندگی اوراوقات : (Life and Times)

سولھویں صدی کا انگریزی فلسفہ نگار تھامس ہوبیس جو سائنسی انقلاب کے دوران سماج پر مبنی جدید نظریہ کا جدوجہد کرنے والا یہ پہلا شخص تھا، اس نے قدرتی حالت سے متعلق اخلاقی حیثیت سے انتہائی مایوس کن نظریہ کی روشنی میں اپنے خیالات کو پیش کیا۔ تھامس ہوبیس 5 اپریل 1588ء کو مائسمبری میں پیدا ہوا۔ جب اس کی والدہ کو بتایا گیا کہ ہسپانوی جنگی جہازوں نے انگلینڈ کے ساحل کو نشانہ بنایا ہے تو اس کا باپ گھر بار چھوڑ کر بھاگ گیا لیکن وہ اپنے چچا یا ماموں کے پاس رہنے لگا، ہوبیس نے اپنی تعلیم کا آغاز کیا اور آکسفورڈ کے مگڈالین کالج میں داخلہ لیا۔ انیسویں برس کی عمر میں گریجویشن کے بعد وہ کیوانڈش کنبہ سے وابستہ ہوگیا جہاں اس نے ولیم کیوانڈش کو پڑھانا شروع کیا، ہوبیس نے فلسفی عناصر پر توجہ توجہ نہیں دی لیکن ولیم کے ساتھ براعظم یوروپ کے دورہ پر جانے کے بعد پوری دلجمعی سے کلاسیکی مطالعہ شروع کیا اور اس نے تاریخ، قوموں اور سلطنتوں کے مفادات میں اپنی دلچسپی کا آغاز دکھایا، چنانچہ 1629ء میں اس نے پیلوپنیسیائی جنگی تاریخ تھوکیڈائڈس کا ترجمہ کرکے شائع کیا۔

قابل ذکر اقتباس

فیر (Fear) اور میں دونوں جڑواں پیدا ہوئے تھے
(ہوبیس)

ڈی سیو اور لیوتھن نے ہوبیس کے بہت سارے کاموں میں ہاتھ بٹایا۔ لیوتھن جو اس کیکاموں کا محرک اور پختہ آور تھا، اس نے یہ ظاہر کرنے کی کوشش کی گلیلیائی طبیعیات (اطالوی ماہر کی ایجاد کردہ طبعیات) Galilean Physics انسانی نفسیات کا ایک ایسا نمونہ پیش کرتی ہے جس کے نتیجہ میں جدید نفسیات کی بنیاد رکھی جاسکتی ہے۔ اس کے انسانی فطرت کے تصورات سماجی سمجھوتہ، اقتداری نظریات نے سیاسی فلسفہ پڑھنے والوں کو دلچسپی کا سامان مہیا کیا ہے۔ درج ذیل حصوں میں ہوبیس کے اہم کاموں کو معلوم کرسکتے ہیں۔

انسانی فطرت : (Human Nature)

بسا اوقات ہوبیس کے لیوتھن خیال کو ایک نقطۂ آغاز کے طور پر لیا جاتا ہے اور سیاست کو سمجھنے کے لئے، اسے ایک مربوط نظریہ سمجھا جاتا ہے۔ سیاست دان اکثر ہوبیس کی اصطلاح استعمال کرتے ہیں جس نے انسان کے تعلق سے کہا ہے کہ وہ بنیادی طور پر سماج دشمن، خودغرض، سفاک اور اقتدار کا پجاری ہے۔ اگر ہم ہوبیس کے اس نظریہ سے اتفاق کریں کہ انسان کا وجود سماج اور ریاست سے بھی پہلے ہے تو انسان اسی کام میں دلچسپی دکھائے گا جو اس کی ضروریات اور خواہشات کو پایۂ تکمیل تک پہونچاتے ہیں۔

11 pol sc unit 7 Set
Sunday, November 21, 2021 8:21:17 PM

قابل ذکر اقتباس

میں نے تمام بنی نوع انسان میں ایک ہی رجحان پایا ہے وہ ہے ہمیشہ کے لئے اقتدر سے چمٹے رہنا۔موت ہی اس کی اس خواہش کوختم کرسکتی ہے۔

ہوبیس کے الفاظ میں انسان اپنے جذبات سے بہت متاثر ہوتا ہےاور وہ ہمیشہ سوچتے رہتا ہے کہ اسے کب اور کیسے بڑی بڑی خوشیاں حاصل ہونگیں۔اوراس کی تکلیف کب ختم ہوگی؟ اور وہ یہ بھی کہتا ہے کہ انسان کی خواہشیں وقتی نہیں بلکہ وہ ہمیشہ اپنی زندگی میں خوشیوں سے لطف اندوز ہونا چاہتا ہے۔اس نے مزید کہا کہ لوگ مختلف طرح کی خوشیوں کے خواہاں ہیں لیکن ایک چیز جو ان میں مشترک ہے وہ اقتدار، اور قوت و طاقت کی خواہش۔سب خوشیوں کے متلاشی ہیں ہر ایک منطقی طور پر قوت و طاقت کو حاصل کرنا چاہتے ہیں۔اس طرح ان کا یہ شوق مکمل طور پر خود پسندی اور خودغرضی پر ابھارتا ہے۔اسی لئے کہا جاتا ہے کہ انسان قدرتی طور پر سماج مخالف ہے۔

ریاست کی حالت : (State of Nature)

ہوبیس کا فطری نظریہ انسانی طرز عمل کو سمجھنے کا ایک منطقی طریقہ فراہم کرتا ہے۔اس کا کہنا ہے کہ فطری حالت میں ہر ایک کو مکمل آزادی اور مساوات ملنی چاہئے کیونکہ آزادی کی صورت میں افراد کو قابو میں کرنے کے لئے کوئی قوانین نہیں ہوتے جس کے سبب انہیں ہر قسم کے حقوق حاصل ہوتے ہیں اور مساوات کی صورت میں انہیں جسمانی اور فکری صلاحیتیں برابر حاصل ہوتی ہیں۔ ہوبیس کا کہنا ہے کہ ایسی صورت میں جہاں ہر ایک کو مساویانہ حقوق حاصل ہوں ،ہر ایک دوسرے سے سبقت حاصل کرنا چاہے گا،اس طرح فطری حالت جنگی صورت اختیار کرلے گی اور ہر ایک اقتدار کو حاصل کرنے کی تمنا کرے گا۔ لیکن فطری حالت میں ہر ایک ، ایک دوسرے سے ڈرتے رہتا ہے۔لہذا قدرتی طور پر انسان سماجی اقتدار کا متلاشی ہے۔

سماجی سمجھوتہ : (Social Contract)

انسانی فطرت کے تعلق سے ہوبس نظریہ سیاسی امور پر گہرا اثر ڈالتا ہے، اس نے سائنسی و سماجی معاہدہ پیش کیا جو بہت آسان ہے۔ریاست ایک انسانی معاہدہ ہے جس میں حکومت کے دائرہ اختیارات کو سمجھوتہ اور شرائط کی بنیاد پر وسیع تر کیا جاتا ہے۔ریاست کو آپسی معاہدے یا اپنے اراکین کی رضامندی سے تشکیل دیا جاتا ہے۔حکومت اسی وقت درست ہوسکتی ہے جب کہ وہ لوگوں کے متفقہ چیزوں سے مطابقت پیدا کرے۔

قابل ذکر اقتباس

''غیروں کے ساتھ ویسا ہی معاملہ کرنا چاہئے جیسے خود کے ساتھ'' (ہوبیس)

یہ جدید سیکولر ریاست کا نیا تصور ہے جو قرون وسطیٰ کی سوچ سے ٹکراتا ہے۔اس سیکولر حکومت میں خدائی حکومت کی رضامندی کو بھی سمجھوتہ سے تعبیر کیا گیا ہے۔ شاہی امراء کا یہ خیال تھا کہ بادشاہ الہی ہی سچی حکمرانی کرسکتا ہے لیکن اس منطوری معاہدے نے اس خیال کو مسترد کردیا اور یہ دعوٰی کیا کہ حقیقی معنی میں حکومت ویسے ہی ہوگی جس پر عوام نے اتفاق کیا ہو۔ ہوبیس نظریہ کے مطابق یہ سماجی معاہدہ اس لئے اہمیت رکھتا ہے کہ اس میں منطقی اور سائنسی تجزیہ پیش کیا گیا ہے۔اس کا کہنا ہے کہ انسان ان ہی باتوں کو قبول کرے گا جسے عقل تسلیم کرے اور وہ اس کی ضرورتوں اور خواہشوں کے عین مطابق ہو۔

11 pol sc unit 7 Set
Sunday, November 21, 2021 8:21:18 PM

حاکمیت یا خودمختاری : (Sovereignty)

فرد اور حاکم کے درمیان ایک انوکھا رشتہ پایا جاتا ہے جیسے اقتدار اور عدم اقتدار میں پایا جاتا ہے۔اس کا کہنا ہے کہ ریاست کو چاہئے کہ وہ افرادی قوت کو ختم کر کے ہر ایک پر حاکم کی توجہ کو مرکوز کرے۔ دوسرے الفاظ میں یوں کہا جاسکتا ہے کہ اس نے ایک مطلق خودمختار حکومت کے قیام کی حمایت کی ہے تا کہ انسان ایک دوسرے کے دشمن نہ بنیں اور آپس میں امن وامان بھی باقی رہے۔ اس سوچ کا کلیدی پہلو مطلق قیادت کی وضاحت کرتا ہے جس میں خودمختاری ایک کی ہو یا مجلس منتظمہ کی، اس نے ایک کی خودمختاری ہی کو ترجیح دی ہے۔

- خوف اور آزادی یہ دونوں پائیدار چیزیں ہیں۔
- آزادی اور مجبوری رضرورت، ہمیشہ باقی رہتے ہیں
- تسلیم ورضا ہماری ذمہ داری اور ہماری آزادی کا نام ہے۔
- دیگر آزادیوں کا انحصار قانون کی خاموشی پر ہے۔

تشخیص : (Assessment)

ہوبیس کی اہمیت اس کے سیاسی فلسفے ہی کی وجہ سے نہیں بلکہ سیاسی امور میں ارسطو کی مادیت پسندانہ نظریہ کی حمایت کی وجہ سے بھی ہے۔اس کا یہ عمل غیر ٹیلولوجیکل (Non-teleological) نقطہ نظر سے سیاست کو سمجھنے میں مدد فراہم کرتا ہے۔اس کے سیاسی فلسفے کو دیگر فلسفی جیسیز ان چیک روسو، ایمانوئل کانٹ نے بھی اپنایا ہے اور جدید سائنسی نقطہ نظر سے بھی اس پر عمل کر کے دکھایا ہے۔

7.6 جان لوک (1632-1704)

John Locke (1632 - 1704)



سیکھنے کے مقاصد :

- جان لوک کی سیاسی فکر کے بارے میں طلباء جان کاری حاصل کرسکیں گے۔
- انسانی فطرت، قدرتی ریاست اور سماجی سمجھوتہ سے متعلق جان لوک کے خیالات کو سمجھ سکیں گے۔

زندگی اور وقت : (Life and Times)

آزاد خیال فلسفی کے والد جان لاک 29 اگست 1632 کو برطانیہ کے ایک شہر سمریسٹ ائر، وورنگٹن میں پیدا ہوئے، انہوں نے اپنا بچپن برسٹل میں واقع بینٹ فورڈ میں شہزادہ ولیم کے ساتھ گذارا، 1688ء کے عظیم انقلاب کے بعد اس کی بڑھتی ہوئی عظمت کے سبب اسے لندن بلایا گیا اور ولیم III نے اسے کمشنر آف اپیل مقرر کیا۔ لیکن نامناسب سیاسی حالت کی وجہ سے اس نے استعفیٰ دے دیا اور اسکیس میں سکونت اختیار کرلی۔اس طرح عوامی خدمات کی حیثیت سے اس نے ٹی کونسل میں بطور کمشنر اپنی آخری ذمہ داری انجام دی۔

11 pol sc unit 7 Set
Sunday, November 21, 2021 8:21:18 PM

لوک کے خدمات : (Works of Locke)

اس کے اہم تصانیف یہ ہیں ۔ روادادی سے متعلق 1689 میں تحریر کردہ ایک رسالہ، انسانی تفہیم سے متعلق 1690ء میں اس کا لکھا ہوا ایک مضمون، سول حکومت سے متعلق لکھے ہوئے دو معاہدے، رواداری پر لکھا ہوا دوسرا مراسلہ (1692)، 1692ء میں رواداری پر لکھا ہوا تیسرا مراسلہ، تحمل و برداشت پر اس کا لکھا ہوا چوتھا مراسلہ (1693) اور 1693ء میں تعلیم سے متعلق لکھے ہوئے چند آراء۔

مرکزی خیالات : (Central Ideas)

لوک کے مرکزی خیالات کے تعلق سے درج ذیل امور پر بحث کی جاسکتی ہے۔

انسانی فطرت کا تصور :

(Conception of Human Nature)

ہوبیس کے نظریے سے اختلاف کرتے ہوئے لوک انسانی فطرت کے تعلق سے مایوس کن نظریہ کی حمایت نہیں کرتا ۔ وہ یہ صراحت کرتا ہے کہ یہ عامل انسانی عقل کی تشکیل کرتا ہے اور یہی انفرادی اور سماجی زندگی کی بنیاد ہے۔ انسان سماجی، عقلی، تہذیبی اور ذہنی طور پر مستحکم اور خود حکمرانی کا اہل کار ہے۔ یہ لوکن نقطۂ نظر قدرتی مساوات کی حمایت کرتا ہے اس کے لئے انسان کو فطری آزادی سے لطف اندوز ہونے کا حق حاصل ہے۔ وہ یہ تسلیم کرتا ہے کہ افراد ذہانت و فطانت، طاقت اور مہارت کے اعتبار سے مختلف ہوتے ہیں اور بہت سی چیزوں میں مماثلت بھی رکھتے ہیں ۔ اس طرح لوک انسانوں کی افادیت پسندی کا قائل ہے۔ لوک ہابنکٹھم کی طرح یہ بھی کہتا ہے کہ انسان خوشی اور غمی دونوں میں توازن پیدا کرنے کی کوشش کرتا ہے اور یہ تصور ہی اس کے عہد کا بنیادی پہلو ہے۔

ریاست کی حالت : (State of Nature)

ہوبیس کے نظریہ سے اختلاف کرتے ہوئے لوک انسان کی سماجی فطرت کا خیال کرتے ہوئے ایک پرامن ریاست کی حمایت کرتا ہے اور قدرتی اصولوں کے تحت ایک مکمل آزاد ریاست بھی چاہتا ہے ۔ اس کے علاوہ باہمی اتھارٹی اور دائرہ اختیارات کے معاملہ میں وہ مساوت چاہتا ہے۔ اس کے اپنے الفاظ میں قدرتی ریاست امن، خیر سگالی، باہمی تعاون اور تحفظ چاہتی ہے.

اس نے یہ واضح کیا ہے کہ انسانوں کا قدرتی قانون حقوق اور فرائض دونوں کا ماخذ ہے اور اسے چاہئے کہ وہ اس قانون کی روشنی میں اپنے حقوق کو حاصل کرے اور اس کے تحفظ کے لئے ان حقوق کا احترام کرے۔ اس نے قدرتی قانون کو اخلاقی قانون سے تعبیر کیا ہے جس کو خدا نے نافذ کیا ہے۔ اس فطری حالت کو اس ناسازگار ماحول میں ایک جنت قرار دینا غلط نہیں ہوگا۔

لوک نے آخر میں تین بنیادی غلطیوں کی نشاندہی کی ہے جن سے فطری حالت کے توازن کو خطرہ لاحق ہے ۔ (1) قانونی فریم ورک کی کمی (2) مشہور اور غیر جانبدار ججوں کی کمی (3) مجلس منتظمہ کے فیصلوں پر عمل درآمد کرنے کی ضرورت۔ اس لئے ریاست کو چاہئے کہ وہ ان امور پر غور کرے۔ اس کے علاوہ یہ بات بھی ذہن میں رکھنا چاہئے کہ لاک فطری حقائق سے ہٹا ہوا ہے اور تاریخی حیثیت سے اس خیالی تصور کی کسی نے حمایت نے نہیں کی ہے۔

11 pol sc unit 7 Set
Sunday, November 21, 2021 8:21:19 PM

سماجی سمجھوتہ : (Social Contract)

سماجی معاہدہ اجتماعی زندگی میں شمولیت کے لئے ایک آلہ کے طور پر ترتیب دیا گیا ہے۔اس کی پہلی بنیاد سول سوسائٹی ہے اور دوسری حکومت کی تشکیل ہے، ساتھ ہی ساتھ معاہدوں کو بھی تسلیم کرتا ہے۔وہ کسی بھی فرد کو اس کی رضامندی کے بغیر بہ حیثیت رکن شامل نہیں کرتا۔لوک دو طرح کی رضامندی کی بات کرتا ہے۔ (1) رسمی اور فعال رضامندی جو فطرت میں داخل ہے۔ (2) دوسروں کی بات سن کر رضامندی کا اظہار کرنا۔یعنی ضمنی موافقت۔ جو متعلقین کا اعتماد توڑ کر نیا نظام شروع کرنے پر پابندی لگاتی ہے۔ جہاں تک اس کے معاہدہ کا وژن ہے وہ اس بات پر ترجیح دیتا ہے کہ فطرت سے کسی کو چھٹکارا نہیں۔اس کے معاہدہ کی ایک اور خصوصیت یہ ہے کہ افراد فطری طور پر حقوق سے دستبردار نہیں ہوسکتے ، اس لئے معاہدے کا مقصد حقوق دلانا نہیں ہے کیونکہ ریاست حقوق کی ضمانت اور اس کا تحفظ فراہم نہیں کرتی۔ یہ معاہدہ کسی پر جبر نہیں کرتا بلکہ آزادی کا حق دلاتا ہے۔لوک کہتا ہے کہ جابرانہ نظام حکومت کے معاہدہ کی صورت میں انقلاب برپا کیا جاسکتا ہے۔ریاستی نقطۂ نظر کو اپنانے کے لئے یہ اقدام فطری حقوق کا تحفظ دیتا ہے۔اس کے علاوہ لوک نے اکثریت اور رضامندی کے تحت جابرانہ حکومت کی تبدیلی کے فیصلہ کو محکمہ انتظامیہ کے حوالہ کرنے کو کہتا ہے۔

اقتدار کے تعلق سے اس نے محدود اور مطلق حکومت کے نظریہ کو پیش کیا ہے جو اس کے وضع کردہ سول سوسائٹی کے قانون پر نہیں اترتا۔اختیارات کی تقسیم کے تعلق سے لوک متبادل اسکیم پیش کرنے سے دریغ نہیں کرتا۔اس کے مطابق حکومت کے تحت تین ذیلی شعبے قائم کئے جاسکتے ہیں جو الگ الگ اختیارات رکھتے ہوں۔

(1) مجلس عاملہ: جسے سب سے زیادہ اختیارات حاصل ہوں ۔
(2) دستور ساز کمیٹی جس میں عدالتی اختیارات بھی شامل ہوں
(3) وفاقیت یعنی ریاست کے مضبوط ترین بیرونی تعلقات۔

لوک ایک ہی حاکم کی حکمرانی کا تصور پیش کرتا ہے جسے سارے اختیارات حاصل ہوں بشرطیکہ اس تصور کو اکثریت کی منظوری بھی حاصل ہو۔

قابل ذکر اقتباس

حکومت اس وقت تک زوال پذیر نہیں ہوگی جب تک کہ وہ املاک کا تحفظ کرتی رہے۔

تشخیص : (Assessment)

جان لوک اپنے سائنسی مزاج اور عقلیت کی بنیاد پر مغربی سیاسی مفکرین میں ایک منفرد مقام رکھتا ہے۔ایک انفرادیت پسند ہونے کے ناطے وہ یہ تسلیم کرتا ہے کہ انسان خود اپنی تقدیر لکھتا ہے۔ یہاں تک کہ فرانسیسی انقلاب کے موقع پر ڈیڈورٹ اور روسیو جیسے مفکرین کے لئے اس کے تصانیف حوصلہ افزائی اور محرک کا سبب بنے۔ پیرنگٹن کے مطابق، حکومت سے متعلق لوک کے دو مراسلے امریکی انقلاب کا نصابی ایڈیشن بن گئے۔ پروفیسر لاسکی کے الفاظ میں ہوبس نے ایک نفسیاتی عنصر پر کام کیا اور انتشاری کیفیت پر زیادہ بحثیں کیں۔برک نے آزاد سیاسی کتابچہ کے بجائے ایک محتاط عہدیدار کے موضوع پر ایک کتاب لکھی۔لیکن لوک نے محسوس کیا کہ ریاست کا سب سے بڑا مسئلہ آزادی حاصل کرنا ہے جو انفرادی حیثیت سے بھی سب کی فلاح و بہبودی کا مظہر ہے۔

11 pol sc unit 7 Set
Sunday, November 21, 2021 8:21:19 PM

7.7 جین جیکس روسیو
(1712 - 1778)

(Jean-Jacques Rousseau (1712-1778))



سیکھنے کے مقاصد :

- جین جیکس روسیو کے سیاسی فکر کے متعلق طلباء جانکاری حاصل کر پائیں گے
- جین جیکس روسیو کے انسانی فطرت، جنرل ویل نظریہ (مشترکہ مفادات کا حصول) حاکمیت، اور سماجی نظریہ کے متعلق جین جیکس کے خیالات سے واقفیت حاصل کر پائیں گے۔

زندگی اور وقت : (Life and Times)

جدید سائنسی ممتاز فلسفی نگار **جین جیکس روسیو** 28/جولائی 1712 کو جینیو امیں پیدا ہوا۔ ایک مفلوک الحال (ٹوٹا) ہوا خاندان سے تعلق رکھنے والا روسیو ایام طفولیت سے لطف اندوز نہ ہوا اور معمولی پیشہ ترک کر کے جینوا سے بھاگ نکلا اور آوارہ گردی میں خوشی محسوس کرنے لگا۔ ایک نوجوان بیوہ میڈم ڈی واریز کے توسط سے اس نے ٹورن میں واقع ایک دھرم شالہ (خانقاہ اور اینیسی کے ایک مدرسہ) میں تعلیم حاصل کرنے لگا۔ لیکن اس ادارہ کا تعلیمی نظام اسے پسند نہ آیا اور وہاں سے بھی بھاگ نکلا۔ اس کی بار بار کی ناکامیوں کو دیکھتے ہوئے اس بیوہ عورت نے اسے 130ء میں لیونس بھیج دیا، ایک سال ادھر ادھر بھٹکنے کے بعد وہ پھر دوبارہ ٹورن لوٹ آیا۔ اور 1740ء تک اسی کے رحم و کرم پر پلتا رہا۔ بہرحال اس کی فکری بحث ومباحثہ اور انمول مدد سے بہت متاثر ہوا، پھر اس نے مونسی ڈی مالبے Monsieur de Malby خاندان میں مدرس کی حیثیت سے کام کرنا شروع کیا۔ لیکن چند دنوں ہی میں اس نے نوکری چھوڑ دی اور بلا مقصد گھومتا رہا۔

چند دنوں بعد اس نے 1774ء میں فرانس سفر کیا لیکن اس کا یہ دوسرا سفر اس کی زندگی میں بڑی تبدیلی لایا۔ اپنے ناقص تجربوں کے باوجود اس نے ڈرامہ، ناٹک، اور شاعری کے مختلف شعبوں میں پورے عزم واستقلال سے جمے رہا۔ 1749ء میں اس کی زندگی میں ایک اہم موڑ آیا۔ ایک کانفرنس میں اس کے لکھے ہوئے مضمون ''علوم وفنون کی ترقی نے اخلاقیات کی روشنی میں بدعنوانیوں کا کیسے خاتمہ کیا'' پر ڈیجن اکیڈمی نے بہتر مضمون قرار دیا۔ روسو کہتا ہے کہ میں نے اب ایک اور کائنات دیکھا اور یہاں سے ایک الگ طرز کا آدمی بن گیا۔ 1750ء میں اس پیش کردہ مضمون پر اسے پہلا انعام حاصل ہوا۔ ''اخلاقی حیثیت سے فنون وعلوم کے اثرات'' اس عنوان کے تحت اس کا یہ مقالہ شائع ہوا۔

1754ء میں جینیوا واپسی پر اس نے کیتھولک ازم قبول کر لیا اور دوبارہ وہاں کی شہریت حاصل کر لی۔ پیرس کے سفر کے بعد اس نے اپنی زندگی کے آٹھ سال مونڈموری میں میڈم ڈی اپنی کے ایک وارڈ کی حیثیت سے گذارا۔ روسیو نے اس دوران اپنی سب سے اہم تصانیف لکھیں جو یہ ہیں۔ نیو ہیلوز (1764) The New Helose (1761)، ایمائیل (1762) Emile (1762) سماجی سمجھوتہ The Social contract (1762) اس کی کتابوں نے اسے چار چاند لگا دئے اور اسے ہر جگہ سے شہریت دینے کی آفر کی گئی۔ 2 جولائی 1778ء کو اس کا انتقال ہوا اور اس کے انتقال سے فلسفہ کی دنیا کو بڑا نقصان پہنچا۔

11 pol sc unit 7 Set
Sunday, November 21, 2021 8:21:20 PM

مرکزی خیالات : (Central Ideas)

سائنسی فلسفہ کے میدان میں روسیو کا ایک اہم مقام ہے، وہ سماجی معاہدے نظریہ سے زیادہ پہچانا جاتا ہے۔ اس نے ایک سماجی ٹھیکیدار کی حیثیت سے ریاست کے آغاز وابتداء سے متعلق اپنے خیالات قلمبند کئے اور ریاستی بنیاد کو دو مرحلے حالت فطرت اور سماجی سمجھوتہ کا نتیجہ قرار دیا۔

ریاست کی حالت : (State of Nature)

ہوبیس کے نظریہ سے اختلاف کرتے ہوئے روسیو نے قدرتی ریاست میں کامل آزادی، مکمل مساوات، اور کفایت شعاری پر زور دیا۔ اس نے بتایا کہ یہ پرامن، خوشگوار اور بہترین ماحول پر مبنی ہونا چاہئے۔ فطری طور پر انسان اپنی خواہشات کی پرواہ کئے بغیر زندگی گذار رہا تھا۔ ایک بے فکری اور غیر مربوط زندگی سے عدم مطابقت کے باوجود قناعت پسندی، آزادی، خود کفالت اور خوشحالی اس میں پائی جاتی تھی۔

برائیوں کے نہ ہونے کے سبب لوگ خوش تھے اور اسے وقت کی سب سے بڑی نعمت سمجھتے تھے۔ وقت گذرنے کے ساتھ ساتھ انسانی زندگی میں بدلاؤ آیا، آب و ہوا، موسم اور زمینی اختلافات سے کٹ کر منظّم پیشہ اور نجی املاک تک کے متعدد عوامل کو اس نے تسلیم کیا جو فطری، ریاست کو مضبوط کرتے ہیں۔ روسیو کے خیال کے مطابق انسانی زندگی، طرز فکر کی یہ تبدیلی اور انسانی عقلی پیش رفت نے برائیوں کی راہ دکھائی۔ اس طرح فطری طرز ریاست کے تانے بانے کو ہلا کر رکھ دینے سے عدم مساوات کا سلسلہ شروع ہوگیا۔

نجی ملکیت کے تصور نے سماجی میدان میں امیر وغریب کی ایک نئی تقسیم پیدا کردی۔ اس کے الفاظ میں سول سوسائٹی کا اصل بانی وہی ہے جس نے زمین کے ایک ٹکڑے کو اپنے قبضہ میں کر کے کہا کہ یہ میرا ہے اور لوگوں نے اس بات کی تصدیق کر لی۔

مالدار اور غریبوں کی اس تقسیم سے لڑائی، قتل وغارت گری اور ہلاکتوں کا سلسلہ شروع ہوگیا۔ اسی طرح عالمی سطح پر برائیاں جنم لینے لگیں جو اس سے پہلے کبھی دیکھی نہیں گئیں۔ امیر وغریب کے الگ الگ طبقے پنپنے لگے اور عدم مساوات کا عروج ہونے لگا روسیو نے بتایا کہ دو جگہیں ایسی ہیں جہاں وحشیانہ کارروائی ہوتی ہے۔ (1) انسان خود کو بچاتے ہوئے اور فلاح و بہبود سے محروم ہونے پر (2) موت کا خوف۔ وہ جذباتی طور پر کسی نہ کسی طریقہ سے استقرائی اور استدلائی طریقہ معلوم کر لیتا ہے۔ روسو کے خیال کے مطابق انسان فطری طور پر غور وفکر کرنے سے عاجز ہے۔ سول سوسائٹی فطرت کے منافی ہے اور بظاہر یہ انسانی عقل کی روش کا نتیجہ ہے۔ وہ فطرت کے اختیار کرنے پر زور دیتا ہے کیونکہ فطرت سے بے اعتنائی سماجی تانے بانے کو منقسم کر دیتی ہے۔ اصل میں یہ قدرتی راج ہے اور یہی وہ فلسفہ اور منطق ہے جس نے انسانی زندگی کو اس کا گرویدہ بنا دیا۔

سماجی معاہدہ : (Social Contract)

قدرتی ریاست کا مثالی کردار قلیل المیعاد یعنی مختصر ہوتا ہے، اقتصادی استحکام اور سماجی ارتقاء کی وجہ سے انسان ذہنی الجھاؤ اور کشمکش میں مبتلا ہوجاتا ہے۔ اور اس کے پاس اجتماعی ریاست کی تشکیل کے سوا کوئی چارہ/متبادل نہیں ہوتا اور اسے سماجی معاہدہ کو

11 pol sc unit 7 Set
Sunday, November 21, 2021 8:21:21 PM

تسلیم کرنا ہی پڑتا ہے۔سماجی معاہدہ کے چھٹویں باب میں روسیو کہتا ہے کہ مجھے ایسا لگتا ہے کہ انسان اپنے قدیم دور میں جا پہنچا ہے اوراسے وہاں کے حالات راس نہیں آرہے ہیں۔ اس لئے اسے چاہئے کہ وہ اب اپنے انداز کو بدل دے، ورنہ بنی نوع انسانی کا وجود ہی خطرہ میں پڑ جائے گا۔ قدرتی کیفیت کسی فرد کو اس وقت تک فائدہ پہنچاتی ہے جب تک کہ اسے یہ احساس ہو جائے کہ اس کے پاس اتنی دفاعی صلاحیت نہیں ہے کہ دوسرے اس کے خلاف ہو جائیں۔لہذ سماجی معاہدہ کا فائدہ امن وسلامتی کا حصول ہے جو افراد کی اجتماعی وابستگی سے آزادانہ طور پر حاصل ہوتا ہے۔ تحفظ کے سلسلہ میں انسان کو جو پریشانی لاحق ہوتی ہے وہ طاقت کی کمی کی وجہ سے ہے اور اب وہ نئی طاقتیں اور اثرات پیدا بھی نہیں کرسکتا سوائے اس کے کہ اس کے پاس جو پہلے سے موجود ہیں۔ لہذا اسے چاہئے کہ اس طریقہ کار کو اپنائے جو اس میں ذکر کی گئی ہیں۔

قابل ذکر اقتباس

انسان پیدائشی اعتبار سے آزاد ہے لیکن زنجیروں میں ہر جگہ جکڑا ہوا ہے، ایک شخص اپنے آپ کو دوسروں کا مالک سمجھتا ہے لیکن حقیقت میں وہ دوسروں کا غلام ہوتا ہے۔ روسیو

وہ خوشی سے کسی کے اقتدار اور تسلط کو تسلیم نہیں کرتا، اس کی عقل یہ ماننے کے لئے تیار نہیں کہ وہ کسی انسان کے ماتحت ہے سوائے معاہدہ اور رضامندی کی صورتوں کے۔شہری ریاست کے بارے میں روسیو کے خیالات کا خلاصہ اس طرح پیش کیا جاسکتا ہے کہ ہم میں کا ہر فرد اپنی جگہ ایک مقام رکھتا ہے اور سب ایک اعلیٰ ادارہ کے ماتحت ہوتے ہیں اور ہم میں کا ہر شخص اسے غیر منقسم شئے سمجھ کر حاصل کرتا ہے۔اس طرح تشکیل دی گئی یہ ریاست ایک اخلاقی ادارہ کی حیثیت رکھتی ہے جس کا اپنا ایک وجود ہے اور اپنی ایک مرضی ہے۔ حکومت سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ وہ مفاد عامہ کے حصول کی نمائندگی کرے۔روسیو کا کہنا ہے کہ ریاست صرف افراد کے ملن کا نام نہیں ہے بلکہ ایک ایسے نئے ادارہ کا نام ہے جس کی اپنی ایک موروثی شناخت ہے اپنا ایک الگ وجود ہے۔سب سے بڑھ کر وہ اپنی مرضی کی مالک ہے جسے وہ اپنے مقاصد اور مشترکہ مفادات سے تعبیر کرتی ہے اور ہر چیز اس کے ماتحت ہوتی ہے۔

قدرتی ریاست کی بہ نسبت نئی شہری حکومت میں انصاف اور ضابطۂ اخلاق پایا جاتا ہے لیکن افراد اپنی فطری آزادی اور ان گنت حقوق سے اس میں محروم ہو جاتے ہیں اور اس کے بدلے انہیں شہری آزادی اور املاک کے حقوق ملتے ہیں۔اس نے قدرتی ریاست میں آزادی کے تصور کو جھوٹا قرار دیا۔کیونکہ اس میں غلامی کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ اس کے برعکس شہری حکومت میں اخلاقی آزادی اپنے آپ کو مالک بنا دیتی ہے۔اس کے الفاظ میں ایسا قانون جو اپنے آپ کو فرماں برداری کے لئے پیش کردے اسی کا نام تو آزادی ہے۔ہوبیس اور لوک سے اختلاف کرتے ہوئے روسیو کہتا ہے کہ فرد کو چاہئے کہ وہ مساوات کو پانے کے لئے اپنے آپ کو خود مختار سماج کے حوالے کردے۔سیاسی طور پر اپنے حقوق کو پانے کے لئے فرد کا ہم آہنگ ہونا (سمجھوتہ کرلینا) آزادی اور اختیارات سے سرفراز کرتا ہے۔

اقتدار : (Sovereignty)

روسیو خاص طور پر اقتدار کی ناگزیر نا قابل تقسیم، خالص (مطلق) ابدی نظریہ رکھتا ہے اور اس میں حکمران ہی کو اپنی مرضی چلانے کا حق ہے۔کسی کو اختیارات دینے سے وہ خود مختار نہیں بن جاتے بلکہ وہ نمائندے ہی رہتے ہیں۔سماج میں کوئی نمائندہ مکمل خود مختاری یا اس کا کچھ حصہ لینے کی کوشش کرے تو سمجھئے کہ یہ سیاسی اعتبار سے حکمران کی تنزلی کی نشانی ہے۔

11 pol sc unit 7 Set
Sunday, November 21, 2021 8:21:21 PM

مشترکہ مفادات : (General Will)

مشترکہ مفادات یا سماج بعینہ ریاست کی طرح ہیں۔لوگ عمومی مفادات کے تحت اپنے اختیارات اور کردار پیش کرتے ہیں۔ مشترکہ مفادات کی زد میں انفرادی خواہشات کو اختیار کرنا پڑتا ہے۔ اس کے علاوہ ریاست کی خودمختاری مشترکہ مفادات کے سوا کسی سے میل نہیں کھاتی۔ سماج میں مشترکہ مفادات حاصل کرنے کے لئے برتری اور خومختاری نافذ کی جاتی ہے یعنی عوامی اقتدار کی منتقلی۔مشترکہ مفادات سب کے خواہشات سے میل نہیں کھاتے کیونکہ ایک اسے بہتر سمجھتا ہے تو دوسرا نجی مفاد کو بہتر سمجھتا ہے۔مفاد عامہ کو جاننے کے لئے دو باتوں کا خیال رکھنا چاہئے۔

(1) سب کی مرضی کے مطابق اجتماعی مفادات حاصل کئے جائیں۔

(2) اس کی حقیقت کو جان کر اسے سب پر لاگو کرنا چاہئے۔

مفاد عامہ میں کسی بھی قسم کی کمی ہوسکتی ہے کیونکہ نمائندے سماجی مفادات کی پرواہ کئے بغیر اپنی ذاتی مفادات کا خیال رکھ کر اسے تشکیل دے سکتے ہیں۔ اخلاقی اقدار اور صحیح شعور سب کی مرضی کے مطابق نہیں ہوسکتے۔مفاد عامہ ہی ہمیشہ دلی خواہش اور ضمیر کی آواز ہوتے ہیں۔مزید یہ کہ اسے بے غرض، عالمگیر آفاقی اجتماعی بھلائی کے طور پر تسلیم کیا جاتا ہے۔

تشخیص: (Assessment)

روسیو کی شخصیت اور اس کے کاموں کے تعلق سے کئی رائے منظر عام پر آئی ہیں۔جے ڈی ایچ کول کا کہنا ہے کہ سماجی معاہدہ سیاسی فلسفہ کی بہترین نصابی کتابوں میں سے ایک ہے۔لارڈ مولی نے فلسفیانہ بحث و مباحثہ کرتے ہوئے روسو کے تعلق سے ایک مختلف تعبیر پیش کیا، کہ اگر روسو پیدا نہ ہوتا تو دنیا کے لیے کیا ہی اچھا ہوتا۔اس کے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ اگر روسیو زندہ نہ ہوتا تو فرانسیسی انقلاب کے خوفناک تجربات کو روکا جاسکتا تھا کیونکہ اس تحریک میں اس کے نظریات بنیادی حیثیت رکھتے تھے۔

اس کے فلسفہ میں اشتراکیت کی بو آتی ہے۔روسیو نے سرمایہ داری کے ساتھ ناروا سلوک کیا۔اس نے قومایئنہ تعلیم کی حمایت کی اور نجی املاک کے فروغ کی مخالفت کی۔اس کے علاوہ اس کے بحث و مباحثہ میں مطلق العنانیت اور آمریت پن ہے۔ مفاد عامہ کے تحت اس نے عملی طور پر اکثریت کے ظلم و ستم کی حمایت کی ہے۔ان ساری چیزوں سے قطع نظر وہ جدید سیاسی فلسفیوں میں ایک اہم مقام رکھتا ہے۔

7.8 جان اسٹورٹ مل (1806-1873) : 7.8 John Stuart Mill (1806 - 1873)



سیکھنے کے مقاصد :

- طلباء جے۔یس۔مل کے سیاسی فکر کو جان سکیں گے۔
- نظریۂ افادیت پسندی اور آزادی کے بارے میں جان سکیں گے۔

11 pol sc unit 7 Set
Sunday, November 21, 2021 8:21:22 PM

زندگی اور خدمات : (Life and Works)

جان اسٹورٹ 20 مئی 1806ء میں لندن کے شمالی علاقے بنٹین ول میں پیرنٹ پیرواور سکاٹسمین جیمس مل کے ہاں پیدا ہوا، جو اینڈ برا یونیورسٹی کا تعلیم یافتہ تھا۔ سماجی اور سیاسی مفکر کی حیثیت سے اس کے عروج کو تین ادوار میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔ پہلا دور اس کے بچپن کی وہ تعلیم ہے جسے اس نے اپنے والد جیمس میل اور ماں جیریمی بنتھم کی سرپرستی میں حاصل کیا تھا۔ دوسرا دور اس کی دماغی بیماری سے صحت یابی کا ہے جب کہ اس کی عمر بیس سال کی تھی جس میں فلسفیانہ بنیاد پرستوں کی تحریک 1830 میں کمزور پڑ کر مٹ گئی تھی۔ اس عرصہ میں مل نے مختلف فکری اور جذباتی حیثیت سے اپنی سوچ کو نئی شکل دی۔ تیسرا دور اپنی تیس سالہ عمر سے زیادہ کے حصہ پر مبنی ہے جس میں اس نے بہت ساری کتابیں شائع کیں جو یہ ہیں۔

A System of Logic, Principles of Political Economy, On Liberty and Considerations on Representative Government

On Liberty

1859 میں اس کی تصنیف کردہ کتاب "On Liberty" کو بڑی شہرت حاصل ہوئی۔ امید کی جارہی ہے کہ اس کی ساری تصانیف کا ہمیشہ ایسے ہی بول بالا ہوگا۔ اس کے دور میں شاہی ریاست جمہوریت میں تبدیل ہوگئی جس سے بہت سارے فائدے اور نقصانات ہوئے۔ بہر حال یہ جمہوری ریاست گذشتہ دور کے حکمرانوں کی بہ نسبت زیادہ طاقتور، متحد اور ہمہ گیر ثابت ہوسکتی ہے لیکن مل کا خیال ہے کہ جمہوریت کو بادشاہت کے مقابلہ میں زیادہ خطرہ لاحق ہوسکتا ہے، کیونکہ یہ قانون کی روشنی میں فرد کی آزدی پر پابندی لگانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ جمہوری سماج میں سماجی دباؤ اور غیر رسمی طریقہ کار پر قابو پایا جاسکتا ہے۔ مل نے کہا کہ ایسے اقتدار میں سوچ، کردار کی صلاحیتوں کا گلہ گھونٹا جاسکتا ہے۔

اسی تناظر میں یہ کتاب "On liberty" لکھی گئی۔ اس کے پہلے باب میں انسانی اصولوں پر زور دیا گیا ہے۔ ان اصولوں میں آزادی کے ساتھ ساتھ خود کی حفاظت پر بنی نوع انسانی کو ضمانت دی گئی ہے۔ اس میں ہر فرد کو آزادی اور خود کی حفاظت کا ذکر ہے (Liberty: XVIII 223) ۔ مل نے اپنی کتاب "On liberty" میں فکر، بحث ومباحثہ، کردار کی آزادی پر مختلف حکمت عملی پیش کی ہے۔ اس کتاب کے دوسرے باب میں آزادانہ بحث و مباحثہ کرکے یہ تبادلہ خیال پیش کیا کیا اور ایسے دلائل دئے جس کی روشنی میں کسی کو یہ حق حاصل نہیں کہ کسی کے آزادانہ اظہار خیال پر پابندی عائد کرے۔ اس کے تیسرے باب میں انفرادی کردار کی آزادی پر بحث کی گئی ہے جس میں اس نے دو جہتیں مقرر کی ہیں۔ ایک طرف مل افراد کے لئے جگہ کی آزادی کی وکالت کرتا ہے تاکہ افراد خود اپنا کردار بناسکیں اور یہ سماج کے لئے بھی ضروری ہے، اس لئے کہ انسانی فطرت کسی نمونہ کی بنیاد پر بننے والی مشین نہیں ہے تاکہ وہ درست طریقہ سے مقررہ کام کو انجام دے سکے بلکہ وہ ایک ایسا درخت ہے جو اندرونی طاقتوں کو اختیار کرکے نشوونما پانے کی صلاحیت کو محسوس کرے۔

(Liberty: XVIII 263)

11 pol sc unit 7 Set
Sunday, November 21, 2021 8:21:22 PM

مل کی رائے ہے کہ معاشرہ بڑے پیمانے پر اپنے جابرانہ فطرت کے سبب انسان کی توانائی اور صلاحیت کو ختم کرسکتا ہے۔عیسائیوں کا دعوٰی ہے کہ وہ نفس کشی جیسے اعلیٰ اخلاق کے پابند ہوتے ہیں جب کہ مل نے اپنا ماڈل اپنانے کی ترغیب دی ہے تا کہ اس سے ذاتی ترقی حاصل کیا جاسکے۔لہذا معاشرہ کو چاہئے کہ وہ کردار اور ثقافت کو ممکن بنا سکے تا کہ قوم ترقی کے مراحل کو اختیار کرسکے۔مل نے اپنی کتاب " On Lib erty " میں قانون سازی، ر یاستی و سماجی بحران کے پرفریب شکلوں سے انفرادی آزادی کو محفوظ رکھنے کی کوشش کی ہے۔

نمائندہ حکومت سے متعلق تجاویز :

(Considerations on Representative Government)

1861ء میں نمائندہ حکومت سے متعلق مل نے چند تجاویز پیش کی ہیں جس کا تعلق سیاست سے ہے۔مل ایک جمہور پسند شخص ہے،اس کے باوجود اس کے کاموں سے شک وشبہ، مایوسیت اور خودمختاری جیسے چیزوں کا ہمیں پتہ چلتا ہے۔اس کا یہ نظریہ فطرت سے ٹکراتا ہے،اس کا خیال ہے کہ اکثریت حکمرانی کرے لیکن اقلیت کی حکمرانی بھی درست ہوسکتی ہے کیونکہ اکثریت کے پاس اگر طاقت ہے تو اقلیت کے پاس حکمت و دانائی ہے۔مل اس کام میں اکثریت کے ظلم و بربریت سے پیدا ہونے والے خطرات کو بھی پیش کرتا ہے اور ساتھ ہی اچھی حکمرانی کا معیار بھی فراہم کرتا ہے۔بہرحال جمہوریت ہی ایک مثالی حکومت بن سکتی ہے جہاں مجموعی طور پر سماج میں ہر ایک کو آزادی اور خودمختاری حاصل ہوتی ہے۔ ہر شہری کو صرف یہی حق حاصل نہیں ہے کہ وہ کم سے کم اور کبھی کبھار عوامی یا ذاتی طور پر خدمات انجام دے کر حکومتی سطح پر اپنا کردار ادا کرنے کا مطالبہ کرے۔

تشخیص: (Assessment)

انیسویں صدی کی تاریخی سیاسی فکر پر جان اسٹورٹ مل کو ایک اہم مقام حاصل ہے۔اس کے سوچ نے ریاست کے صحیح مطالعہ اور افہام وتفہیم کے لئے انسانی فطرت کی اہمیت پر پرزور دیا۔اس نے اپنا ایک خاص فلسفہ حق شہریت نامی Franchise تیار کیا۔اس کا کہنا ہے کہ سیاسی جانور (انسانوں) کو حق رائے دہی (ووٹ) کا استعمال کرنا اتنا ہی ضروری ہے جتنا کہ سانس لینے کے لئے ہوا کا ہونا ضروری ہے۔ووٹ کا حق استعمال کرنے کے تعلق سے اس کے علاوہ دوسرا کسی بھی سیاسی مفکر نے اتنا زور نہیں دیا۔مل پر استعماری پسند/افادیت پسند " Utilitarianism " کے جو اثرات مرتب ہوئے وہ معاشی اصول اور نمائندہ حکومت کے نظریات کی تشکیل میں بڑی اہمیت رکھتے تھے جہاں کسی کو یہ حق نہیں پہنچتا تھا کہ کوئی بھی فرد آزادی کے ساتھ اپنی صلاحیتوں کو فروغ دینے سے روکے رکھے۔اور مل اکثر طلباء کو متحرک کرتا ہے کہ کوئی بھی نظم وضبط کی حیثیت سے اسے نظرانداز نہ کرے۔

کیا تم جانتے ہو؟

- افادیت پسندی ایک عظیم شئے ہے
  خوشی اکثریت میں مضمر ہے
- اگرچہ مل نے افادیت پسندی کا ایک الگ ہی نظریہ پیش کیا لیکن مل کو جیمس مل اور جیریمی بنیتھم جیسے عظیم مفکرین کی فہرست میں شامل کیا گیا ہے۔

11 pol sc unit 7 Set
Sunday, November 21, 2021 8:21:23 PM

7.9 کارل مارکس (1818 - 883)

Karl Marx (1818-1883)



سیکھنے کے مقاصد :

- کارل مارکس کی سیاسی فکر کو طلباء جان سکیں گے۔
- جدلیاتی مادیت، اور انقلابی طبقاتی جدوجہد کے تعلق سے کارل مارکس کے نظریات کو طلباء جان سکیں گے، اسی طرح مزدور طبقہ کی آمریت کو بھی طلباء معلوم کرسکیں گے۔

تعارف : (Introduction)

کارل مارکس کا شمار ان چند افراد میں ہوتا ہے جس نے اس دنیا کو انوکھے انداز سے پرکھا ہے۔ مارکس کے لئے کوئی بھی نظریہ صرف اس کے آس پاس کی دنیا کو سمجھنے میں مدد فراہم کرتا ہے بلکہ دنیا کو تبدیل کرنے کا راستہ بھی مہیا کرتا ہے۔ اس کی تصانیف "Material Manifesto"، تاریخی اشتراکی تصور Communist conception of History اور داس کیپٹیل " Das Capital "یہ سب اقتصادی نظریات کو ختم کرتے ہیں اور محنت کش طبقے کو آزادی دلانا چاہتے ہیں۔ ہمیں یہ جاننا ضروری ہے کہ مارکسزم کس طریقہ سے سابق مفکرین جیسے ہیگل، کامٹے ڈی، سینٹ سائمن، جے سی ایل ڈی سمونڈی، ڈیوڈ ریکارڈو چرلس فوئیر اور لوئس بلانک سے عناصر اخذ کرتا ہے۔

اٹھارویں اور انیسویں صدی کی درمیانی مدت میں یوروپ میں اشتراکیت کا بول بالا تھا، اس دور کو دوہری انقلابی دور Dual revolution era بھی کہا جاتا ہے جس میں سیاسی طور پر 1289 میں فرانسیسی انقلاب نے مطلق العنان بادشاہت کا تختہ پلٹ دیا اور فرانس کو ایک جمہوری اور مساوات و بھائی چارگی پر مبنی ملک قرار دیا۔ اس دور کا یہ دوسرا صنعتی انقلاب تھا جس کا یوروپ پر دیرپا اثر پڑا۔ اور ان دونوں انقلابات نے مارکس کے کاموں پر گہرا اثر ڈالا۔

مارکس کے خدمات : (Works of Marx)

کمیونسٹ منشور : (The Communist Manifesto)

کمیونسٹ منشور موجودہ معاشرے کی تاریخ میں طبقاتی جدوجہد کی تاریخ ہے۔

کمیونسٹ منشور (1848) کارل مارکس اور فریڈرگ اینگلز کا مشترکہ کام ہے۔ 1850 سے پہلے یوروپ میں واقع سماجی، اقتصادی اور سیاسی بحران کا نتیجہ ہے۔ اس مضمون میں انقلاب سے رونما ہونے والی سماجی تبدیلی کی وضاحت کی گئی ہے۔ کمیونسٹ منشور کا کہنا ہے کہ طبقاتی کشمکش کی نوعیت صنعتی نوعیت سے مختلف ہوتی ہے۔ لہذا جاگیردارانہ سماج میں پیداوار کی اہم شکل زراعت ہی ہے جہاں زمین کے مالکوں اور وہاں کام کرنے والوں میں طبقاتی کشمکش تھی، ایک جدید صنعت میں فیکٹری مالکان bourgeoisie اور فیکٹری مزدور proletariat کے درمیان اختلافات پائے جاتے ہیں۔ بہر حال معاشرہ دو عظیم مخالف گروپوں میں تقسیم ہوتا ہے جس کا مقابلہ براہ راست دو طبقوں پر مشتمل ہے۔ ایک مزدور طبقہ اور دوسرا فیکٹری مالکان۔ اس مفروضہ میں مارکس اور ایگنز نے زور دے کر کہا کہ ابھرے ہوئے

11 pol sc unit 7 Set
Sunday, November 21, 2021 8:21:23 PM

معاشرے کی تاریخ ہی طبقاتی کشمکش کی تاریخ ہے۔ آخر میں کمیونسٹ منشور نے دونظریات کوواضح کیا ہے۔ برولتاریہ کی حکمران طبقے کی حیثیت سے اور جمہوریت کی جنگ جیتنا۔ (کسی بھی حالت میں جمہوری نظام کواختیار کرنا)۔ مارکس نے اس بات پر بھی زور دیا ہے کہ کمیونسٹ کا مقصد نجی املاک کوعوامی کنٹرول میں تبدیل کرنا ہے ۔ مارکس اور اینگلز دنیا کوتو بدل نہیں سکتے لیکن انہوں نے یقیناً ان چیزوں میں تبدیلی لائی ہے جس کی ہم ترجمانی رتشریح کرتے ہیں۔ کمیونسٹ منشور کی تاریخی اہمیت یہ ہے کہ عملی طور پر تمام اشتراکیت پسند جماعتیں چین کی کمیونسٹ پارٹی سے لے کرٹراٹسکائٹ فرقہ تک انہوں نے اپنے خیالات کوکم یا زیادہ صفحات میں پیش کیا ہے۔

داس کیپیٹل : (Das Capital)

مارکس کی شاہکار کتاب داس کیپیٹل Das Capital جسے سرکاری طور پر بائبل آف ورکس کلاس کہا گیا ہے 1867 میں برلن میں شائع ہوئی ۔اس کی صرف پہلی جلد اس کی زندگی میں شائع ہوگی اور بقیہ دوجلدیں نامکمل تھیں جسے حذف وترمیم کے بعد اینجلز نے 1885 اور 1894 میں شائع کروایا۔ پہلی جلد میں سرمایہ کاری کے پیداواری عمل پر بحث کی گئی ہے، دوسری جلد میں نظام دارالحکومت پر بحث کی گئی ہے اور تیسری جلد میں پورے سرمایہ دارانہ پیداواری عمل پر تبادلہ خیال کیا گیا ہے۔

جدلیاتی مادیت:

منطقیانہ رجدلیاتی مادیت پسندی کارل مارکس اور فریڈرک اینجلز کی تعلیمات پر مبنی ایک فلسفیانہ نقطہ نظر ہے ۔ جدلیاتی مادیت نظریاتی طور پر دنیا کا جائزہ لینے اور سائنسی امور کی تحقیقات کا ایک خاص طریقہ ہے ۔ مارکس اور اینگلز دونوں کی نگاہیں معاشرہ کے تمام بنیادی طبقوں پر مخالفین کی کوششوں سے مادی اور سماجی تبدیلی پر ٹکی ہوئی ہوتی ہیں۔ مادیت پسندی کا تعلق بنیادی طور پر سماجی دنیا سے لگے رہتا ہے۔ مادی دنیا ہمیشہ مستقل حرکت، تضادات (مخالفت) اور تبدیلیوں میں گھری رہتی ہے۔ مارکس کا خیال ہے کہ سماج میں نقل وحرکت رتحریک مستقل حرکت کی وجہ سے رونما ہونے و الا تصادم معاشرہ میں اختلافات پیدا کرتا ہے جو بالآخر معاشرہ کو تبدیل کر کے رکھ دیتا ہے اور جدلیاتی مادیت کا تعلق سماج کے تبدیلی عمل سے ہے۔

کارروائی : (Activity)

مارکس کے کام رخدمات
ہیگل پر تنقیدی بحث
حقیقی فلسفہ
مقدس خاندان (شیر خوار بچہ حضرت عیسیٰ، مریم اور سینٹ جوزف)
فیوریاخ : Feuerbach پر مبنی مقالہ جات
جرمنی نظریہ
کمیونسٹ منشور
گوتھا پروگرام پر تنقیدی بحث
داس کیپیٹل

سرپلس ویلیو (فاضل پیداوار ربغیر محنت کے منافع) نظریہ:
(Theory of Surplus Value)

سرپلس ویلیو نظریہ داس کیپیٹل سے تعلق رکھتا ہے ۔ کارل مارکس کا خیال ہے کہ انسانی محنت سے اقتصادی وسائل تشکیل پاتے ہیں اور اضافی قدر Surplus Value اصطلاح مزدوری اور مزدور کی طاقت کوظاہر کرتی ہے۔ سرمایہ دار مزدور کے اضافی کام سے مناسب سرمایہ حاصل کر لیتے ہیں۔ قطع نظر کام کا دورانیہ دن بھر ہی کیوں نہ ہو، اضافی قیمت سرمایہ دار کو مل ہی جاتی ہے۔ یہاں تک

11 pol sc unit 7 Set
Sunday, November 21, 2021 8:21:24 PM

کہ اگر فیکٹری صرف ایک گھنٹہ کام کرے تو سرمایہ دار مزدور کی محنت کے سبب اپنا کوٹہ نکال لیتا ہے اور اسے زائد قیمت مل جاتی ہے لیکن اس کے بدلہ سرمایہ دار اپنے مزدوروں کو کم سے کم قیمت دیتا ہے جو اس کے ذریعہ مزدور بڑی مشکل سے اپنی زندگی گذارنے پر مجبور ہوتا ہے۔

طبقاتی جدوجہد انقلاب :

(Class Struggle and Revolution)

طبقاتی شعور اور جدوجہد کا تعلق پیداوار کے سماجی تعلقات سے ہے۔ مارکسی طبقاقہ کو ایک نظریاتی عوامل کی حیثیت سے نہیں دیکھتا بلکہ ایک ایسے شخص کی حیثیت سے دیکھتا ہے جسے معاشرہ میں یک جزوی درجہ حاصل ہے۔

طبقہ "Class" کی اصطلاح کا تعلق جائیدادی مالکان حقوق سے ہے مثال کے طور پر وہ شخص جو پیداواری وسائل کے ساتھ ساتھ زمین کا مالک بھی ہے یعنی bourgeoisie اور proletariat (وہ شخص جو اجرت حاصل کرنے کے لئے محنت و مزدوری کرتا ہے)

فرانس کی طبقاتی کشمکش کی روشنی میں مارکس نے سال 1848-1850 میں طبقاتی جدوجہد اور انقلابی ضرورت پر غور وفکر کرکے اس نظریہ کو 1848ء کو فرانسیسی انقلاب سے اخذ کیا۔ سرمایہ دار اور محنت کش طبقہ دونوں نے مل کر امراء کی حکومت aristocracy کے خلاف لڑائی کی اور جمہوری حکومت بنانے میں کامیابی حاصل کی ۔فروری انقلاب کے دوران محنت کش طبقہ کی حمایت سے سرمایہ داروں نے اقتدار حاصل کیا، اس انتخابی عمل کو قانونی حیثیت دے کر انہوں نے حکمرانی کا دعوٰی کیا ورسرمایہ دار طبقے نے مزدور طبقے کو غلامی سے نجات دلانے کے بجائے تیزی سے انہیں علاحدہ کردیا۔ برسر اقتدار آنے پر انہوں نے ریاست اور فوج کو اپنے قابو میں کرلیا اور مزدور طبقہ کو کچل کر رکھ دیا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حقیقت میں یہ پہلے والی خانہ جنگی ہی ہے۔ مارکس نے زور دے کر کہا کہ طبقاتی جدوجہد انقلاب سرمایہ داروں کی آمریت اور اشتراکیت کے نتیجہ میں نجی پیداوار کو ختم کرنے کا ایک ذریعہ ہے۔

مزدور طبقہ کی آمریت:

(Dictatorship of the Proletariat)

مزدور طبقہ آمریت ایک ایسی اصطلاح ہے جسے مارکس نے مزدور طبقہ کو ریاستی اقتدار پر قابض کرنے کے لئے استعمال کیا ۔ مارکس کے نزدیک یہ سرمایہ دارانہ طبقہ کے سیاسی حکمرانی کا خاتمہ اور مزدور طبقہ کے تسلط وحکمرانی کے مابین ایک عبوری قوت کا وسیلہ ہے۔ مارکسی کی سیاسی سوچ شاید مزدور طبقہ کی آمریت کو حقیقی حکمرانی میں تبدیل کرنے میں مضمر ہے۔

جب مزدور طبقہ کو چند افراد ہی سہی روایتی حکمران طبقہ سمجھنے لگیں تو پیداوار کی سرمایہ دارانہ شکلیں خود بخود ختم ہوجاتی ہیں اور پیداوار میں اشتراکیت وجود میں آجاتی ہے اس طرح سماج سے طبقاتی شکلیں رگروہ ختم ہوجاتی ہیں اور بالآخر مزدور طبقہ کی آمریت شروع ہوجاتی ہے۔

ریاست کشی: Withering Away of the State

سماجی طبقات میں پھوٹ پڑنے اور ان کا مظلوم و جابرانہ گروپوں میں تقسیم ہونے سے ریاست استحصال کا ایک آلۂ کار بن جاتی ہے اور طبقاتی کشمکش مزید شدت اختیار کرلیتی ہے اور مزدور طبقہ آمریت کا روپ اختیار کرلیتی ہے۔ اور مزدور طبقہ کی فتح کے آثار حکومت کی گرفت رقبضہ کے ساتھ ہی دیکھے جاسکتے ہیں۔ اس طرح مزدور طبقہ ریاست کا اقتدار سنبھالے گا اور ذرائع پیداوار

11 pol sc unit 7 Set
Sunday, November 21, 2021 8:21:24 PM

کو ریاست کی پیداوار میں تبدیل کردے گا۔ ریاست اور پیداوار پر قابو پانے کے لئے مزدور طبقہ تمام طبقاتی اختلافات اور امتیازات کو ختم کرکے مارکسی نظریہ کے مطابق ریاست کا خاتمہ کرکے اشتراکی نظام کو اختیار کرلے گا۔

تشخیص : (Assessment)

1852ء میں مارکس نے تین اہم حصوں میں اس کا خلاصہ پیش کیا ہے۔

a۔ فیکٹری کے مالکان اور مزدور طبقہ دونوں کی خصوصیتیں سماج میں ہمیشہ برقرار نہیں رہتیں۔

b۔ طبقاتی کشمکش ''مزدور طبقہ کی آمریت'' کا باعث بنتی ہے جس کے نتیجہ میں مزدور پیداوار پر قابو پاتے ہیں۔

c۔ ''مزدور طبقہ کی آمریت'' ایک طبقاتی معاشرہ کو جنم دیتی ہے جہاں سے سارے اختلافات ختم ہوتے ہیں اس طرح ریاست اشتراکیت میں تبدیل ہوجاتی ہے۔

مارکسزم نظریہ کے اثر ورسوخ کا موازنہ انسانیت پر رونما ہونے والے مذہبی اثرات سے کیا جاسکتا ہے۔ دنیا کی تقریباً آدھی آبادی مارکسی نظریہ سے متاثر ہوئی ہے۔ اگرچہ مارکس اپنے تحریروں سے صد فی صد متاثر نہیں تھا لیکن لینن، اسٹالن، ماؤ اور دیگر رہنماؤں کو اس کی تحریروں نے متاثر کیا جنہوں نے جنہوں نے روس، چین، کیوبا اور ویتنام نامی ممالک میں مارکسسٹ نظام کو اپنانے پر زور دیا۔ لیکن سماج میں اب بھی طبقاتی کشمکش دیکھنے کو مل رہی ہے اور ہر سال اس میں اضافہ ہورہا ہے۔ جب تک معاشرہ میں سرمایہ دار اور استحصال (غلط فائدہ اٹھانا) یہ دونوں موجود رہیں گے مارکس کے نظریات کو کبھی بھی نظر انداز یا فراموش نہیں کیا جاسکتا۔

کیا تم جانتے ہو؟

مارکسزم کے بارے میں ہمہ وقتی مباحثے اس کے بنیادی اصولوں کی وجہ سے بہت اہمیت رکھتے ہیں اور دور جدید کے اس سماج میں تسلط اور ابھرتے ہوئے اختلافات کی کچھ نئی شکلوں کی نشاندہی کرتے ہیں۔ ان مباحثوں کے نتیجہ میں مارکسزم کی ہنگامی صورت حال پیدا ہوگئی ہے۔

فرہنگ الفاظ : Glossary

Bourgeoisie : سرمایہ دارانہ طبقہ جو سماجی دولت وقوت اور پیداوار کے بیشتر ذرائع کا مالک ہے۔

Classless Society : سماجی تنظیم کی بنیادی شکل وصورت / حالت۔ اس وقت متوقع ہے جب واقعی معنی میں کمیونزم کا دور دورہ ہو۔

جدلیات (Dialectic): غیر مادی / استعاراتی تضادات اور ان کے حل کی تلاش۔

مزدور طبقہ کی آمریت (Dictatorship of rhe proletariat) : مارکسزم میں سرمایہ دارانہ نظام کے خاتمہ اور اشتراکی نظام کے قیام کا مرحلہ عبوری دور جس میں صنعتی کارکنان (مزدور) سماجی اور اقتصادی طبقہ کے ذریعہ حکمرانی کرتے تھے۔

روشن خیالی (Enlightenment) : سترھویں اور اٹھارویں صدی کے آخر میں ایک یوروپی فکری تحریک جو روایت کے بجائے استدلال اور انفرادیت پر زور دیتی تھی۔

مشترکہ مفادات (General will) : سیاسی نظریہ کے اعتبار سے ذکر کردہ ایک اجتماعی خیر کا پہلو جس کا مقصد مشترکہ مفادات یا عمومی دلچسپیاں۔

شاندار انقلاب (Glorious Revolution): 1688-89 کے وہ واقعات جس کے نتیجہ میں جیمز دوم کو ہٹادیا گیا

11 pol sc unit 7 Set
Sunday, November 21, 2021 8:21:25 PM

اوراس کی بیٹی مریم II،ان کے شوہر ولیم III،شہزادہ اورینج اور نیدر لینڈ کا مجسٹریٹ کو شامل کیا گیا۔

انفرادیت (Individualism): ایک سماجی نظریہ جو اجتماعی یا ریاستی کنٹرول سے زیادہ افراد کو آزادانہ طریقہ سے کام کرنے پر زور دیتا ہے۔

اکثریت پسندی (Majoritarianism) : جمہوریت کی ایک شکل جو اکثریت کی حکمرانی کو ثابت کرتی ہے۔

سیاسی معیشت/اقتصادیت (Political Economy) : یہ سماجی سائنس کی ایک قسم ہے جو افراد اور سماج، بازاروں اور ریاست کے مابین تعلقات پر بحث کرتی ہے۔

Proletariat : محنت کش طبقہ کو ایک اجتماعی سوچ سمجھا جاتا ہے۔

عقلیت (Rationality) : ایسا معیار جو عقل یا منطق یا دونوں کے مطابق ہو۔

اصلاحات (Reformation): رومن چرچ کے بدسلوکیوں کی اصلاح کے لئے قائم کردہ سولھویں صدی کی تحریک جس کا خاتمہ اصلاحات اور پروٹسٹن گرجا گھروں کے قیام کے ساتھ ہی ہوگیا۔

رومانویت (Romanticism): فنون لطیفہ اور ادبی تحریک جو اٹھارویں صدی کے آخر میں شروع ہوئی جس میں کشف والہام، ذاتیات/اندرونی کیفیت، فرد کی برتریت پر زور دیا گیا۔

قدرتی حالت (State of Nature) : سیاسی نظریہ کے مطابق ،انسانوں کی حقیقی یا فرضی حالت سیاسی عظمت یا اس کے بغیر

ریاست کاری/سیاسی تدبیر (Statecraft): ریاست کا قابل قدر انتظام۔

امراء کی حکومت (Timocracy) : حکومت کی ایک شکل جس میں عہدہ سنبھالنے کے لئے مالکانہ حقوق کی ضرورت ہوتی ہے۔

مشق Evaluation

I۔ صحیح جواب منتخب کیجئے :

1۔ "The Republic" اس کتاب کے لکھنے والے فلسفی کا نام

(a) مارکس (b) ارسطو (c) افلاطون (d) سینٹ تھامس اکناس

2۔ ارسطو کس کا اصلی نام تھا ؟

(a) سقراط (b) پلاٹو (c) ارسطو (d) زینوفون

3۔ علم سیاسیات کا باپ کسے کہا جاتا ہے ؟

(a) سقراط (b) پلاٹو (c) ارسطو (d) زینوفون

4۔ ''چرچ کا ڈاکٹر'' اس نام سے کون مشہور ہے

(a) سینٹ تھامس اکناس (b) پلاٹو (c) ارسطو (d) زینوفون

5۔ **"Discourses on Livy"** کے مصنف کون ہیں ؟

(a) سینٹ تھامس اکناس (b) میکیاولی (c) ارسطو (d) زینوفون

6۔ فلسفہ لبرل ازم کا باپ کون ہے؟

(a) سینٹ تھامس اکناس (b) میکیاویلی (c) جان لوک (d) مارکس

11 pol sc unit 7 Set
Sunday, November 21, 2021 8:21:25 PM

7۔ اقتصادی سائنس کے اصول "Principles of Political Economy" کے مصنف کون ہیں ؟

(a) سینٹ تھامس اکناس (b) تھامس ہوبیس (c) جان اسٹورٹ مل (d) پلاٹو

8۔ کس کا نظریہ مزدور طبقہ کا بائبل "Bible of the working class" کہلاتا ہے ؟

(a) سیاسی معیشت کے اصول (b) داس کیپٹل (c) سرس ویلیو کا نظریہ (d) فرانس کا انقلاب

9۔ "Dictatorship of the Proletariat" اس نظریہ کو کس نے پیش کیا ؟

(a) مارکس (b) تھامس بوسن (c) سینٹ تھامس ایکناس (d) جان اسٹورٹ مل

II۔ درج ذیل سوالات کے مختصر ترین جوابات لکھئے۔

1۔ " The State man " یہ کتاب کس نے اور کب تصنیف کی؟

2۔ پلاٹو کے خیال کے مطابق کون ایک مثالی ریاست قائم کرسکتا ہے؟

3۔ تھامس اکیوناس شیر خوار جانوروں کی کون سی خصوصیات کے بارے میں لکھتا ہے؟

III۔ مختصر جوابات لکھئے:

1۔ پلاٹو عدل وانصاف پر مبنی نظریہ کے متعلق ایک مختصر نوٹ لکھئے۔

2۔ ارسطو ریاست کی درجہ بندی کیسے کرتا ہے؟

3۔ سینٹ تھامس ایکناس کی زندگی اور اس کی تصانیف پر ایک مختصر نوٹ لکھئے۔

4۔ میکیاویلی کی سیاست اور اخلاقیات کے مابین فرق لکھئے۔

5۔ میکیاویلی کی سیاسی تدبیر/ریاست کاری پر ایک مختصر نوٹ لکھئے۔

6۔ ہوبیس کے قدرتی حالت/کیفیت کا جائزہ لیں۔

IV۔ مندرجۂ ذیل سوالات کے تفصیل سے جوابات لکھئے۔

1۔ پلاٹوس کی تعلیمی، جمہوری اور آئین سے متعلق خیالات کا تجزیہ کریں۔

2۔ ارسطو کے ریاستی افعال اور اس کی درجہ بندی پر قلمبندی کیجئے۔

3۔ انسانی فطرت سے متعلق میکیاولی نقطہ نظر پر بحث کریں۔

4۔ جان لوک کی قدرتی کیفیت اور سماجی معاہدہ کے نظریہ کو تفصیل سے لکھئے۔

11 pol sc unit 7 Set
Sunday, November 21, 2021 8:21:26 PM

Reference books حوالہ جات

1. Barker, E, Political Thought of Plato and Aristotle, Methuen & Co., London, 1905.
2. Vivian Boland OP (2007) 'St. Thomas Aquinas', London: Bloomsbury Publishing.
3. Western Political Thought, Dr.O.P.Gauba, MacMillan Publishers India Limited,Delhi,2011.
4. From Plato to Marx, Amal Kumar Mukhopadhyay, K.P. Bagchi & company, Calcutta, 2014.
5. Locke, John. The Second Treatise on Civil Government. Amherst, N.Y: Prometheus Books, 1986.

ICT Corner آئی سی کارنر

POLITICAL THOUGHT سیاسی خیالات

اس سرگرمی سے آپ سیاسی مفکرین
اوران کی خدمات کو معلوم کرسکیں گے



عظیم مفکرین طریقۂ کار

مرحلہ 1 : URL کو استعمال کیجئے یا عظیم مفکرین کے صفحے کو کھولئے جس میں بڑے سیاسی مفکرین کے ناموں کی ایک فہرست ونڈو کے دائیں طرف آپ پائیں گے۔

مرحلہ 2 : کسی بھی نام یا صفحہ پر کلک کریں۔ایسے صفحے میں مفکرین کے بارے میں تفصیلات موجود ہوں گی۔

مرحلہ 3 : مفکرین کے تفصیلی حالات جاننے کے لئے ہوم بٹن کے ساتھ والے سی وی بٹن Biography پر کلک کریں۔

مرحلہ 4 : مزدور طبقہ، تبصرے، وضاحتی ویڈیوز وغیرہ پر مبنی مفکرین کے بارے میں مزید معلومات کے لئے دیگر بٹنوں پر بھی کلک کرسکتے ہیں

GREAT THINKERS URL:
http://thegreatthinkers.org/plato/biography/

*Pictures are indicative

11 pol sc unit 7 Set
Sunday, November 21, 2021 8:21:26 PM

اکائی 8

سیاسی نظریات – حصہ I

Political Ideologies – Part I







تعارف :

آئیڈیالوجی " Ideology "سیاسی، سماجی، اقتصادی نظریات ہیں۔علم سیاسیات میں ان نظریات کی بڑی اہمیت ہے، انہیں علم سیاسیات کی روح اور اس کا دل کہا جاتا ہے۔ یہ ریاستی حقیقت، سیاست اور سماج کے مابین تعلقات، اس کی شکلیں، اس کے اختیارات کی طریقۂ کار سے نمٹتی ہیں۔ یہ ہمارا مضمون ان ہی نظریات پر بحث کرتا ہے۔

سیکھنے کے مقاصد :

- مثبت آزاد خیالی، منفی آزاد خیالی اور آزاد پسندی کے معنی اور خصوصیات کو طلباء سمجھ سکیں گے۔
- آزاد اپسند نظریہ کے حامی لیڈروں اور مفکرین کے بارے میں معلومات حاصل کرسکیں گے۔
- کارل مارکس مابعد دور کے تاریخی اشتراکیت پسند مفکرین کے تصورات اور نظریات سے واقفیت حاصل کرسکیں گے۔
- اشتراکیت Socialism کے مختلف اقسام کو جان کر اشتراکیت اور اجتماعیت کے فرق کو جان سکیں گے۔
- داخلی اور خارجی وطن پرستی کی خصوصیات، ہنگامی نظریات اور وطن پرستی کے معنی کا پتہ لگاسکیں گے۔
- ہندوستانی وطن پرستی Indian Nationalism کے عوامل/وجوہات کا تجزیہ کرسکیں گے۔
- فسطائیت کے بنیادی نظریات سے واقف ہوں گے۔
- نازیت Nazism کا آغاز، اس کا معنی اور اس کی خصوصیات سے متعلق جانکاری حاصل کرسکیں گے۔

8.1 آزادخیالی : (Liberalism)

آزاد خیالی "Liberalism" نظریہ، جدید سیاسی نظریات میں بڑی اہمیت رکھتا ہے جس کا وجود سترھویں صدی عیسوی ہوا، دور جدید میں اس کے ماننے والے کثرت سے پائے جاتے ہیں۔"Liberalism" کی اصطلاح "Liber" لفظ سے ماخوذ ہے جس کے معنی ''آزادی'' کے ہیں۔ انیسویں صدی میں ہسپانوی آئین کے حامیوں نے خود کو لبرل کہہ کر اس لفظ کو بڑی مقبولیت بخشی۔ اب مغربی ممالک جیسے ریاست ہائے متحدہ، برطانیہ، کینیڈا اور جرمنی میں سیاسی اور اقتصادی امور میں آزاد خیالی نظریہ پر عمل کیا جاتا ہے۔

تاریخی نقطہ نظر سے لبرل ازم تین اہم مراحل سے گذارا ہے۔ پہلے مرحلہ میں 1930 تک اسے منفی لبرل ازم کہا جاتا تھا، دوسرا مرحلہ ایک عظیم اقتصادی کساد بازی سے شروع ہوتا ہے جسے مثبت لبرل ازم کہا جاتا تھا جو 1970 تک جاری رہا۔ تیسرا مرحلہ

11 pol sc unit 8 Set
Sunday, November 21, 2021 10:16:51 PM

آزاد پسندی 'Libertarianism' کا ہے، جسے پچھلے چار دہائیوں سے دنیا کے بڑے بڑے ممالک اسے تسلیم کرتے چلے آرہے ہیں۔

A۔ منفی آزاد خیال :

(Essence of Negative Liberalism)

منفی آزاد خیالی کے بہت سارے نام ہیں جسے پروانہ راہ داری، آزاد خیالی 'Laissez Faire' اور روایتی آزاد خیالی "Classical Liberalism" وغیرہ سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ جان لوک نے اپنی کتاب شہری حکومت کے دو معاہدے " Two Treaties of Civil Government " میں منفی لبرل ازم کے بنیادی سیاسی اصولوں کا تذکرہ کیا ہے جسے امریکہ نے وسیع پیمانے پر اپنایا ہے۔





جان لوک روایتی آزاد خیالی نظریہ "Classical Liberalism" کا موجد تھا ۔ زندگی کا مساویانہ حق، آزادی اور املاک

اس کے علاوہ تھامس ہبین، مونٹسکو ئیو، جیریمی بینتھم کا شمار منفی لبرل ازم کے بڑے حامیوں میں ہوتا ہے۔ اقتصادی لحاظ سے ایڈم اسمتھ نے اپنی کتاب An Inquiry in to the Nature and Causes of wealth of Nations" میں منفی لبرل ازم کی حمایت کی ہے۔

منفی لبرل ازم کی روح رخلاصہ :

(Essence of Negative Liberalism)

منفی لبرل ازم انسان کو عقلمند، قابل اور خود مختار رہنا تا ہے ۔اس کی نظر میں تمام انسان آزاد اور مساوی درجہ رکھتے ہیں ۔ ہر ایک اپنے مفادات کا متلاشی ہے اور اسے حاصل کرنے کی صلاحیت بھی رکھتا ہے ۔سماج آزاد افراد کی مجموعی شکل کا نام ہے اس لئے ریاست اور سماج کو افراد کی زندگیوں میں مداخلت یا انہیں منظّم کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

ریاست ایک لازمی نحوست رمصیبت کا نام ہے البتہ یہ امن وسلامتی کے تحفظ کے لئے درکار ہے جس کے بغیر افراد، اپنے مفادات کو حاصل نہیں کر سکتے ۔اس کا وجود بھی انسانی حقوق اور ان کے آزادیوں کے لئے خطرہ ہے۔

ریاست ایک غیر فعال شئے ہے کیونکہ اسے ترقیاتی سرگرمیاں انجام دینے سے روکا گیا ہے۔ایسی ریاست کو 'Laissez Faire' کہا جاتا ہے۔ 'Laissez Faire' لفظ کو فرانسیسی زبان سے لیا گیا ہے جس کے معنی '' تنہا چھوڑ دینے'' کے آتے ہیں ۔اسی مناسبت سے ریاست کو چاہئے کی وہ اپنی سرگرمیاں جاری رکھنے کے لئے افراد کو اکیلا اس کے حال پر چھوڑ دے، ہاں امن وسلامتی کی بحالی اور قانونی طور پر کئے جانے والے معاہدوں کا نفاذ، یہ دونوں افعال منفی لبرل ازم کے تحت ریاست کو سونپے گئے ہیں۔

ACTIVITY کارروائی

1991ء سے اقتصادی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے ہندوستان نے آزاد خیال نظریہ کو کہاں تک اپنایا ہے۔



11 pol sc unit 8 Set
Sunday, November 21, 2021 10:16:51 PM

اقتصادی حیثیت سے منفی لبرل ازم رسد Supply اور مانگ demand پر مبنی آزاد بازار کی معیشت کی حمایت کرتا ہے۔ یہ ریاست کو معاشی سرگرمیوں میں مداخلت کرنے سے روکتا ہے۔ ریاست اپنے اختیارات اور افعال میں ایک کرکٹ مین ثالثی کردار Cricket Umpires.. کی طرح ہے۔ ریفری گیم نہیں کھیلتا لیکن نگراتی کرتا ہے کہ کھیل کے قوانین کے مطابق کھلاڑی کھیل رہے ہیں یا نہیں؟ اس طرح ریاست کو اقتصادی امور میں دخل نہیں دینا چاہئے کیونکہ بازار ہی کو اپنی سرگرمیاں طے کرنے کا حق ہے۔

منفی لبرل ازم فطری حقوق کو تسلیم کرتا ہے جب ماں نے اپنے بچہ کو جنم دیا اسی وقت سے اسے بنیادی حقوق بھی عطا کئے اسی کو قدرتی حقوق کہتے ہیں۔ ریاست کو چاہئے کہ وہ ان قدرتی حقوق کو پامالی نہ کرے۔ حقوق زندگی، آزادی، جاگیردانہ حقوق، انسانی وجود اور ترقی کے لئے ناگزیر ضرورتیں ہیں۔ لہذا ریاست کو کبھی بھی اسے ختم یا اس میں کمی نہیں کرنا چاہئے۔ منفی لبرل ازم کے حامیوں کے ہاں جاگیردانہ حقوق کا بڑا مقام ہے۔ یہ لامحدود حقوق ہیں جس کے تحت افراد ریاست کی مداخلت کے بغیر جائیداد حاصل کرتے ہیں اور اس سے لطف اندوز ہو کر اس کا تصرف کرتے ہیں۔

B۔ مثبت آزادخیالی : (Positive Liberalism)

بیسویں صدی میں منفی آزادخیالی بھی مثبت کا رخ اختیار کرگئی حالانکہ منفی آزادخیالی نے مغربی ممالک میں غیر معمولی کردار ادا کیا ہے۔ اس سے عام لوگوں کو بڑی تکلیف پہنچی ہے، لوگوں میں عدم مساوات، شہروں میں کچی آبادیوں کی ظاہری شکل اور کارکنوں کے استحصال نے منفی لبرل ازم کی حامیوں کو بے نقاب کیا۔ رسکن جیسے انسان دوست مفکر نے لوگوں کی پریشانیوں کو دیکھ کر احتجاج کیا۔

اس پس منظر کے دو عوامل ہیں جمہوریت اور مارکسزم۔ جن کی وجہ سے منفی لبرل ازم بھی مثبت لبرل ازم میں تبدیل ہوگئی۔ انیسویں صدی میں آہستہ آہستہ جمہوریت پھیلنے لگی اور عوام کو رائے دہندگی (ووٹ) دینے کے حقوق مہیا کئے گئے، اس کے بعد انہوں نے پالیسیوں میں تبدیلیوں کا مطالبہ کیا۔ دوسرا عنصر مارکسزم کا وجود اور عروج ہے جس نے مزدور طبقہ کا استحصال اور عدم مساوات کی وجہ سے، اور اسی طرح جمہویت اور ماکسزم کے دباؤ سے منفی لبرل ازم مثبت لبرل ازم میں بدل دیا۔

آزادخیال دنیا Liberal world نے 1928 کے بعد سے ایک تباہ کن عظیم معاشی کساد بازی کا سامنا کیا جس نے ریاست ہائے متحدہ، امریکہ اور متعدد ممالک کی معیشت کو متاثر کیا۔ نومنتخب امریکی صدر فرینکلن روز ویلٹ نے امریکی اقتصادی بحران کو دلدل سے نکالنے کے لئے ایک نیا لین دین لائحۂ کار New Deal Programme نافذ کیا۔



امریکی صدر کے اقتصادی امور کے مشیر جے ایم کینس نے اس پروگرام کے بنانے میں ایک اہم کردار ادا کیا جو مثبت لبرل ازم کی واپسی کا اشارہ دیتا ہے۔ متعدد مفکرین جیسے ٹی ہچ گرین، ہارولڈ لاسکی اور ایل ٹی ہوں ہاؤس نے مثبت لبرل ازم کے مشمولات کو تقویت بخشی ہے۔

11 pol sc unit 8 Set
Sunday, November 21, 2021 10:16:52 PM

کیا تم جانتے ہو؟

فرینکلن ڈی روز ویلٹ نے ایک طویل عرصہ تک ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے صدر کی حیثیت سے خدمات انجام دیا، جس نے نیو ڈیل پروگرام کو نافذ کر کے امریکہ کو اقتصادی بحران سے نکال کر ملک کی ترقی میں چار چاند لگا دئے۔ یہ پروگرام آج بھی لاکھوں لوگوں کو متاثر کر رہا ہے ۔وہ شدید طور پر پولیو سے مفلوج ہو چکا تھا لیکن 1932ء کے عام انتخابات میں وہ ایک گاڑی پر سوار ہو کر امریکہ کی ترقی کو منزل مقصود پر گامزن کرنے کے لئے ایک متاثر کن نعرہ لگا رہا تھا اور اس نے زندگی کے درپیش مسائل سے مقابلہ کرتے ہوئے جینے کا نیا حوصلہ دیا۔

مثبت لبرل ازم نے ایک سماجی فلاحی ریاست کا تصور پیش کیا جو معاشرہ کی فلاح و بہبودی کی ضمانت دیتا ہے جس کا اہم کردار سماجی خدمات کی فراہمی ہے۔ اسپتالوں، تعلیمی اداروں، فیکٹریوں، صنعتوں، بنیادی ڈھانچوں، سڑکوں، ریلوے پٹریوں اور بندرگاہوں کی تعمیر اور دیکھ بھال میں اسے خاص توجہ دینا چاہئے اسی لئے تو ریاست کو ایک جمہوری سماجی ریاست کا نام دیا جاتا ہے۔ یہ ایسا نام ہے جو مثبت ریاستی آئین میں جمہوریت کی اہمیت کو واضح کرتا ہے۔



سماج میں فلاح و بہبودی کو فروغ دینے کی خاطر لوگوں کے حقوق میں ترمیم کیا جا سکتا ہے۔ یہ مثبت لبرل ازم حقوق اور فرائض کے آپسی تعلقات کی حمایت کرتا ہے اور سماج بہبودی حقوق کے نظریہ پر بحث کرتا ہے اس طرح آزادی بھی ایک لازمی شئے ہے، منفی لبرل ازم بھی آزادی کی سفارش کرتی ہے جیسے مثبت آزادی خیال نظریہ بھی۔ آزادی کا مطلب ریاستی امور میں دخل دینا نہیں ہے بلکہ ریاست کی سماجی بہبودی کی سرگرمیوں پر عمل پیرا ہونا ہے۔ ان کا مقصد ریاست کا حصول نہیں بلکہ ریاست میں آزادی دلانا ہے۔

ریاست کو چاہئے کہ وہ محنت کش طبقہ میں بھی معیشت کو منظّم کرے تاکہ اقتصادی بحران کی تکلیف دہ صورت حال پر وہ قابو پا سکیں۔ ریاست سماجی فلاح و بہبود کی خاطر ترقی پسند ٹیکس عائد کر سکتا ہے۔ اور وہ معاشی حکمت عملی کی پالیسیوں کو اپنا سکتا ہے۔ جیسے قومیانہ بنانا (قومی ملکیت میں لینا) اور کم سے کم اجرت کی حد متعین کرنا اور معاشرے کے تمام طبقات کو ترقی دلانے کے لئے ایک عوامی شعبہ کے طور پر صنعتوں میں ریزرویشن دینا۔

1930ء کی دہائی سے لے کر کئی دہائیوں تک مغربی جمہوری ریاستوں میں مثبت لبرل ازم پر عمل کیا گیا لیکن آہستہ آہستہ

11 pol sc unit 8 Set
Sunday, November 21, 2021 10:16:53 PM

فلسفیوں اور سیاسی رہنماؤں نے مثبت آزاد خیال کے تحت پھیلائے جانے ولاے سماجی فلاحی ریاست کی افادیت پر سوالات کرنے لگ گئے۔ان کا موقف تھا کہ معاشرے اور معیشت میں ریاستی مداخلت نے صنعتی خرابیاں اقتصادی نااہلی، کم پیداواری، بدعنوانی، عوام کی آزادی کا خاتمہ، معاشی جمود جیسے مسائل کو جنم دیا ہے۔لہذا اس پر قابو پانا چاہئے۔

کارروائی ACTIVITY

مشاہداتی پہلو رجائزاتی طریقہ کار:

ریاست کے ان اہم امور کی نشاندہی کریں جو آپ کی زندگی میں برابر کے شریک ہیں۔حکومت نے آپ کو بہت ساری سہولتیں مہیا کی ہیں۔اپنے تجربات کی روشنی میں فلاحی ریاستی خدمات کی ایک فہرست بنائیں جس سے آپ نے استفادہ کیا ہے۔

C۔آزاد پسندی نظریہ: Libertarianism

تاریخی لحاظ سے آزاد خیالی کے تیسرے مرحلے کو عصری آزاد پسندی بھی کہا جاتا ہے۔یہ نظریہ مثبت لبرل ازم کے خاتمہ کے بعد مغربی دنیا میں ابھر کر سامنے آیا اور آہستہ آہستہ دنیا کے بیشتر حصوں میں پھیل گیا۔امریکی صدر رونالڈ ریگن نے 1981 سے 1889 تک اپنے ملک امریکہ میں اس نظریہ کو نافذ کیا۔

برطانیہ کی پہلی خاتون وزیر اعظم مارگریٹ تھیچر آزاد پسندی نظریہ کی سیاسی معمار تھیں۔سوویت یونین کے آخری صدر میشل گورباچوف نے دو اہم اصلاحات، سماجی سیاسی اقتصادی نظام کی تشکیل Perestroika اور مشاورتی حکومت Glasnost متعارف کروایا جس نے سوویت یونین کو آزاد پسندی کی طرف ڈھکیل دیا۔



معاشرہ نام کی کوئی چیز نہیں۔یہاں تو انفرادی طور پر مرد و خواتین اور خاندان بستے ہیں

(مارگریٹ تھیچر)

متعدد سیاسی سائنسدانوں نے آزاد پسندی کی حمایت کی ہے۔ایف اے بائیک، ایم او کینسٹ، کارل پوہر، ملٹین فریڈمین، نوزک اور نوک آزاد پسندی نظریہ کے حامی ہیں۔



سارے لوگوں کے ساتھ یکساں معاملہ کرنا اور انہیں مساوات کا درجہ دینے کے لئے دنیا میں بہت فرق پایا جاتا ہے

(فریڈرگ بائیک)

بیسویں صدی کے درمیانی نصف حصہ اور اکیسویں صدی کے پہلے نصف حصہ میں کلاسیکل لبرل ازم کو دوبارہ بحال کیا گیا۔یہ نظریہ افراد کی قدر اور اہمیت کو جانتا ہے اور انفرادی آزادی کو انسانی زندگی کے لئے لازمی قرار دیتا ہے۔یہ ذاتی خودمختاری کے تصور کی بھرپور حمایت کرتا ہے جس کے تحت ہر انسان اپنی زندگی کے فیصلے اپنی مرضی کے مطابق آزادانہ طور پر کرسکتا ہے۔اور ریاست کا دائرہ کار صرف امن وامان برقرار رکھنے تک محدود ہے۔

کیا تم جانتے ہو؟

''کارل پوپر نے افلاطون/ پلاٹو کو ایک آزاد معاشرہ کا دشمن قرار دیا ہے۔

11 pol sc unit 8 Set
Sunday, November 21, 2021 10:16:53 PM





آزاد خیال پسند البرٹ جے نوک نے اپنی کتاب کا نام "Our Enemy the state" رکھا۔

آزاد خیال پسند کہتے ہیں کہ ترقی اور سماجی فلاح و بہبود کے نام پر ریاستی افعال میں ناگزیر طور پر اضافہ اور اقتداری طاقت انسان کی ذاتی آزادیوں کو تباہ و برباد کر سکتی ہے۔

اختتامی نظریہ: End of Ideology

1950 کی دہائی میں چند سیاسی مفکرین اور سیاسی ماہرین معاشیات نے اختتامی نظریات "End of Ideology" کا ایک نیا تصور پیش کیا۔ ڈینل بیل جس نے "End of Ideology" کتاب لکھا۔ مشہور سماجی ماہر معاشیات مارٹن لیپسٹ اور یہ اس تصور کے سب سے بڑے حامی تھے، ان کا موقف ہے کہ آزاد جمہوری ریاست یا فلاحی سماجی ریاست کی تشکیل سے انسانیت کی سیاسی اور اقتصادی تحقیق اپنی آخری منزل کو پہنچ چکی ہے۔ سماجی فلاحی ریاست، مرکزی اقتدار، مخلوط معیشت اور مسابقتی پارٹی طریقۂ کار کو انسانی زندگی میں پیوست کر دینی چاہئے۔ مغربی ممالک نے یہ مثالی سماجی و سیاسی خصوصیات حاصل کی ہیں۔ انہوں نے لبرل ازم اور مارکسزم کے درمیانی فرق سے قطع تعلق کرتے ہوئے اس بات کو تسلیم کیا ہے کہ جمہوریت محض حکومتی نظام کا نام نہیں بلکہ ایک بہترین اور طاقتور معاشرہ ہے۔ انہوں نے جمہوریت کی تعریف اس طرح کی ہے کہ وہ تنازعات کے حل کے ساتھ ساتھ حکمرانی کا مثالی نمونہ بھی پیش کرتی ہے۔

مجموعی طور پر بہت سارے مفکرین نے "نئے بائیں بازو" کے نظریاتی خاتمہ کے تصور کو مسترد کر دیا ہے۔ حالانکہ یہ مفکرین مارکسزم کے طبقاتی کشمکش کی حمایت نہیں کرتے بلکہ مارکسی ریاستی اصول کو بہتر بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ مغربی معاشرہ کے بہت سارے مفکرین نے اس نظریاتی تصور کے خاتمہ کے ساتھ ساتھ مادیت کے خاتمہ کا بھی مطالبہ کیا۔

تاریخ کا اختتام End of History

امریکی سیاست مفکر فرانسی فوکویاما نے 1992ء میں تاریخ کا خاتمہ اور آخری انسان The end of History and Last Man نامی ایک کتاب لکھی جس میں اس نے بتایا کہ تاریخ سرد جنگ کے خاتمہ اور کمیونزم پر لبرل ازم کی فتح کے ساتھ ہی ختم ہوگئی ہے۔ انسانی تاریخ بنیادی طور پر مثالی سیاسی، سماجی اور اقتصادی نظام کے ساتھ جڑی ہوئی ہے۔ آزاد خیالی انسانی غور و فکر کے خاتمہ، صحیح نظریہ اور دنیا میں اس نظریہ کے بعد کی حالت کی نشاندہی کرتی ہے۔ آزاد ریاست اور آزاد خیال معیشت

11 pol sc unit 8 Set
Sunday, November 21, 2021 10:16:54 PM

انسانیت کے سماجی ،اقتصادی اور سیاسی ترقی کے خاتمہ کی نمائندگی کرتی ہیں اس لئے فوکیوما کی دلیل کے مطابق انسانی تاریخ کا اختتام ہوگیا ہے۔



لیکن ہمارے سیاسی سائنس دان اور نظریاتی افراد اس پر متفق نہیں ہیں ۔دور جدیدیت کے بعد کے مفکرین نے یہ استدلال کیا ہے کہ آزاد جمہوریت وہ مثالی سیاسی نظام نہیں ہے جو انسانی مسائل کو حل کرتا ہے، انہوں نے کہا کہ زمینی اور انسانی تاریخ میں کبھی بھی تشدد، عدم مساوات، بے دخلی، قحط اور معاشی بحران نے اتنا متاثر نہیں کیا جتنا کہ آزاد جمہوری دور نے کیا۔

امریکی سائنسدان سیموئل ہنٹنگٹسن نے فوکوما کے تاریخی خاتمہ کے نظریہ کے مقابل میں تہذیبوں کے تصادم کا نظریہ "Class of civilization Theory" نظر پیش کیا ہے۔ ہینگٹن نے کہا کہ سرد جنگ کے خاتمہ سے آزاد جمہوریت کو عالمی طور پر ''دائمی کامیابی نہیں ملی ہے'' اس کے برعکس دنیا کی دو بڑی تہذیبیں ، مغربی تہذیب اور اسلام کے مابین نظریاتی طور پر اختلافات ابھر کر سامنے آئے ہیں جو بیسویں صدی میں انسانی سیاست پر حاوی ہوگئی ہے ۔اس نے کہا کہ ان دونوں کے تہذیبی اختلافات سے دیگر تہذیبوں پر بر اثر پڑا ہے گویا تاریخ سرد جنگ سے ختم نہیں ہوئی بلکہ محاذ آرائی کے ایک نئے مرحلہ میں داخل ہوگئی ہے۔

ہندوستان اور آزاد خیالی :
(India and Libertarianism)

1991ء کے ابتدائی دور میں آزاد خیالی، Liberalization، نجکاری Privatization، عالمگیریت gobalisation وغیرہ اقتصادی اصلاحات متعارف کروائی گئیں جس میں آزد پسندی کے نظریہ کی عکاسی ہوتی ہے۔ریاست نے متعدد اقتصادی اور سماجی سرگرمیوں سے زیادہ حکمرانی ریاست کا اصول اپنایا ہے۔ریاست نے باضابطہ طور پر سرگرمیوں کے دائرہ کو دانستہ طور پر کم کردیا گیا ہے تاکہ نجی اقدام کی حوصلہ افزائی کی جاسکے۔آزاد پسندی کے تاثرات کے تحت منصوبہ بندی کے عمل کو ابتداء ہی میں نشان زدہ منصوبہ بندی کے عمل کے تحت تبدیل کردیا گیا اور حال ہی میں منصوبہ بندی کمیشن کی جگہ قومی کمیشن برائے ٹرانسفارمنگ انڈیا Nitiaayog نامی ایک ادارہ تشکیل دیا گیا ہے۔

8.2 کمیونزم۔(ولادیمیر لینن)
(Communism (Vladimir Lenin)

کیا تم جانتے ہو؟



ولادیمیر لینن کا انتقال 1924 میں ہوا اور اس کی باقیات کو ماسکو کے ریڈ اسکوائر میں واقع لینن کے قبرستان میں رکھا گیا۔اس کے جسم کو خصوصی کیمیکل سے ممی کیا گیا اور عوامی نمائش کے لئے رکھا گیا۔اس سے قبل حکومت اس طرح کے جسم کے تحفظ کے لئے فنڈز فراہم کرتی تھی پھر سوویت سوشلسٹ جمہوریہ یونین کے منتشر ہونے کے بعد عوامی عطیات کے ذریعہ اسے محفوظ کیا جاتا تھا۔لینن کی والدہ کی قبر سے قریب تابوت دفن کرنے کے لئے وقفے وقفے سے بات چیت ہوتے رہتی ہے۔

11 pol sc unit 8 Set
Sunday, November 21, 2021 10:16:55 PM

ولادیمیر لینن ایک انقلابی مارکسسٹ مفکر تھا جس نے مارکسسٹ کے نظریات کو عملی جامہ پہنانے کے لئے 1917ء کے اکتوبر انقلاب کو ترتیب دیا تھا وہ سوویت سوشلسٹ جمہوریہ Union of Soviet Socialist Republics (USSR)



کہلانے والے کمیونسٹ ملک کا معمار تھا جو 15 جمہوریہ پر مشتمل تھا۔لینن نے نظریاتی مواد اور مارکسزم میں حصہ لیا گیا۔

کمیونسٹ پارٹی:

لینن نے اپنی تصانیف میں لکھا ہے کہ ''آپ کو کیا کرنا چاہئے'' مارکس کی کمیونسٹ پارٹی کے خیالات نے سرمایہ داری اور خاتمہ استحصال کے لئے ایک کمیونسٹ انقلاب پر زور دیا تھا اور اس کے جانشین کی حیثیت سے لینن مزدور طبقہ انقلاب برپا کرنے کے لئے پارٹی کا طریقہ کار تیار کیا تھا۔ انہوں نے کہا تھا کہ ہر فیکٹری اور کارخانے میں کارکنوں کا ایک چھوٹا گروپ بنایا جائے جو انقلابی مارکسزم کے متعلق معلومات رکھتے ہوں، ان کے پاس لگن، عزم اور محنت جیسی صلاحیتیں ہونی چاہئیں تا کہ ممبران انقلاب پیدا کرنے کے لئے مزدور طبقہ کا ساتھ دیں اور کمیونسٹ پارٹی کو ایک جدید تصور کی بنیاد پر منظّم کیا جائے جسے جمہوری مرکزیت "Democratic Centralism" کا نام دیا جائے جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس پارٹی کے تنظیمی ڈھانچے میں دو خصوصیات ہونی چاہئیں وہ یہ ہیں جمہوریت اور مرکزیت۔

پارٹی تنظیم کے اراکین کو چاہئے کہ وہ اعلیٰ اراکین کا انتخاب کریں۔ دیہات میں پارٹی کے اراکین ضلعی طور پر پارٹی کے اراکین کا انتخاب کریں۔ اور ضلعی اراکین ریاستی اراکین کا انتخاب کریں، اسی طرح ریاستی اراکین مرکزی اراکین کا انتخاب کریں۔

کمیونسٹ پارٹی میں مرکزی عنصر (رکن) کا مطلب یہ ہے کہ اعلیٰ یونٹ کے فیصلوں کو نچلی یونٹوں کو قبول کر کے ان پر عمل کرنا ہوگا۔ اسی طرح ریاستی مرکزی یونٹ کے فیصلوں کو ضلعی یونٹ ریاستی یونٹ کے فیصلوں کو اور گاؤں کی یونٹ ضلعی یونٹ کے فیصلوں کو مان کر عمل کرنا چاہئے۔



سامراجیت: Imperialism

سامراجیت سے مراد وہ نظام ہے جس میں یوروپی ممالک نے عسکری طاقت اور قوت سے ایشیائی اور فریقی ممالک کو محکوم بنایا ہے۔ لینن نے سرمایہ داری سے ایک ربط پیدا کیا ہے۔ سرمایہ داری کا قد آور مقام۔ اس نے زور دے کر کہا کہ مارکس کی پیشن گوئی کے مطابق سرمایہ داری کو خود تباہی کا سامنا کرنا نہیں پڑا۔ سرمایہ دار ممالک ایشیائی اور افریقی ممالک کے مظلوم افراد کا استحصال کرتے ہیں اور لوٹی ہوئی دولت کو اپنے ہی ممالک میں جمع

11 pol sc unit 8 Set
Sunday, November 21, 2021 10:16:55 PM

کرکے رکھتے ہیں۔ یہاں پر دیکھا جائے تو دو انقلاب ہونے چاہئیں ۔ایک سامراجی یوروپ کے خلاف ایشیائی فریقی ممالک کی کشمکش۔ اور دوسری مغربی ممالک میں مزدور طبقے کی انقلابی کشمکش۔ایک بار جب یہ دونوں کوششیں رنگ لائیں گیں تو سرمایہ داری اور استعماری دونوں نظام کا قلع قمع ہوجائے گا ،اس طرح مساوات اور بین الاقوامی بھائی چارے پر مبنی ایک اشتراکی نظام قائم ہوجائے گا۔

جوزف اسٹالن :



جوزف اسٹالن 1953ء تک کمیونسٹ پارٹی کے جنرل سکریٹری اور جمہوری اشتراکیت کی سوویت یونین کا سربراہ تھا۔اس نے مارکسزم کا ایک بڑا نظریاتی حصہ متعارف کروایا جس کا نام ایک ملکی سوشلزم رکھا گیا۔اس نظریہ کو اس سے پہلے ایک اور کمیونسٹ نظریہ نگار نکولائی بخارین نے پیش کیا تھا۔

مارکسزم نے وطن پرستی نظریہ کو مسترد کردیا اور آفاق گیر نوعیت کی حمایت کی اس نے سرمایہ دارانہ نظام کی حیثیت سے قوم پرستی پر حملہ کیا اور دنیا کے مزدور طبقہ سے اپیل کی کہ وہ متحد ہوکر کمیونزم کے قیام کے لئے جدوجہد کریں جیسا کہ مارکس کی کتاب کمیونسٹ منشور " The Com munist Manifesto " کے آخری سطروں میں لکھا گیا ہے کارل مارکس کا بنیادی مقصد عالمی مزدور طبقہ کے انقلاب کے ذریعہ بین الاقوامی اشتراکی معاشرے کی تشکیل تھی۔

کارل مارکس نے کہا کہ مزدوروں کا کوئی ملک نہیں ۔ لینن نے بھی یہی کہا ہے اور اس نے روس کے اکتوبر 1971ء کے انقلاب کو عالمی انقلابلیسی کے طور پر بین الاقوامی کمیونسٹ تنظیم نے قبول کیا۔کا موسم بہار سے تعبیر کیا ہے۔

اسٹالن اشتراکی ''ایک ملکی تصور'' کے ذریعہ مارکسزم میں بنیادی تبدیلی لانا چاہتا تھا،اس نے لینن کے اس بیان کی تصدیق کی کہ عملی طور پر سوشلسٹ انقلاب برپا کیا جاسکتا ہے جیسا کہ یوروپی اتحاد/ یونین میں ہوا تھا۔

اس تصور کا بنیادی موضوع روس میں سوشلزم کو مکمل طرح سے قائم کرنا ہے۔روسی سوشلزم کو سرمایہ دارانہ نظام سے خطرہ ہے کیونکہ مغربی مخالف سرمایہ دارانہ ریاستیں کمیونسٹ سوویت یونین کو کمزور کرنا چاہتی ہیں۔اسٹالن نے سوویت کی مضبوطی اور استحکام کا مطالبہ کیا تاکہ وہ مستقبل میں ایک عالمی مفاد پرست انقلاب کو منظّم کرکے سرمایہ دارانہ نظام کا مقابلہ کرسکے۔اس مضمون کو یو ایس ایس آر (USSR) کی ریاستی پالیون ٹراٹسکی نے اسٹالن سوشلزم پر تنقید کی اور کارل مارکس کے حمایت یافتہ دائمی انقلاب کے نظریہ کا اعادہ کیا اس نے بین الاقوامی طور پر کمیونزم کو رائج کرنے پر زور دیا اور خبردار کیا کہ بصورت دیگر خود سوویت یونین میں کمیونزم کا خاتمہ ہوجائے گا۔

ماؤزیڈونگ :

ماؤزیڈونگ دنیا کی تاریخ میں سب سے بڑا مارکسی نظریہ

11 pol sc unit 8 Set
Sunday, November 21, 2021 10:16:56 PM

ساز اور پیشہ ور طبیب تھا اور وہ 1949ء میں چین کی کمیونسٹ پارٹی کے بانیوں میں سے ایک تھا جس کی وجہ سے عوامی جمہوریہ چین تشکیل پایا۔



مارکسزم کا معنی ومفہوم :
(Signification of Marxism)

ماؤ نے چین کا خیال رکھتے ہوئے کمیونزم میں چند تبدیلیاں کیں، چینی حقائق کو راغب کرنے کے لئے کمیونزم میں ہونے والی ترمیم کو کمیونزم کی علامت کہا جاتا ہے۔

کسان انقلاب: Peasantry - led Revolution

کارل مارکس نے یہ پیشن گوئی کی ہے کہ کمیونسٹ انقلاب مغربی یوروپی ممالک کے صنعتی ممالک ہی میں برپا ہوگا، جو کارکنوں (مزدور طبقہ)، منتظمین اور صنعتی اعتبار سے پسماندہ ملک تھا ۔کارل مارکس نے کبھی یہ سوچا بھی نہیں تھا کہ کسان طبقہ میں بھی انقلابی صلاحیت پائی جاسکتی ہے کیونکہ وہ قدامت اور رجعت پسند ہیں ۔اس لئے ماؤ نے چین کے کسانوں کو منظّم کیا اور اشتراکی جاگیردارانہ ریاست کا تختہ الٹ دیا۔اس طرح کمیونزم کا وجود ہوا۔ چین میں ماؤ کی اس کامیابی کی وجہ سے ایشیاء اور افریقہ کے دیگر زرعی ممالک کے لئے ایک انقلابی نمونہ حاصل ہوگیا۔

کثیر خط (لائن) (Mass Line)

ماؤ نے چینی حالات کے مطابق کمیونسٹ پارٹی لینن تصور پر مبنی انقلابی رہنمایانہ خطوط کو تبدیل کردیا۔اس کا کہنا تھا کہ سیاست اور محنت ومشقت دونوں شعبوں میں عوام کو انقلابی پارٹی سے الگ نہیں کرنا چاہئے ،انہیں کمیونسٹ پارٹی کا لازمی حصہ بنانا چاہئے اور اس کے رہنمایانہ اصول کو عوام سے عوام الناس تک پہنچانا ہے۔

عوامی اور گوریلا جنگ :

استحصالی طبقات اور اس کے ریاستی ڈھانچہ کے خلاف عوام کی وسیع المیعاد انقلابی جدوجہد پر ماؤ یقین رکھتا ہے اس نے عوامی جنگ کے تصور کو عام کیا۔اس نے عوامی جنگ کا نام دے کر لاکھوں کسانوں کو جنگ پر ابھارا کیونکہ وہ سرمایہ دارانہ نظام اور سامراجیت کے شکار تھے۔اس کی حکمت عملی یہ تھی کہ کسانوں کی مدد سے دیہی مناظر پر قبضہ کرکے شہروں کو گھیر لیا جائے۔

ماؤ غیر روایتی گوریلا جنگ پر یقین رکھتا تھا۔اس نے حکمت عملی کے طور پر تین مرحلے تشکیل دئے۔سب سے پہلے مرحلہ میں کمیونسٹ کے کلیدی لوگ پروپگنڈہ کریں، اس طریقہ کو اختیار کرنے سے بھی فتح حاصل کی جاسکتی ہے۔ دوسرے مرحلہ میں تنظیم کے اعلیٰ عہدیدار سپاہیوں اور ریاست کے اہم تنصیبات پر حملہ کردیں ،تیسرے مرحلہ میں ذمہ دار ریاستی فوج سے لڑکر شہروں پر قبضہ کریں ۔انہیں یہ بھی بتایا گیا کہ حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے ان تینوں صورتوں میں سے کسی بھی صورت حال کا استعمال کیا جاسکتا ہے۔

چین کی سیاسی مہم (سو پھولوں کی مہم)

چین کی کمیونسٹ پارٹی نے 1950ء کے دہائی کے دوسرے نصف حصہ میں سو پھولوں کی مہم چلائی اور چیئرمین ماؤ نے کہا کہ سو پھول کھلنے دیں اور سو مکاتب فکر نظریہ کو آگے بڑھائیں۔ انہوں نے اس نظریہ کو پھول سے تشبیہ دی اور کہا کہ تمام مکاتب فکر کو

11 pol sc unit 8 Set
Sunday, November 21, 2021 10:16:56 PM

پھلنے پھولنے کا موقع ملنا چاہئے ۔ یہ نظریہ بوسیدہ اور پرانے خیالات کوختم کرتا ہے۔کنفوشزم کے قدیم فلسفہ نے کئی صدیوں قبل اس نظریہ پر بحث کی اور کامیابی حاصل کی ۔اگرچہ ریاست نے ابتداء میں اس جائز تنقید کو اپنایا۔ بعد میں یہ مہم زوال پذیر ہوگئی کیونکہ خود کمیونسٹ میں ان خیالات پر تنازعہ کھڑا ہوگیا۔

سو پھول والی مہم

یہ اصطلاح کہاں سے شروع ہوئی



سو پھول کھلنے دیں،
سو مکاتب فکر کا مقابلہ کرنے دیں۔

اصل میں اس کا مطلب کیا ہے؟

اس کا مطلب آزادانہ اظہار خیال اور تنقیدی پہلو ہے ماؤ نے اس عبارت کو اس وقت استعمال کیا جب 1956ء میں چینی عوام کو کمیونسٹ پارٹی کی طرف داری اور مشورے پیش کرنے کے لئے بلایا تھا۔

ایک قدیم چینی فلسفہ نگار یہ بیان ایک روایتی نظم سے ماخوذ ہے

ثقافتی انقلاب: Cultural Revolution

ماؤ نے 1966-1965 میں مزدور طبقہ پر مشتمل ایک عظیم ثقافتی انقلاب کا آغاز کیا تاکہ حکومت میں فوج اور ثقافت کے مختلف شعبوں میں دراندازی کرنے والے فیکٹری مالکان کے نمائندوں کا قلع قمع کرسکیں اور اسی طرح پرانے رسم ورواج، عادات واطوار، عقائد وتقالید اور قدیم ثقافت کوختم کرسکیں۔اس انقلاب کا اہم مقصد مغربی ممالک اور سوویت یونین کی طرح صنعتی کاری کے ذریعہ چینی کمیونزم کو شاہی افسران کا نشانہ بنانے سے بچانا تھا۔اصل میں اس پس منظر کو ایک عظیم لیپ فارورڈ نے مہیا کیا تھا۔

چین نے زرعی معیشت کو تیزی سے اشتراکی نظام میں تبدیل کرنے کے لئے 1958 تا 1962 تک اس مہم کے ایک حصہ کے طور پر صنعت کاری اور اجتماعی طریقۂ کار کو نافذ کیا۔لیکن بدقسمتی سے چین میں ایک بہت بڑا قحط آیا جس کی بدولت لاکھوں افراد کی موت واقع ہوگئی۔قوت اقتدار کو برقرار رکھنے اور اسے قانونی حیثیت دینے کے لئے پھر پارٹی نے ایک ثقافتی انقلاب کا آغاز کیا ۔کہا جاتا ہے کہ اشتراکی عروج کے بعد بھی طبقاتی کشمکش نہ صرف جاری رہی ، بلکہ شدت اختیار کرگئی اور کمیونسٹ دشمنوں کو ملک بدر کردیا گیا ریڈ گارڈز کو منظّم کیا گیا اور اس کے ارکان نے دشمنوں پر جارحانہ اقدمات کرنا شروع کردیا حتی کہ چینی صدر کو جیل بھیج دیا یگ اور فوجی طرز حکومت پر تربیت یافتہ تنظیموں نے ریاست اور پارٹی کا کردار سنبھال لیا۔

ایک نئی جمہوریت : New Democracy

مارکسزم کا خیال تھا کہ ریاست سرمایہ داروں کے ذریعہ مزدوروں کے استحصال کا ایک آلۂ کار ہے کیونکہ یہ دونوں ایک دوسرے کے مخالف ہوتے ہیں ۔ ماؤ نے مارکسزم کی بنیادی

کیا تم جانتے ہو؟

ثقافتی انقلاب :Cultural Revolution 1960



ماؤ کی خواہش تھی کہ وہ گریٹ لیپ فارورڈ (چین کا معاشی انقلاب کی ناکامی) میں کھوئے ہوئے اقتدار کو حاصل کرکے ایک انقلابی تحریک قائم کرے۔اس میں ریڈ گارڈ "Red Guard" کو چینی نوجوانوں، طلباء اور سپاہیوں نے تشکیل دیا تھا۔

11 pol sc unit 8 Set
Sunday, November 21, 2021 10:16:57 PM

خصوصیات میں تبدیلی لائی او رایک نئ جمہوریت کے تصور کو متعارف کروایا۔اس میں چھوٹے چھوٹے کاروباری اور ملکی سطح کے کاروباریوں پر مشتمل ایک نیا اتحاد تشکیل دیا اور بعد میں اس نے ایک نئ پارٹی عوامی جمہوری آمریت نامی تشکیل دی۔
(People's Democratic Dictatorship)

محنت کش طبقہ اور کسانوں کو اس میں اہم عہدے دئے گئے ۔ چھوٹے اور قومی کاروباریوں کو جونیئر پارٹنر کا درجہ دیا گیا اور اس پارٹی نے عوام کو جمہوریت کی ضمانت دی۔ دشمنوں اور خاص طور پر سامراجیت سے تعلق رکھنے والے افراد کے ساتھ آمریت والا سلوک کیا گیا۔مثالی مارکسزم میں مزدور اور سرمایہ دونوں کو دشمن سمجھا جاتا تھا لیکن نئ جمہوریت نے ان کو شراکت دار سمجھا۔



اکیسویں صدی میں ماؤازم کے تبدیل کئے ہوئے نظریہ کے تحت عوامی جمہوریہ چین میں حکمرانی نظریہ جاری ہے۔اہم رہنما ژاؤ پنگ نے 1979ء کے بعد چینی معیشت میں بڑے پیمانہ پر تبدیلیاں لائیں ۔ بنیادی طور پر ماؤ دور میں کمیونسٹ معیشت میں تبدیلی لانے کے لئے اس کی معیشت کو آزاد خیالی اور آفاقیت سے جوڑ دیا گیا لیکن سیاسی طور پر چین میں کمیونسٹ پارٹی ہی کا زور ہے۔

انتونیو گرامسکی : Antonio Gramsci



مشہور اطالوی مارکسی انٹونیو گرامسکی نے سرمایہ دارانہ ریاست کی کارروائی کی وضاحت کے لئے تسلط یعنی وفاقی نظام سلطنت Hegemony کا تصور پیش کیا۔اس کا مطلب دانشورانہ اور اخلاقی قیادت ہے۔ریاست دانشورانہ اور اخلاقی قیادت کے ذریعہ لوگوں کی رضامندی حاصل کرتی ہے اور پرچار کر کے لوگوں میں غیر شعوریت عدم احساس کی کوشش کرتی ہے۔

کیا تم جانتے ہو؟

گرامسکی جدید تخلیقی مفکرین میں سے ایک تھا لیکن وہ اپنی زندگی کے ابتدائی مراحل ہی سے فاشزم کے ہاتھوں مجبور تھا ، فاشسٹ حکومت کے دباؤ کی وجہ سے جج نے اسے غلط بنیادوں پر سزا سائی ۔جیل میں رہتے ہوئے اس نے اپنے خیالات قلمبند کئے اسی لئے اس نے اپنی اس کتاب کا نام جیل نوٹ بک " Prison Note book "رکھا۔

اس کے خیالات بار بار لوگوں کے ذہنوں میں کارفرما ہوتے تھے ۔لوگوں میں اتفاق رائے پیدا کرنے کی کوششوں میں ناکامی کے سبب وہ اپنی سرگرمیاں انجام دینے کے لئے وحشیانہ پن اختیار کرتا ہے۔وہ کہتا ہے کہ سرمایہ دارانہ ریاست کو ختم کرنے کے لئے انقلاب پسندوں کو کمیونسٹ پارٹی کے بڑے بڑے مشہور دانشوروں کا استعمال کرنا چاہئے کیونکہ دانشور احباب ریاست کی طاقت کا تجزیہ کر سکتے ہیں اور اسے برباد کرنے کے طریقے بتائیں گے اور کمیونسٹ پارٹی انقلاب لا کر ایک مثالی ریاست قائم کر سکے گی۔



11 pol sc unit 8 Set
Sunday, November 21, 2021 10:16:58 PM

مارکسزم کا نیا نظریہ : Neo Marxism

جرمنی فرینکفوٹ انسٹی ٹیوٹ برائیس وشیل ریسرچ سے وابستہ فلسفیوں کے ایک گروپ نے مارکسزم میں ایک نئی بصیرت پیدا کی ہے جسے مارکسزم یا تنقیدی نظریہ کہا جاتا ہے۔اس مکتبہ کر کے اہم فلاسفر ہربرٹ مارکوز، جورجین ہیبر مارس اور ہیڈورایڈورنو ہیں، ان کی تحریروں میں نمایاں اختلاف پایا جاتا ہے لیکن اس کے باوجود حکومتی اور استحصال نظام کے خلاف ان سبھوں نے مل کر احتجاج کیا ۔انہوں نے حکومت کی چھپی ہوئی حقیقتوں اور اس کی بنیادوں کو سمجھنے پر توجہ دی، انہوں نے حقیقی شعور پیدا کر کے عوام کو انقلابی تبدیلی پر توجہ دلایا، انہوں نے سماجی، ثقافتی طریقہ کار پر بحث کرنے کی صورت حال پیدا کردی تا کہ عوام پر ان کا غلبہ قائم رہے۔ان کی تحریریں ثقافت کے منافی رسوم کو واضح کرنے لگیں تا کہ عوام کو آزادی مل سکے۔

کارروائی ACTIVITY

کمیونزم کے مختلف رہنماؤں کا مطالعہ کرنے کے بعد کیا آپ کو ایسا لگتا ہے کہ کارل مارکس کے نظریہ کے مطابق صرف معاشرہ کی تشکیل ہونی چاہئے اور ریاست کی نہیں؟

مارکسزم کا اہم کردار : Instrumental Marxism

رالف ملی ہینڈ مارکسزم کردار کا اہم حامی تھا۔ یہ مکتبہ فکر ریاست کے بارے میں ایک فعال نقطہ نظر رکھتا ہے۔خصوصی اور ریاستی عہدیداروں کا تعلق اسی سے ہوتا ہے جیسا کہ جاگیردارانہ یا خلوی طبقہ میں ہوتا ہے۔حکمران طبقہ کے اراکین کا ان سے ذاتی تعلق ہوتا ہے اس لئے ریاست عہدیدار اور حکمران طبقے کے اراکین ناجائز فائدہ اٹھانے اور نظریاتی طریقہ سے اپنا تسلط برقرار رکھنے کے لئے عوام کو ایک آلۂ کار کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

مارکسزم کا بنیادی ڈھانچہ : Structural Marxism

فرانسیسی فلسفی لوئس التھوز اور نیکوس پولانٹا کا تجویز کردہ مارکسزم کا بنیادی ڈھانچہ ، مارکسزم کا ایک ایسا نیا نظام ہے جو 1970 کی دہائی میں ابھر کر سامنے آیا۔اس نے مارکسزم کردار کے دلائل کو مسترد کر کے رالف ملی بینڈ کے ساتھ تبادلہ خیال کیا اور زور دیا کہ منتظمین کا طبقہ اور ان کی پوزیشن پوری طرح اتفاقی ہے اور اس کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔ ریاستی معاشی نظام میں اپنے مقاصد یا تعمیری لحاظ سے استحصال میں مدد کرنے کی پابند ہے۔

لوئس ایتھورز : Louis Althusser

لوئس ایتھوزر نے مارکسسٹ کے حکومتی تصور میں مزید وضاحتیں پیش کی ہیں اور بتایا کہ دارالحکومت کے پاس اپنی حفاظت کے لئے دو طرح کے زبردست طریقۂ کار موجود ہیں۔

وہ یہ ہیں :

1۔ جابرانہ ریاست کے مقاصد کو پورا کرنے کے آلات

2۔ نظریاتی ریاست کے کلیدی نکات

جابرانہ ریاست کے ضروری ساز وسامان میں پولیس ،فوج، قانون اور عدالتیں آجاتی ہیں، جب ان کے احکامات کی تعمیل نہ کی جائے تو یہ سزا کا موجب قرار دیتے ہیں۔

نظریاتی ریاستی شعبوں میں خاندان، اسکول، کالج، میڈیا اور مزدور طبقہ شامل ہیں ۔ ریاست تشدد کے بغیر لوگوں کو خوش کر کے ان کی حمایت حاصل کرتی ہیں۔



11 pol sc unit 8 Set
Sunday, November 21, 2021 10:16:58 PM

8.3 سوشلزم : (اشتراکیت) (Socialism)

سوشلزم ایک آئیڈیالوجی ہے جو ملکیت اور قدرتی وسائل کی وضاحت کرتی ہے کیوں کہ یہ عوامی ملکیت ہے۔ یہ بنیادی طور پر لبرل ازم کے نظریہ کی طرح ہے۔ سوشلزم کی بہت ساری قسمیں ہیں جو یہ ہیں۔ جمہوریت سوشلزم، ارتقائی سوزلزم، فابیا سوشلزم، نقابتی اشتراکیت (Guild Socialism) وغیرہ لیکن کارل مارکس نے اپنے سوشلزم نظریہ کو سائنسی اشتراکیت اور دیگر قسموں کو اقتصادی اشتراکیت Utopian Socialism سے تعبیر کیا ہے۔

A۔ اقتصادی اشتراکیت: (Utopian Socialism)

انیسویں صدی کے بہت سارے مفکرین نے لبرل ازم کے منفی نتائج پر سوال اٹھایا اور محنت کش طبقہ کے مفادات کے تحفظ کی کوشش کرنی شروع کردی۔ رابرٹ اوون ایک صنعت کار اور عوام کا ہمدرد (انسان دوست) تھا۔ اس نے مزدور طبقہ کے حالات میں بہتری لانے کے لئے انگلینڈ میں کوآپریٹیو تحریک اور تجرباتی سوشلسٹ معاشرہ قائم کیا۔ اس نے اپنی صنعتوں کو چلانے کے لئے محنت کش طبقہ کا استعمال کیا اور بتایا کہ کارکنوں اور آجروں دونوں کی مشترکہ کوششوں ہی سے منافع میں اضافہ ہوتا ہے۔ اس نے اپنے ہم پیشہ سرمایہ داروں سے درخواست کی کہ وہ مزدور طبقہ کی فلاح و بہبودی کا خاص خیال رکھیں۔ اسی طرح فرانسیسی سرمایہ دار اور مفکر ین وائمن نے کہا کہ ایک مؤثر معیشت اور قابل معاشرہ کے حصول کے لئے محنت کش طبقہ کی فلاح و بہبودی کو مدنظر رکھنی چاہئے۔

ایک اور فرانسیسی مفکر چارلس فوئیر نے فائیجز کے نام سے مال تیار کرنے والوں کی تنظیم Association of Producers تشکیل دے کر معاشرے میں سوشلسٹ تعمیر نو کی تجویز پیش کی۔ سینٹ سائمن اور چارلیس فوئیر دونوں نے سرمایہ داروں سے مزدوروں کی خستہ حالت کو بہتر بنانے کی درخواست کی۔ ان تینوں مشہور نظریہ نگاروں نے انیسویں صدی میں کارکنوں کی حمایت کی۔ کارل مارکس نے ان کے افکار کو ایک اقتصادی سوشلزم کی حیثیت سے بیان کیا کیونکہ وہ صرف فطری اور مثالی سماج سے تعلق رکھتی ہیں۔ اس نے دعوٰی کیا کہ اس کے برعکس ان کی کمیونزم کا نام سائنسی سوشلزم رکھا گیا جس کی بنیاد سائنسی نظام پر مبنی سرمایہ داری پر رکھی گئی ہے۔

B۔ جمہوری اشتراکیت : (Democratic Socialism)

جمہوری اشتراکیت جیسا کہ اس کے نام ہی سے پتہ چلتا ہے کہ ان دونوں میں مساوات اور آزادی کو فروغ دینے کے لئے سیاسی اور معاشی نظام کو ضم کیا گیا ہے۔ یہ ریاستی تصور کے حساب سے مارکسی نظریہ سے مختلف ہے کیونکہ ریاست میں سرمایہ دار مزدوروں کا استحصال نہیں کرتے بلکہ ریاست سماجی بہبودی کو چاہتی ہے۔ اسی لئے ملک کو جمہوری بنانا چاہئے کیونکہ ریاست میں سماج کے سارے طبقے پائے جاتے ہیں جن کی مدد سے سوشلزم قائم کیا جاسکتا ہے۔ اسی لئے کہا جاتا ہے کہ مارکسزنہ تو ختم ہوگا اور نہ ہی ہونا چاہئے۔

جمہوری سوشلزم کے مطابق سوشلزم کو پرامن ذرائع سے ترقی دی جاسکتی ہے۔ اسے رائے خانہ Ballot Box کے ذریعہ واضح کیا جاسکتا ہے، پرتشدد طریقہ سے انقلاب نہیں لایا جاسکتا۔ جمہوری سوشلزم میں ذات پات اور طبقاتی اختلافات کو پرامن طریقہ سے حل کیا جاتا ہیاور املاک کے حقوق کو ختم نہیں کیا جاسکتا،

11 pol sc unit 8 Set
Sunday, November 21, 2021 10:16:59 PM

اس کے بجائے سماج کی بہبودی کی خاطر جائیداد کے حق سے محروم کیا جاسکتا ہے۔

مارکسزم اور جمہوری سوشلزم میں بنیادی اختلافات پائے جاتے ہیں۔ مارکسزم کے بہت سارے بنیادی تصورات کو جمہوری سوشلزم مانتا نہیں یا اس میں ترمیم کرتا ہے لیکن ان دونوں کے اہداف ایک جیسے ہی ہیں اور وہ یہ ہیں۔ مزدوروں کے استحصال کو ختم کرنا۔ اور تمام کو مساویانہ درجہ دینا۔

C۔ فائبین اشتراکیت : (Fabian Socialism)

فائبین اشتراکیت سوشلزم کا ایک برطانوی نظام ہے جو فیبن سوسائٹی کے ذریعہ 1856 میں عمل میں آیا۔ ایک عظیم رومی جنرل فابیوس کی نسبت سے اس کا نام فائبین رکھا گیا جو تاریخی حیثیت سے فوجی حکمت عملی اپنانے اور صحیح وقت پر صحیح کام کرنے کے لئے مشہور تھا۔ سڈنی ویب، سڈنی اولیور اور ایچ جی ویلس نے فیبنی ازم کو منظر عام پر لایا اور انگریزی ڈرامہ نگار جارج برنارڈ شا اس کا بڑا حامی تھا۔

نظریاتی طور پر فیبنی ازم نے استحصالی نظام اور سرمایہ داری پر (دھاوا بولا) حملہ کیا اور عصر حاضر کی اقتصادیت اور ریاست کی حمایت کرتے ہوئے جمہوری ریاست کو پنانے پر زور دیا۔ فیبین ریاست کی دو اہم خصوصیتیں ہیں۔ سب سے پہلی چیز اسے مرکزی حیثیت ملنی چاہئے اور دوسری اس کی رہنمائی ماہرین کو کرنی چاہئے۔ فابین نے ریاستی خاتمہ کے نظریہ کو مسترد کردیا کیونکہ اس کے خیال میں معاشرتی بہبودی کو فروغ دینے کے لئے ریاست ایک مرکزی قوت اور تجربہ کار قیادت رکھتی ہے۔



کیا تم جانتے ہو؟

جواہر لال نہرو جب انگلینڈ میں تھے تو وہ فائبین اشتراکیت سے بہت متاثر ہوئے تھے۔

فیبنوں کا خیال ہے کہ اشتراکیت اور جمہوریت ایک دوسرے لے لئے لازم وملزوم ہیں اور دونوں بھی ہر معاملہ میں مساوات اور انصاف کو بڑی اہمیت دیتے ہیں۔ فیبینوں نے نجی املاک کے خاتمہ کی وکالت نہیں کی بلکہ انہوں نے سماجی بہبودی کی خاطر اسے محدود کرنے پر زور دیا۔ فیبینی ازم نے ایک کمیونسٹ اشتراکیت کی حیثیت سے تدریجی طور پر انقلابی طریقوں میں تبدیلی لانے کو مسترد کرتے ہوئے سماج میں پرامن طریقوں سے تبدیل کرنے کی حمایت کی۔

فابیانی نظریات نے اشتراکیت کی تائید حاصل کرنے کے لئے کئی تدبیریں کیں۔

D۔ ارتقائی اشتراکیت : (Evolutionary Socialism)

جرمن کی سماجی جمہوری روایت کے قدیم رہنماؤں میں ایک لاسال نامی مفکر بھی تھا جس نے ارتقائی اشتراکیت کی حمایت کی۔ جرمنی اور یوروپ میں 1875 کے گوتھے پروگرام میں اس نظریہ کی باضابطہ طور پر تشریح کی گئی۔ اس کے بعد اس موضوع پر ایڈوڈ برنٹین نے ایک کتاب لکھی جس سے متاثر وہ کر فرانس میں جیورز، آسٹریا میں باؤئر، اٹلی میں انسیلی نے اس نظریہ کی بھرپور تائید کی جو سرمایہ داری کو بتدریج تبدیل کرنے کی دلیل ہے۔ اس کا

11 pol sc unit 8 Set
Sunday, November 21, 2021 10:17:00 PM

خیال ہے کہ اقتصادی عوامل کے ساتھ ساتھ غیر اقتصادی عوامل بھی انسانی زندگی کی وضاحت کرتے ہیں ۔ جمہوری اشتراکیت اور ارتقائی اشتراکیت ان دونوں کا آپس میں بڑا گہرا رشتہ ہے ۔ مارکسزم نے ارتقائی سوشلزم پر نظر ثانی اور سوشلزم پر ایک درمیانی راہ اختیار کی۔

گلڈ سوشلزم : (Guild Socialism)

یہ ایک طرح کی ارتقائی سوشلزم ہے جو بیسویں صدی کے ابتدائی دو دہائیوں میں برطانیہ میں وجود میں آئی ۔ ایک انگریزی سیاسی مفکر اور انگلینڈ کے نیشنل گلڈ لیگ کے بانی ڈی ایچ کول اس اشتراکیت کے اہم رہنما تھے۔ گلڈ سوشلزم نے ان اصولوں کو پھیلانے اور اقتصادی بازیابی کے لئے ایک کتاب لکھی اور سوشلسٹ یونین نے مغربی دنیا میں سرمایہ داروں کے ذریعہ مزدوروں کے استحصال کو تنقید کا نشانہ بنایا اور سرمایہ داری کے خلاف ایک احتجاجی نظریہ کے طور پر نمودار ہوا۔

یوروپی قرون وسطیٰ کے دور میں کسی خاص پیشہ سے تعلق رکھنے والے کاریگروں کی تنظیم کو گلڈ "Guild" کہا جاتا تھا جو باہمی تعاون کے نام پر نئے آئے والوں کو پیشہ وارانہ ٹریننگ دیتے تھے تاکہ انہیں اپنے معاشرہ اور جدید سوشلزم کے ساتھ جوڑ دیں۔ بہرحال انہوں نے مزدور انجمنوں کی ایک سیاسی تنظیم تشکیل دی۔ سماج میں مختلف پیشے اور کاروبار ہوتے ہیں ۔ ہر پیشہ کی الگ الگ ایک تنظیم ہونی چاہئے ایک تنظیم دوسری تنظیم کی نمائندگی نہیں کرسکتی۔ گویا ہر پیشہ کی الگ الگ تنظیمیں ہوتی ہیں اور یہ ساری تنظیمیں ضلعی ، ریاستی، ملکی سطح پر ایک انتظامیہ Governing Council کی تشکیل دیں جو ان تمام تنظیموں کو ساتھ لے کر پانچ سال پر مبنی ایسی حکمت عملی تیار تیار کریں جو ملکی سطح پر گلڈز حکومت کی قیام کا سبب بنے۔

یہ گلڈ سوشلزم نظریہ ریاست کو ختم کرنے کا مطالبہ نہیں کرتا، وہ ریاست سے تعلیمی اور صحتی خدمات کی فراہمی کا مطالبہ کرتا ہے۔ اس یونین نے موجودہ سرمایہ دارانہ نظام میں تبدیلی لانے کے لئے تدریجی اصول کی حمایت کی اور اس نے مارکسزم سے وابستہ جدوجہد کے انقلابی طریقوں کو ناپسند کیا اور اس نے معاشرے میں پرامن اور جمہوری طریقہ سے تبدیلی لانے پر زور دیا۔ یہ گلڈ سوزشلزم کا بنیادی اصول ہے۔

بہرحال گلڈ سوشلزم نے مزدوروں کی فلاح و بہبودی کے لئے بڑی کوششیں کیں لیکن اس کو ایک غیر عملی متبادل کے طور پر تنقید کا نشانہ بنایا گیا۔ اس نظریہ کو بہت سارے سیاسی مفکرین نے قبول نہیں کیا کیونکہ اس کی پوزیشن کمزور تھی اور اس کے اندر اتنی صلاحیت نہیں تھی کہ وہ امن وسلامتی کو برقرار رکھ سکے اور عوام کو جارحیت اور بغاوتوں سے بچا سکے۔

F۔ ہندوستان میں سوشلزم : Socialism in India

ہندوستان میں سوشلزم کی قسموں کو سوشلسٹ پیٹرن آف سوسائٹی کا نام دیا گیا ہے جسے 1950 کے وسط میں ہندوستانی حکومت نے اپنایا۔ اس کے بنیادی اہداف یہ ہیں ذات پات مسلک، مذہب، نسل اور صنف سے قطع نظر تمام لوگوں کو بنیادی ضروریات فراہم کرنا، غربت، عدم مساوات اور ناخواندگی کا خاتمہ کرنا ۔ پارلیمنٹ نے 1950ء میں پلاننگ کمیشن نظام کی بنیاد پر ایک قرارداد پاس کی اور 1951 سے اشتراکی نظریہ کو فروغ دینے

11 pol sc unit 8 Set
Sunday, November 21, 2021 10:17:00 PM

کے لئے پانچ سالہ منصوبہ کی حکمت عملی اختیار کی۔ ہم نے ایک ملی جلی رمخلوط معیشت اختیار کی ہے جس میں نجی اور سرکاری دونوں شعبوں کو چلانے کی اجازت ہے۔ ہم نے عوامی شعبے کو ترقی دینے اور مساوات حاصل کرنے کے لئے معیشت میں قائدانہ رول ادا کیا ہے۔

42ویں ترمیمی قانون نے ہمارے آئین کے دیباچہ میں سوشلزم کو سرکاری خصوصی درجہ کے طور پر متعارف کروایا۔ 44ویں آئینی ترمیمی قانون نے ارضی حقوق کو بنیادی حقوق کی فہرست سے ہٹا کر اسے آئین کے بارھویں حصہ میں ایک عام حق کا درجہ دیا اور آئین کے حصہ چہارم میں ریاستی پالیسی رہنما خطوط میں اشتراکی اہداف کو فروغ دینے کے لئے بہت سی دفعات کو شامل کیا گیا جیسے محنت کش طبقہ کو سارے حقوق فراہم کرنا اور چند لوگوں کے ہاتھ میں دولت کو اکٹھا ہونے سے بچانا وغیرہ۔

جب ہم نے اپنی نئی معاشی پالیسیوں کا آغاز کیا جن میں لبرلائزیشن آزادخیالی، نجکاری اور عالمگیریت وغیرہ ہیں تو ہندوستان اپنی آزادی کے سال سے 1991ء تک سوشلزم پر کاربند رہا۔

کمیونزم اور اشتراکیت کے درمیان فرق

کمیونزم	سوشلزم
1۔ انقلابی تبدیلی ایک دایہ کی حیثیت رکھتی ہے۔	1۔ ارتقائی تبدیلیاں زیادہ پائیدار اور فائدہ مند ہوتی ہیں۔
2۔ دولت مند طبقہ کے ذریعہ ریاست کم ملکیت والے طبقہ کا استحصال کرسکتی ہے۔ لہذا اسے ختم کیا جانا چاہئے۔	2۔ ریاست کو ختم کئے بغیر اسے زیادہ جمہوری اور سماجی بہبودی پر مبنی ہونی چاہئے۔
3۔ طبقاتی کشمکش انسانی تاریخ کو بدلنے کی طاقت رکھتی ہے۔	3۔ پرتشدد طبقاتی کش مکش غیر ضروری ہے۔
4۔ نجی املاک کے حقوق کو ختم کرنا ہوگا۔	4۔ نجی املاک کی حقوق میں ترمیم کرکے اسے معاشرتی بہبودی کے لئے محدود کرنا چاہئے۔
5۔ تاریخی مادیت رسماجی تاریخ انسانی تاریخ کی تشریح کرتی ہے۔ ایک اکیلی معیشت ہی انسانی تاریخ کو چلاتی ہے۔	5۔ سماجی تاریخ انسانی تاریخ کی وضاحت نہیں کرتی بلکہ معیشت کے ساتھ ساتھ ثقافت، سیاست اور مذہب جیسے دیگر عوامل بھی انسانی تاریخ کی وضاحت کرتے ہیں۔

8.4 وطن پرستی، مطلب، آغاز و ارتقاء

Nationalism, Meaning , Emergency and Spread

وطن پرستی سے مراد وہ نظریہ ہے جو اپنے خاص ملک سے وفاداری، پیار و محبت اور عقیدت کو فروغ دیتا ہے۔ مشترکہ وطن، مشترکہ زبان، نظریات، اقدار اور روایات کی وجہ سے لوگوں میں یہ محبتیں نچھاور کرتا ہے۔ یہ قوم کو شعوری طور پر اقتصادی زندگی کے دیگر اقسام اور عوامل سے بالاتر کرتا ہے۔ فرد اپنی ساری وفاداریاں اور وابستگیاں اسی سے منسلک کرتا ہے اور وہ کسی دوسرے گروپ کے مفادات کا خیال نہیں رکھتا۔ ایک اہم نظریہ ساز ارنسٹ گیلنر نے ''نیشن اور نیشلزم'' Nations and Nationalism

11 pol sc unit 8 Set
Sunday, November 21, 2021 10:17:01 PM

نامی ایک کتاب لکھی جس میں اس نے وطن پرستی کی تعریف سیاسی پہلو کوملحوظ رکھ کر کی ہے،اس نے لکھا کہ سیاسی اور ملکی اتحاد کو برابری کا درجہ دینا چاہئے ۔نیشلزم ایک جدید تصور ہے جو سب سے پہلے انگلینڈ میں نمودار ہوا اور پھر فرانس اور جرمنی کے توسط سے مغربی یوروپ میں پھیل گیا۔

شمالی امریکہ کے نوآبادیوں نے بغاوت کرتے ہوئے یوروپ کی مخالفت میں وطن پرستی کے جذبہ کو قائم کیا۔ افریقی اور ایشیائی ممالک کے نوآبادیات نے ایک نئی قسم کی وطن پرستی کے نظریہ کو قائم کیا،ان کا دیکھا دیکھی ساری دنیا میں بہت سارے عوامل کی وجہ سے وطن پرستی کا جذبہ ابھرنے لگا،خاص طور پر سرمایہ داری ،فرانسیسی انقلاب، عالمی جنگ اور استعماریہس ب اس کے پھیلنے کے اسباب میں سے ہیں۔

وطن پرستی کے نظریات :

(Theories of Nationalism)

وطن پرستی کے مختلف نظریات کو نیچے درج کیا جارہا ہے۔

- وطن پرستی کا بنیادی نظریہ
- وطن پرستی کا سماجی حیاتی نظریہ
- حب الوطنی کا مارکسی نظریہ
- نیشنلزم کے بعد کا عملی نظریہ

ان نظریوں کو دائمی اور جدید نظریہ میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔ پہلے کے دو نظریہ کو دائمی نظریات اور آخری تین کو جدید نظریات سے موسوم کیا جاسکتا ہے۔

وطن پرستی کا بنیادی نظریہ :

(Primordial Theory of Nationalism)

قدیم یا ابتداء یہ لفظ روز اول یا عصر جدید ہی سے چلے آرہا ہے۔قدیم نظریہ پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ کسی خاص زبان، خطے، مذہب یا نسل وغیرہ سے تعلق رکھنے والے افراد، ایک ساتھ رہتے ہوئے ایک دوسرے سے بہت حد تک مانوس ہیں۔وہ نسلی اعتبار سے پیار، محبت ، جذبات اور وفاداری جیسی خوبیوں کا آپس میں مظاہرہ کرتے ہیں، ہوسکتا ہے کہ آپسی قربت ونزدیکی کی وجہ سے مناسب طور پر سماجی تعلقات پورے طریقہ سے ادا کرنہ پائیں لیکن ابتداء ہی سے ان کی پہچان نے زندگیوں پر زبردست اثر ڈالا ہے۔وطن پرستی کا یہ نظریہ نسلی نیشلزم کے تصور پر مبنی ہے۔

وطن پرستی کا سماجی حیاتی نظریہ :

وطن پرستی کا یہ نظریہ لوگوں کے جذباتی تعلق کو ظاہر کرتا ہے کیونکہ وہ نسلی اور خاندانی اعتبار سے ایک ہیں گویا ان کے نزدیک ملک ایک کنبہ کی حیثیت رکھتا ہے،عقلیت پسندی اور غیر معقولیت دونوں کو وہ وطن پرستی کا مرکب سمجھتے ہیں۔یہ جدید تکنیکی نظریہ ذہنی اعتبار سے بہت پرانا ہے جس کی بنیادیں ماضی ہی میں پڑ چکی ہیں لیکن دوسرے گروپوں کے ساتھ تعلقات برقرار رکھنے کی وجہ سے یہ ہم عصر ہے۔وطن پرست گروہوں کے اراکین دوسرے ملک کے اراکین کو نسلی اعتبار سے پہچان لیتے ہیں۔

مابعد جدیدیت کا خیال ہے کہ حقائق کسی انفرادی چیز کا نام نہیں بلکہ اکثریت کا نام ہے کیونکہ حقیقی چیزوں کے الگ الگ انداز (طریقہ کار) Versions ہوتے ہیں مثال کے طور پر کسی ایک رہنما یا کوئی تاریخی واقعہ کو لے لیں ۔لوگ کسی قائد یا کسی واقعہ کے تعلق سے الگ الگ رائے رکھتے ہیں ۔ایک شخص ایک قائد کو وہمی یا بے بنیاد کہتا ہے تو دوسرا شخص اسی کو اپنا مقبول لیڈر تسلیم کرتا ہے ۔ ہر ایک کا اپنا اپنا خیال ہوتا ہے سبھی اپنے اپنے نظریہ کو درست مانتے ہیں ۔دنیا سفید اور سیاہ رنگ سے نہیں بنی ہے بلکہ ان دونوں کے درمیان میں اور بھی رنگ ہوا کرتے ہیں ۔



جیک ڈریڈا ایک فرانسیسی فلسفی تھے جنہوں نے تنقیدی تجزیہ "Deconstruction" کے نام سے ایک جدید تصور کو پیش کیا۔ اس نے تنقیدی تجزیہ کو "Deconstruction" معانی اور متن کے سمجھنے کا ایک طریقہ کار بتایا۔ متن کے کئی معانی ہو سکتے ہیں انسانی قلم میں اتنی طاقت نہیں کہ مصنف ان تمام معانی کو واضح کر سکے اور قارئین ان تمام معانی کو سمجھ سکیں ۔کسی بھی متن کے بہت

11 pol sc unit 9 Set
Sunday, November 21, 2021 10:48:12 PM

سارے معانی ہو سکتے ہیں او[راسی وجہ سے ڈیریڈا نے مضمون کی وضاحت کے لئے تنقیدی تجزیہ Deconstruction کا اصول اپنایا۔



تنقیدی تجزیہ کیا ہے؟

تعلیم، تعبیر اور تحریر کے اصول کے طریقہ کار کی وضاحت کا نام ہے

(جیکس ڈریڈا)

مابعد جدیدیت عالم گیریت پسندی کی مخالفت کرتی ہے۔ اور مخصوص مفادات کی حمایت کرتی ہے۔ مثال کے طور پر جدیدیت حقوق یا فلاح و بہبودی کے عالمی نظریہ پر توجہ دلاتی ہے اور مابعد جدیدیت خاص طور پر سماجی تنظیم جیسے خواتین، قبائلی خاندان وغیرہ پر اپنی توجہ مرکوز کرتی ہے جنہیں کم مراعات حاصل ہیں۔ جدیدیت منظّم طریقہ سے تبدیلی چاہتی ہے لیکن مابعد جدیدیت مخصوص گروپ کو بدلنا یا اسے آزاد کرنا چاہتی ہے۔

سیاسی جدیدیت مابعد جدیدیت سے گہرا ربط رکھتی ہے ۔شناختی سیاست سے مراد مخصوص سماجی گروپ جیسے بچھڑے طبقات جو اپنی ذات، نسل اور صنف کا خیال کرتے ہوئے خود کو منظّم کرتے ہیں تا کہ دوسرے ان پر تسلط وغلبہ قائم نہ کر سکیں۔ ان گروپ ممبران خود کو تو بڑا سمجھتے ہیں لیکن دوسروں کی سرگرمیوں کی مخالفت کرتے ہیں۔ مابعد جدیدیت اور سیاسی شناخت مقامی مخصوص برادریوں کو بااختیار بنانا چاہتی ہے۔

مابعد جدیدیت پر بہت سارے مفکرین اور اہل علم نے تنقید کی ہے۔ برطانوی ثقافتی نقاد ایلین کراہی نے کہا کہ مابعد جدیدیت تقریباً اب ختم ہو چکی ہے ہے کیونکہ اس کا تہذیبی وتمدنی دور ختم ہو چکا ہے اور دنیا ڈیجیٹل یا ڈیجیٹل ماڈرن ازم کے دور میں داخل ہو چکی ہے۔



ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں احتجاج

9.5 ماحولیاتی تحفظ : (Environmentalism)

جدید سائنس اور ٹکنالوجی ایجادات نے ماحول کو تباہ و برباد کر دیا جس کی وجہ سے اوزون پرت کی آب و ہوا کی تبدیلی اور تیزابی بارش جیسے ماحولیاتی بحران کا ہم سامنا کر رہے ہیں۔ ماحولیاتی نظام اب ایک احتجاجی اور نظریاتی تحریک پیش کرتا ہے جس سے زمین تباہ و برباد ہو سکتی ہے۔ ساری کائنات میں ہمارے لئے یہی ایک سیارہ ہے جس میں ہم بہتر طور سے رہ سکتے ہیں اور اس کے سوا کوئی بہتر متبادل نہیں ہے، اس لئے ماحول کی حفاظت کرنا ہمارے لئے سب سے بڑی ذمہ داری ہے



انسان اور ماحولیات، انسانی ترقی اور ماحولیات کے مابین فلسفیانہ طریقہ سے بحث ومباحثہ ہونا چاہئے جیسا کہ عمیق ترین

11 pol sc unit 9 Set
Sunday, November 21, 2021 10:48:13 PM

ماحولیات اور سطحی ماحولیات میں مرکزی نقطہ نظر سے تبادلہ خیال کیا جاسکتا ہے





ماحولیات کی گہرائی یا عمیق پن : (Shallow Ecology)

عمیق ترین ماحولیات ایک ایسا نظریہ ہے جو بشری حقوق اور مفید نظریہ کی روشنی میں ماحولیات پر بحث کرتا ہے۔ امریکی فلسفی انتھونی ویسٹن اس نظریہ کا بڑا حامی ہے۔ یہ نظریہ انسان کے متعلق کہتا ہے کہ وہ دنیا میں بڑی اہمیت رکھتا ہے، وہ انسان کی مرکزیت اور بالادستی کو تسلیم کرتا ہے ۔ یہ قدرت کا ایسا آلۂ کار ہے جو ماحولیات کے لئے بڑا موزوں ہے، اس کی فلاح و بہبودی اس میں چھپی ہوئی ہے۔ غیر انسانی حیاتیاتی شکلیں اور مردہ دنیا انسانی زندگی کے لئے بس قدرتی وسائل کی حیثیت رکھتی ہیں۔

یہ ماحولیاتی مسائل کو حل کرنے کے لئے ٹکنالوجی طریقہ اختیار کرتا ہے ۔ اگر ماحول کو آلودگی سے خطرہ لاحق ہوتا ہے تو وہ قابل تجدید توانائی اور دوست ماحول ذرائع اختیار کرتا ہے تاکہ خطرہ ٹل جائے اور اسے دوبارہ کارآمد بنانے کے لئے کئی حکمت عملی اختیار کرتا ہے۔

''ساری کائنات میں سب سے عظیم ہستی انسان'' انسانی مرکزیت

Anthropocentrism





عمیق ترین ماحولیات : (Deep Ecology)

گہری ماحولیات کی اصطلاح 1973 میں ناروجین ماحولیاتی فلسفی آرن نیس نے وضع کی تھی جو ریچل کارسن اور مہاتما گاندھی سے بے حد متاثر تھا۔ ماحولیاتی کرۂ ارض کا یہ نظریہ تین حصوں پر مشتمل ہے جو یہ ہیں۔ غیر انسانی حیاتی شکلیں۔ بے جان اشیاء اور قوت و طاقت۔ انسان دنیا کے لاکھوں جانداروں کی طرح ایک ہے۔ اسے دوسروں پر فوقیت حاصل نہیں۔ انسانی مرکزیت یعنی اس دنیا میں انسان بہ حیثیت انسان سب سے اعلیٰ وارفع ہے۔ ایسا خیال کرنا درست نہیں ہے۔

11 pol sc unit 9 Set
Sunday, November 21, 2021 10:48:13 PM



غیر انسانی حیاتی شکلیں بھی بنیادی قدر اور شناخت کی حامل ہوتی ہیں اور یہ زندگی کو مرکزی حیثیت سمجھتی ہیں۔انسانوں کو حیاتی نظام کے متنوع پن کا محتاط طریقہ سے استعمال کر کے اپنی ضرورتوں کو پورا کرنا چاہئے۔حیاتی تنوع کا تحفظ ناگزیر ہے۔کرۂ ارض کے غیر انسانی دائرہ میں انسانوں کی مداخلت تباہ کن، زیادتی اور ناقابل قبول ہے۔دنیا کی آبادی کو محدود کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ موجودہ آبادی کی کثرت وزیادتی اور اضافہ سے ماحولیات پر زبردست اثر پڑ رہا ہے۔



ہمیں اپنی ٹکنالوجی ،فلسفہ،معیشت اور سیاست کو بدلنا چاہئے تا کہ مستقبل میں ماحولیاتی بحران پر قابو پایا جاسکے۔انسان کو ماحولیاتی حیثیت سے مادیت پسند اور صارفیت پسندی کی طرز زندگی کو بدلنا ہوگا اور اسے ایک حساس مادہ اور اقتصادی نظم بنانا ہوگا۔ ہمیں اپنی زندگی میں قلیل وسائل کو استعمال کر کے ماحولیاتی اثر انداز کو کم کرنا چاہئے جیسا کہ اس کے نام ہی سے ظاہر ہوتا ہے کہ ماحولیات کا عمیق پن بار بار یہ سوال اٹھاتا ہے کہ کس طرح طبقاتی فلسفہ کی جانچ کر کے دوسرے شعبوں پر انسانی زندگی کے اثرات کو مرتب کیا جائے۔



ماحولیاتی کا عمیق پن گہرے ماحولیات بمقابلہ سطحی ماحولیات	
گہرے ماحولیات کے آٹھ اصول کی تشریح:	سطحی ماحولیات کے آٹھ اصول
1۔ زمین پر موجود ہر مخلوق اپنے اندر فطری صلاحیتیں رکھتی ہیں۔	1۔ زمین پر موجود ساری مخلوقات کو انسانوں کے لئے بنایا گیا ہے۔
2۔ مختلف قسم کے جاندار سادہ اور پیچیدہ زندگی بسر کرنے میں اپنا اپنا کردار ادا کرتے ہیں۔	2۔ خاص مخلوقات (جیسے انسان) عام جانوروں سے زیادہ اہم ہے۔
3۔ انسانوں کو اپنی بنیادی ضروریات پورا کرنے کے لئے دوسروں کی خدمات حاصل کرنا چاہئے۔	3۔ انسانوں کو چاہئے کہ وہ اپنی ضرورتوں اور معاشی فوائد کو حاصل کرنے کے لئے تمام اقتصادی ذرائع کو استعمال کرے۔
4۔ غیر انسانی صحت کا دارومدار انسانی آبادی کو کم کرنے پر منحصر ہے۔	4۔ انسانی آبادی بغیر کسی روک تھام کے بڑھ سکتی ہے۔
5۔ دنیا میں انسانی مداخلت حد سے زیادہ تشویشناک اور بدترین ہے۔	5۔ ٹکنالوجی تمام مسائل کا حل ہے۔
6۔ انسانی پالیسی (معیشت، ٹکنالوجی اور نظریہ) کو یکسر بدلنا چاہئے۔	6۔ مادیت اور صارفیت کو انسانی سماج پر حکمرانی کرنی چاہئے۔
7۔ زندگی کے اقدار، زندگی گذارنے کے کسوٹی سے زیادہ اہم ہیں۔	7۔ معیار زندگی میں اضافہ کرنا چاہئے (برقرار رکھنا چاہئے)
8۔ ہر ایک مذکورہ نکات پر یقین رکھتے ہوئے اپنی زندگی کو اس کے مطابق ڈھالنا چاہئے۔	8۔ مسائل کو حل کرنے کی ذمہ داری ماہرین کے حوالے کر دینی چاہئے۔

11 pol sc unit 9 Set
Sunday, November 21, 2021 10:48:14 PM

سیاسی نظریات اور ماحولیات :
(Political Theory and Ecology)

حیاتیات اور ماحولیات یہ دونوں مترادف الفاظ ہیں ۔ اینڈریو ہیووڈ ایک نامور سیاسی دان نے سیاسی نظریہ کی حیثیت سے ماحولیات کی تین قسمیں بیان کی ہیں۔

- سماجی ماحولیات
- جدید ماحولیات
- عمیق ترین ماحولیات/گہری ماحولیات



A) سماجی ماحولیات :

سماجی ماحولیات "Social Ecology" کی اصطلاح امریکی فلسفی مرے بوکچین نے وضع کی ہے۔ ماحولیاتی طور پر اسے مستحکم کرنے کے لئے موجودہ سماجی اور سیاسی ڈھانچہ میں بنیادی تبدیلیوں کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ سماجی ماحولیات کے تین الگ الگ درجے ہیں جو یہ ہیں۔

1) ماحولیاتی اشتراکیت
2) ماحولیاتی انتشاریت
3) ماحولیاتی حقوق نسوانی مکتب فکر

1۔ ماحولیاتی اشتراکیت : (Eco-Socialism)

روڈولف بہرو نے اپنی کتاب From Red to Green " میں اس نظریہ کی حمایت کی ہے۔سرمایہ دارانہ نظام کو ماحولیات کا دشمن سمجھا جاتا ہے۔سرمایہ دارانہ نظام نے مادیت اور صارفین کی ترقی سے ماحولیات میں ایک خوفناک تباہی مچادی ہے۔ نجی املاک کا لامحدود حق سرمایہ داری کا بنیادی اصول ہے۔ یہ ماحولیات کو بگاڑنے میں اہم رول ادا کرسکتا ہے۔فطرت اجناس کی طرح ہے جسے انسان استعمال کرتا ہے اور اسے بازار میں فروخت کرتا ہے۔ماحولیاتی اشتراکیت سیاسی امور میں ایسا نظریہ پیش کرتا ہے جس سے سوشلزم اور ماحولیات آپس میں مربوط ہوجاتے ہیں ۔صرف سوشلزم ہی ماحول کو پروان چڑھاتا ہے ۔سرمایہ دارانہ نظام کی خرابیوں کی وجہ سے اس کا خاتمہ اور ماحولیات کے تحفظ کے لئے ریاست کو سوشلسٹ کے اصولوں پر عمل کرنا چاہئے۔

2۔ ماحولیاتی انتشاریت : (Eco- anarchism)

مرے بکچن نے ماحولیاتی انتشار کی سفارش کی اور اس نے کہا کہ قوت و طاقت ماحولیات کے دشمن ہوتے ہیں ۔ ریاست، مذہب اور یہاں تک کہ کنبہ و خاندان کی بنیاد پر جن جن لوگوں نے اپنی طاقت کا مظاہرہ کیا انہوں نے اپنی طاقت کا مظاہرہ کرکے دوسروں کو مسخر کردیا۔ اسی طرح ان طاقتوں نے قدرتی امور کو بھی اپنے ماتحت کرلیا ہے حالانکہ انسان ایک رضا کارانہ جانور ہے اور وہ فطری طور سے ایک دوسرے کی مدد کرنا چاہتا ہے۔

ایک مثالی سماج میں انسان ترقی حاصل کرنے کے لئے خوشی خوشی ایک دوسرے کا تعاون کرنے کے لئے مختلف انجمنیں قائم کرتا ہے لیکن ریاستیں، مذہب اور نجی املاک کی خصوصی قوتوں نے اس نظام کو برباد کردیا ہے اور اس کے بدلہ میں تسلط و محکومیت کی کیفیت ایک دوسرے پر لاگو کردیا ہے جس سے ماحول تباہ و برباد ہوگیا ہے۔لہذا ہمیں انسان اور ماحولیات کے تحفظ کا خیال کرتے ہوئے فطری طور پر خوشی خوشی ایک مثالی معاشرہ تشکیل دینا چاہئے۔

3۔ ماحولیاتی نسائی مکتبہ فکر: (Eco - feminism)

کیرولن مرچنٹ نے اپنی کتاب " The Death of Nature " میں ماحولیاتی نسوانی مکتبہ فکر کی حمایت کی ہے۔یہ نقطہ

11 pol sc unit 9 Set
Sunday, November 21, 2021 10:48:14 PM

نظر خاندانی سربراہ کے تسلط کو ماحولیاتی اور حیاتیاتی نسوانی مکتبہ فکر کا دشمن قرار دیتا ہے۔"Patriarchy" کا مطلب خاندانی سربراہ کا تسلط ہے۔ ماحولیاتی نسوانی مکتبہ فکر کا کہنا ہے کہ مردانہ اقتدار نے نہ صرف خواتین کو بلکہ فطرتی امور کو بھی اپنے قبضہ میں کر رکھا ہے۔ خاندانی سرپرستی ایک آلۂ کار کی حیثیت سے عورتیں اور ماحول دونوں کو محض ایک اصطلاحی اقدار کی حیثیت سے دیکھتا ہے۔ان چیزوں کی طرح جن کا استحصال کیا جاسکتا ہے اوران کی چیزوں کی نہیں جن کا تعلق زندگی ورذاتی اقدار سے ہوتا ہے۔ ماحولیاتی نسوانی نقطہ نظر ایسی سیاست کا مطالبہ کرتی ہے جس کا تعلق صنف اور ماحولیات سے ہو، تاکہ انصاف اوراستحکام کی ایک نئی دنیا بسائی جاسکے۔

B۔ جدت پسند ماحولیات : (Modernist Ecology)

جدیدیت پسند ماحولیات اور سطحی ماحولیات دونوں مترادف الفاظ ہیں۔ یہ آزاد خیالی نظام اور ماحولیات میں نئی ہم آہنگی پیدا کرکے اسے فروغ دینے کی کوشش کرتا ہے۔اس لئے لبرل نظام اوراس کے اصولوں کو اجاگر کرنا چاہئے تاکہ ماحولیات کو تباہی کی لعنت سے بچایا جاسکے۔ یہ ایک نئے روشن خیال بشریت پسندی کی حمایت کرتا ہے جس میں انسان کرۂ ارض کا مرکز ہونے کی حیثیت سے اپنے ترقیاتی سرگرمیوں میں انسان اور ماحول کو طویل مدتی مفادات پر غور کرتا ہے اوراسے قلیل مدتی مفادات پر منحصر نہ کیا جائے۔ جدیدیت پسند ماحولیاتی نظریہ بین النسلی انصاف چاہتا ہے، اس کا کہنا ہے کہ یہ زمین ہمیں پچھلی نسلوں سے بطورِ وراثت نہیں ملی ہے بلکہ اسے قرض کے طور پر ہم نے حاصل کیا ہے لہذا ہم پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ ہم آئندہ نسلوں کا خیال کرتے ہوئے اس کی حفاظت کریں۔جدیدیت پسند ماحولیات کی بنیادی خصوصیتوں میں سے پائیدار ترقی نظریہ بھی ہے۔اس کا کہنا ہے کہ جلد سے جلد امیر بننے کا خواب دیکھنا انسانی دنیا کا ہدف نہیں ہونا چاہئے بلکہ آہستہ آہستہ اس کے رہنمایانہ خطوط پر عمل کرنا چاہئے۔

C) عمیق ترین ماحولیات : (Deep Ecology)

یہ سیاست، پالیسی اور فطرت کے انوکھے انداز پر مبنی سیاسی طرز عمل کی تائید کرتا ہے، یہ سیاست اور فطرت کے مابین تعلقات میں بنیادی تبدیلی لانا چاہتا ہے۔ سیاست کو چاہئے کہ وہ ماحولیات میں انسانوں، حیاتی شکلوں اور بے جان دنیا کو جوڑنے والی عوامل کو سمجھ کر ان کی حفاظت اوران کا احترام کرے۔

ہندوستان کی ماحولیاتی تحریکیں :

(Ecological Movement in India)

جدید ترین ترقی کے سبب ماحولیات کی تباہی نے مفکرین کو پوری دنیا میں احتجاجی تحریکیں چلانے پر آمادہ کیا۔ ہندوستان نے ماحولیات اور حیاتیات کو بچانے کے لئے متعدد احتجاجی تحریک چلائی ہیں جن میں سے ہم یہاں چار تحریکوں کا مطالعہ کریں گے

A۔ بشنوئی تحریک

B۔ چپکو تحریک

C۔ اپیکو تحریک

D۔ خاموش مرغزار (وادی) حفاظتی تحریک

A۔ بشنوئی تحریک : (Bisnoi Movement)

اٹھارویں صدی میں راجستھان میں عدم تشدد کو ملحوظ رکھتے ہوئے بسنوی نامی کامیاب کی تحریک وجود میں آئی۔ ر اجستھان کے صحرائے تھر کے ایک مذہبی فرقہ کا نام ہنسور ہے جس کی بنیاد قرون وسطی کے دور میں گروگا میشور نے رکھی تھی۔ ہندی زبان میں بسنوئی کا معنی 29 کا آتا ہے۔ یہ نام اس فرقہ کو اس کے بانی کے بیان کردہ 29 اصولوں کے نام پر رکھا گیا ہے۔اس فرقہ نے ایک عمدہ ماحولیاتی نظام چلانے کے لئے ایک محفوظ مقام میں ایک مذہبی عقیدہ کو فروغ دیا۔

11 pol sc unit 9 Set
Sunday, November 21, 2021 10:48:15 PM

جودھ پور کے مہاراجہ اٹھارویں صدی میں ایک محل بنانا چاہتے تھے،اس لئے انہوں نے کھیجرلی گاؤں کے مقامی جنگل میں ببول کے درختوں کو کاٹنے کے لئے فوج بھیجی لیکن وہاں کے لوگوں نے درختوں کو کاٹنے کے خلاف احتجاجی مہم چلائی اور امرتا نامی ایک معمر خاتون اس تحریک میں آگے آگے تھی ، جب فوج نے ان کی بات نہ مانی تو انہوں نے اپنے گلوں کو درختوں سے لگایا اور مطالبہ کیا کہ درختوں کو کاٹنے سے پہلے ان کے سروں کو پہلے قلم کریں۔فوج بے رحمی سے ان کے سر کو قلم کرتے چلی گئی لیکن پرعزم دیہاتی اپنے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے کے لئے آگے آگے بڑھتے رہے جنگل کی حفاظت کی خاطر 563 افراد نے اپنی جانیں قربان کردیں۔آخر کار مہاراجہ کو گاؤں کے اس خوف ناک واقعہ کا علم ہوا۔

اس نے فوج کو واپس بلالیا اور قتل عام پر معذرت چاہی اور اس نے سرکاری طور پر اس علاقہ کے جنگل کو ایک محفوظ ترین جنگل قرار دے دیا۔ بسنوئی کھیجرلی جدید ہندوستان کی ماحولیاتی تحریک اپنی انفرادی نوعیت کے سبب اپنا الگ ہی مقام و مرتبہ رکھتی ہے۔

قابل ذکر اقتباس

ایک کٹا ہوا سر کٹے ہوئے درخت سے قیمتی نہیں ہے۔

B۔ چپکو تحریک : (Chipko Movement)

چپکو تحریک غیر متشدد ، مقبول ماحولیاتی تحریک ہے جسے 1973 میں پہاڑی ریاست اتراکھنڈ میں دیہاتیوں نے منظّم کیا تھا ۔ ہندی میں چپکو کا مطلب ہے گلے ملنا۔ چپکو تحریک کے احتجاج پسند افراد نے درختوں کو گلے سے لگالیا تا کہ ان کو کاٹنے سے بچایا جاسکے۔اس طرح اس کا نام چپکو مومنٹ پڑ گیا۔اتر پردیش کی وادی کا ننڈا میں کھیلوں کی ایک کمپنی کے ٹھیکیداروں نے حکومت کی منظوری سے درختوں کو کاٹنا شروع کیا تھا۔مقامی آبادی خاص طور پر خواتین نے درختوں کو گلے سے لگا کر پرامن طریقہ سے احتجاج کر کے ٹھیکیداروں کو روکا۔دشولی گرام سوراجیا منڈل (DGSM) نئے ایک غیر سرکاری تنظیم نے اس کی قیادت کی تھی جو چند سال قبل مشہور سماجی کارکن چندی پرساد بھٹ نے تشکیل کی تھی۔

مشہور ماحولیات سندرلا بہوگونا بھی اس احتجاج میں شامل ہوگیا اور مرکزی حکومت سے ہمالیہ کے جنگلات کو کاٹنے سے پابندی عائد کرنے کی اپیل کی۔اسی طرح چپکو تحریک کی ایک نمایاں خصوصیت اس میں عورتوں کی بڑی تعداد میں شرکت ہے۔دھروم سنگ نیگی، بچنی دیوی جیسی بہت سی خواتین رہنماؤں نے جنگلاتی حقوق کے لئے لڑنے میں ایک اہم کردار ادا کیا تھا۔یہ تحریک آہستہ آہستہ ہمالیہ کے بہت سارے حصوں میں پھیل گئی جس سے حکومت کو 1980 کے بعد سے سرکاری طور پر درخت کاٹنے پر پابندی عائد کرنے کے لئے مجبور کیا گیا۔یہ تحریک نسوان ماحولیات اور گاندھی کے تین بڑے نظریات کے کامیاب ویژن کی علامت ہے۔



’ماحولیات ایک مستقل معیشت ہے۔‘
سندرلال بہوگانا

C۔ اپیکو تحریک : (Appiko Movement)

یہ اپیکو تحریک شمالی کرناٹک کے مغربی گھاٹوں میں واقع ضلع کی ایک ماحولیاتی احتجاجی تحریک ہے۔یہ تحریک چپکو تحریک سے بہت متاثر ہوئی تھی۔کرناٹکا میں اپیکو کا معنی ہے گلے لگاؤ، شمالی

11 pol sc unit 9 Set
Sunday, November 21, 2021 10:48:16 PM

کرناٹکا کے ضلع مغربی گھاٹوں میں واقع ہے۔اس علاقہ میں متعدد ترقیاتی منصوبوں کو روبہ عمل لانے کے لئے جنگلات کی کٹائی کا عمل شروع کیا گیا۔ 1950 سے اس علاقہ کے جنگلات کا احاطہ 81 فی صد تھا اور اب 1980 میں کم ہوکر 24 فی صد رہ گیا ہے۔ ماہرین ماحولیات نے نیچے دئے ہوئے تین مقاصد کے حصول کے لئے اس تحریک کا آغاز کیا۔

منطقہ حارہ کے جنگلات کا تحفظ

جنگلات کو کاٹنے سے روکنا

جنگلات سے کس طرح استفادہ کیا جائے اس کا پرچار کرنا۔

D۔ خاموش وادی حفاظتی تحریک :
(Save Silent valley Movement)

خاموش وادی کیرلا کے پالاکاڈ ضلع کے مغربی گھاٹ پر واقع مالا مال علاقہ ہے جو منطقہ حارہ کے سدابہار جنگلات پر مشتمل ہے اور یہ بڑی حد تک انسانی سرگرمیوں سے بھی دوچار ہے۔اس وادی کا نام سرندجیوی (دروپتی) ایک ہندوستانی شاندار نظم کے مطابق مہابھارت میں پانڈووں کی اہلیہ کا نام تھا۔ اسی نام کی مناسبت سے یہ رکھا گیا ہے۔اس نام کے رکھنے کی وجہ یہ بتائی جاتی ہے کہ نوآبادیاتی دور میں جب انگریز یہاں آئے تو انہوں نے وہاں کسی بھی قسم کے حشرات الارض کی آواز کو یہاں نہیں سنا اور یہاں حیرت انگیز قسم کا ایک سکوت طاری تھا۔

یہ وادی حیاتیاتی تنوع سے مالا مال ہے خاص طور پر وہاں دُم والے شیر کے جیسے لنگور بکثرت پائے جاتے ہیں۔ یہ بات بھی کہی جاتی ہے کہ وادی کا نام دام دار نما شیر جیسے لنگور اور دمدار شیر نما بندر کی مناسبت سے رکھا گیا۔ کیرلا بجلی بورڈ نے 1970ء کی دہائی میں وادی میں کنتی پورن دریا کے پار ہائیڈرو بجلی کے منصوبے پر عمل درآمد شروع کیا گیا تھا۔

کیرلا ستھرا ساہتیہ پریشا ،دیگر سول سوسائٹی کی تنظیم اور باشعور فلسفی لوگوں نے اس منصوبہ کے خلاف شدید احتجاج کیا۔ انہوں نے نے ماحولیات خصوصاً وادی کے حیاتی تنوع پر اس منصوبے کے منفی اثرات کے سبب تنقید کا نشانہ بنایا۔1980ء میں سماج کے مختلف طبقات کی مخالفت کے پیش نظر کیرلا نے اس منصوبے کو ختم کردیا۔وادی کو 1985ء میں ایک قومی پارک قرار دیا گیا تھا اور بعد میں اس کو پہاڑی حیاتی تنوع محفوظ علاقہ کا نام دیا گیا۔ خاموش وادی حفاظتی تحریک بیسویں صدی کے آخری ہندوستان کی سب سے کامیاب ماحولیاتی تحریک ہے۔

فرہنگ الفاظ : Glossary

انارکیزم (Anarchism) : یہ ایک ایسا نظریہ ہے جو انسان کو ریاست، املاک اور مذہب وغیرہ سے لاتعلق کرتا ہے۔اس کے اختیارات کو چھین لیتا ہے اور انسان کو سماج سے رضاکارانہ طور پر جوڑ دیتا ہے۔

نسوانی مکتبہ فکر (Feminism) : یہ ایسا نظریہ ہے جو خواتین کو بااختیار بناتا ہے اور یہ صنفی مساوات کا خواہاں ہے۔

خاندانی سرپرستی (Patriarchy) : خاندان کا سربراہ مرد جو خاندان، سیاست، معیشت، ثقافت، مذہب وغیرہ امور میں خواتین پر غلبہ رکھتا ہے۔

نوآبادیات کے بعد (Post-Colonialism) : نوآبادیات کے خاتمہ کے بعد آزادی کے وقفہ میں ممالک کے احوال (مثال کے طور پر ہندوستان 1947 کے بعد)

استعماریت (Colonialism) : ایسا طریقۂ کار جس نے ایشیاء اور افریقہ کے ملکوں کو یوروپی ممالک نے غلام بنایا اور ان کا استحصال کیا۔

وشاکھا رہنما خطوط (Vishaka Guidelines) : خواتین کے ملازمتی جگہوں میں جنسی طور پر انہیں ہراساں کرنے سے بچانے کے لئے سپریم کورٹ کے درج شدہ ہدایات

صنفی مساوات (Gender Equality) : عورت اور مرد کے

11 pol sc unit 9 Set
Sunday, November 21, 2021 10:48:16 PM

مابین مساوات اور برابری کا درجہ

مشترکہ بھلائی (Common Good) : مشترکہ فلاح و بہبودی یا سماجی مفادات

غیر مزاحمت پسند شخص (Not Unencumbered Self) : انسان کلی طور سے آزاد نہیں ہے، اس کا تعلق ہمیشہ معاشرے سے جڑا ہوتا ہے۔

خود کی پہچان (Situated Self) : سماج میں انسانی جڑیں بہت مضبوط ہیں۔

تخفیف (Reductionism) : دنیا کی وضاحت کرنے کے لئے خاص عوامل کو کم کرنے کا طریقۂ کار۔

عالمگیریت (Universalism) : ایسے اسباب (عوامل) یا خیالات جو عالمی سطح پر درست نہیں۔

مخصوص مفادات کے حصول کے لئے مکمل توجہ دینا (Particularism)

اس نقطہ نظر کے مطابق ہر شخص اپنی ایک انفرادی شناخت رکھتا ہے۔ چاہے خطہ برادری، ثقافت منفرد یا مخصوص حیثیت ہی سے کیوں نہ ہو

تنقیدی جائزہ (Deconstruction) : کسی بھی چیز کے ظاہری معنی کو لئے بغیر اس کے اندرونی اور مخفی معنی کو واضح کرنا۔

سیاسی شناخت (Identity Politics) : سیاست، عدل وانصاف، مساوات اور ترقی کے حصول کے لئے، زبان، نسل، ذات، جنس وغیرہ پر مشتمل لوگوں کی سیاسی محرکات۔

ساری کائنات میں انسان کو مرکزی حیثیت حاصل ہے (Anthropocentrism) : مختلف حیاتیاتی شکلوں کے مقابلہ میں انسان کو ایک اعلیٰ مقام حاصل ہے جو اسے اور اس کی زندگی کو خوشیوں اور مسرتوں سے دوبالا کرتا ہے۔

حیاتیاتی مساوات (Biocentric Equality) : دنیا کی ساری مخلوق برابری کا درجہ رکھتی ہے، کسی کو کسی پر فوقیت حاصل نہیں یہاں تک کہ انسان کو بھی۔

بین النسلی عدل وانصاف (Inter Generational Justice)

موجودہ نسل کو چاہئے کہ وہ کسی بھی قسم کی لالچ کو اختیار کئے بغیر ماحول کو تباہ ہونے سے بچائے اور آئندہ نسلوں تک اس کرہ ارض کو صحیح سالم پہنچائے۔

پائیدار ترقی (Sustainable Developement):

آئندہ آنے والی نسل کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے قدرتی وسائل کو محتاط انداز میں استعمال کرنا چاہئے۔

عمیق ترین ماحولیات (Deep Technology):

ماحول پر انسانی سرگرمیوں کے منفی اثرات اور دنیا کے ماحولیات کو محفوظ رکھنے کے لئے اس کی گہرائی کو سمجھنا چاہئے۔

چپکو تحریک (Chipko Movement) : ہندی میں اس کا مطلب ہے گلے لگانا۔ لوگوں نے درختوں کو گلے سے لگا دیا تا کہ انہیں کاٹنے سے بچایا جا سکے

اپیکو تحریک (Appiko Movement) : کنڑ زبان میں اپیکو کا مطلب درختوں کو گلے سے لگانا۔ کرناٹک کے عوام نے درختوں کو گلے سے لگا لیا تا کہ انہیں کاٹنے سے بچایا جا سکے۔

مشق Evaluation

I۔ صحیح جواب منتخب کیجئے :

1۔ انارکیزم سے متعلق غلط بیانیہ معلوم کیجئے۔

a) یہ انتشار پسندی نظریہ کی حمایت کرتا ہے

b) یہ آڈر چاہتا ہے

c) یہ انسانوں کے مابین تعاون کی شکل ہے

d) یہ ریاست کا خاتمہ چاہتا ہے

11 pol sc unit 9 Set
Sunday, November 21, 2021 10:48:17 PM

2۔ انارکیزم نظریہ کا حامی کون ہے

a) کارل مارکس b) جوزف پراڈھون

c) ایڈم اسمتھ d) جان لوک

3۔ قدرتی استحصال کی بنیاد پر کس ادارے نے انارکیزم کی مخالفت کی

(a) ریاست b) نجی املاک c) مذہب d) اوپر کے تمام کے تمام

4۔ حقوق نسوان کے مکتبہ فکر کو فروغ دینے دینے والے

a) خواتین b) بچے c) قبائل d) اقلیت

5۔ ذاتی سیاسیات "Personal is Political" کے معنی

a) ہمیں قائدین کی ذاتی زندگی پر تبادلہ خیال کرنا چاہئے

b) ہمیں سیاسی شرافت پر یقین رکھنا ہے

c) خاندانی اور سیاسی پہلو سے ہمیں خواتین کے حقوق پر بات کرنی چاہئے

d) ہمیں سیاست دانوں کی ذاتی زندگی کو نظر انداز کرنی چاہئے۔

6۔ مابعد جدیدیت Postmodernism کا موجد کون ہے

a) جیکس ڈیریڈا b) رابرٹ ڈی پوٹنم c) فریڈرک نائٹشے d) کارل مارکس

7۔ عمیق ترین ماحولیات "Deep Ecology" کی اصطلاح کس نے وضع کی

a) مشیل فوکوالٹ b) رابرٹ ڈی پوٹنم c) آڈری لارڈے d) ارن نیس

8۔ پوسٹ ماڑرن ازم Postmodernism سے متعلق غلط بیانیہ معلوم کریں

a) یہ جدیدیت کو مسترد کرتا ہے

b) یہ کہتا ہے کہ حقیقت ایک سے نہیں بلکہ زیادہ سے واضح ہوتی ہے

c) یہ عالمگیریت کی مخالفت کرتا ہے

d) یہ خاصیت کو مسترد کرتا ہے

9۔ پوسٹ مارڈن ازم وابستہ ہے

a) سیاسی شناخت b) قومی سیاست

c) بین الاقوامی سیاست d) طبقاتی سیاست

10۔ کمیونی ٹریانزم نظریہ تسلیم کرتا ہے

a) مذہب b) طبقہ

c) برادری d) زبان

11 pol sc unit 9 Set
Sunday, November 21, 2021 10:48:17 PM

11۔ کمیونی ٹریانزم کے مطابق آدمی .....ہے

a) جوہری b) خودغرضی c) مذہبی d) برادری سے وابستہ

12۔ کمیونی ٹریانزم پھلتا پھولتا ہے

a) قدرتی حقوق b) اخلاقی حقوق c) مثبت حقوق d) اقتصادی حقوق

13۔ جوڑ لگائیے۔

1۔ جدیدیت ماحولیات	A۔ زندگی کے مرکزی مساوات
2۔ عمیق ترین ماحولیات	B۔ گھٹانا اور دوبارہ قابل استعمال بنانا
3۔ سطحی ماحولیات	C۔ درختوں کو گلے لگانے والی تحریک
4۔ چپکو مومنٹ	D۔ پائیدار ترقی

14۔ اپیکو مومنٹ ایک تحریک ہے

a) درختوں سے اپنے گلوں کو لگا لینا تا کہ انہیں کاٹنے سے روکا جا سکے

b) کھانا کھلا کر غریبوں کی مدد کرنا

c) کم مراعات یافتہ افراد کو تعلیم دینا

d) لوگوں کی بیماریوں کو ٹھیک کروانا

15۔ ہندوستان اور نامیبیا جیسے ممالک میں خواتین کے لئے کون سا فیمیزم (Feminism) موزوں ہے

(a) نوآبادیاتی نسوانی مکتب فکر b) آزاد نسوانی مکتب فکر c) بنیاد پرست تحریک d) مارکسین نسوانی مکتب فکر

II۔ مندرجۂ ذیل سوالات کے مختصر ترین جوابات لکھئے۔

1۔ "Anthropocentrism" اس اصطلاح کو کس نے وضع کیا؟

2۔ سیاسی شناخت کیا ہے؟

3۔ "Situated Self" کے معنی بتائیے؟

4۔ وشاکھا پٹنم رہنمایانہ خطوط کیا ہیں؟

5۔ Feminism کے معنی لکھئے

6۔ انارکیزم یہ کیوں دعوٰی کرتا ہے کہ ریاست ایک منحوس اور بری چیز ہے۔

7۔ انارکیزم کی خصوصیات لکھئے۔

11 pol sc unit 9 Set
Sunday, November 21, 2021 10:48:17 PM

III۔ درج ذیل سوالات کے مختصر ترین جوابات لکھئے۔

1۔ بنیاد پرست حقوق نسوان مکتبہ فکر ذاتی نظریہ کے متعلق بیان کیجئے۔

2۔ عمیق ترین ماحولیات پر ایک نوٹ لکھئے۔

3۔ کمیونزم کے مثبت حقوق کیا ہیں۔

4۔ ماحول کی حفاظت کے لئے سطحی ماحولیات کیا کردار ادا کرتی ہے، نشاندہی کریں۔

IV۔ مندرجۂ سوالات کے تفصیل سے جوابات لکھیں۔

1۔ انارکیزم کی اہم خصوصیات کا تنقیدی جائزہ لیں۔

2۔ حقوق نسوان کے مکاتب فکر پر بحث کریں۔

3۔ ہندوستان کی اہم ماحولیاتی تحریکوں کی وضاحت کریں؟

4۔ انسان، سماج، حقوق اور انصاف پر کمیونزم ازم کا موقف بتائیں؟

حوالہ جات : Reference books

1. Gauba, O.P.(2009) An Introduction to Political Theory, New Delhi: Macmillan Publishers India Ltd.
2. Heywood, Andrew (2003) Political Ideologies: An Introduction, London: Macmillan
3. Naess, A. (1973) 'The shallow and the deep, long-range ecology movement: a summary'. Inquiry, vol. 16
4. Rajeev Bhargava & Ashok Acharya (Ed), (2016) Political theory: An Introduction, New Delhi: Thomson press.
5. Ramasamy, Sushila (2009) "Political Theory – Ideas and Concepts, Chennai: Macmillan India Ltd.
6. IGNOU Political Science Study Materials, B.A and M.A

11 pol sc unit 9 Set
Sunday, November 21, 2021 10:48:18 PM

اکائی 10

رائے عامہ اور جماعتی نظام

Public Opinion and Party System



سیکھنے کے مقاصد

- جماعتی نظام کے معنی کو سمجھانا
- کسی جمہوریت میں پارٹی نظام کے کردار، افعال اور اقسام کی شناخت کرنا۔
- جدید دور میں پارٹی کے نظام کے تاریخی ارتقاء کا سراغ لگانا۔
- قومی اور علاقائی سطح پر ہندوستان میں پارٹی نظام کے ساخت کا خاکہ تیار کرنا۔
- کسی بھی جمہوریت کے مؤثر کردار میں عوامی رائے کی اہمیت کا محاسبہ کرنا۔
- پارٹی نظام کے اثرات اور حد بندیوں کی تشخیص کرنا۔

10.1 رائے عامہ کی تعریف : (Defining Public Opinion)

رائے عامہ (Public Opinion) کی تعریف اس طرح کی جاتی ہے کہ یہ ایک نفسیاتی اور سماجی عمل ہے جس میں عوام کے ہر ایک ممبر کے عادات و اطوار دوسرے انہی عقائد و خیالات والے لوگوں کے ساتھ مشروط ہوتے ہیں۔ مختصر یہ کہ یہ لوگوں کے مجموعی خیالات ہوتے ہیں ساتھ ہی ان کے انداز فکر اور نظریات بھی شامل ہوتے ہیں۔

حکومت اور سیاست کے متعلق معاملات کے سلسلہ میں یہ لوگوں کے مجموعی ترجیحات ہوتی ہیں۔ اس کی بنیاد اس تمہید پر ہے کہ جمہوریت اور رائے عامہ میں مجموعی انفرادی خیالات و نظریات میں انفرادی نظریات سے زیادہ وزن ہوتا ہے۔ کچھ دوسرے لوگوں کی رائے ہے کہ رائے عامہ منظّم گروپس، حکومتی لیڈروں اور میڈیا کے خواص سے متاثر ہوتی ہے اور انہی کے کنٹرول میں رائے عامہ ہوتی ہے۔

حقیقت میں جمہوریت کے خیالات لوگوں سے حاصل ہوتے ہیں۔ رائے عامہ کسی انفرادی شخص کی رائے نہیں ہوتی ہے اگر چہ کوئی بھی مرد اور عورت کتنے ہی معزز ہوں یہ کسی ماہر شخص کی رائے بھی نہیں ہوتی ہے اگر چہ کہ اس ماہر کی عقل و سمجھ سے وہ غیر متعلق ہی ہو۔ کسی طبقہ یا بہت سارے لوگوں کے طبقات کے عوامی معاملات پر منظّم اور سوچا سمجھا نظریہ ہی رائے عامہ کہلاتا ہے۔

رائے عامہ کا کردار : (Role of Public Opinion)

کسی بھی جمہوریت کے کامیاب طریقہ سے کام کرنے کے لئے رائے عامہ ایک لازمی عنصر ہے جہاں سارے شہریوں کے خیالات کا احترام کیا جاتا ہو اور کوئی بھی حکومت اسے نظر انداز کر کے باقی نہیں رہ سکتی ہے۔

10.2 اصلی رائے عامہ کی تشکیل میں ہونے والی رکاوٹیں: (Hindrances to formation of a genuine public opinion)

رائے عامہ کو لوگوں کے نظریات و خیالات کے صحیح عکاسی کی ضرورت ہوتی ہے اگر چہ کی اصلی رائے عامہ کے تعلق سے کچھ رکاوٹیں بھی ہوتی ہیں۔

خودغرضانہ مفادات : (Selfish Interests)

لوگوں کے مفادات اور دلچسپیاں اپنے ملک کے مفادات پر ذاتی ترقی کے حصول پر لگی رہتی ہیں، ملک کے اتحاد، ذمہ داری، یکجہتی اور ترقی کے متعلق اہم معاملات کے سلسلہ میں لوگوں کو حساس ہونا چاہئے۔

ناخواندگی : (Illiteracy)

اس بات کی توقع کی جاتی ہے کہ خواندہ (پڑھے لکھے) اور ذمہ ار عوام اپنے حق رائے دہی کو (بغیر کسی خوف اور لالچ کے)

11 pol sc unit 10 Set
Sunday, November 21, 2021 10:58:34 PM

استعمال کرتے ہوئے اچھے شہری تیار کر سکتے ہیں۔ ناخواندہ (ان پڑھ) عوام کی اکثر پارٹی کے کارکنان کے زور بیان اور لالچ کے ذریعہ غلط قیادت کی جاتی ہے۔ انہیں گمراہ کیا جاتا ہے۔ صحیح رائے عامہ ہمیشہ آزاد سوچ اور علم کے ماحول ہی میں تشکیل پاتی ہے۔

a) غربت : (Poverty)

کسی بھی ملک میں غریب طبقہ آسانی سے سیاسی لیڈروں کے جھوٹے وعدوں سے متاثر ہو کر اپنا ووٹ انہیں دے دیتا ہے۔ طاقتور اور بامقصد رائے عامہ کا حصول اسی وقت ممکن ہے جب غربت کو ختم یا کم کیا جائے۔

b) نسل اور ذات پات کی بنیاد پر امتیاز و تفریق :

ذات پات، دھرم اور مذہب کی بنیاد پر ہونے والے احساسات جو تفریق کو ابھارتے ہیں وہ احساسات عوام کے درمیان پھوٹ پیدا کرتے ہیں اور وہ پھوٹ اکثر سیاسی پارٹیاں اپنے فائدے کی خاطر بڑی چالاکی سے ڈالتی ہیں۔ ملک میں جمہوری تک کے مؤثر طریقہ پر کام کرنے کے راستہ میں سماجی بے آہنگی نہایت نقصان ہے۔

c) تقریر اور میڈیا کی آزدی:



صحت مند رائے عامہ کے بنانے میں بے تعصب، بامقصد اور آزاد میڈیا اور اسی کے ساتھ تقریر اور اجتماع کی شخصی آزادی کا احترام بہت نمایاں رول ادا کرتا ہے۔ ایک آزاد اور غیر جانبدار میڈیا کی بہت اہمیت ہوتی ہے۔ جو لوگوں کی آزادانہ رائے کا احترام کرتا ہے اور اسی میڈیا کی ذمہ داری خبریں، پختہ اور جواب دہ رائے عامہ کے بنانے کا اہم معیار ہوتی ہیں۔

10.3 سیاسی پارٹیوں کی تعریف :

(Definition of polictical Parties)

ایک جمہوری نظام میں سیاسی پارٹیاں ناگزیر آلہ کے طور پر ہوتی ہیں۔ وہ متعین نظریات اور عملی پروگراموں کے ذریعہ تشکیل پاتی ہیں۔ وہ سیاسی پارٹیاں عام لوگوں کو سماج اور حکومت کے متعلقہ مسائل سے واقف کراتی ہیں اور ساتھ ہی وہ متبادل تجویز کرتی ہیں۔ پروپگنڈہ کے ذریعہ وہ لوگوں کو سیاسی مسائل سے آگاہ کرتی ہیں اور لوگوں کی تائید اپنی پالیسیوں اور پروگراموں کے حق میں حاصل کرتی ہیں۔

مختلف سیاسی پارٹیوں کے مابین بااصول مقابلہ ہوتا ہے اور وہ مقابلہ جمہوریت کے مضبوط عمل درآمد کی یقین دہانی کراتا ہے۔

ACTIVITY کارروائی

ایک جمہوریت میں سیاسی پارٹیوں کے مختلف افعال کی فہرست نیچے دی گئی ہے

- پارٹیاں انتخابات لڑتی ہیں
- پارٹیاں مختلف پالیسیاں اور پروگرام آگے پیش کرتی ہیں
- پارٹیاں ملک کے لئے قوانین بناتی ہیں۔
- پارٹیاں حکومت کی تشکیل کرتی اور اسے چلاتی ہیں
- پارٹیاں مخالف پارٹی کا رول بھی ادا کرتی ہیں
- پارٹیاں رائے عامہ کو شکل دیتی ہیں۔
- پارٹیاں حکومتی فلاحی اسکیموں تک لوگوں کی رسائی کراتی ہیں۔

ایک مہینہ تک کسی اخبار کا مطالعہ کریں اور سیاسی پارٹیوں کے مختلف افعال کے تعلق سے خبروں کو جمع کریں۔

قابل اقتباس حوالہ

کسی بھی جمہوریت میں رائے عامہ کو سیاسی پارٹیوں کے ذریعہ گھوڑے سے جوتا جاتا ہے، یعنی ہموار کیا جاتا ہے۔

11 pol sc unit 10 Set
Sunday, November 21, 2021 10:58:34 PM

10.4 سیاسی پارٹیوں کے افعال :

کسی بھی جمہور نظام میں سیاسی پارٹیاں ایک مکمل رابطہ کے ذریعہ ہوتی ہیں جن سے حکومت اور عوام بات چیت کرتے ہیں ۔سیاسی پارٹیاں لوگوں کو سیاسی ابتدائی کارروائیوں اور عوامی تجربات کے سلسلہ میں لوگوں کا مقام متعین کرنے میں بنیادی حیثیت رکھتی ہیں ۔سیاسی پارٹیاں ووٹوں کے حصول کے ذریعہ سیاسی خیالات و نظریات کو متاثر کرنے کے لئے کام کرتی ہیں ۔وہ سیاسی ،اقتصادی اور سماجی فعالیت کے لئے ایک پلیٹ فارم مہیا کرتی ہیں جس کے ذریعہ مستقبل کی مقامی اور قومی قیادت (لیڈرشپ) کی ٹریننگ کی خدمات انجام دیتی ہیں ۔طویل سفر میں وہ لیڈروں کو ان کے حرکات کے بارے میں جواب دہ بناتے ہیں ۔وہ جواب دہی کا عمل پارٹی کے اندر اور مخالف پارٹیوں کے ذریعہ کٹھن بحث و مباحثہ او سوالات کے ذریعہ ہوتا ہے ۔لہذا لوگوں کو ملک کو چلانے کے مختلف مسائل میں گوناگوں امیدواروں ،نظریات اور طریقہ کار اپنانے کا موقع دیا جاتا ہے ۔ان کے جمہوریت پر اعتماد کو معلومات کے ذریعہ طاقتور اور مضبوط کیا جاتا ہے تاکہ وہ تبدیلی کو جان سکیں اور وہ حکومت کی تبدیلی لوگوں کی اکثریت کی چاہت کے مطابق ہو۔

پارٹی کا نظام : (The Party System)

پارٹی کا نظام حکومتوں کو چلانے اور مضبوط کرنے میں مدد گار ہوتا ہے اور وہ نظام خصوصاً جمہوریت کے موثر کام کرنے سے متعلق ہوتا ہے ۔پارٹی کا نظام حکومت کی پالیسیوں کے خلاف جانچ کا ایک نظام فراہم کرتا ہے اور حکومت کی پالیسیوں کو متوازن رکھتا ہے ۔عوام کے درمیان لوگوں کی ساتھ داری کی درخواست کرتے ہوئے اور پارٹی کے اندر لیڈرشپ کی شکل بناتے ہوئے ، پارٹی کے خصوصی مقاصد اور ایجنڈا کے مطابق وہ ایک اچھی اور پائیدار حکومت قائم کرنے میں مددگار رہوتا ہے۔

کیا تم جانتے ہو ؟

ایک سیاسی پارٹی لوگوں کا ایک گروپ ہوتا ہے جو مل کر الیکشن لڑتے ہیں اور حکومت میں اقتدار حاصل کرتا ہے ۔پارٹی کے لوگوں کا وہ گروپ سماج کے لئے چند پالیسیوں اور پروگراموں پر معاہدہ کرتا ہے اس خیال سے کہ مجموعی اچھائی کو آگے بڑھایا جائے ۔

جماعتی نظام کے اقسام : (Types of Party Systems)

جمہوریت کے مخصوص عناصر پر انحصار کرتے ہوئے دنیا کے مختلف علاقوں میں جماعتی (پارٹی) نظام کی مختلف اقسام کام کر رہی ہیں ۔کسی بھی جمہوریت کے معیار کی بہتری اس بات سے متعین کی جاتی ہے کہ حکومت عوام کی کتنی اور کیسی نمائندگی کرتی ہے اسی طرح وہ حکومت لوگوں کے سامنے کتنی جواب دہ ہے ،سارے شہریوں کو اس حکومت میں کتنے انسانی حقوق مل رہے ہیں اور سارے لوگوں کو کتنا مقام و درجہ اور سیاسی حصہ مل رہا ہے ۔ پارٹی نظام کی مختلف اقسام ان سارے مسائل کو مختلف طریقوں سے اٹھاتی ہیں اور اس کے ذریعہ سے جمہوریت کے معیار کو متعین کرتی ہیں ۔



A۔ واحد پارٹی نظام : (One Party System)

واحد پارٹی نظام میں ایک ہی سیاسی پارٹی حکومت بنانے کا حق رکھتی ہے جو کہ تحریری ی اغیر تحریری دستور سے حاصل کیا جاتا ہے ۔واحد پارٹی نظام میں اکثر معاملات میں لوگوں کی حصہ داری کم ہوتی ہے اور جوابدہی نہایت کمزور ہوتی ہے ۔مثالیں : کمیونسٹ پارٹی آف چائنا (CPC) ، سنگاپور کی پیوپلس ایکشن پارٹی

11 pol sc unit 10 Set
Sunday, November 21, 2021 10:58:35 PM

(PAP)، کورین ورکرس پارٹی (KWP)، شمالی کوریا، کمیونسٹ پارٹی آف ویتنام (CPV)، ویتنام، کمیونسٹ پارٹی آف کیوبا (CPC)، کیوبا۔ واحد پارٹی نظام جمہوری خیالات کے اظہار کے لئے موزوں مقام نہیں دیتا ہے اور اس کا متبادل بھی فراہم کرتا ہے۔ مثال کے طور پر 1920 میں جرمنی میں فسطائی تحریکات قومی اور فوجی حکومت کی وکالت کرتی تھیں اور اس کے نتیجہ میں ہٹلر کی ماتحتی میں جرمنی میں اقتدار پر قبضہ کیا تھا۔ اسی طرح اٹلی میں مسولینی اور اسپین میں جنرل فینکو کی قیادت میں بھی ہوا تھا۔ وہ دوسری سیاسی پارٹیوں کو ابھرنے نہیں دیتے تھے۔

B۔ دو پارٹی نظام: (Twin Party System)

دو پارٹی نظام میں دو سیاسی پارٹیاں ہوتی ہیں جن کے مقاصد اور مفادات الگ الگ ہوتے ہیں ان میں سے ہر ایک کو موقع ہوتا ہے کہ وہ اکثریت حاصل کر کے اپنی حکومت بنائے۔ دو پارٹی نظام میں اکثریت حاصل کرنے والی پارٹی حکومت بناتی ہے۔ اقلیت میں آنے والی پارٹی مخالف پارٹی ہوتی ہے۔ دو پارٹی نظام میں سیاسی لیڈروں کی طرف سے زیادہ جوابدہ ہوتی ہے اور ان کی زیادہ سیاسی حصہ داری ہوتی ہے۔ ہم اس وقت سے جب سے سیاسی فضا سخت جنگجویانہ ہوگئی، سخت تبدیلیاں ہوسکتی ہیں۔ جب کوئی پارٹی اپنا اقتدار کھو دیتی ہے جو قومی مفادات کے لئے مضر ثابت ہوتی ہے۔ دو پارٹی نظام کی مثالوں میں USA (ڈیموکریٹس اور ریپبلیکنس) اور UK (قدامت پسند اور آزاد خیال) پارٹیاں شامل ہیں۔

لیکن کسی بھی ملک میں پارٹیوں کی تعداد میں کسی قسم کی دستوری پابندی نہیں ہے۔ دستوری طریقہ کار اور لوگوں کے سیاسی شعور کے نتیجہ میں دو پارٹی نظام ابھر کر سامنے آتا ہے۔



11 pol sc unit 10 Set
Sunday, November 21, 2021 10:58:36 PM

c۔ کثیر پارٹی والا نظام : (Multi Party System)

کثیر پارٹی نظام میں کثیر تعداد میں سیاسی پارٹیاں عوامی تائید کو محفوظ کرنے کے قابل ہوتی ہیں اور وہ حکومت بناتی ہیں اور وہ حکومت یا تو اکثریت میں آ کر بناتی ہیں یا اقلیت پارٹی کے اتحاد سے مشترک سیاسی مقاصد کے ساتھ حکومت کرتی ہیں ۔اس نظام میں سیاسی لیڈروں کی مسلسل نگرانی ہوتی ہے اور ان کے اتحادی پارٹنروں کے ذریعہ جانچ ہو کر حکومت کو متوازن رکھا جاتا ہے۔اسی طرح انہیں لوگوں کے سامنے کٹھن طریقہ سے جواب دہی کرنا پڑتا ہے۔کثیر پارٹی والا نظام ہر حلقۂ انتخاب میں مواقع فراہم کرتا کہ وہاں سیاسی حصہ داری کے لئے مختلف راستے سامنے آئیں تا کہ بڑے پیمانہ پر قومی ترقی کے لئے سیاسی تبدیلی لائی جائے۔

فرانسیسی اور اٹلی میں متناسب نمائندگی کے نظام کی موجودگی کے نتیجہ میں وہاں کثیر پارٹی والا نظام اور اتحادی کابینہ کا طریقۂ کار آیا۔

کثیر پارٹی نظام والے ممالک کی مثالوں میں کینیڈا ،فرانس، جرمنی، ہندوستان اور سویڈن شامل ہیں۔

کارروائی :

سوچئے-جوڑیئے-بانٹئے

عنوان برائے جوڑی: Topic for Pair

کیوں واحد پارٹی کو ایک اچھا طرز حکومت نہیں سمجھا جاتا ہے؟

10.5 جمہوریت میں سیاسی پارٹیوں کا رول :
(Role of Political Parties in a Democracy)

جمہوریت کے معیار اور اثر اندازی کو یقینی بنانے سے ایسی پارٹیوں کی موجودگی بہت ذمہ دار ہے۔ہندوستان اور ریاست ہائے متحدہ امریکہ جیسے وفاقی، کثیر ثقافتی اور کثیر سماجی ممالک میں سماجی اقتصادی ترقی کے لئے امن، اتحاد اور فرقہ واری ہم آہنگی کو برقرار رکھنا نہایت ضروری ہے۔جب کہ واحد پارٹی نظام میں زیادہ لچک ہوسکتی ہے اور اس کے جلدی جلدی فیصلے اور اقدامات ہوسکتے ہیں لیکن یہ فیصلے اور اقدمات عوامی رائے کی نمائندگی پورے طور سے نہیں کر سکتے ہیں۔لہذا اس کی وجہ سے مخالفین زیادہ ہوسکتے ہیں اور حکومت متفقہ رائے پر قائم نہیں ہوسکتی ہے۔

جمہوریت میں سیاسی پارٹیوں کا رول:

سیاسی پارٹیاں کیا ہوتی ہیں؟

- وہ پارٹی کی سطح پر عوامی عہدوں کے لئے امیدواروں کو بھرتی کر کے انہیں کام میں لگاتی ہے
- وہ پارٹی کے نام پر حکومتی عہدہ داروں کی کارروائیوں کو منظّم اور ہم رتبہ کرتی ہیں۔

بہت سارے سیاسی سائنسدان اس بات کو مانتے ہیں کہ جمہوریت کے لئے سیاسی پارٹیاں بہت ہی ضروری ہیں۔

- بعض لوگ سیاسی پارٹیوں کو اس طرح دیکھتے ہیں جیسے عوامی اقتدار اور اکثریت کی حکومت کے لئے اہم آلہ
- جب سیاسی پارٹیاں ٹھیک سے کام کر رہی ہوتی ہیں تو وہ عوامی اقتدار (حاکمہ) کے لئے ایک لازمی آلہ ہوتی ہیں۔

دو پارٹی نظام میں پارٹی کی ساخت اور لیڈرشپ کی نوعیت کے سبب، اس کا عمومی نتیجہ مل کر کام کرنے سے زیادہ سیاسی یک طرفگی میں اس کے عوامی پالیسیاں اور فیصلے مسدود ہوجاتے ہیں ۔ جب کہ کثیر پارٹی نظام میں اس کی صلاحیت کی بنیاد اتحادی ممبران کے درمیان غور وفکر اور تبادلۂ خیال پر ہوتا ہے اور مسائل کو اکثر و بیشتر بحث و مباحثہ اور آپسی رائے مشورہ کے ذریعہ حل کر کے موافقت پیدا کی جاتی ہے۔لہذا سیاسی پارٹیاں جمہوریت کو چلانے والی ہوتی ہیں اور وہ ولوگوں کے حقوق ورآزادی کے تحفظ کے لئے ضروری ہوتی ہیں۔ مؤثر شہریت کی ٹریننگ اور زیادہ تمدنی طور پر

11 pol sc unit 10 Set
Sunday, November 21, 2021 10:58:36 PM

حصہ لے کر جمہوری ممالک میں جوانوں کو ساتھ لے کر سیاسی پارٹیوں میں بہتر رول ادا کیا جاسکتا ہے۔اس کے ذریعہ ممالک میں زیادہ شعور پیدا کیا جاسکتا ہے اور وسیع جمہوریت سازی کی جاسکتی ہے۔

قابل اقتباس حوالہ Quotable Quote

سیاسی پارٹیاں جمہوریت کو چلانے والی ہوتی ہیں۔
سیاست دان عوامی ذہن سازی اور رائے عامہ بنانے کے لئے اپنی خطیبانہ (تقریری) اور قائدانہ صلاحیت کو استعمال کرتے ہیں۔

10.6 جدید پارٹی نظام :

A۔ برطانیہ میں پارٹی کا نظام :

برطانیہ میں بادشاہت کے مقام و مرتبہ اور رول کے تعلق سے خیالات و نظریات کو یک طرفہ کرنے کے نتیجہ میں دو پارٹی نظام کا ظہور ہوا۔

A۔ ٹوریس یا قدامت پسند اور

B۔ Whigs (ایک قدیم سیاسی فرقہ) یا آزاد خیال فرقہ

بیسویں صدی میں وہاں لیبر پارٹی ایک بڑی قوت بن کر ابھری اور اس نے آزاد خیال لوگوں (Liberals) کو بے دخل کردیا۔

B۔USA میں پارٹی نظام :

ریاست ہائے متحدہ (USA) کے بانیان سیاسی پارٹیوں کو صاف کردینا چاہتے تھے اور ان پارٹیوں کے درمیان فساد برپا کردینا چاہتے تھے۔اس کے باجود امریکی آزادی کے بعد وہاں سے پہلے پہل دو پارٹیاں وجود میں آئیں۔ایک جارج واشنگٹن کی صدارت میں فیڈرلسٹ پارٹی قائم ہوئی جس نے ایک مضبوط قومی حکومت کی تائید کی اور دوسری ڈیموکریٹک ریپبلیکن پارٹی کی خودمختاری کی تائید میں تھی۔

1828ء میں ڈیموکریٹک ریپبلیکن پارٹی کا نام بدل کر ڈیموکریٹک پارٹی رکھا گیا جو ریاست کے حقوق کے لئے بہادری سے مقابلہ کرتے تھے۔1854 میں ریپبلکین پارٹی نے اپنے آپ کو غلامی کے خلاف کھڑا کیا اور اس پلیٹ فارم سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ابراہام لنکن نے پہلے اقتدار حاصل کیا اور بعد میں USA کا صدر بنا۔اس وقت سے USA میں دو پارٹی نظام چلا آرہا ہے اور وہاں ریپبلکن اور ڈیموکریٹک پارٹیوں کا سیاست پر غلبہ ہے۔اگرچہ تیسری پارٹی کے امیدوار بھی ہوتے ہیں لیکن وہ بہہ جاتے ہیں۔

دو پارٹی نظام :

- پوری دنیا میں شاذ و نادر ہے
- قومی اور مقامی سطح پر ملک کو متوازن رکھتا ہے
- انتخابی نظام
- جیتنے والا ساری چیز پر غلبہ پاتا ہے
- ناکارہ ووٹ
- ترجیحی نظام
- انتخابات سے پہلے بورڈ کے اتحاد کا طریقہ
- ووٹروں کے خیالات
- قرعہ اندازی (بیلٹ) پر آنے کے لئے تیسری پارٹیوں کے لئے مشکلات

C۔ یوروپ میں پارٹی نظام :

1789 کے فرانسیسی انقلاب کے بعد یوروپی ممالک میں ڈیموکریٹک قوتیں مضبوط ہوگئیں اور سیاسی پارٹیاں ابھریں۔ بر اعظم یوروپ میں سیاسی پارٹیاں زیادہ تر قدامت پسندوں، آزاد خیالوں اور مسیحی ڈیموکریٹس میں تقسیم ہوگئیں۔انیسویں صدی تک اشتراکی (سوشلسٹ) تحریکات نے شہرت حاصل کی اور سوشیل ڈیموکریٹک یا لیبر پارٹیاں ابھر کر سامنے آئیں جنہوں نے شہرت پا کر تجارتی یونینوں کی تائید حاصل کی۔

سوویت روس 1917 کے کمیونسٹ انقلاب کے لئے بالسٹویک پارٹی ذمہ دار تھی۔جس کے ذریعہ USSR (یونین آف

11 pol sc unit 10 Set
Sunday, November 21, 2021 10:58:37 PM

سوویٹ سوشلسٹ ریپبلکس) وجود میں آیا جو سوویت یونین کے نام سے مشہور ہوا۔ دوسرے ملکوں میں کمیونسٹ پارٹیوں کی تائید کے ساتھ عالمی کمیونسٹ انقلاب کے بڑھنے سے COMINTERN (کمیونسٹ انٹرنیشنل) قائم ہوا۔ سرد جنگ کے دور کے خاتمہ کے بعد روس میں کمیونسٹ پارٹی نے اپنی شہرت کھودی۔ اگر چہ چند چھوٹی کمیونسٹ پارٹیاں وہاں ڈیموکریٹک ریاستوں میں حکومتی پالیسیوں پر اثر انداز ہوتے رہے۔ تاہم چین اور شمالی کوریا میں کمیونسٹ پارٹیاں وہاں کی استبدادی حکومتوں پر اپنا کنٹرول رکھتی تھیں۔

D۔ ساؤتھ افریقہ میں پارٹی نظام:

جنوبی (ساؤتھ) افریقہ کا دستور

- 18 سال کی عمر والوں کے لئے عالمی دستور بالغوں کے لئے ووٹ کا قانونی حق
- ایک قومی مشترک ووٹرس کا رجسٹر
- عام انتخابات
- جوابدہی، ہمدردی اور شفافیت کو یقینی بنانے کے لئے ایک کثیر پارٹی نظام والی جمہوری حکومت

E۔ ہندوستان میں پارٹی نظام :

(Party System in India)

ہندوستان میں پارٹی نظام قومیت کے عروج اور برطانوی حکومت سے آزادی حاصل کرنے کے ساتھ ہی شروع ہوگیا۔ آج ہندوستانی سیاست کثیر پارٹی نظام کی نمائندگی کرتی ہے۔ ہندوستان کی سیاسی تاریخ میں ایک لمبے زمانے تک ایک ہی پارٹی یہاں کی سیاست پر چھائی رہی۔ 1885 میں انڈین نیشنل کانگریس (INC) کی بنیاد A.O ہیوم نے رکھی تا کہ قانون ساز مجلس اور سیاسی بازوؤں میں دیسی (ہندوستانیوں) کی سیاسی حصہ داری رہے۔ اس نے مرحلہ وار طریقہ سے سیاسی اصلاحات کی مانگ رکھی۔

1921-23 میں عدم تعاون تحریک کے بعد کانگریس نے مکمل سیاسی آزادی کا مطالبہ کیا۔ بیسویں صدی میں بہت سی پارٹیاں فرقہ وارانہ ایجنڈے کے ساتھ بھی ابھریں۔ یعنی اپنے خاص قومی ایجنڈے کے ساتھ جیسے 1906 میں آل انڈیا مسلم لیگ اور 1916 میں ہندو مہاسبھا۔ مدراس صوبے میں غیر برہمن لوگوں (دراوڑی قوم) کے مفادات کے تحفظ کے لئے ساؤتھ انڈین لبرل فیڈریشن (جسٹس پارٹی) بنائی گئی۔

لیکن انڈین کانگریس نے برطانوی حکومت سے بات چیت کا ایک پلیٹ فارم بنانے کی خاطر (شہری، اونچی ذات کے طبقہ جو زیادہ تر مغربی تعلیم یافتہ افراد تھے) کی نمائندگی کی۔

دھیرے دھیرے انڈین نیشنل کانگریس نے ہندوستانی سیاسی پارٹی نظام کی ترقی میں دوٹوک رول ادا کرنا چاہا۔ 1905ء میں بنگال کی تقسیم کے بعد انڈین نیشنل کانگریس دو حصوں میں تقسیم ہوگئی ایک اعتدال پسند دوسرے انتہا پسند۔ 1906 میں سیاسی تنازعات میں گفت وشنید کے دور میں مسلم لیگ کی تشکیل ہوئی جس سے ہندوستانی پارٹی نظام کے صحیح شروعات کی عکاسی ہوتی ہے۔



سیاسی منظر نامہ میں اپنے اخلاقی مذہبی نظریہ عدم تشدد کے ساتھ گاندھی کے داخلہ نے انڈین نیشنل کانگریس میں ایک تبدیلی لائی یعنی عدم تشدد کو ایک سیاسی نظریہ اور حکمت عملی کے طور پر اپنایا۔ اس طرح کانگریس ہندوستانی سماج کے تمام طبقات یہاں تک کہ غریب کاشتکاروں اور چھوٹی ذات کے لوگوں کی بھی نمائندہ پارٹی

11 pol sc unit 10 Set
Sunday, November 21, 2021 10:58:37 PM

بن گئی۔دوسری پارٹیاں بھی اپنے مخصوص اہداف کے ساتھ ابھریں ۔ان میں 1922ء میں چترن داس کی بنائی ہوئی سوراج پارٹی ،1934 میں آچاریہ نریندرا دیو اور جے پرکاش نرائن کی قائم کردہ کانگریس سوشلسٹ پارٹی اور1920 کے دہے میں M,N رائے کی کوششوں سے کمیونسٹ پارٹی کا قیام یہ سب دیگر بڑی سیاسی پارٹیاں تھیں۔

بہت سی سیاسی پارٹیاں تھیں جو سیاسی مہمیں چلاتی تھیں پروپگنڈہ کرتی تھیں مگر الیکشن نہیں لڑتی تھیں، وہ دوبارہ ڈالنے والے گروپس کے طور پر کام کرتی تھیں۔1977 تک کمیونسٹ پارٹی ،سوشلسٹ پارٹیاں اور دائیں بازو کی پارٹیاں جیسے جناسنگھ اور سواتنترا پارٹی یہ سب قومی سطح کی مخالف پارٹیاں تھیں۔1977 تک کوئی بھی واحد پارٹی قومی سطح پر انڈین نیشنل کانگریس کا متبادل مقام حاصل نہیں کرسکی تھی۔ جے پرکاش نارائن کی نظامت میں بہت سی قومی پارٹیاں کہی جانے والی آپس میں ضم ہوکر ایک بڑی متبادل قومی پارٹی بن گئی جو جنتا پارٹی کے نام سے معروف ہے ۔ 1977 میں اس نے مرکز میں اقتدار حاصل کیا۔لیکن اس پارٹی میں اتحاد کی کمی تھی بالآخر وہ1980 میں منتشر ہوگئی۔ جناسنگھ کو نیا نام بھارتیہ جنتا پارٹی دیا گیا۔اس دوران کانشی رام کی بھوجن سماج پارٹی ایک قومی پارٹی کے طور پر ابھری۔اس کا خاص نعرہ سماجی انصاف تھا۔اس کے بعد کمیونسٹ پارٹی کا تیزی سے اخراج ہوا۔ملک کی چند ریاستوں جیسے کیرلا، مغربی بنگال اور تری پورہ میں کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا (مارکسسٹ) بہت طاقتور ہوئی۔

1990ء کی دہائی ہندوستان کی سیاست میں اتحادی حکومتوں کی رہی ہے ۔موجودہ ہندوستان میں دیکھا جاتا ہے کہ یہاں کا سیاسی نظام بہت زیادہ مقابلاتی، زیادہ جمہوری اور کثیر ثقافتی سماجی گٹھ جوڑ اور تنوع کا نمائندہ بنتا جارہا ہے۔ یہ بھی دیکھا جاتا ہے کہ پرانی پارٹیاں متروک ہورہی ہیں اور وہ بے جان ہوگئی ہیں اور نئی پارٹیاں ابھر رہی ہیں جو نمائندگی کرتی ہیں اور وہ کوشش کررہی ہیں کہ لوگوں کے مختلف طبقات کی طرف سے رونما ہونے والے تشکیلاتی چیلنجوں کا مقابلہ کیا جائے۔1990ء سے ہم دیکھتے ہیں کہ، وہ اپنا رسوخ بڑھا رہی ہیں اور علاقائی جذبات کی نمائندگی کرتے ہوئے وہ مرکزی حکومت کے غلبہ سے پیچھا چھڑانا چاہتی ہیں ۔



حالیہ دور میں علاقائی پارٹیوں کا اتحاد اس بات کا اشارہ دیتا ہے کہ اتحادی حکومتیں بنانے کا رجحان بڑھ رہا ہے اور اس کے نتیجہ میں وفاقی سیاست وحکومت کے حق میں مؤثر آواز اٹھ رہی ہے اور یہ بات زیادہ تر سیاست میں علاقائیت کے رنگ آنے سے ہوئی ہے۔اس لئے کہ پارٹیوں کو مخصوص اپنے علاقوں میں مضبوط تائید مل رہی ہے۔

علاقائی پارٹیاں : (Regional Parties)

پنجاب میں شرومنی اکالی دل، اتر پردیش میں سماج وادی پارٹی، آندھرا پردیش میں تلگو دیشم پارٹی، بہار میں راشٹریہ جنتا دل (RJD)، مغربی بنگال میں ترنمول کانگریس، تلنگانہ میں تلنگانہ راشٹر اسمیتی، آسام میں آسوم گانا پریشد، مہاراشٹرا میں شیوسینا، جموں کشمیر میں نیشنل کانفرنس، پیوپل ڈیموکریٹک پارٹی اور تمل ناڈو میں دراوڑا منیٹرا کژگم (DMK) اور آل انڈیا انا دراوڑا منیٹرا کژگم

11 pol sc unit 10 Set
Sunday, November 21, 2021 10:58:38 PM

یہ سب بڑی علاقائی پارٹیاں ہیں۔

جیسے حلقۂ ہائے انتخابات میں سیاسی بیداری میں اضافہ ہورہا ہے ویسے ہی علاقائی، سماجی اور مذہبی شناختوں کے خطوط پر بڑے پیمانے پر تبدیلیاں بھی ہورہی ہیں۔ایک علاقہ اور دوسرے علاقے کے مابین وسیع، پیمانے پر سیاسی گروپوں اور ان کے سیاسی اور سماجی خصوصیات میں فرق بھی پایا جاتا ہے۔

تمل ناڈو میں پارٹی نظام:

ٹمل ناڈو میں دوسری ریاستوں کی طرح آزادی کے پہلے سے کانگریس پارٹی کا غلبہ تھا۔لیکن ذات پات، مذہبی رہنماؤں کی حکومت اور شمال جنوب کے درمیان تقسیم اور دوری کے نتیجہ میں اس ریاست سے کانگریس پارٹی کا غلبہ ختم ہوگیا۔پیریار EV رام سوامی کی قیادت میں چلنے والی دراوڑی تحریک کے نتیجہ میں دراوڑی حقوق کے حصول، دراوڑی قوم کی عظمت اور مخالف شمالی، مخالف ہندی اور مخالف برہمن ایجنڈے کے سبب اس تحریک کو شہرت ملی۔اس طرح دراوڑی پارٹیاں وجود میں آئیں۔

تمل ناڈو کا خاکہ





ٹمل ناڈو کا پارٹی نظام آزاد ہندوستان کے ریاستی سیاست میں اک اچھا نمونہ اپنے اندر رکھتا ہے۔اس سیاسی ترقی میں بہت سے واضح سماجی، اقتصادی، ثقافتی اور تاریخی اسباب پائے جاتے ہیں۔معقولیت پسندی اور سماجی انصاف کی بنیاد پر چلنے والی تحریکات جو کہ آزادی سے قبل استعماری دور سے جاری ہیں ان کی وجہ سے سیاست میں خاص طور پر دراوڑی قوم میں احساس وشعور پیدا ہوا۔ بیسویں صدی کی شروعات سے بنیادی طور پر سیاست کی نوعیت بدلتی چلی گئی اور ریاستی سیاست میں مستقبل کا پارٹی نظام تبدیل ہوگیا ہے۔گزشتہ 52 سالوں سے ٹمل ناڈو کے سیاسی معاملات میں دراوڑی پارٹیوں ہی کی قیادت رہی ہے۔

10.7 جمہوریت میں سیاسی پارٹیوں کا رول:
(Role of Political Parties in a Democracy)

ایک جمہوریت کے موثر کام کرنے کے لئے سیاسی پارٹیاں جو متضاد دلچسپیوں کی نمائندگی کرتی ہیں، ان کا ہونا ضروری ہے۔

ریاست میں فاقی پارٹیوں کا محاذ اور وفاق بن رہا ہے۔ جب وہ مختلف مفادات اور پالسیوں کی وکالت کرتے ہیں تو اکثر سیاسی پارٹیاں دائیں بازو کے نظریات کو اپناتی ہیں (جیسے قدامت پسند، روایتی اور سرمایہ دار) یا بائیں بازو کے نظریات کو اپناتی ہیں۔(مساوات، آزاد خیالی اور مزدور مفادات کے موافق) کو اپناتی ہیں۔جب یہ بات صحیح ہے کہ جمہوری نظریات کو پورا کرنے کے لئے سیاسی پارٹیوں کا وجود ضروری ہے تو وہیں غیر جمہوری ایجنڈے کے ساتھ انفرادی پارٹیوں کا عروج اور ظلم واستبداد والی قیادت جمہوریت کے لئے ایک چیلنج ہے۔یہ بہت

11 pol sc unit 10 Set
Sunday, November 21, 2021 10:58:39 PM

ضروری ہے کہ ہندوستان جیسے کثیر ثقافتی، کثیر لسانی، کثیر المذاہب اور اقتصادی (معاشی) تنوع رکھنے والے ملک کے لئے صرف سیاسی پارٹیاں ہی لوگوں کے کثیر جہتی مفادات کی صحیح نمائندگی کر سکتی ہیں۔ ہندوستان جیسے جمہوری ملک میں یہ بات ضروری ہے کہ سیاسی پارٹیاں لوگوں میں سیاسی شعور پیدا کریں اور سیکولر پوزیشنوں کو برقرار رکھیں جو کہ بہت کم قیمتی ہے۔اس کے برخلاف ہندوستان کے غیر یقینی اتحاد اور استحکام کو برقرار نہ رکھیں۔ یہ بات ملک کے مفادات میں سے ہے کہ ذمہ دار اور بااصول پارٹیاں شعور اور ذمہ داری کی ایک سطح ظاہر کریں تا کہ جمہوری اداروں کے استحکام کے لئے وہ اپنا فرائض ادا کریں۔

جمہوریت میں مخالف پارٹی کا رول :
(Role of the Opposition in a Democracy)

پارٹی کے نظام اور جمہوریت کے درمیان تعلقات کی نوعیت اس وقت تک نامکمل رہتی ہے جب تک کہ جمہوریت میں مخالف پارٹیوں کے رول پر بحث نہ کی جائے۔ جمہوریت کے اس وقت تک کوئی معنی نہیں رہتے جب تک کہ ایک مؤثر حزب مخالف یا کئی مخالف پارٹیاں ملک میں نہ ہوں۔ جمہوریت کی نوعیت صرف حکمران پارٹی کی طاقت اور اتحاد سے متعین نہیں ہوتی ہے بلکہ ساتھ مخالف پارٹی کے کردار اور کارکردگی سے بھی متعین ہوتی ہے۔ درحقیقت حزب مخالف کا لیڈر کابینہ کے وزیر کا مقام اور خصوصی رعایتیں اپنے پاس رکھتا ہے۔ کمزور مخالف حکومت کا نہ ہی محاسبہ کر سکتی ہے اور نہ ہی اکثریت والی پارٹی کے ظلم و استبداد کو روک سکتی ہے۔

دباؤ یا لوگوں کے گروپ کی دلچسپیاں بھی خصوصی مسائل اور واقعات میں اہم رول ادا کرتے ہیں۔ یہ منظّم گروپس ہوتے ہیں جو مشترکہ سیاسی اور سماجی مفادات رکھتے ہیں جس کا اثر باہر سے فیصلوں پر پڑتا ہے۔ دباؤ کے گروپس کے پاس خصوصی مفادات کے لئے رضا کارانہ ممبر شپ اور برآمدہ ہوتا ہے۔ بدقسمتی سے سیاسی پارٹیوں میں دباؤ ڈالنے والے گروپس انتخابات نہیں لڑتے ہیں۔ دباؤ ڈالنے والے گروپس حکومت پر اثر انداز ہونے کی صلاحیت مختلف تکنیکوں کے ذریعہ رکھتے ہیں۔ اسی کے ساتھ مختلف عوامی پالیسی کے تعلق سے مسائل کے ذریعہ سے بھی اثر انداز ہوتے ہیں۔ اسی لئے انہیں ڈباؤ والے گروپس کہا جاتا ہے۔ پیشہ ورانہ دباؤ والے گروپس میں تجارتی طبقہ کے لوگ، تجارتی یونین، کسان، اساتذہ، طلباء، ڈاکٹرس، کلچر گروپس اور اداراتی گروپس شامل ہوتے ہیں۔ ہندوستان کے سیاسی نظام میں دباؤ والے گروپس عوام اور سیاسی پارٹیوں کے درمیان واسطہ اور رابطہ کے ذریعہ ایک اہم کردار (رول) ادا کرتے ہیں۔ وہ لوگوں کو اہم سماجی اقتصادی مسائل کے سلسلہ میں باشعور اور حساس بناتے ہیں اور وہ اپنے متحدہ اثر و رسوخ کے ذریعہ سے حکومت اور اس کی انتظامی پالیسیوں پر اثر انداز ہوتے ہیں۔



''قیادت (لیڈرشپ) اور سیکھنا ہر ایک کے لئے ناگزیر ہے۔''

(جان ایف کینیڈی)

علم انتخابات: (Psephology)



علم انتخابات، انتخابات اور ووٹ سے متعلق مطالعہ اور شماریاتی تجزیہ کو کہا جاتا ہے۔ علم انتخابات (Psephology) میں رائے عامہ کے سلسلہ کی رائے دہی ایک اہم کردار ادا کرتی ہے۔ اس کے ذریعہ اندازے کی رائے دہی یا رائے شماری (Opinion Polls) اور انتخابات کا امکانی نتیجہ (Exit Polls) دونوں کا تجزیہ ہوتا ہے۔ اسی کے ساتھ انتخابات کے نتائج سامنے آجاتے ہیں۔ انتخابات کے دوران اوپینین پولس اور ایگزٹ پولیس دونوں ووٹروں کی پسند کا اشارہ دے دیتے ہیں۔



11 pol sc unit 10 Set
Sunday, November 21, 2021 10:58:39 PM

ان دونوں کے درمیان اہم فرق یہ ہے کہ اوپنین پولس کا انعقاد ووٹروں کے ووٹ دینے سے پہلے کیا جاتا ہے اور ایگزٹ پولس کا انعقاد ووٹروں کے ووٹ ڈالنے کے بعد ہوتا ہے۔ ایگزٹ پولس کو عموماً اوپنین پولس سے زیادہ قابل اعتماد سمجھا جاتا ہے۔

اوپنین پولس کے نتائج اصلی نتائج کے مطابق بھی ہو سکتے ہیں یا نہیں بھی ہو سکتے ہیں۔ ابھی تک وہ غیر یقینی اور غیر فیصلہ شدہ نتیجہ کے بارے میں اندازہ لگانے کے لئے رائے شماری کی جاتی ہے اسی کے ساتھ ساری پارٹیوں کے تعلق سے ووٹ دینے کے معاملہ میں ایک متوازن سہارا ملتا ہے۔

فرہنگ الفاظ: Glossary

سیاسی پارٹی (Political Party) : ایک تنظیم ہوتی ہے جو سیاسی قوت واقتدار حاصل کرنے کے لئے اپنے ممبروں کو عہدوں پر لانے کے لئے انتخابات میں حصہ لیتی ہے۔

واحد پارٹی نظام (One Party System) : ایک ایسا نظام ہوتا ہے جس میں ایک پارٹی کو حکومت بنانے کا حق حاصل ہوتا ہے۔ عموماً موجود دستور پر اس کی بنیاد ہوتی ہے یا وہاں سیاسی قوت پر ایک ہی پارٹی کا پورا کنٹرول ہوتا ہے۔

دو پارٹی نظام (Two Party System): ایک ایسا نظام ہے جس میں صرف دو پارٹیاں یا اتحاد ہوتے ہیں۔ مخصوص طور پر مرکز کے کنارے رکھا جاتا ہے، اس کے لئے اکثریت حاصل کرنے کا موقع ہوتا ہے۔ دوسری پارٹیاں اقلیت میں ہوتی ہیں یا علاقائی ہوتی ہیں۔

کثیر پارٹی نظام (Multi Party System) : ایک ایسا نظام ہے جس میں کثیر تعداد میں سیاسی پارٹیاں ہوتی ہیں جو حکومتی عہدوں پر قبضہ کرنے کی طاقت رکھتی ہیں علاحدہ یا اتحاد کے ساتھ۔

بیلٹ (Ballot) : یہ کاغذ کا ایک پرچہ ہوتا ہے جس میں کسی حلقۂ انتخاب کے امیدواروں کے نام اور ان کی نشانیوں کی تفصیلات ہوتی ہیں۔

ذیلی انتخاب یا ضمنی انتخاب : (By-election) کسی لیجس لیچر میں کوئی سیٹ خالی ہوجائے عام انتخابات سے پہلے (کبھی وہ عہدے دار استعفیٰ دے دیتا ہے، کبھی مرجاتا ہے وغیرہ) تو ذیلی انتخاب منعقد کئے جاتے ہیں۔

انتخاب (Election) : یہ ایک ایسا عمل ہے جس کے ذریعہ قابل افراد کو سیاسی عہدوں کے لئے ووٹ دے کر چنا جاتا ہے۔

رائے دہندہ : (Elector) ایک شخص جس کا انتخابی رجسٹر میں نام ہوتا ہے اور جو رائے رہی کا حق رکھتا ہے۔

الیکن کمیشن (Election Commission) : الیکشن کمیشن ایک آزاد اور خود مختار ادارہ ہے جو پارلیمانی اور ریاستی قانون ساز اسمبلی کے انتخابات اور اس سے متعلقہ کاموں کا ذمہ دار ہوتا ہے۔

بیلٹ بکس (Ballot Box) : پولنگ کے مقام پر ایک بکس ہوتا ہے جس میں اسٹامپ لگایا ہوا بیلٹ کاغذ ڈالا جاتا ہے۔

اتحاد (Coalition) : جب کوئی واحد پارٹی مکمل اکثریت حاصل کر کے حکومت نہ بنا سکے تو ایک سے زیادہ پارٹیوں کے اتحاد اور جوڑ سے حکومت کی تشکیل کی جاتی ہے۔

رائے دہندگان کا رجسٹر (Electoral Roll) : کسی خصوص حلقۂ انتخابات میں رکھے گئے رائے دہندگان کی فہرست جو وہاں کے رجسٹرار کے پاس ہوتی ہے۔

انتخابی نظام (Electoral System): انتخابات سے تعلق رکھنے والے قواعد وقوانین کے لئے ایک نام ہے یعنی ووٹنگ کا نظام۔ حدود، رائے دہندگان کا رجسٹر، امیدواری، مہم چلانا، براڈ کاسٹنگ وغیرہ کے لئے۔

اکثریت والی حکومت (Majority Government) : وہ حکومت جو واحد پارٹی کی اکثریت سے آئے یا ایک سے زیادہ پارٹیوں کے اتحاد سے بنے۔

جمہوریت (Democracy) : آزاد اور صحیح انتخابات کے ذریعہ لوگوں کی منتخب کردہ حکومت۔

11 pol sc unit 10 Set
Sunday, November 21, 2021 10:58:40 PM

Evaluation محاسبہ

I۔ صحیح جواب منتخب کیجئے :

1۔ لوگوں کا وہ گروہ جو اپنے مشترکہ مقصد اقتدار کے حصول کے لئے مل کر کام کرتا ہے۔

(a) سیاسی پارٹی (b) مفاداتی گروپ

(c) فسادی گروپ (d) سیاسی قیادت

2۔ ذیل میں سے کون سا سیاسی پارٹی کا اہم جزء ہے؟

(a) لیڈران (b) پیروکار (c) فعال ممبران (d) یہ سب کے سب

3۔ ذیل میں سے کون سی سیاسی پارٹی کی کارکردگی ہے

(a) الیکشن لڑنا (b) حکومت بنانا اور چلانا (c) رائے عامہ بنانا (d) یہ سب کے سب

4۔ وہ سیاسی پارٹی جو حکومت چلاتی ہے.....کہلاتی ہے

(a) حکمران پارٹی (b) مفاداتی گروپ (c) مخالف پارٹی (d) فسادی گروپ

5۔ سیاسی پارٹیوں کا عروج براہ راست.....سے تعلق ارکھتا ہے

(a) نمائندہ جمہورتیوں کا ظہور (b) بڑے پیمانہ کا سماج

(c) حکومت کو پابند بنانے اور تائید کرنے کی میکانزم (d) یہ سب کے سب

6۔ ایک پارٹی والا نظام.....کہلاتا ہے۔

(a) واحد پارٹی نظام (b) کثیر پارٹی والا نظام (c) دو پارٹی نظام (d) ان میں سے کوئی بھی نہیں۔

7۔ دو پارٹی والا نظام.....کہلاتا ہے۔

(a) واحد پارٹی نظام (b) کثیر پارٹی والا نظام (c) دو پارٹی نظام (d) ان میں سے کوئی بھی نہیں۔

8۔ ذیل کے ملکوں میں سے کون سا ملک واحد پارٹی نظام رکھتا ہے۔

(a) چین (b) شمالی کوریا (c) کیوبا (d) یہ سب کے سب

9۔ ان میں سے کونسا ملک دو پارٹی والا نظام رکھتا ہے

(a) ہندوستان (b) انگلینڈ (c) فرانس (d) پاکستان۔

10۔ کانگریس پارٹی کا نشان کیا ہے؟

(a) کنول کا پھول (b) ہاتھ کا نشان (c) ہاتھی کا نشان (d) گھڑی کا نشان۔

11 pol sc unit 10 Set
Sunday, November 21, 2021 10:58:40 PM

11۔ کنول کا پھول کس کا نشان ہے؟

(a) انڈین نیشنل کانگریس (b) بھوجن سماج پارٹی (c) بھارتیہ جنتا پارٹی (d) CPI (M)

12۔ .....میں رائے عامہ ایک اہم رول ادا کرتی ہے۔

(a) جمہوری نظام (b) ڈکٹیٹری نظام

(c) دونوں نظام جمہوری اور ڈکٹیٹری نظام (d) سیاسی نظام کے سارے اقسام کے اچھی طرح کام کرنے میں۔

13۔USA کی دو بڑی سیاسی پارٹیاں.....ہیں

(a) آزاد اور ڈیموکریٹک (b) ریپبلیکن اور ڈیموکریٹک

(c) ڈیموکریٹک اور سوشلسٹ (d) ریپبلک اور کمیونسٹ

14۔ علم انتخابات.....سے متعلق بحث کرتا ہے

(a) الیکشن اور پولس کا شماریاتی تجزیہ (b) اوپنین پولس اور ایگزٹ پولس

(c) رائے عامہ (d) سب کے سب۔

15۔ دعوی: سیاسی پارٹیاں رائے عامہ کو متحرک کرتی ہیں

سبب: رائے عامہ الیکشن کے نتائج پر اثر انداز ہوتی ہے

ہدایات: نیچے دئے گئے دو بیانات دعوی (A) اور سبب (R) کے طور پر دئے گئے ہیں۔ان میں سے کون سا صحیح ہے؟

(a) A اور R دونوں صحیح اور A، R کی صحیح وضاحت ہے۔ (c) A صحیح ہے مگر R غلط ہے۔

(b) A اور R دونوں صحیح اور A، R کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔ (d) A غلط ہے مگر R صحیح ہے۔

II۔ ذیل کے سوالات کے مختصر ترین جوابات دیں:

1۔ سیاسی پارٹی نظام پر ایک نوٹ لکھئے۔

2۔ واحد پارٹی والے نظام پر ایک نوٹ لکھئے۔

3۔ کثیر پارٹی والے نظام پر ایک نوٹ لکھئے۔

4۔ علاقائی سیاسی پارٹی پر ایک مختصر نوٹ لکھئے۔

5۔ ہندوستان کی بڑی سیاسی پارٹیوں کی فہرست بنایئے۔

6۔ رائے عامہ کی تعریف کیجئے۔

7۔ ہندوستان میں مخالف پارٹی کے رول کو سمجھایئے۔

III۔ مختصر جوابات لکھئے:

1۔ کسی جمہوریت میں سیاسی پارٹیوں کے کردار کو سمجھایئے۔

2۔ سیاسی پارٹیوں کے افعال پر ایک نوٹ لکھئے۔

3۔ پارٹی نظام کے اقسام کو پیش کیجئے۔

4۔ کثیر پارٹی والے نظام کے فوائد و نقصانات پر تبادلہ خیال کیجئے۔

11 pol sc unit 10 Set
Sunday, November 21, 2021 10:58:41 PM

IV۔ تفصیلی جوابات لکھئے:

1۔ دو پارٹی نظام کے فوائد اور نقصانات کی وضاحت کیجئے۔

2۔ ہندوستان کی سیاسی پارٹیوں پر ایک تفصیلی نوٹ لکھئے۔

3۔ ہندوستان میں رائے عامہ کے عنوان پر ایک مضمون لکھئے۔

Reference books : کتب برائے حوالہ جات

1. Boix, C. Emergence of Parties and Party systems.Oxford handbook of comparative politics. July 2009.
2. Kothari,R. Politics in India. New Delhi. Orient Longman.2003
3. Mehta, A.K. Political parties and party systems. New Delhi. Sage Publications. 2003
4. Palmobara, J.L & Weiner,M. Eds. Origin and development of political parties. Princeton, 1972
5. Pandian, M.S.S., Brahmin and Non-Brahmin: Genealogies of the Tamil Political Present. Manohar: New Delhi, 2007.

ICT CORNER

Unit-10 Public Opinion and Party System اکائی-10 رائے عامہ اور جماعتی نظام

اس سرگرمی کے ذریعہ آپ
صوبائی سطح پر پارٹی کے نظام کی ترکیب
کو سمجھ سکتے ہیں۔



Structure of Party System in The State Level صوبائی سطح پر پارٹی کے نظام کی ترکیب

مرحلے :

1۔ ریاستی حکومت کے کام کا صفحہ کھولنے کے لئے URL یا QR کوڈ کا استعمال کریں۔

2۔ سرگرمی ونڈوز کھلنے کے بعد اوپر دائیں جانب نیویگیشن کلید Navigation key بٹن پر کلک کریں

3۔ مختصر تعارف کے بعد ریاستی حکومت کی وضاحت ہوگی۔

4۔ فارورڈ نیویگیشن کلید Navigation key بٹن پر کلک کر کے ریاستی حکومت کے مختلف پہلوؤں کو معلوم کریں۔

Download Link

Pictures are indicative only.

If browser requires, allow Flash Player or Java Script to load the page.

URL: mocomi.com/how-does-state-government-work/

WNKC4

11 pol sc unit 10 Set
Sunday, November 21, 2021 10:58:41 PM



اکائی 11 انتخاب اور نمائندگی Election and Representation

11.1 حق رائے دہی اور نمائندگی کے معنی اور نوعیت (Meaning and nature of Franchise and Representation)

حق رائے دہی اور الیکشن کیا ہے؟

پبلک الیکشن میں ووٹ دینے کا حق ہے۔ لفظ "Franchise" جس کے معنی حق رائے دہی کے ہیں وہ اینگلو فرانسیسی زبان کے لفظ "France" سے نکلا ہے۔ معنی ہوتے ہیں آزاد کے۔ انتخاب (الیکشن) ووٹ دینے کا ایک عمل ہوتا ہے جس میں کسی ایک کو اپنے سیاسی لیڈر یا حکومت میں نمائندہ کے طور پر چنا جاتا ہے۔

کیا ہم جانتے ہو؟

دستور کے دفعہ XV کے دفعہ 324 تا 329 میں الیکشن کے بارے میں سمجھا گیا ہے۔

اور نمائندگی کیا ہے؟

یہ صرف کسی شخص یا کسی ریاست کے لوگوں کی طرف سے بولنے اور کام کرنے کا اختیار ہے جسے نمائندگی کہتے ہیں۔

سیکھنے کے مقاصد:

- انتخاب اور نمائندگی کے معنی طلباء کو سمجھانا۔
- علم انتخابات (Psychology) کی اصطلاح کو سمجھانا۔
- الیکشن کے مختلف طریقوں کو طلبہ کے ذہن نشین کرنا۔
- الیکشن کمیشن آف انڈیا کے بارے میں آگاہی دینا۔
- خلاف ورزی کے قانون کی اہمیت کو جاننا
- آزاد اور صاف شفاف انتخابات پر روشنی ڈالنا۔
- سیاست میں نوجوانوں کے رول کو سامنے لانا۔

ہندوستانی دستور کے حصہ 15 میں عنوان ہے ۔'' انتخابات کی بڑی اہمیت ہے " ۔ دستور ساز لوگوں کو اس سیاسی حق کو دستور کے حصہ کے طور پر محفوظ کرنے کی آرزو رہی ہے۔اس کی اہمیت کی بناء پر اسے ہندوستان کے دستور میں جگہ ملی ہے۔

KOB52

کیا ہم جانتے ہو؟

ہندوستان کے دستور کی دفعہ 326 میں کہا گیا ہے کہ لوگ سبھا اور ہر ریاست کا الیکشن بالغوں کے قانونی حق کی بنیاد پر ہوگا؟

اگر چہ کہ قدیم ایتھنس ،روم اور پادریوں اور مقدس رومی بادشاہوں کے انتخابات کے لئے الیکشن ہوتے تھے۔ یوروپ اور امریکہ میں سترھویں صدی میں رفتہ رفتہ نمائندہ حکومتوں کے ظہور سے موجودہ دنیا میں الیکشنوں کی ابتدا ہوئی۔ایک نمائندہ جمہوریت میں الیکشن نہایت ضروری ہیں۔الیکشن میں ووٹ دینا اپنی آواز کو یعنی رائے کو پہنچانے کا بہترین ذریعہ ہے۔ایک حقیقت جس سے الیکشن کی اہمیت بڑھ جاتی ہے وہ یہ ہے کہ جب سیاسی پارٹیاں لوگوں کو ووٹ دینے سے روکنے کے لئے قوانین کا غلط استعمال کرتی ہیں اور ووٹ دینے کے عمل کو روکنے کی کوشش کرتی ہیں۔حکومت کی تشکیل کے لئے الیکشن اور نمائندگی بنیادی اعمال ہیں۔

11 pol sc unit 11 Set
Monday, November 22, 2021 7:39:19 AM

جمہوری الیکشن کا نظام :
(Democratic Electoral System)

آیئے ہم جمہوری الیکشن کے نظام کی اہم خصوصیات کا مطالعہ کریں۔ ایک جمہوری الیکشن اس وقت صحیح معنی میں ہوتا ہے جب



جمہوری الیکشنی نظام کی خصوصیات

ہمیں کیوں انتخابات (Elections) کی ضرورت ہے؟

الیکشن ایک ایسا میکانزم ہے جس کے ذریعہ لوگ مناسب وقفوں کے ساتھ اپنے نمائندوں کو چن سکتے ہیں اور اگر وہ چاہیں تو بدل بھی سکتے ہیں۔ اسی میکانزم کو الیکشن کہتے ہیں۔ لہذا ہمارے اس دور میں الیکشن کو نمائندہ حکومت کے بنانے کے لئے ضروری سمجھا جاتا ہے۔ اسی لئے اکثر جمہوریتوں میں لوگ اپنے نمائندوں کے ذریعہ حکمرانی کرتے ہیں۔

کسی بھی الیکشن میں ووٹرس بہت سے ترجیحات (Choices) رکھتے ہیں۔

- ووٹرس انتخاب کرسکتے ہیں کہ انہیں قوانین کون بنائے گا۔
- وہ انتخاب کرسکتے ہیں کہ کون حکومت بنا سکتا ہے اور بڑے بڑے فیصلے لے سکتا ہے۔
- وہ اس پارٹی کا انتخاب کرسکتے ہیں جس کی پالیسیاں حکومت کی رہبری کرتی ہیں اور قوانین بناتی ہیں۔

کیا تم جانتے ہو؟

علم نتابات (Psephology) الیکشنوں کے تعلق سے نتائج اور دوسرے شماریات کا مطالعہ ہوتا ہے۔

الیکشن کو کون سی چیزیں جمہوری بناتی ہیں؟

- ہر شخص انتخاب کرسکتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہر ایک کے لئے ایک ووٹ ہوتا ہے اور ہر ایک ووٹ کا برابر درجہ (قیمت) ہونا چاہئے۔
- چند چیزوں کو پارٹیوں سے انتخاب کرنا ہوتا ہے اور امیدوار الیکشن لڑنے میں آزد ہونا چاہئے اور ووٹروں کے لئے چند اصلاحی ترجیحات کی پیشکش کرنی چاہئے۔
- ترجیح کی پیش کشی مناسب وقفہ سے کرنی چاہئے۔ ہر پانچ سال کے بعد الیکشن کو باقاعدہ کرانا چاہئے۔
- اس امیداوار کا انتخاب ہونا چاہئے جسے لوگ ترجیح دیں۔
- الیکشنوں کا ایسا آزاد اور صاف وشفاف طریقہ سے منعقد کرنا چاہئے کہ لوگ اپنے پسندیدہ امیدوار کو منتخب کریں۔

الیکشن ایک رسمی فیصلہ کا عمل ہوتا ہے جس کے ذریعہ سے آبادی (لوگ) ایک فرد کو عوامی عہدے کے لئے چنتی ہے۔ الیکشن کے ذریعہ سے قانون ساز اداروں کے عہدوں کی بھرتی ہوتی ہے۔ بعض اوقات علاقائی اور مقامی حکومت کے عاملہ اور عدلیہ کے عہدے بھی پر کئے جاتے ہیں۔

11.2 نمائندگی کی اقسام/حلقہ ہائے انتخاب کا ریزرویشن

الیکشن کا نظام۔ کثرت (Phirality) اکثریت (Majority)

کے ہوجانے اور ان کی گنتی کرنے کے بعد وہ امیدوار یا پارٹیاں جو زیادہ ووٹ حاصل کرتے ہیں ان کے بارے میں فاتحین (جیتنے والے) ہونے کا اعلان کیا جاتا ہے۔ تاہم اس کا جو راستہ عملی طور پر اپنایا جاتا ہے وہ مختلف ہوتا ہے۔ پانچ قسم کے کثرت اور اکثریت کے نظام پہچانے جاتے ہیں۔

11 pol sc unit 11 Set
Monday, November 22, 2021 7:39:19 AM



کارروائی:

کیا تم جانتے ہو کہ تمہاری ریاست میں کب آخری اسمبلی الیکشن ہوا تھا؟ سابقہ پانچ سالوں میں تمہارے مقام میں دوسرے کون سے الیکشن ہوئے ہیں؟ الیکشن کس نوعیت کا ہوا تھا لکھیں۔ (قومی۔اسمبلی۔پنچایت وغیرہ) وہ کب ہوئے تھے؟ MLA یا MP جو تمہارے علاقے سے منتخب ہوئے تھے ان کے بارے میں تفصیلات حاصل کریں۔

A۔ First Past the Post (FPTP)
B۔ Block Vote (BV)
C۔ Party Block vote (PBV)
D۔ متبادل ووٹ: Alternative Vote (AV)
E۔ دودورانیہ نظام Two Round System (TRS)

A۔ First Past The Post (FPTP)

یہ نظام کثرت اور اکثریت کے نظام کا سادہ سا نمونہ ہے جس میں واحد ممبر ضلع اور امیدوار کو مرکزیت دے کر ووٹنگ کا استعمال ہوتا ہے۔ FTPT نظام ابتداء میں UK (برطانیہ) میں موجود تھا اور ان ممالک میں (جو تاریخی طور پر برطانیہ سے متاثر تھے وہاں) موجود تھا۔ برطانیہ کے ساتھ دوسرے ممالک کینڈا، انڈیا اور USA ہیں جہاں یہ نظام چلا۔ بہت سے کیرپین ممالک جیسے بنگلہ چیش، برما، انڈیا، ملیشیا، نیپال اور جنوبی بحر الکاہل کے چھوٹے جزیروں نے اس نظام کو اپنایا۔

کیا تم جانتے ہو؟

FPTP کثرت اور اکثریت والے الیکشنی نظام کا سادہ ترین طریقہ ہے۔ جیتنے والا امیدوار وہ ہوتا ہے جو دوسرے کسی بھی امیدوار سے زیادہ ووٹ لیتا ہے اگر چہ کہ وہ اکثریت حاصل کر نہ سکے۔ اس نظام میں واحد ممبر ضلع ہوتا ہے اور ووٹ دینے والے پارٹی سے زیادہ امیدوار کو ووٹ دیتے ہیں۔

B۔ بلاک ووٹ (BV) : (Block Vote (BV))

بلاٹ ووٹ ان ملکوں میں عام طور سے ہوتا ہے جہاں سیاسی پارٹیاں کمزور ہوتی ہیں یا سیاسی پارٹیوں کا وجود ہی نہیں ہوتا ہے۔ کے مین جزیرے، فاک لینڈ جزیرے، Guernsey، کویت، لاؤس، لبنان، مالدیپ، فلسطین، سیریائی عرب، جمہوریہ وغیرہ ملکوں میں بلاک ووٹ الیکشنی نظام ہے۔

کیا تم جانتے ہو؟

بلاک ووٹ ایک کثرت یا اکثریت والا نظام ہے جو کثیر ممبر اضلاع میں استعمال ہوتا ہے۔ انتخاب کا حق رکھنے والے کے پاس بہت سے ووٹ ہوتے ہیں جن سے وہ امیدواروں کو چنتا ہے۔ وہ امیدوار جو مجموعی اعتبار سے زیادہ ووٹ لیتے ہیں وہی سیٹیں حاصل کرتے ہیں۔ عموماً ووٹ دینے والے پارٹی سے زیادہ امیدوار کو ووٹ دیتے ہیں اور بہت سے نظاموں میں وہ اپنے ووٹوں کو اپنی مرضی سے استعمال کرتے ہیں۔

بلاک ووٹ کی اکثر تعریف کی گئی ہے۔ انفرادی امیدواروں کو ووٹ دینے کی ووٹر کی صلاحیت کو برقرار رکھنے کے لئے

C۔ پارٹی بلاک ووٹ: (PBV)

PBV کو سادگی سے استعمال کیا جاتا ہے۔ مضبوط پارٹیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے اور اقلیت کی نمائندگی کو آسان بنانے کی خاطر مخلوط قسم کے امیدوار کو آگے بڑھایا جاتا ہے۔ اس طریقہ کو متوازن انسانی گروہوں کی نمائندگی کو یقینی بنانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ ویجی بوتی۔ سنگاپور، سینگال، تیونیسا میں PBV طریقہ اپنایا جاتا ہے۔

کیا تم جانتے ہو؟

پارٹی بلاک ووٹ کثرت اور اکثریت والا نظام ہوتا ہے جو کثیر ممبر اضلاع میں ہوتا ہے جس میں ووٹرس واحد پارٹی کو مرکز بنا کر اسے ووٹ دیتے ہیں۔ امیدواروں کا انتخاب نہیں کرتے ہیں۔

11 pol sc unit 11 Set
Monday, November 22, 2021 7:39:20 AM

D۔ متبادل ووٹ : (AV)

اس نظام میں ووٹ دینے والے اپنی پہلی ترجیح کے بجائے امیدواروں کے درمیان اپنی ترجیحات ظاہر کرتے ہیں لہذا اس کو ترجیحی ووٹنگ کہا جاتا ہے۔ AV کا عمل آسٹریلیا، فیجی اور پاپوا گنیا میں ہوتا ہے۔ بیلٹوں کے تبادلہ کے ذریعہ مختلف ووٹوں کے ووٹوں کو اکٹھا کیا جاتا ہے تاکہ مختلف مگر ملتے جلتے مفادات کو یکجا کر کے نمائندگی کی جیت حاصل کی جاسکے۔

کیا تم جانتے ہو؟

متبادل ووٹ ایک ترجیح کثرت والا نظام ہے جس میں ووٹرس واحد ممبر اضلاع کو استعمال کرتے ہیں۔ ووٹرس بیلٹ کاغذوں پر نمبرات کو استعمال کرتے ہوئے اپنی ترجیحات کو نشان زد کرتے ہیں۔

E۔ دو دورانیہ نظام (TRS) : (The Two-Round System)

دو دورانیہ نظام کی مرکزی خصوصیت ہے نام تجویز کرنا۔ یہ ایک الیکشن نہیں ہوتا ہے بلکہ یہ دو راوانڈس میں واقع ہوتا ہے اور اس کا وقت ایک ہفتہ یا دو ہفتے (پندرہ روزہ) ہوتا ہے۔ اس نظام کو قومی مجلس قانون ساز کے انتخاب کے لئے استعمال کیا جاتا ہے اور یہ بہت ہی مشترک طریقہ ہے جو پوری دنیا میں عموماً صدور کے براہ راست انتخاب کے لئے برتا جاتا ہے۔ TRS وسطی افریقہ جمہوریہ، کانگو، بینن، مالی، موریتانیہ، ہیتی، ا ریان، ویتنام، تاجکستان، ازبکستان میں عمل پذیر ہے۔

کیا تم جانتے ہو؟

دو دورانیہ نظام کثرت یا اکثریت والا نظام ہے جس میں دوسری بار الیکشن رکھا جاتا ہے اگر کوئی بھی امیدوار یا پارٹی متعین سطح تک ووٹ حاصل نہ کر سکے یعنی متعینہ گنتی حاصل کر نہ سکے۔ اکثر جگہوں میں اکثریت کی مقدار (50 فی صد+1) ہوتی ہے جو کہ پہلے الیکشن کے لئے ہوتی ہے۔ TRS اس جگہ اکثریت یا کثرت حاصل کر سکتا ہے جہاں دو سے زیادہ امیدوار دوسرے راؤنڈ میں مقابلہ کریں اور اس راؤنڈ میں جو امیدوار زیادہ تعداد میں ووٹ حاصل کرے اسے منتخب کر لیا جائے گا یہ نہ دیکھتے ہوئے کہ مکمل اکثریت اس نے حاصل کیا یا نہیں۔

اقلیت کی نمائندگی کے مختلف طریقے



سیٹوں کے تحفظ کے ساتھ

سیاسی مقابلہ ہونا کیا اچھی بات ہے؟

انتخابات سارے سیاسی مقابلہ سے متعلق ہوتے ہیں۔ یہ مقابلے مختلف طریقوں سے ہوتے ہیں۔ ان میں سب سے کھلا ہوا طریقہ سیاسی پارٹیوں کے مابین مقابلہ کا ہوتا ہے۔ کسی بھی حلقہ انتخاب کی سطح پر وہ مختلف امیدواروں کے درمیان مقابلہ ہوجاتا ہے۔ اگر مقابلہ نہ ہو تو انتخابات بے نوک ہوجائیں گے۔ اگرچہ کہ انتخابی مقابلہ کے نتیجہ میں عدم اتحاد اور گروہ بندی کا جذبہ بنتا ہے لیکن باقاعدہ انتخابی مقابلہ سیاسی پارٹیوں اور لیڈروں کے لئے محرکات فراہم کرتا ہے۔ وہ سیاسی پارٹیاں جانتی ہیں کہ اگر وہ لوگوں کی جانب سے اٹھائے جانے والے مسائل کو اٹھاتی ہیں تو اگلے آنے والے الیکشن میں ان کی شہرت اور کامیابی کے مواقع بڑھ جاتے ہیں۔ لیکن اگر وہ ووٹروں کو مطمئن کرنے میں ناکام رہتی ہیں تو وہ جیت حاصل نہیں کر سکتی ہیں۔

انتخابات کا ہمارا نظام کیا ہے؟

پانچ سال پورے ہوجانے کے بعد سارے منتخب نمائندوں کی میعاد ختم ہوجاتی ہے۔ لوک سبھا یا ودھان سبھا تحلیل ہوجاتی ہے۔ ایک ہی وقت میں سارے حلقہ ہائے انتخابات میں الیکشن رکھے جاتے ہیں یا ایک ہی دن میں یا چند دنوں میں۔ اس کو جنرل الیکشن کہا جاتا ہے۔ بعض اوقات صرف ایک ہی حلقہ انتخاب میں الیکشن رکھا جاتا ہے جب کسی ممبر کی موت ہوجاتی ہے یا وہ استعفیٰ دے دیتا ہے اس کو ذیلی انتخاب (By Election) کہا جاتا ہے۔

11 pol sc unit 11 Set
Monday, November 22, 2021 7:39:21 AM

حلقۂ ہائے انتخابات : (Electoral Constituencies)

ٹمل ناڈو کے لوگ 39 لوک سبھا کے MP منتخب کرتے ہیں۔ ہمارے ملک میں علاقہ کے رقبہ کی بنیاد پر نمائندگی کا نظام اپنایا جاتا ہے۔ ملک کو انتخابات کے مقصد سے مختلف رقبوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ان علاقائی رقبوں کو حلقۂ ہائے انتخابات کہا جاتا ہے۔ ووٹرس جو اس رقبہ یا علاقہ میں ہوتے ہیں وہ ایک نمائندہ کا انتخاب کرتے ہیں۔

لوک سبھا کے الیکشن کے لئے ملک کو 543 حلقہ ہائے انتخاب میں تقسیم کردیا گیا ہے۔ ہر حلقۂ انتخاب سے منتخب ہونے والا نمائندہ ممبر آف پارلیمنٹ یا MP کہلاتا ہے۔ جمہوری الیکشن کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ ہر وقت کی مساوی قیمت ہے اسی لئے ہمارا دستور اس بات کو ضروری سمجھتا ہے کی ہر حلقہ انتخاب میں برابر سرابر آبادی ہونی چاہئے۔ اسی طرح ہر ایک ریاست کو مخصوص تعداد کے اسمبلی حلقہ ہائے انتخاب میں تقسیم کیا گیا ہے۔ اس معاملہ میں منتخب نمائندہ کو ممبر آف لیجسلیٹو اسمبلی یا MLA کہا جاتا ہے۔ ہر پارلیمانی حلقہ انتخاب میں خود اس کے متعدد اسمبلی حلقہ ہائے انتخاب ہوتے ہیں۔ یہی اصول پنچایت اور میونسپل انتخابات میں بھی برتا جاتا ہے۔ ہر گاؤں یا چھوٹے شہر (ٹاؤن) کو وارڈوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ وہی ایک ممبر کو چنا جاتا ہے۔ بعض اوقات ان حلقہ ہائے انتخابات کو ایک سیٹ کے طور پر گنا جاتا ہے۔ ہر حلقۂ انتخاب سے ایک سیٹ کی نمائندگی اسمبلی کے اندر ہوتی ہے۔

مخصوص حلقہ ہائے انتخاب (Reserved Constituencies)

ہمارا دستور ملک کے ہر شہری کو یہ حق دیتا ہے کہ وہ اپنے نمائندے کا انتخاب کرے اور خود ہر شہری کو بھی نمائندہ بننے کا حق دیتا ہے۔ ایک کھلے صاف شفاف الیکشن مقابلہ ہی میں چند کمزور طبقات لوک سبھا اور ریاستی قانون ساز اسمبلی میں منتخب ہونا کا اچھا موقع حاصل نہیں کرپاتے۔ ان کے پاس بقدر ضرورت ذرائع اور وسائل، تعلیم اور روابط نہیں ہوتے جس سے وہ مقابلہ میں کھڑے ہوں اور دوسروں کے مقابلہ میں وہ جیت حاصل کرسکیں۔ اگر اس طرح ہونے لگے تو ہمارے پارلیمنٹ اور اسمبلیوں کو ہماری آبادی میں سے نمایاں طبقات کو برطرف کردینا چاہئے۔ کیوں کہ ان طبقات کی وجہ سے ہماری جمہوریت کم نمائندگی اور کم جمہوریت والی ہوجاتی ہے۔

کارروائی

ہندوستان کی پارلیمنٹ میں خواتین کے ریزرویشن بل کی حیثیت کیا ہے؟

لہذا ہمارے دستور کے بنانے والوں نے کمزور طبقات کے لئے مخصوص حلقۂ ہائے انتخاب کے خصوصی نظام کو سوچا ہے۔ بعض حلقۂ ہائے انتخاب شیڈول کاسٹ (SC) اور شیڈول ٹرائب (ST) کے لوگوں کے لئے مخصوص کردئے گئے ہیں۔ اس طرح کا ریزرویشن کا نظام آگے توسیع کرکے ضلعی اور مقامی سطح پر بھی دوسرے کمزور طبقات کے لئے مخصوص کیا جائے گا۔

تحدید : (Delimitation)

ہر ریاست کی بہت سارے حلقہ ہائے انتخاب کے طور پر تقسیم اس ریاست کی جانب سے لوک سبھا میں اور ریاستی قانون ساز اسمبلیوں کو آبادی کی مردم شماری کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔ عملی طور پر حلقہ ہائے انتخاب کے جغرافیائی رقبوں کی تحدید کی گئی تھی جس میں انتظامی اکائیوں کی طبعی خصوصیات، واقع سرحدیں، مواصلات کی سہولتیں اور عوامی سہولتیں موجود تھیں۔

تحدید کے قوانین (Delimitation Acts)

پہلا تحدیدی کمیشن ایکٹ 1952

دوسرا تحدیدی کمیشن ایکٹ 1963

تیسرا تحدیدی کمیشن ایکٹ 1973

چوتھا تحدیدی کمیشن ایکٹ 2002

11 pol sc unit 11 Set
Monday, November 22, 2021 7:39:21 AM

رائے دہندگان کی فہرست (Voter's List)

ایک مرتبہ جب حلقہ ہائے انتخاب تجویز ہوجاتے ہیں تو دوسرا قدم (مرحلہ) یہ فیصلہ کرتا ہے کہ کون ووٹ دے سکتا ہے ،کون ووٹ نہیں دے سکتا ہے۔ یہ فیصلہ آخری دن تک چھوڑا نہیں جاتا۔ ایک جمہوری الیکشن میں ان لوگوں کی فہرست (جو ووٹ دینے کے اہل ہیں) الیکشن کے بہت پہلے سے بنائی جاتی ہے اور ہر ایک کو دے دیا جاتا ہے۔اس فہرست کو الکیٹر ول رول یا ووٹرس لسٹ کہا جاتا ہے۔

کیا تم جانتے ہو؟

پنچایت کی طرح پارلیمنٹ میں اور اسمبلیوں میں کیا ہمارے خواتین کی کم از کم ایک تہائی سیٹیں مخصوص نہیں ہونی چاہئیں؟

مساوی موقع نمائندوں کے انتخاب کا ہونا چاہئے۔

ہمارے ملک میں سارے شہری جن کی عمریں 18 سال اور اس سے زیادہ ہوں کو ووٹ دینے کا حق حاصل ہے۔ ہر ایک شہری کو چاہے وہ کسی نسل ، مذہب اور جنس کا ہو، اسے ووٹ دینے کا پورا حق حاصل ہے۔

یہ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ سارے ووٹ دینے کی اہلیت رکھنے والوں کے نام ووٹرس لسٹ میں اندراج کرے۔اس طرح ان لوگوں کے نام جو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوگئے یا ان کی موت واقع ہوئی ہو،ان کے ناموں کی نشاندہی بھی کرے۔ ہر پانچ سال میں اس فہرست پر مکمل نظر ثانی کی جاتی ہے گزشتہ چند سالوں سے ایک نیا نظام لایا گیا ہے جسے الکٹرول فوٹو شناختی کارڈ (Epic) کہا جاتا ہے ۔ ووٹرس کو ووٹ ڈالنے کے وقت اس شناخت کارڈ کو اپنے ساتھ لے جانا پڑتا ہے ووٹ ڈالنے کے لئے ضروری نہیں کہ وہ لوگ دوسرے ثبوت جیسے آدھار کارڈ، راشن کارڈ یا ڈرائیونگ لائسنس وغیرہ دکھائیں۔

کارروائی

وقت کا تسلسل (Time Sequence)

مختلف الیکشن سے تعلق رکھنے والی سرگرمیوں کو جو جدول میں نیچے دی گئی ہیں ان کو وقت کے تسلسل کے ساتھ ترتیب دیں کہ پہلی سرگرمی سے شروع ہو، آخری پر ختم ہو۔

بے ترتیب	ترتیب وار
الیکشن کے منشور کا اعلان	
ووٹرس کی فہرست کی تیاری	
ووٹوں کی گنتی	
الیکشن مہم	
رقبہ یا علاقہ میں ہوتے ہیں وہ ایک نمائندہ کا انتخاب کرتے ہیں۔	
الیکشن کے نتائج کا اعلان نامزدگی کی فائلنگ	
دوبارہ ووٹ کا آرڈر	
ووٹوں کا کاسٹنگ	
الیکشن کے شیڈول کا اعلان	

ہندوستان میں الیکشن کا طریقۂ کار

- حلقۂ ہائے انتخاب کی حد بندی
- ایلکشن کا نوٹیفیکیشن
- نامزدگی اور علاحدگی کے تعلق سے الیکشن کمیشن کا نوٹیفیکیشن
- امیدواروں کی طرف سے نامزدگی کے کاغذات کی فائلنگ (فائل کرنا)

11 pol sc unit 11 Set
Monday, November 22, 2021 7:39:22 AM

- نامزدگی کے کاغذات کی تصدیق اور منظوری
- الیکشن مہم
- ووٹ ڈالنے کا عمل
- ووٹوں کی گنتی اور الیکشن کے نتائج کا اعلان

کیا ہم جانتے ہو؟

کس ترمیمی ایکٹ نے ووٹ ڈالنے کی عمر کو 21 سے گھٹا کر 18 سال کر دیا تھا؟



کارروائی :

ذیل کے قوانین کی اہمیت کو سمجھیں

- لوگوں کی نمائندگی کا ایکٹ 1950 اور 1951
- 1966 کو لوگوں کی نمائندگی کا ایکٹ
- 1962 اور 1972 کا تحدید کمیشن کا ایکٹ

امیدواروں کی نامزدگی
(Nomination of Candidates)

جمہوری الیکشن میں لوگوں کو حقیقی اختیار و انتخاب کا حق ہونا چاہئے ۔ یہ اسی وقت ہوسکتا ہے جب بھی کسی شخص پر الیکشن کے مقابلہ کے سلسلہ میں پابندی ہونی چاہئے ۔ یہ وہی ہے جس کو ہمارا نظام فراہم کرتا ہے۔ کوئی بھی شخص جو ووٹر ہو، وہ الیکشن میں امیدوار بھی بن سکتا ہے۔ صرف اتنا فرق ہے کہ امیدوار بننے کے لئے کم سے 25 سال کا ہونا ضروری ہے جب کہ ووٹ کی عمر 18 سال ہے۔ پارٹیاں ان امیدواروں کو نامزد کرتی ہیں جو پارٹی کا نشان اور تائید حاصل کرتے ہیں ۔ پارٹی کے کسی کو نامزد کرنے کو پارٹی کا ٹکٹ کہا جاتا ہے۔

ہر اس شخص کو جو نامزدگی کا فارم پر کرتا ہے ۔ اسے سیکوریٹی ڈپازٹ کے طور پر کچھ رقم جمع کرانا پڑتا ہے ۔ سپریم کورٹ کی ہدایات کے مطابق ہر امیدوار کو ایک قانونی اقرار نامہ پیش کرنا پڑتا ہے جس میں مندرجۂ ذیل تفصیلات کا ہونا ضروری ہے۔

- سخت مجرمانہ مقدمات (Cases) جو امیدوار کے خلاف دائر ہوں ان کی وضاحت۔
- امیدوار اور اس کے خاندانوں کے اثاثوں اور ذمہ داریوں کی تفصیلات ہوں۔
- امیدوار کی تعلیمی لیاقت کی تفصیل ہو۔

ان ساری معلومات کو عوام کے سامنے لانا چاہئے ۔ اس کی وجہ سے ووٹروں کو ان معلومات کی بنیاد پر امیدوار کے بارے میں انتخاب کے فیصلہ میں سہولت ہوگی۔

الیکشنی مہم: (Election Campaign)

الیکشن کا اہم مقصد یہ ہے کہ لوگوں کو موقع فراہم کیا جائے کہ وہ حکومت بنانے والے نمائندوں کو اور ان کی پالیسیوں کو اپنی

11 pol sc unit 11 Set
Monday, November 22, 2021 7:39:23 AM

رائے سے منتخب کریں۔اس لئے یہ ضروری ہے کہ آزاد اور کھلی فضا میں تبادلۂ خیال کیا جائے کہ کون نمائندگی کے لئے بہتر ہے، کون سی پارٹی اچھی حکومت بنا سکتی ہے اور کون سی پالیسی بہتر ہے۔ یہی الیکشن کی مہموں کے دوران ہوتا ہے۔

ہمارے ملک میں یہ مہم فائنل لسٹ کے اعلان اور الیکشن کی تاریخ کے درمیان دو ہفتوں کی مدت کے لئے چلائی جاتی ہے۔اس مدت میں امیدوار ووٹروں سے ملتے ہیں، اپیلیں کرتے ہیں، سیاسی لیڈران الیکشن کی میٹنگوں سے خطاب کرتے ہیں اور سیاسی پارٹیاں اپنے تائید کرنے والوں کو متحرک کرتی ہیں۔یہی وہ مدت ہوتی ہے جس میں اخبارات، سوشیل میڈیا، ٹیلی ویژن جیسے سارے ذرائع ابلاغ میں الیکشن سے تعلق رکھنے والا ے بحث و مباحثے ہوتے رہتے ہیں۔ الیکشن مہمیں صرف ان دو ہفتوں میں محدود نہیں ہوتی ہیں بلکہ سیاسی پارٹیاں مہینوں پہلے ہی سے اس کی تیاریاں شروع کر دیتی ہیں۔

الیکشن مہموں میں سیاسی پارٹیاں کوشش کرتی ہیں کہ عوام کی توجہ بڑے مسائل پر مرکوز کرے۔ وہ لیڈران عام لیڈروں کو ان مسائل کی طرف متوجہ کر کے اسی کی بنیاد پر پارٹی کے لئے ووٹ حاصل کرتے ہیں۔جمہوریت میں یہ بہتر ہوتا ہے کہ سیاسی پارٹیوں کو اور امیدواروں کو ان کے حال پر چھوڑ دیا جائے کہ وہ اپنی مہمیں جیسی چاہئے چلائیں لیکن اسی کے ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ ان مہموں کو باقاعدہ کر کے اس بات کو یقینی بنانا چاہئے کہ ہر سیاسی پارٹی اور ہر امیدوار کو بہتر اور برابر حصہ مقابلہ میں ملنا چاہئے۔

ہمارے الیکشن کے قانون کے مطابق کوئی بھی پارٹی یا امیدوار

- ووٹروں کو رشوت دے کر نہ خوف زدہ کرے
- نہ ووٹروں کو ذات پات اور مذہب کے نام پر اپیل کرے۔
- نہ الیکشن مہم کے لئے حکومتی ذرائع اور وسائل کو استعمال کرے

اگر وہ ایسا کریں تو کورٹ کی طرف سے ان کے الیکشن کو مسترد کیا جا سکتا ہے اگر چہ کہ ان کے الیکشن کا اعلان بھی کر دیا گیا ہو۔ان قوانین کے علاوہ ہمارے ملک کی ساری سیاسی پارٹیوں کو الیکشنی مہم کے لئے اخلاق کا ایک ماڈل کوڈ بھی منظور کرنا ہوتا ہے۔ اس کے مطابق کوئی بھی پارٹی یا امیدوار

- الیکشن کے پروپگنڈے کے لئے کسی بھی عبادت خانے یا مذہبی مقام کو استعمال نہیں کر سکتے ہیں۔
- حکومت سواریوں، ہوائی جہازوں اور عہدے داروں کو استعمال نہیں کر سکتے ہیں۔
- جب اور جیسے ہی الیکشن کی تاریخ کا اعلان ہو جائے تو وزراء کسی بھی پروجیکٹ کے بنیادی پتھر رکھنے کے لئے نہیں جا سکتے یا کوئی بھی پالیسی کا فیصلہ نہیں لے سکتے، یا عوام کی سہولتوں سے متعلق کسی قسم کے وعدے بھی نہیں کر سکتے ہیں۔

11.3 آزاد اور منصفانہ انتخابات (Free and Fair Elections)

کسی بھی الیکشن کے نظام کا صحیح جائزہ لینے کے لئے اس بات کو دیکھنا پڑتا ہے کہ کتنے آزاد اور منصفانہ طریقے سے انتخابات ہوئے۔اگر ہم چاہتے ہیں کہ جمہوریت کو صحیح معنوں میں زمین پر پر نافذ ہوتے دیکھیں تو اس کے لئے یہ بات ضروری ہے کہ الیکشن کا نظام غیر جانب دار اور صاف شفاف ہو۔الیکشن کا نظام ایسا ہو کہ ووٹروں کے جذبات الیکشن کے نتائج کے ذریعہ قانونی وضاحتیں دریافت کر لیں۔ ہندوستان میں انتخابات بنیادی طور پر آزادانہ اور منصفانہ ہوتے ہیں۔وہ پارٹی جو الیکشن جیتتی ہے اور حکومت بناتی ہے وہ عمل اس طرح واقع ہوتا ہے کہ لوگ اس پارٹی کو اس کے حریف کے مقابلہ میں فتح دلاتے ہیں۔اس کا ہر حلقۂ انتخاب میں صحیح وقوع نہیں ہوتا ہے۔ چند امیدوار صرف اور صرف روپئے پیسوں کی طاقت اور غیر منصفانہ ذرائع سے جیت کر آتے ہیں۔ لیکن مجموعی اعتبار سے اگر دیکھا جائے تو جنرل الیکشن کے نتائج اب بھی عوامی ترجیحات کی عکاسی کرتے ہیں۔

ہندوستانی انتخابات کے چیلنجز ہمیں متوجہ کرتے ہیں۔

- امیدواروں اور پارٹیوں کے پاس زیادہ پیسوں کا ہونا ان کی جیت کو یقینی نہیں بناتا ہے مگر وہ چھوٹی پارٹیوں اور آزاد امیدواروں پر غیر منصفانہ اور غلط کارروائیوں کے ذریعہ غلط

11 pol sc unit 11 Set
Monday, November 22, 2021 7:39:23 AM

فائدہ اٹھاتے ہیں۔

- وہ امیدوار جو مجرمانہ حرکتوں میں ملوث ہوتے ہیں وہ دوسروں کو الیکشنی مقابلہ سے باہر کر دیتے ہیں اور خود پارٹیوں سے ٹکٹ حاصل کر لیتے ہیں۔
- چند خاندان سیاسی پارٹیوں پر چھائے ہوئے ہوتے ہیں اور وہ اپنے رشتہ داروں اور متعلقین کو ٹکٹ دیتے ہیں۔
- بہت کم الیکشنوں میں معمولی شہریوں کو مقابلہ کا موقع حاصل ہوتا ہے۔ دو بڑی پارٹیاں اپنی پالیسیوں اور حرکتوں میں بالکل ایک دوسرے کی مماثل ہوتی ہیں۔
- بڑی پارٹیوں کے مقابلہ میں چھوٹی پارٹیاں اور آزاد امیدوار زیادہ نقصان اٹھاتے ہیں۔

اس طرح کے چیلنجز صرف ہندوستان ہی میں نہیں بلکہ بہت سے جمہوری ملکوں میں پیش آتے ہیں۔ وہ لوگ جو جمہوریت کو تسلیم کرتے ہیں انہیں ان گہرے مسائل کے سلسلہ میں غور وفکر کرنا چاہئے۔ اسی لئے ملک کے شہری، سماجی کارکن اور تنظیمیں ہمارے اس الیکشنی نظام میں اصلاحات کا مطالبہ کرتے آرہے ہیں۔ کسی بھی جمہوریت میں الیکشن کا عمل ایک حکمت عملی کا کردار رکھتا ہے۔ اس ملک کے عام سے عام شہری کو اس بات کا بنیادی حق حاصل ہونا چاہئے کہ وہ نمائندگی کرنے والے امیدوار کے بارے میں جانکاری حاصل کرے جہاں اس نمائندہ کو قوانین کا پابند بنایا جاتا ہے۔

جمہوریت میں معلومات حاصل کرنے کا حق ہر طرح سے منظور شدہ ہے اور جمہوریت کے تصور کے ساتھ یہ قدرتی حق حاصل ہوتا ہے۔ ہندوستانی دستور کی دفعہ 19(1) تقریر اور اظہار رائے کی آزادی دیتا ہے۔ الیکشن میں ووٹر کے بولنے اور اظہار رائے کا عمل ووٹ ڈالنے سے ہوتا ہے۔ اس مقصد کے لئے امیدوار کے بارے میں معلومات حاصل کرنا بہت ضروری ہے۔ ایک عام آدمی سوچ سکتا ہے کہ قانون توڑنے والوں کو کیسے قانون سازوں کے طور پر منتخب کیا جائے۔

کیا تم جانتے ہو؟

ہندوستان میں پہلا جنرل الیکشن

تم سب کو جاننا چاہئے۔

ہندوستان آزاد ہونے کے بعد پہلا جنرل الیکشن (1951- 1952) میں لوک سبھا کا ہوا۔ لوک سبھا کے 489 سیٹوں میں سے 364 سیٹ کانگریس نے جیتے۔ اس کے ووٹوں کا حصہ 45 فی صد رہا۔ CPI دوسری نمبر کی پارٹی جس نے صرف 16 سیٹ جیتے۔ جواہر لال نہرو پہلے وزیر اعظم بنے۔ ووٹ جو ڈالے گئے 67.6 فی صد تھے۔ اس الیکشن میں 54 پارٹیوں نے حصہ لیا۔ الیکشن لگ بھگ چار مہینے تک ہوتے رہے۔ 25 اکتوبر 1951 سے 21 فروری 1952 تک الیکشن 26 ریاستوں میں اور 401 حلقہ ہائے انتخاب میں ہوا۔

11.4 الیکشن کمیشن آف انڈیا : (Election Commission of India)

آزاد، منصفانہ اور باقاعدگی کے ساتھ الیکشن کے انعقاد کے لئے دستور ہند کی دفعہ 324 واحد الیکشن کمیشن کے قیام کی اجازت دیتی ہے جس کی نگرانی اور ہدایات کے تحت پارلیمنٹ، ریاستی قانون ساز مجلس اور صدر ہند اور نائب صدر ہند کے عہدوں کے تقرر کے لئے انتخابات ہوتے ہیں۔

الیکشن کمیشن۔ ایک آزاد ادارہ :

الیکشن کمیشن آف انڈیا کی تشکیل کا اہم مقصد یہ ہے کہ ایک مستقل اور آزاد الیکشن کا نظام قائم رہے جو کسی بھی سیاسی پارٹی کے دباؤ سے آزاد رہے جس کے پاس قوت واقتدار ہو اور آزاد اور منصفانہ الیکشن کے انعقاد کے لئے جس پر اعتماد کیا جائے چاہے وہ الیکشن پارلیمانی ہو یا ریاستی اسمبلی کا ہو یا صدر اور نائب صدر کے انتخاب ہو۔

11 pol sc unit 11 Set
Monday, November 22, 2021 7:39:24 AM

Election Commission of India-Structure الیکشن آف انڈیا ساخت





کیا تم جانتے ہو؟

ٹمل ناڈو میں منعقد ہوئے لیجسلیٹو اسمبلی الیکشنوں کی تفصیلات
Details of Legislative Assembly Elections Conducted in Tamilnadu

الیکشنوں کی تعداد	اسمبلی کی مدت	الیکشنوں کی تاریخیں
1	1952-1957	1952 جنوری 21,16,11,9,8,5,22 اور 25 (9 دن)
2	1957-1962	1957 مارچ 8,6,4,1 اور 11 (5 دن)
3	1962-1967	1962 فروری 21,19,17، اور 24 (4 دن)
4	1967-1971	1967 جنوری 16,5 اور 21 (3 دن)
5	1971-1976	1971 مارچ 4,1 اور 7 (3 دن)
6	1977-1980	1977 جون 12 اور 14 (2 دن)
7	1980-1984	1980 مئی 20 اور 31 (2 دن)
8	1985-1986	1984 دسمبر 24 (صرف 1 دن)
9	1989-1991	1989 جنوری 21 (صرف 1 دن)
10	1991-1996	1991 جون 16 (صرف 1 دن)
11	1996-2001	1996 جنوری اپریل 27 اور مئی 2 (2 دن)
12	2001-2006	2001 مئی 10 (صرف 1 دن)
13	2006-2011	2006 مئی 8 (صرف 1 دن)
14	2011-2016	2011 اپریل 13 (صرف 1 دن)
15	2016 سے تا حال	2016 مئی 16 (صرف 1 دن)

11 pol sc unit 11 Set
Monday, November 22, 2021 7:39:24 AM



مباحثہ : (Debate)

سوشیل میڈیا پر ایک تنقیدی مباحثہ ہونا چاہئے۔ کیا سوشیل میڈیا ایک موثر الکٹورل اوزار ہے؟

الیکشن مہم کے تعلق سے استاد طلبہ کے درمیان ایک مباحثہ رکھے جس میں سوشیل میڈیا کے مثبت اور منفی شکلوں کو اجاگر کیا جائے۔

الیکشن کمیشن آف انڈیا کے اختیارات اور افعال

- الکٹرول رول کی تیاری
- الکٹرول رول میں ترمیم
- سیٹوں کی تقسیم
- الیکشنوں کا انعقاد
- الیکشن کے تعلق سے نگرانی کرنا، ہدایات دینا اور سارے معاملات کو کنٹرول کرنا۔
- سیاسی پارٹیوں کو منظوری دینا
- نشانیوں کی تقسیم
- منصفانہ اور آزادانہ الیکشن کو یقینی بنانا
- الیکشن کمیشن آف انڈیا صدر ہند اور متعلقہ ریاست کے گورنر الکٹرول معاملات کے سلسلہ میں ہدایات دیتا ہے جس میں ممبروں کی نااہلیت کے تعلق سے بھی ہدایات ہوتی ہیں۔
- صدر ہند یا ریاست کے گورنر کے حوالہ سے آنے والے تنازعات اور عرضیوں کو حل کرتا ہے
- سیاسی پارٹیوں کے منقسم ہوجانے کی صورت میں الیکشنی نشان کے تعلق سے تنازعات کا تصفیہ اور فیصلہ کرتا ہے۔
- الیکشن چلانے والے کے الیکشن اخراجات پر Celing عائد کرنے کا اختیار ہوتا ہے۔
- الیکشن کمیشن کو اختیار ہوتا ہے کہ کسی بھی مرد یا خاتون امیدوار کو نااہل قرار دے دے اگر وہ الیکشن کمیشن کو حوالہ کی جانے والی اشیاء میں ناکام رہے۔
- الیکشن کمیشن، الیکشن کے ہوجانے کے بعد ایک نوٹیفکیشن جاری کرتا ہے کہ حکومتی ادارہ دستور کے مطابق ہے۔

سپریم کورٹ کا منفرد فیصلہ جس نے سیاست کو صاف کر دیا

(Supreme Court's Landmark Verdict to Cleanse the Polity)



سپریم کورٹ کے ایک خصوصی فیصلہ میں جو کہ 11 جولائی 2013 کو ہوا، اس میں کہا گیا کہ جو شخص جیل میں ہو یا پولیس کی حراست میں وہ لیجسلیٹو ادارے کے الیکشن میں حصہ نہیں لے سکتا ہے۔ اس کے ایک دن پہلے یعنی 10 جولائی 2013 کو سپریم کورٹ کی اسی بنچ نے فیصلہ سنایا تھا کہ وہ MP اور MLA اور MLC جب وہ ایک بار مجرم ثابت ہوجائیں تو انہیں فوراً ان کے عہدے سے برخواست کر دیا جائے گا۔ اس بنچ نے اس عوامی ایکٹ سکشن 8(4) کے تحت نمائندگی کرنے والے ان MPs اور MLA کو دی گئی رعایت کہ وہ تین مہینوں کے اندر ہائی کورٹ میں اپنی درخواست (فائیل) کر سکتے ہیں۔ اس قانون کو ختم کرنا۔

چیف الکٹورل افسر (CEO)

کسی ریاست یا یونین حکومت کا چیف الکٹرول افسر ذمہ دار ہوتا ہے کہ وہ اپنی ریاست یا یونین حکومت میں ہونے والے الیکشن کی نگرانی کرے، ہدایات دے اور الیکشن کمشین کو کنٹرول کرے۔ ا

11 pol sc unit 11 Set
Monday, November 22, 2021 7:39:25 AM

لیکشن کمیشن آف انڈیا ہر ریاست اور یونین حکومت کے لئے ایک چیف الیکٹرول افسر کا تقرر کرتی ہے اور یہ تقرر اس ریاستی یونین حکومت کے مشورہ سے ہوتا ہے۔

ضلعی الیکشن افسر (DEO)

چیف الیکٹورل افسر کی ماتحتی میں اور ہدایت کے مطابق ضلعی الکیشن افسر اپنے ضلع میں الیکشن کے کاموں کی نگرانی کرتا ہے۔ الیکشن کمیشن آف انڈیا ریاستی حکومت کے مشورہ سے ہر ضلع کے لئے ایک ضلعی الیکشن افسر کا تعین کرتی ہے۔

ناظم انتخابات: (Returning officer (RO))

پارلیمانی اور اسمبلی حلقہ انتخاب کا ناظم انتخابات پارلیمانی اور اسمبلی انتخابات کے چلانے کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ الیکشن کمیشن آف انڈیا حکومت کے کسی افسر کو یا مقامی بااختیار شخص کو ناظم انتخابات بناتا ہے جو پارلیمانی اور اسمبلی حلقہ انتخاب کا ذمہ دار ہوتا ہے اور اس کے تقرر کے لئے الیکشن کمیشن ریاستی یونین حکومت سے مشورہ لیتا ہے۔ اس کے علاوہ الیکشن کمیشن ہر حلقہ انتخاب کے ناظم انتخابات کا ایک یا دو نائب بھی مقرر کرتا ہے اور وہ الیکشن کے اچھی طرح چلانے میں ناظم انتخابات کا تعاون کرتے ہیں۔

انتخابی رجسٹریشن افسر :

(Electoral Registration office (ERO))

یہ افسر کسی بھی پارلیمانی یا اسمبلی حلقہ انتخاب کے الیکٹرول رول کی تیاری کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ ریاستی یا یونین حکومت سے مشورہ کرنے کے بعد الیکشن کمیشن آف انڈیا ریاستی حکومت یا مقامی حکومت کے کسی عہدے دار کو اس کام کے لئے نامزد کرتی ہے جسے الیکٹرول رجسٹرین افسر کہا جاتا ہے اور اس کے ایک سے زیادہ نائب بھی ہوتے ہیں جو اس افسر کا تعاون کرتے ہیں

پریسائیڈنگ آفیسر (PO)

پریسائیڈنگ آفیسر اپنے اسسٹنٹ پولنگ افسروں کے ساتھ پولنگ اسٹیشن پر ووٹنگ چلاتا ہے۔ ضلعی الیکشن افسر پریسائیڈنگ آفیسر اور پولنگ آفیسروں کا تقرر کرتا ہے۔ یونین حکومتوں میں یہ تقررات ناظم انتخابات کے ذریعہ ہوتے ہیں۔

انتخابی مشاہدہ کار (Election Observers)

الیکشن کمیشن آف انڈیا حکومتی افسران کو انتخابی مشاہدہ کار کے طور پر متعین کرتا ہے (جس میں مشاہدہ کار اور الیکشن کے اخراجات کے مشاہدہ کار) ہوتے ہیں اور یہ پارلیمانی اور اسمبلی حلقوں میں ہوتے ہیں۔ وہ الیکشن کمیشن کی جانب سونپے گئے کاموں کو انجام دیتے ہیں۔ وہ اس کی رپورٹ براہ راست الیکن کمیشن کو دیتے ہیں۔

11.5 الیکٹورل اصلاحات، خلاف ورزی کا قانون اور الیکٹورل اصلاحات سے تعلق رکھنے والی کمیٹیاں



11 pol sc unit 11 Set
Monday, November 22, 2021 7:39:25 AM

اوپر دئے گئے کمیٹیوں اور کمیشنوں کی سفارشات کی بنیاد پر متعدد اصلاحات کا تعارف وقت کے ساتھ ساتھ ہمارے الیکٹرول سسٹم میں کیا گیا ہے۔ آیئے ہم اسے دیکھتے ہیں۔

- 1998 کے 61ویں ترمیمی ایکٹ کے تحت ووٹ دینے کی عمر 21 سے گھٹا کر 18 کردی گئی۔
- الیکشن کے الیکٹو رل رول کی تیاری، ترمیم اور صلاح میں جو افسران اور اسٹاف معروف کار رہتے ہیں وہ الیکشن کمیشن کے نمائندہ ہوتے ہیں۔
- حلقۂ انتخاب کے 10 فی صد الیکٹو رس کے مجوزین کی تعداد بڑھانا یا 10 رائے دہندے (Electors) جب بھی تعداد میں کم ہو۔
- 1989 میں ایک سہولت یہ بھی لائی گئی کہ شریروں کے پولنگ بوتھ پر قبضہ کی صورت میں ووٹنگ کو ملتوی کردیا جاتا ہے۔
- منظور شدہ سیاسی پارٹیوں کے امیدواروں کے ناموں کی فہرست بنانا، اسی طرح رجسٹرڈ غیر منظور شدہ سیاسی پارٹیوں کے امیدواروں اور آزاد امیدواروں کے ناموں کی فہرست بنانا۔
- پولنگ کے علاقہ میں پولنگ کے ختم تک 48 گھنٹوں تک شراب کے بیچنے پر پابندی لگانا۔
- مقابلہ میں حصہ لینے والے امیدوار کی موت پر پارٹی کو غور وفکر کے لئے 7 دنوں کا وقت دیا جاتا ہے تاکہ وہ دوسرے امیدوار کو تجویز کرے۔
- چھٹیوں میں رجسٹرڈ ووٹرس کو نامزد کیا جاتا ہے۔
- ہتھیاروں کے لانے پر پابندی
- 1998 میں ایک سہولت یہ فراہم کی گئی کہ مقامی عہدیداروں، قومی بینکوں یونیورسٹیوں، LIC حکومت کی ماتحتی میں چلنے والے شعبوں اور حکومت کے دوسرے امدادی اداروں کو الیکشن کے دن استعمال کرنے کے لئے ان سب کو طلب کیا جاسکتا ہے۔
- 1999 میں یہ سہولت دی گئی ہے کہ چند طبقات کے لوگوں کو پوسٹل بیلٹ کے ذریعہ ووٹ ڈالنے کی اجازت ہے۔
- 2003 میں الیکشن کمیشن نے ایک آرڈ جاری کیا کہ مجرم لوگوں کے اثاثوں کے بارے میں اعلان کردیا جائے۔
- 2003 میں راجیہ سبھا کے الیکشنوں کی اس طرح اصلاح کی گئی کہ مقابلہ کرنے والے امیدواروں کو نکال دیا گیا اور اوپن بیلٹ سسٹم کو متعارف کرایا گیا۔
- 2003 میں سفر کے اخراجات کا استثنیٰ کردیا گیا جو کہ امیدوار کے الیکشن کے اخراجات میں شامل تھا۔
- حکومت کی طرف سے الیکٹو رل رول کی مفت فراہمی
- 2009 میں ایگزٹ پول اور ایگزٹ پول کے نتائج شائع کرنے پر پابندی عائد کردی گئی۔
- 2009 میں ایک سہولت یہ لائی گئی کہ اس شخص کو نااہل قرار دیا گیا جو بدعنوانی میں ملوث رہا ہو اور اس کے بارے میں مخصوص عہدے دار کو تین مہینوں کا وقت دیا گیا کہ وہ اس کے اندر اس شخص کے مقدمہ کو پیش کردے یعنی حوالہ کردے
- بدعنوانی کے معاملات میں سارے عہدیداروں کو شامل کیا گیا۔

11 pol sc unit 11 Set
Monday, November 22, 2021 7:39:26 AM

- سیکوریٹی ڈپازٹ کو بڑھادیا گیا۔
- ضلع کے اندر اپیلٹ اتھارٹی کا تقرر کردیا گیا۔
- 2010 میں بیرونی ملک رہنے والے ہندوستانی شہریوں کو ووٹنگ کا حق دیا گیا۔
- 2011 میں الیکشن کے اخراجات کو بڑھادیا گیا۔

خلاف ورزی کا قانون (Anti Defection Law)

1985 کے 52 ویں ترمیمی ایکٹ سے یہ قانون بنایا گیا ہے کہ پارلیمنٹ اور ریاستی لیجسلیچر کے میدان اگر قانون کی خلاف ورزی کرکے ایک پارٹی سے دوسری پارٹی میں داخل ہوجائیں تو انہیں ممبر شپ سے نااہل قرار دیا جائے گا۔اس غرض سے دستور میں دسواں شیڈول داخل کیا گیا۔اس قانون کو خلاف ورزی کا قانون کہا جاتا ہے۔ بعد میں اس میں 2003 کی 91 ویں ترمیم ایکٹ سے ایک تبدیلی لائی گئی۔یعنی خلاف ورزی کا قانون پارٹی کے ٹوٹنے پر لاگو نہیں ہوگا۔

ایکٹ کی فراہمی :

A۔ نااہلیت : (Disqualification)

ادارہ کا ممبر جو کسی بھی پارٹی سے تعلق رکھتا ہو اس وقت نااہل قرار دیا جائے گا جب وہ رضا کارانہ طور پر اگر ممبر شپ سے ہٹ جائے یا اگر وہ ووٹ دیتا ہے یا ووٹ دینے سے باز رہتا ہے وہ اپنی پارٹی کی ہدایت پر یا پارٹی سے پیشگی اجازت لئے بغیر اگر وہ کوئی کام کرتا ہے۔

حکومتی ادارے کا آزاد ممبر اس وقت ممبر شپ سے نااہل قرار دیا جاتا ہے جب وہ کسی سیاسی پارٹی میں شامل ہوجاتا ہے۔

حکومتی ادارے کا نامزد ممبر اس وقت ممبری سے نااہل ہوجاتا ہے جب وہ کسی سیاسی پارٹی میں چھ مہینوں کے گزرنے کے بعد جب کہ وہ ہاؤز میں سیٹ پر آئے۔

B۔ استثنیٰ (Exceptions)

اگر ایک پارٹی دوسری پارٹی کے ساتھ ضم ہوجائے اور اس وقت وہ ممبر پارٹی سے نکل جائے تو اس صورت میں خلاف ورزی کی بنیاد پر نااہلیت کا قانون لاگو نہیں ہوگا۔اگر کوئی ممبر پریسائڈنگ آفیسر کے طور پر منتخب ہوجائے تو وہ رضا کارانہ طور پر پارٹی کی ممبر شپ سے نکل جائے گا یا دوبارہ عہدے پر آجائے گا۔

C۔ بااختیار عہدہ : (Deciding Authority)

اگر کوئی سوال خلاف ورزی کی بنیاد پر نااہلیت کے سلسلہ میں اٹھے تو اس کا فیصلہ ادارے کا پرائیسڈنگ آفیسر کرے گا۔

D۔ قانون سازی کا اختیار : (Rule Making Power)

ہاؤز کے پرائیسڈنگ افسر کو بااختیار بنایا جاتا ہے کہ وہ قوانین بنائے تاکہ دسیوں شیڈول کی فراہمی مؤثر ہو۔اس قسم کے سارے قوانین تیس دنوں کے لئے ہاؤز کے سامنے رکھے جاتے ہیں۔ہاؤز انہیں منظور یا نامنظور کرتا ہے۔ بعد میں ہاؤز کسی ضدی ممبر کی طرف سے ہونے والی مزاحمت کے وقت ہدایت دیتا ہے اسی طریقہ پر ہاؤز کی سہولت کے شگاف پڑجانے پر ہاؤز کی طرف سے ہدایت دی جاتی ہے۔

قانون (ایکٹ) کا محاسبہ : (Evaluations of the Act)

A۔ دستور کا دسواں شیڈول بنایا گیا ہے تاکہ سیاسی شرارتوں اور مخالف ورزیوں کو روکا جاسکے۔ان شرارتوں کو جو آفس کے عہدیداروں کے ورغلانے سے وجود میں آتے ہیں۔

B۔ بے اصولی اور غیر اخلاقی والے سیاسی مخالف ورزیوں کو روکتے ہوئے اس بات کو سوچا گیا ہے کہ ہندوستانی پارلیمانی جمہوریت کی ساخت کو مضبوط کیا جائے۔

11 pol sc unit 11 Set
Monday, November 22, 2021 7:39:26 AM

C۔ قانون سازوں کے میلانات اور رجحانات کی جانچ کرتے ہوئے اس بات کی سہولت دی گئی ہے کہ سیاست کی ساخت کو مستحکم کیا جائے۔

D۔ پارٹیوں کے ضم ہوجانے کے راستے سے جمہوریت کے طرز پارٹیوں کی دوبارہ تعمیر کے لئے مجلس قانون ساز میں سہولت دی گئی ہے۔

E۔ سیاسی پارٹیوں کے وجود کے لئے اس ایکٹ کے ذریعہ صاف اور واضح طریقہ سے دستوری منظوری دی گئی ہے۔

راجیہ سبھا الیکشن کے بارے میں جانکاری حاصل کریں :

راجیہ سبھا الیکشنوں میں تبادلہ کے قابل (Transferable) ووٹ سسٹم اپنایا جاتا ہے۔ ہر ریاست کے لئے متعین تعداد کی سیٹیں راجیہ سبھا میں ہوتی ہیں ممبروں کا چناؤ ان ریاستی لیجسلیٹو اسمبلیوں کے ذریعہ ہوتا ہے ۔ووٹ دلانے والے انہیں ریاستوں کے MLA ہوتے ہیں۔ ہر ووٹ دینے والے کو اپنی ترجیح کے مطابق امیدوار کے درجہ میں ہونا ضروری ہے۔ کسی بھی امیدوار کی جیت کا اعلان اسی وقت کیا جاتا ہے جب وہ ووٹوں کی کم سے کم متعینہ تعداد (Quota) حاصل کرے جس کو ایک ضابطہ (Formula) کے ذریعہ سمجھایا گیا ہے۔

$$\left\{\frac{\text{ڈالے گئے جملہ ووٹ}}{\text{منتخب امیدواروں کی جملہ تعداد + 1}}\right\} + 1$$

مثال کے طور پر اگر ٹمل ناڈو کی طرف سے MLS 200 کے ذریعہ 4 راجیہ سبھا کے ممبران منتخب ہوئے تو جیتنے والے کو (40+1 = 1 + 200/4 یعنی 41 ووٹوں کی ضرورت ہوگی ۔ اگر ووٹوں کی گنتی ہوگی تو ہر امیدوار کے ذریعہ حاصل کئے گئے پہلے ترجیحی ووٹوں کی بنیاد پر ہوگا۔ اگر سارے پہلے ترجیحی ووٹوں کی گنتی کے بعد امیدواروں کی مطلوبہ تعداد کوٹا کو پورا کرنے میں ناکام رہتی ہے تو پہلی ترجیح میں کم ترین تعداد میں ووٹ حاصل کرنے والے امیدوار کو خارج کردیا جاتا ہے اور اس کے ووٹوں کو دوسرے نمبر کے ترجیحی ووٹوں کے حامل کو دے دیا جاتا ہے اور یہ عمل اس وقت تک جاری رکھا جاتا ہے جب تک کہ مطلوبہ تعدد کے امیدواروں کے منتخب ہونے کا اعلان نہیں کردیا جاتا۔

کس لئے ہندوستان نے FPTP نظام کو اپنایا ؟

FPTP نظام کی مقبولیت اور کامیابی اس کی سادگی ہے۔ الیکشن کا سارا نظام سادہ اور آسان ہے جسے ووٹ ڈالنے والے عام آدمی بھی (جو سیاست اور الیکشن کی خصوصی معلومات نہیں رکھتے) آسانی سے سمجھ لیتے ہیں۔ اس کے علاوہ الیکشن کے وقت ووٹروں کو ایک واضح موقع بھی پیش کیا جاتا ہے۔ ووٹر لوگ سادگی سے کسی بھی امیدوار یا پارٹی کی تصدیق ووٹ ڈالنے کے دوران کرسکتے ہیں۔ اصل سیاست کی نوعیت کے لحاظ سے ووٹر لوگ چاہیں تو پارٹی کو اہمیت دے سکتے ہیں یا امیدوار کو یا دونوں کو متوازن طریقہ سے اہمیت دے سکتے ہیں۔

FPTP نظام کے ذریعہ ووٹروں کو یہ موقع فراہم کیا جاتا ہے کہ وہ صرف پارٹیوں میں سے کسی کا انتخاب ہی نہ کریں بلکہ خصوصی امیدواروں کا بھی انتخاب کریں ۔ دوسرے الیکٹرول نظاموں میں خصوصاً تناسبی نمائندگی Proportional Representation systems میں ووٹروں سے عموماً یہ کہا جاتا ہے کہ وہ پارٹیوں کی فہرست ے سے ایک پارٹی کا انتخاب کریں اس طرح منتخب نمائندوں کو چنیں۔ اس کے نتیجہ میں کوئی ایسا نمائندہ نہیں ہوتا ہے جو ایک مقام کی نمائندگی کرے اور اس کا ذمہ دار ہو۔ حلقۂ انتخاب کی بنیاد پر چلنے والے FPTP= جیسے نظام میں ووٹروں کو علم ہوتا ہے کہ کون ان کا خاص نمائندہ ہے اور وہ اس کا جائزہ لے سکتے ہیں۔ FPTP نظام میں عموماً بڑی پارٹی یا بڑے اتحاد کے پاس زائد بونس سیٹیں ہوتی ہیں جو کہ ان کے ووٹوں کے حصہ سے زیادہ ہوتی ہیں۔

لہذا اس نظام کے ذریعہ ممکن ہوجاتا ہے کہ پارلیمانی حکومت اچھے طریقے سے کام کرے اور مؤثر طریقہ سے ایک مستحکم حکومت کی تشکیل کرے۔ FPTP نظام ووٹروں کی اس بات پر حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ وہ مختلف سماجی گروپوں سے آکر اکٹھا ہوں اور الیکشن جیتیں ۔ FPTP نظام عام ووٹروں کے لئے سادہ اور معروف ثابت ہوا ہے۔

11 pol sc unit 11 Set
Monday, November 22, 2021 7:39:27 AM

کیا تم جانتے ہو؟

اوپن بیلٹ ایک نظام ہے جس میں نمائندوں کو ہاتھ اٹھا کر چنا جاتا ہے۔

مخفی بیلٹ ایک نظام ہے جس میں ووٹر اپنا ووٹ مخفی طریقہ سے ڈالتا ہے۔ بیلٹ باکس میں یا الکٹرانک ووٹنگ مشین میں، جس کی کسی کو خبر نہیں ہوتی ہے۔

11.6 اسٹیٹ فنڈنگ آف الیکشن
(State Funding of Elections)

اسٹیٹ فنڈنگ کیا ہے؟

- اسٹیٹ فنڈنگ آف الیکشن ایک تصور ہے جس میں حکومتی پیسوں کے تعلق سے بدعنوانی کو کم کیا جائے اس میں انفرادی طور پر مہمیں چلائی جاتی ہیں۔

1998 کے اسٹیٹ فنڈنگ آف الیکشن پر اندراجیت گپتا کمیٹی :

1998 کے اسٹیٹ فنڈنگ آف الیکشن پر ہونے والی اندراجیت گپتا کمیٹی نے اس اصول پر کہ کمیٹی پورا عدالتی، دستوری، قانونی اختیار رکھتی ہے اسٹیٹ فنڈنگ آف الیکشن کے تصور کو پیچھے کر دیا۔ اسی کے ساتھ عوامی مفادات کی خاطر، سیاسی پارٹیوں کے لئے سرکاری امداد کی منظوری دی جائے گی تا کہ وہ پارٹیاں جو صاف ستھرے کم مالیاتی مسائل رکھتی ہیں۔ ان پارٹیوں کا مقابلہ کر سکیں جو بڑے پیمانے پر مالیاتی وسائل رکھتی ہیں۔

اس میں دو حد بندیاں شامل ہوتی ہیں :

A۔ اس طرح کے فنڈس آزاد امیدواروں کو نہ دی جائیں اور قومی اور ریاستی پارٹیوں کو نشان دے دیا جاتا ہے اور نہیں حلقۂ ہائے انتخاب میں شہرت مل جاتی ہے۔

B۔ مختصر مدت میں اسٹیٹ فنڈنگ صرف مہربانی کے درجہ میں اور چند سہولتوں کی صورت میں سیاسی پارٹیوں اور ان کے امیدواروں کو دیا جا سکتا ہے۔

کمیٹی نے سفارش کی ہے کی مرکز کی طرف سے 600 کروڑ کی سالانہ رقم کی امداد کے ساتھ ایک علاحدہ الیکشن فنڈ بنایا جا سکے۔ اور اس کے ساتھ ساری ریاستی حکومتوں کی طرف سے ملنے والی رقم کو شامل کر لیا جائے۔ کمیٹی نے مشورہ دیا ہے کہ اسٹیٹ فنڈنگ کی اہلیت کے لئے سیاسی پارٹیوں اور امیدواروں کو اپنے انکم ٹیکس کے بقایا (بقیہ رقموں) کا ادا کرنا ضروری ہوگا۔

11.7 سیاست میں نوجوانوں کا رول :

NOTA کیا ہے ؟

اوپر میں سے کوئی بھی نہیں (None of the Above) ایک ووٹر کو حق ہے کہ الکٹورل اصلاحات کی خاطر ووٹ کے نظام کو مسترد کر دے۔ سیاسی نظام کو صاف کرنے اور مانجھنے کی کوششوں میں سپریم کورٹ آف انڈیا نے ووٹروں کو یہ حق دیا ہے کہ وہ الیکشن لڑنے والے سارے امیدواروں کو چاہے تو مسترد کر دے۔ اپیکس کورٹ (Apex Court) نے الیکشن کمیشن



کو ہدایت دی ہے کہ NOTA کا بٹن بھی الیکٹرانک ووٹنگ مشین میں ہونا چاہئے۔

11 pol sc unit 11 Set
Monday, November 22, 2021 7:39:28 AM

قابل اقتباس حوالہ

NOTA الٹرا نک مشن کے امیدواروں کی فہرست کے نیچے آخر میں دیا جاتا ہے۔

کیا تم جانتے ہو؟

کیا تم جانتے ہو کہ اسی طرح کی ایک سہولت NOTA سے پہلے جو ہوتی تھی وہ کیا ہے؟

اسے منفی ووٹنگ (Negative voting) کہا جاتا تھا۔

NOTA کو متعارف کرنے سے پہلے جو لوگ نگیٹو ووٹ ڈالنا چاہتے تھے تو ان کو ایک رجسٹر میں اپنا نام درج کرنا ہوتا تھا اور انہیں ایک علاحدہ بیلٹ کاغذ میں اپنا ووٹ ڈالنا ہوتا تھا۔ 1961 الیکشن کے قوانین کے تحت سکشن (0) 49 میں ایک ووٹر کو فارم نمبر 17A میں اپنا الیکٹورل سیریل نمبر درج کرنا ہوتا تھا اور وہ اپنا نگیٹو ووٹ ڈالتا تھا۔



کارروائی :

معلوم کیجئے کہ کیسے 49(0) اور NOTA مختلف ہیں؟

کیا تم جانتے ہو؟

وہ ممالک جو NOTA کا سسٹم رکھے ہوئے ہیں۔

کولمبیا، یوکرین، برازیل، بنگلہ دیش، فن لینڈ، اسپین، سویڈن، چیلی، فرانس، بلجیم اور یونان، USA چند معاملات میں اس کی اجازت دیتا ہے۔ اسٹیٹ آف ٹیکساس اس سہولت کو 1975 سے دیتا آرہا ہے۔

فرہنگ الفاظ : Glossary

الیکشن : کسی سیاسی عہدے یا مقام کے حصول کے لئے کسی بھی شخص کو ایک معروف اور منظّم طریقہ سے ووٹ دینا

نمائندگی : کسی کی جانب سے قول و فعل یعنی بات کرنے اور کام کرنے کا عمل

حق رائے دہی : عوامی الیکشن میں ووٹ دینے کا حق

انتخابی نظام : وہ طریقہ کار جس میں ووٹ کے ذریعہ سے نمائندوں کا انتخاب کیا جاتا ہے۔

علم انتخابات: (Psephology) انتخابات کا شماریاتی مطالعہ اور ووٹنگ کے بارے میں جان کاری

کثرت (Plurality) : ووٹوں کی وہ تعداد جو کوئی بھی امیدوار دوسروں سے زیادہ حاصل کرے مگر وہ مکمل اکثریت (Majority) حاصل نہ کرے۔

پنچایت : ہندوستان کی دیہاتی کونسل

اقلیت کی نمائندگی (Minority Representation)

وہ منتخب امیدواروں کی تعداد جو اقلیتی پوزیشن کی تائید کرے۔

گروہ بندی : (Factionalism) : ایک بڑے گروپ میں چھوٹے چھوٹے دو یا دو سے زیادہ گروپوں کے درمیان بحث و مباحثے اور تنازعات کا ہونا۔

جمہوریت : حکومت کرنے کا ایک نظام جو ساری آبادی کے انتخاب سے وجود میں آتا ہے اور کام کرتا ہے اور منتخب نمائندوں کے ذریعہ وہ حکومت چلتی ہے۔

تحدید : علاقائی حلقہ ہائے انتخاب کی حد بندیاں قائم کرنے کا عمل کسی ملک یا صوبہ جہاں قانون ساز ادارہ ہو۔

الیکٹورل رول روٹروں کی فہرست : الیکشن کے لئے امیدواروں کی گروپ بندی

11 pol sc unit 11 Set
Monday, November 22, 2021 7:39:28 AM

نامزدگی : کسی عہدے کے لئے کسی شخص کو نامزد کرنے کی سفارش

الیکشنی مہم : وہ وقت جب کوئی سیاست دان یا پارٹی لوگوں کو ووٹ کی اپیل کرتے ہیں۔

الیکٹورل ریفارم : الیکشنی نتائج میں عوامی جذبات کا بہتر خیال رکھنے کے لئے الیکٹورل نظام میں تبدیلی لانا

خلاف ورزی کا قانون : 1985 میں ایک قانون پاس کیا گیا جس کے ذریعہ منتخب ممبروں کو نااہل قرار دیا جاتا ہے جب وہ قانون کی خلاف ورزی کر کے دوسری پارٹی میں چلے جائیں۔

حلقہ انتخاب : ایک مخصوص علاقہ کے وہ ووٹرس جو قانون ساز ادارے کے لئے نمائندے کا انتخاب کرتے ہیں۔

مخفی بیلٹ : ووٹنگ کا وہ طریقہ جس میں ووٹروں کے ووٹ کو مخفی رکھا جاتا ہے

Voter's turnout : اہلیت رکھنے والے ووٹرس کا فی صد جو الیکشن میں بیلٹ کے ذریعہ ووٹ ڈالتے ہیں۔

مشق Evaluation

1EVM2

I۔ صحیح جواب منتخب کیجئے:

1۔ لفظ فرانچائس (Franchise).....زبان سے نکلا ہے

(a) اینگلو فرنچ (b) اینگلو انڈین (c) اینگلو جرمن (d) اینگلو اطالوی

2۔ ہندوستانی دستور کا حصہ **15** .....سے بحث کرتا ہے

(a) الیکشن (b) شہریت (c) بنیادی حقوق (d) DPSP

3۔ علم انتخابات (Psephology).....کے مطالعہ کو کہتے ہیں۔

(a) انتخابات (b) دستور (c) ریاست (d) حقوق

4۔ کثرت/اکثریت والے الیکٹورل نظاموں میں سب سے سادہ اور آسان طریقہ .....ہے

(a) FPTP (b) بلاک ووٹ (c) پارٹی بلاک ووٹ (d) محدود ووٹ سسٹم

5۔ پہلا تحدیدی کمیشن ایکٹ.....کے سال میں پاس کیا گیا تھا

(a) 1952 (b) 1963 (c) 1973 (d) 2002

6۔ اہلیت رکھنے والے ووٹروں کی فہرست.....کہلاتی ہے

(a) الیکٹورل رول (b) کیمپین رول (c) پولنگ رول (d) نامزدگی رول

11 pol sc unit 11 Set
Monday, November 22, 2021 7:39:28 AM

7۔ کس ترمیمی ایکٹ نے ہندوستانی شہریوں کی ووٹنگ کی عمر 21 سے گھٹا کر 18 کردی ۔

(a) 61 ویں (b) 42 ویں (c) 91 ویں (d) 73 ویں

8۔ ہندوستانی دستور کی کون سی دفعہ نے واحد الیکشن کمیشن کی سہولت دی ہوئی ہے ۔

(a) دفعہ324 (b) دفعہ 256 (c) دفعہ370 (d) دفعہ360

9۔ 1985 کا52ویں ترمیمی ایکٹ .....سے بحث کرتا ہے۔

(a) مخالف ورزی کا قانون (b) الیکشن کے طریقے (c) الیکٹورل اصطلاحات (d) الیکشن مہم

10۔ موت یا ممبر کے استعفیٰ کی وجہ سے ہونے والا الیکشن.....کہلاتا ہے ۔

(a) ذیلی الیکشن (b) دوبارہ الیکشن (c) کالعدم (Null) (d) وارڈ الیکشن

11۔ پنچایت اداروں میں خواتین کے لئے.....سیٹیں مخصوص ہیں۔

(a) ایک تہائی (b)ایک چوتھائی (c) دوتہائی (d) تین چوتھائی

12۔ چیف الیکشن کمیشن آف انڈیا کا تقرر.....کرتا ہے۔

(a) صدر ہند (b) چیف جسٹس آف انڈیا (c)وزیر اعظم (d) چیف سیکریٹری آف انڈیا

13۔ ہندوستان میں پہلے جنرل الیکشن.....کے سال میں ہوئے تھے ۔

(a) 1950-51 (b) 1951-52 (c) 1952-53 (d) 1947-48

14۔ 1988 کی اندراجیت گپتا کمیٹی....کے بارے میں بحث کرتی ہے ۔

(a) الیکٹورل اصلاحات (b) خلاف ورزی کے قانون (c) FPTP سسٹم (d) مخفی بیلٹ

15۔ .....کمیٹی نے اسٹیٹ فنڈنگ آف الیکشن کو پیچھے کردیا۔

(a)اندراجیت گپتا کمیٹی (b) ووپرا کمیٹی (c) ترکونڈے کمیٹی (d) تنکا کمیٹی

16۔ دعویٰ: ہندوستانی پارلیمنٹ میں دو مجلسی قانون ساز ادارہ کی حکومت

سبب: لوک سبھا نچلا ہاؤز ہے اور راجیہ سبھا اوپری ہاؤز ہے

(a) Aاور Bدونوں صحیح ہیں مگر R، A کی صحیح وضاحت ہے

(b) Aاور Bدونوں صحیح ہیں مگر R، A کی صحیح وضاحت نہیں ہے

(c) A صحیح ہے مگر R غلط ہے

(d) A غلط ہے مگر R صحیح ہے

11 pol sc unit 11 Set
Monday, November 22, 2021 7:39:29 AM

II۔ مختصر ترین جوابات لکھئے:

1۔ حق رائے دہی کیا ہے۔

2۔ علم انتخابات کی تعریف کیجئے۔

3۔ FPTP کی توسیع لکھئے۔

4۔ الیکٹورل حلقہ ہائے انتخاب کیا ہیں؟

5۔ ووٹرس لسٹ کو سمجھائیے۔

6۔ الیکشنی مہم کیا ہے؟

7۔ خلاف ورزی قانون کیا ہے؟

III۔ مختصر جوابات لکھئے:

1۔ جمہوری الیکٹرول نظام کی خصوصیات کیا ہیں؟

2۔ اقلیتی نمائندگی کے مختلف طریقوں کی وضاحت کیجئے۔

3۔ حلقہ ہائے انتخاب کی تحدید کو سمجھائیے۔

4۔ الیکٹورل اصلاحات کے تعلق سے کون کون سی کمیٹیاں ہیں؟

5۔ کس لئے ہندوستان نے FPTP نظام کو اپنایا۔

6۔ اوپن بیلٹ اور مخفی بیلٹ کے متعلق وضاحت کیجئے۔

IV۔ تفصیلی جوابات لکھئے:

1۔ نمائندگی کے مختلف اقسام لکھئے۔

2۔ آزاد اور منصفانہ الیکشن کی ضرورت کو سمجھائیے۔

3۔ الیکشن کمیشن آف انڈیا کے اختیارات اور افعال کو پیش کیجئے۔

4۔ ہندوستان میں ہونے والی مختلف الیکٹورل اصلاحات کو تفصیل سے پیش کیجئے۔

11 pol sc unit 11 Set
Monday, November 22, 2021 7:39:29 AM

Reference books : کتب حوالہ جات

1. J.C. Johari, Indian Polity, Lotus Press, New Delhi.
2. R.C. Agarwal, Political Theory, S. Chand and Company, New Delhi.
3. B.S. Raman, Indian Constitution, United Publishers, Mangalore.
4. Subash C Kashyap, Our Constitution, National Book Trust , India.
5. The New International IDEA Handbook
6. Democratic Politics-II, Class X Political Science Textbook.
7. Democratic Politics-I, class IX Political Science Textbook
8. Lakshmikant, Indian Polity, Tata Mcgraw and Hills.

ICT CORNER کارنر ICT



Unit-11 Election and Representation اکائی-2 انتخابات اور نمائندگی

اب تک کے نمائندے کون ہیں جاننے
کی ٹھیک عمر ہے۔
کیا ہم معلومات حاصل کریں گے؟



مرحلے :

1۔ "indiavotes" صفحہ کو دیکھنے کے لئے URL پر کلک کریں یا QR کوڈ اسکین کریں۔

2۔ لوک سبھا انتخابات کے لئے "states" سیلکٹ کریں اور پھر "year", "GO" پر کلک کریں۔ لیجیسلیٹیو اسمبلی انتخابات (صوبائی انتخابات) کے لئے "state" اور "Year" سیلکٹ کریں اور اس کا ڈاٹا حاصل کیجئے۔

3۔ صحیح ڈاٹا حاصل کرنے کے بعد "advacnce search" کی جانب بڑھئے۔

4۔ ہوم پیج پر "Election Maps" پر کلک کریں، دائیں جانب کے خاکہ اُبھرنے پر ضرورت کے معلومات حاصل کریں۔

Download Link

*Pictures are indicative only.

*If browser requires, allow Flash Player or Java Script to load the page.

URL : http://www.indiavotes.com/

11 pol sc unit 11 Set
Monday, November 22, 2021 7:39:29 AM

اکائی 12

مقامی حکومتیں Local Governments



سیکھنے کے مقاصد :

- اس سبق میں ہندوستان اورٹمل ناڈو میں موجود مقامی حکومتوں کے متعلق معلومات فراہم کی گئی ہیں۔
- اس میں مقامی خود کار حکومتوں کی خصوصیات کے بارے میں بھی معلومات دی گئی ہیں۔
- اس سبق میں مقامی خود کار حکومت کی آج کل کی زندگی میں وسعت کو سمجھایا گیا ہے۔
- اس سبق میں آزادی کے وقت سے مقامی حکومتوں کے اختیارات اورافعال اوران میں ہوئی تبدیلیوں پر روشنی ڈالا گیا ہے۔
- طلبہ کو چاہئے کہ وہ ہندوستان کے دیہاتوں اورشہروں میں موجود مقامی حکومتوں ،ان کی ساخت، افعال، الیکشن ،آمدنی کے ذرائع اوروسائل کے بارے میں جانیں۔

12.1 مقامی حکومت کے معنی،نوعیت اوراہمیت : (Meaning, Nature and Importance of Local Governnment)

مقامی حکومت کا مطلب وہ حکومت ہے جو ہمارے ملک کے گاؤں، دیہات اور شہروں میں خدمات ،سہولتیں اور خوش گواریاں فراہم کرتی ہے اور مقامی مسائل کو حل کرتی ہے۔ مقامی حکومتیں کسی ایک دیہات ، چھوٹے شہر اور بڑے شہر کے متعینہ علاقے میں کام کرتی ہیں۔ مقامی حکومتیں کسی بھی گاؤں، یا چھوٹے شہر کے لوگوں کا حکومت سے رابطہ قائم کرتی ہیں۔ اس وقت جب لوگوں کے مسائل جیسے سڑکوں کی مرمت، گلیوں میں پانی کا ٹھہرنا ، راستوں کے لائٹوں کا نہ جلنا اور پانی کا انتظام، پارکوں کو مزین کرنا وغیرہ سامنے آتے ہیں تو ان کا حل حکومت سے نکالتے ہیں۔ مقامی حکومتیں ایمرجنسی حالات میں اپنی ذمہ داریاں ادا کرتی ہے جیسے گاؤں کے اندر کسی کی پیدائش ہو یا موت واقع ہو۔ مقامی حکومتیں وہ ادارے ہیں جو رہائش کے ثبوت ، پیدائش، موت اور آمدنی وغیرہ کی سرٹیفیکٹس مقامی لوگوں کو جاری کرتے ہیں۔ غرض کہ مقامی حکومتیں ایسے ادارے ہیں جو لوگوں کی مقامی ضرورتوں کے پوری کرنے کے ذمہ دار ہیں۔ حکومت کے انتظامی ڈھانچہ میں مقامی حکومت کی چھوٹی اکائی ہوتی ہے۔ مقامی حکومت کی ایک کونسل ہوتی ہے جسے گاؤں یا ٹاؤن کے لوگ منتخب کرتے ہیں اور وہ کونسل لوگوں کی نمائندگی کرتے ہوئے لوگوں کے مسائل کو حل کرتی ہے۔ کونسل کے نمائندے پانچ سال میں ایک بار منتخب ہوتے ہیں یا چار سال میں ایک بار جس کا انحصار حکومت کے قانون پر ہے۔

مقامی حکومتیں نمائندہ ادارے ہیں جو کونسل میں لوگوں کی نمائندگی کرتے ہیں ۔ وہ قانونی درجہ رکھتی ہیں ۔ بحث ومباحثہ کرنے کے لئے اور اس علاقہ کے لوگوں کے مسائل کو حل کرنے کے لئے اور اسی کے ساتھ نمائندہ بن کر اس مسئلہ کو ریاستی حکومت کے اعلیٰ سطح تک لے جاتی ہے۔ چونکہ یہ مقامی حکومتیں جمہوری طریقہ پر قائم ہوئی ہیں اس لئے سارے مسائل جو کونسل میں زیر بحث آتے ہیں وہ گفتگو، بحث ،غور وفکر کے بعد متفقہ طور پر کونسل میں منظور کئے جاتے ہیں ۔ کونسل کے ممبروں کو پوری آزادی دی

11 pol sc unit 12 Set
Monday, November 22, 2021 7:54:55 AM

جاتی ہے کہ وہ بحث اور تبادلہ خیال کریں اور ساتھ ہی فیصلہ لیں اور یہ سارے کام اس بنیادی قانون کے فریمورک کے مطابق ہوتے ہیں جسے دستور کہتے ہیں۔

لہذا مقامی حکومتیں وہ ادارے ہیں جو مقامی مسائل کے حل کے لئے قائم کی گئی ہیں۔عمومی طور پر مقامی حکومتیں ان منتخب نمائندوں پر مشتمل ہوتی ہیں جو مقامی لوگوں کی طرف سے چنے جاتے ہیں اور وہ کونسل میں مقامی مسائل پر بات کرتے ہیں اور وہ ان مسائل کا حل نکالنے کی کوشش کرتے ہیں۔مقامی حکومتیں وسائل اور پروگراموں کو لوگوں تک پہنچانے کے لئے چینل کا کام کرتی ہیں اور نیچے کی سطح پر کام کرتی ہیں جسے نچلی سطح Grassroots کہتے ہیں۔کوئی بھی ملک آج کل مقامی حکومتوں کو نظر انداز نہیں کرسکتا اس لئے کہ موجودہ دور میں مقامی مسائل عالمی مسائل بنچ کے ہیں۔ اطلاعات ومواصلات کی ٹکنالوجی (ICT) کی ترقی کی وجہ سے ساری دنیا ایک گوبل ولیج بن چکی ہے۔

پنچایت راج : گاندھی بمقابلہ امبیڈکار :
(Panchayati Raj: Gandhi Vs Ambedkar:)

گاندھی چاہتے تھے کہ مرکزی حکومت کے پاس اقتدار کم ہو اور وہ چاہتے تھے کہ گاؤں، دیہاتوں میں روایتی طریقہ کی ان کی اپنی حکومت ہو جو سرداروں اور کونسلروں کے ماتحت ہو۔امبیڈکار کے مطابق گاؤں دیہاتوں میں ظالمانہ درجہ کی فرقہ واریت اور ذات پات کا نظام ہوتا ہے۔لہذا اس کے نتیجہ میں اقلیتوں کو حاشیہ میں کردیا جائے گا ان کو حقوق نہیں ملیں گے۔



میرا خیال ہے کہ گرام سورج (دیہات کی زندگی) یہ ہے کہ وہ مکمل جمہوری ہو، اپنی ضروریات پوری کرنے میں وہ پڑوسیوں سے آزاد ہو اور جن چیزوں میں انحصار ضروری ہو ان میں وہ ابھی بھی باہمی انحصار کرنے والے ہوں۔ (گاندھی جی)

گاندھی اپنے سماجی اور سیاسی خیالات کے آغاز کار کے ذریعہ ملک کو اس طرح بنایا گیا کہ لوگوں کا اقتدار صرف مؤثر مقامی حکومت کے قائم ہونے سے آسان ہوگا، انہوں نے کہا کہ ''میں ایک ایسے ہندوستان کے لئے کام کروں گا جس میں غریب ترین لوگ محسوس کریں کہ انہیں کا ملک ہے اور اس ملک میں ان کی مؤثر آواز ہے۔'' گاندھی نے دوبارہ اس بات پر زور دیا کہ پنچایت راج ماڈل کے مطابق لوگوں کے ہاتھوں میں حکومت واقتدار کے دینے کی ضرورت ہے۔گاندھی نے کہا ''لوگوں کی قوت واقتدار لوگوں کی بھلائی کے لئے ہے''



امبیڈکار

امبیڈکار کے نزدیک وہ سارے دیہات کچھ نہیں ہیں مگر مقام سے وابستہ ایک برتن ہے۔نادانی اور جہالت کا ایک غار ہے اور فرقہ واریت ہے۔ غالب چھانے والے اور رسوخ رکھنے ولاے لوگ دیہاتوں پر اپنا قبضہ کرلیں گے وہاں کی حکومت پر اپنی اجارہ داری قائم کرلیں گے اور دوسری کمزور قوموں کو بے اثر کردیں گے ان کی بات نہیں چلے گی۔اس کے نتیجہ میں امبیڈکار کی چیرمن شپ میں جو دستور بنایا گیا تھا اس میں ایک لفظ بھی پنچایت راج کے متعلق نہیں ہے۔

بہت سے گاندھیوں نے دستور ساز کمیٹی کو اس بات کا قائل کیا کہ دستور ہند کے چوتھے حصہ میں دیہات کے پنچایت راج کے لئے رعایت اور سہولت ہونی چاہئے۔ دستور کا وہ حصہ جسے ریاستی پالیسی کے رہنما اصول کا نام دیا گیا ہے جو ریاستی قانون ساز مجلس کو ذمہ داری سونپتا ہے۔دفعہ 40 اس بات کی وضاحت کرتی ہے کہ ریاست دیہاتی پنچایت کو منظّم کرنے کے لئے اقدامات کرے اور ان پنچایتوں کو اقتدار واختیار عطا کرے جس سے یہ بات ممکن ہو کہ وہ مقامی حکومت کی اکائی کے طور پر کام کریں۔

12.2 مقامی حکومتی اداروں کی درجہ بندی:

مقامی حکومتوں کی دیہاتی اور شہری بنیادوں پر درجہ بندی کی گئی ہے۔دیہاتی اور شہری حکومتوں کی تقسیم رہائش کرنے والوں

11 pol sc unit 12 Set
Monday, November 22, 2021 7:54:56 AM

کے پیشوں کی نوعیت کے اعتبار سے کی گئی ہے۔یعنی زرعی بنیاد اور غیر زرعی بنیاد پر قائم پیشوں کے اعتبار سے وہ تقسیم ہے۔زرعی بنیاد پر قائم پیشہ سے مراد اس مقام پر رہائش پذیر لوگوں کا تقریباً یا اکثر حصہ زراعت سے تعلق رکھنے والے پیشہ میں لگے ہوئے ہوں اور ان کے کاموں کی نوعیت عموماً کھیتی اور زراعت، شیر خانہ، مرغیوں وغیرہ کا پالنا اور اسی قسم کی دوسری سرگرمیاں ہوں۔ جب کہ شہری علاقوں میں شہری لوگ صنعت وتجارت اور اسی سے متعلق اور دوسری سرگرمیوں میں لگے ہوتے ہیں۔

شہری علاقے وہ مقامات ہیں جہاں کے باشندوں کے ذریعۂ معاش صنعتوں، تجارت، تجارتی اداروں اور انتظامیہ جیسے حکومتی دفاتر اور نجی کمپنیوں کے دفاتر سے متعلق ہوتے ہیں۔شہری مقامات باہر کی دنیا اور مقامی دیہاتوں کے درمیان رابطہ کا کام دیتے ہیں۔دیہاتی اور شہری علاقوں میں قائم ہونے والی مقامی حکومتوں کو بالترتیب دیہاتی مقامی حکومتیں اور شہری مقامی حکومتیں کہا جاتا ہے۔



ہندوستان میں مقامی دیہاتی حکومتوں کو ایک نام ایک دیا گیا ہے۔''پنچایت راج'' جس کے معنی پنچایت اداروں کا نظم یعنی وہ ادارے جو پنچایت (فیصلے) کرتے ہیں۔(غور وفکر کرتے، تبادلہ خیال کرتے اور فیصلے کرتے ہیں) ہندوستان میں شہری مقامی حکومتوں کی تشکیل جیسے میونسپل کارپوریشن، ٹاؤن شپ، علاقائی منصوبہ بند کمیٹیاں اور فوجی چھاؤنی بورڈ میں وغیرہ۔مثال کے طور پر ہندوستان میں شہری مقامی حکومتوں کی مختلف درجہ بندی کی گئی ہے جیسے بڑے شہروں میں میونسپل کارپوریشن، چھوٹے شہروں میں میونسپالٹیاں، صنعتی شہروں میں ٹاؤن شپ فوجی مقامات میں کنٹونمنٹ بورڈس۔

جن بڑے شہروں میں ایک ملین سے زیادہ آبادی ہوتی ہے وہاں میونسپل کارپوریشن ہوتے ہیں۔ بڑے شہروں میں آبادی میں اضافہ لوگوں کے دیہاتوں اور دوسرے چھوٹے شہروں سے ہجرت کی وجہ سے ہوتا ہے اور برسہا برس گزرنے کے بعد وہ شہر بلد عظیم (Mega Polis) بنتے ہیں۔

ان متوسط اور چھوٹے گاؤں میں جہاں کی آبادی ایک ملین سے کم ہوتی ہے میونسپالٹی کا نظام ہوتا ہے میونسپالٹیوں کو بھی مزید درجہ بند کرکے کلاس I اور کلاس II کردیا گیا ہے۔آبای کی تعداد اور ٹیکس کی وصولی کے حساب سے یہ درجہ بندی کی جاتی ہے۔ میونسپالٹیوں کے گریڈس پر میعادی طور پر نظر ثانی کی جاتی ہے، حکومت کے اعلیٰ سطح کی طرف سے تاکہ میونسپالٹیوں کی درجہ بندی آسان ہو۔

ٹاؤن شپ اور نوٹیفائڈ ایریا کمیٹیاں شہری علاقوں میں ابھرتے ہیں جہاں نئی صنعتیں قائم ہوتی ہیں اس علاقے کے رہائشی لوگوں کے پیشوں میں تبدیلی فارم ملازمتوں سے غیر فارقی ملازمتوں کی طرف ہوتی ہے۔

فوجی علاقوں میں کنٹونمنٹ بورڈ قائم ہوتے ہیں جہاں دفاعی تنظیمی ادارے جیسے دفاعی پرسنل کے ٹریننگ ادارے، دفاعی صنعت وغیرہ ہوتے ہیں۔حکومتی سطح میں دیہاتی اور شہری مقامی حکومتیں چھوٹا درجہ رکھتی ہیں۔

11 pol sc unit 12 Set
Monday, November 22, 2021 7:54:56 AM

دنیا کے مختلف ملکوں میں اگر چہ دیہی اور شہری مقامی حکومتوں کومختلف طریقوں سے منظّم کیا جاتا ہے لیکن مقامی حکومتوں کے چلانے کے لئے قائم ہوتی آئی ہیں اور وہ حکومتیں زبردستی مقامی ذرائع سے مالی آمدنی (ٹیکس) حاصل کرتی ہیں۔ حکومتوں کی اعلیٰ سطح عموماً مقامی حکومتوں کی نگرانی کرتی ہیں۔

کارروائی:

مختلف اقسام کے ٹیکسوں کو دریافت کریں (جائیداد ٹیکس، آبی ٹیکس نکاسی ٹیکس وغیرہ) لوگوں کو حکومت کے لئے ٹیکس ادا کرنا پڑتا ہے اپنی تنخواہ، اپنی کارخانے کی آمدنی اور تجارت ہے۔ تمہاری معلومات کو کلاس روم میں پیش کریں۔

کارروائی :



اجتماعی صفائی اسی وقت یقینی ہوسکتی ہے جب کہ اجتماعی ضمیر زندہ ہو اور عوامی مقامات پر صفائی کا اجتماعی احساس ہو۔ آج 2 اکتوبر کو ہم بابائے قوم کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں اور کام کرتے ہیں اس ویژن کے ساتھ کی غریبوں کو بنیادی صحت وصفائی کی سہولتیں فراہم کریں گے۔

مکمل صحت وصفائی کی طرف (Towards Total Sanitation)

- متحدہ کم قیمت کی صحت وصفائی (ILCS) اسکیم کے نظر ثانی شدہ ہدایات برائے 2010 انسانی صفائی کا ہدف اور شہری خشک استنجا خانوں کی پانی سے صفائی کے تحفظ کے لئے اضافہ شدہ سرکاری امداد۔
- بنیادی خدمات (پانی، صحت وصفائی، نالیاں، بجلی، صحت، سماجی تحفظ، آرام دہ مکان وغیرہ) سارے شہر کے گندے علاقوں میں جواہر لال نہرو نیشنل اربن رینیول مشن کے تحت (شہری غریب عوام اور متحدہ ہاؤزنگ اور گندے علاقوں کا ترقیاتی پروگرام کے لئے بنیادی خدمات) اور مجوزہ راجیو ایوارڈس یوجنا (RAY) ہر گھر میں انفرادی پانی سے بند استنجا خانے ۔
- JNNURM کے تحت نالیوں، صحت وصفائی اور ٹھوس ناکارہ اشیاء کی انتظامیہ کو بہتر بنانے پر توجہ۔ (شہری انفراسٹرکچر اور حاکمہ اور شہری انفراسٹرکچر ترقیاتی اسکیم برائے چھوٹے ورمتوسط شہر)
- حکومت کی جانب سے اعلان کردہ مکمل صحت وصفائی پالیسی

12.3 ساری دنیا میں مقامی حکومتیں (Local government around the world)

مقامی حکومتیں اتنی ہی قدیم ہیں جس قدر انسانی تہذیب پرانی ہے اور بہت سارے ملکوں میں مقامی حکومتیں بنیادی حیثیت رکھتی ہیں جن کے اوپر جدید ریاستیں قائم ہوتی ہیں۔ دنیا کے مختلف ممالک میں موجود مقامی حکومتوں کے بارے میں ایک ابتدائی مطالعہ بتاتا ہے کہ زیادہ یا کم ترقی یافتہ یا ترقی پذیر چند مقامی حکومتیں ہیں و مقامی سطح پر خوش حالیاں اور خدمات فراہم کرتی ہیں۔

تاہم وہ اپنے ڈھانچہ، اقتدار، عملی طریقہ، مالیاتی ذرائع میں بہت وسیع پیمانے پر مختلف ہیں ۔ بہت سے یوروپی ممالک میں کوششیں ہو رہی ہیں کہ ان مقامات میں اقتدار وقوت کی

11 pol sc unit 12 Set
Monday, November 22, 2021 7:54:57 AM

مرکزیت کو کم کر دیا جائے جہاں مرکزی حکومت کا اقتدار تھا، ترقی یافتہ ملکوں میں مالیات کی سپردگی، پالیسی کے بنانے میں عدلیاتی معاملات، ٹرانسپوٹ اور بین ریاستی تجارت یہ چند رکے ہوئے پریشان کن معاملات ہیں جب ترقی پذیر ممالک میں زیادہ سے زیادہ کوشش یہ ہورہی ہے کہ اقتدار اور مالیاتی وسائل کو مرکزی بنایا جائے اور ساری چیزوں کو مرکزیت دی جائے۔ ہندوستان میں مرکزی حکومت پر مسلسل دباؤ بڑھ رہا ہے کہ ریاستوں اور مقامی حکومتوں کے حوالہ زیادہ سے زیادہ انتظامی اور مالی اقتدار کیا جائے۔

12.4 ہندوستان میں مقامی حکومتوں کی شروعات اور ترقی:
(Origin and development of Local Governments in India)

ہندوستان میں مقامی حکومتوں کی شروعات اور ترقی کے بارے میں تحقیق کی جائے تو پتہ چلتا ہے کہ مقامی حکومتوں کا ثبوت عیسیٰ مسیح کے زمانے سے قبل سے ملتا ہے۔600 قبل مسیح سے لے کر 600 عیسوی تک اس بات کے ثبوت ملتے ہیں کہ جمہوریت کا عروج اور زوال ہوا ہے۔اس زمانے میں مہاویر (جین مت کے بانی) اور بدھ (بدھ مت کے بانی) ابھرے۔جین مت اور بدھ مت کے لٹریچر میں دیہاتوں کی درجہ بندی رقبہ اور سکونت پذیر لوگوں کے حساب سے کی گئی ہے۔

مذہبی قوانین جو بدھ اور مہاویر کی طرف سے بنائے گئے تھے وہ جمہوری طریقہ کار رکھتے تھے۔کاوتلیا کے ارتھ ساشتر (صحیفہ) میں ایک جامع وضاحت ہے۔دیہی انتظامیہ کے تعلق سے تفصیل ہے۔موریہ کے دور میں دیہات اور ضلع انتظامیہ کی اکائیاں تھے۔

جنوبی ہندوستان کے جزیرہ نما میں مقامی خود کار حکومتوں کا وقوع عیسائی دور سے بھی پہلے سے ہے، یہاں کے تاریخی زمانے کو ابتدائی چولا کا دور، کلبھر ا کا دور اور بعد کا چولا کا دور میں تقسیم کر کے گروپ بنایا گیا ہے اسی طرح وجیانگر سلطنت مسلمان، مغل اور انگریزوں کا ہندوستان میں داخلہ بھی تاریخی تسلسل میں آتا ہے۔ ابتدائی چولا دور کے تعلق سے بہت کم ثبوت ملتے ہیں کہ اس دور میں مقامی حکومت کا نظام رہا ہے (جس کی تاریخ قبل مسیح ہے) اور کلبھر اسے بھی پہلے۔

مگر پانڈیا کے دور حکومت میں مقامی حکومت کے وقوع کے چند تاریخی ثبوت ملتے ہیں (پانڈیا ہندوستان کے بالکل جنوب میں حکومت کرتے تھے) اور پلاوا (جنوبی ہندوستان کے وسط کے حکمران تھے) اور چولا (ٹمل ملک کے وسط کے حکمران تھے) ان سب کے دور حکومت میں ترقی یافتہ مقامی خود کار حکومتوں کے ہونے کے ثبوت ملتے ہیں۔ٹمل ناڈو ریاست کے کانچی پورم ضلع کے اترامرور میں پرانتھا کا چولا I کے کتبات سے مقامی حکومت کے بارے میں تفصیل ملتی ہے۔اس سے اطلاع ملتی ہے کہ ہر دیہات میں ایک اسمبلی ہوتی تھی جس میں سارے بالغ مرد شامل ہوتے تھے اور معاملات میں ان کا دخل ہوتا تھا۔ وہ اسمبلیاں دو قسم کی ہوتی تھیں ''ایک اُور اور دوسرے مہاسبھا'' تیسری قسم نگرم (ٹاؤن) ہوتا تھا اور ٹاؤن تجارتی مرکز ہوتے تھے اور چوتھی قسم ناڈو ہوتی تھی۔غرض کہ دو قسم کے ادارے ہوتے تھے ایک ناڈو (دیہات اور دوسرے علاقے) اور دوسرے نگرم (شہری مراکز)

عمومی طور پر بہت کم معلومات نویں صدی سے پہلے کی کسی بھی دیہاتی اسمبلی کے کام کرنے کے بارے میں ملتی ہیں۔دونوں ''ناڈو'' اور ''نگرم'' زمینوں کے انتظامات آب پاشی کے انتظامی امور، منادر، ٹیکسوں کی وصولی اور معافی، سرمایہ دارانہ کاموں کے لئے

11 pol sc unit 12 Set
Monday, November 22, 2021 7:54:58 AM

قرضوں کا دینا اور خیراتی اداروں کا انتظام کرتے تھے۔اُور اور مہاسبھادوادارے ہوتے تھے جو بادشاہوں کے احکام کی تعمیل میں مدد کرتے تھے۔

یہ بھی دیکھا گیا کہ راجہ راجہ چولا اول نے ویرانارائن چترویدی منگلم کوحکم دیا تھا کہ باغیوں کی جائیدادوں کو ضبط کرلیا جائے ۔ بہت سے مؤرخین جیسے سر چارلس میٹ الف،سر جارج برڈوڈ اور ایلیفین اسٹون اس بات پر متفق ہیں کہ قدیم اور وسطی جنوبی ہندوستان میں مقامی حکومت کا ایک مضبوط نظام تھا،مگر بعض مورخین کی طرف سے اس بات پر شک کا اظہار کیا گیا ہے کہ قدیم اور وسطی جنوبی ہندوستان میں تفصیلی طور پر مقامی حکومت کا وجود تھا۔ مہاسبھاس اور کوڈوولائی کو برہمن کے فیصلوں کے پابند کیا جاتا تھا۔

مغلیہ دور (1500 عیسوی تا 177 عیسوی) میں مرکزی اور مقامی حکومتوں کے تعلقات کے بنیادی اصول یکسر بدل چکے تھے اور وہ تبدیلی سلطنوں کی تبدیلی کے ساتھ ہوتی تھی۔ جب مغلیہ حکومت اپنے شہرت کے نقطۂ عروج پر تھی تو وہ صوبوں میں منقسم تھی اور صوبے ذیلی صوبوں (سرکاروں) میں منقسم تھے اور سرکا می دیہاتوں کی اکائیوں میں منقسم تھے جنہیں برگنے کہا جاتا تھا۔ ہر سطح پر حکومت منظّم تھی اور بادشاہ کی طرف سے عہدیدار مقرر ہوتے تھے، ۔مغلیہ حکومت کے آخری دور میں دیہی علاقوں میں خودکار، مقامی حکومتوں کا نظام خراب ہوگیا تھا مگر اسے بہت سے داؤ پیچ کا سامنا کرنا پڑا۔

1757ء میں پلاسی کی جنگ کے بعد برطانوی ایسٹ انڈیا کمپنی نے زمینوں کے ٹیکس وصول کرنے کا حق بنگال کے نوابوں سے حاصل کرلیا تھا (جسے دیوانی حقوق کہا جاتا تھا) وہ ہندوستان میں انگریزوں کے غلبہ کا پہلا قدم تھا۔ برطانوی ایسٹ انڈیا کمپنی کی حکومت کے دور میں دیہی اور شہری تجارتی مرزکز پر کوئی کنٹرول اور نگرانی نہیں تھی صرف تین شہروں کلکتہ، بمبئی او مدراس میں ان کا کنٹرول رہا۔ ضلعی کلکٹر کی نگرانی میں ضلعی انتظامیہ کے ذریعہ انگریزوں کا بڑے بڑے دیہی علاقوں پر کنٹرول ریا تھا۔ کمپنی حکومت کے دوران سنگ میل کی حیثیت رکھنے والی اہم بات میونسپل کارپوریشنوں کا قیام ہے جیسا کہ پہلے وضاحت کی گئی تھی کہ ان تین شہروں کلکتہ، بمبئی اور مدراس میں کارپوریشن بنائے گئے ۔1882ء میں لارڈ رپن نے ایک قرارداد پاس کی جس میں اس نے دیہاتی مقامی بورڈس کے قیام کے لئے چھوٹی اکائیاں بنانے کی تجویز رکھی تھی۔

لارڈ رپن کی تجویز اس بات پر زور دیتی تھی کہ وہ ادارے ایسے ہوں جن میں غیر عہدے داروں کی اکثریت ہو اور انہیں جہاں ضرورت ہو وہاں منتخب کیا جائے ۔ غیر عہدے داروں کی دو تہائی اکثریت کے ذریعہ تقریباً 500 دیہی بورڈ بنائے گئے تھے جو ضلعی مجسٹریٹ (ضعلی کلکٹر) پر نامزدگی کے لئے انحصار کرتے تھے ۔ان ضلعی بورڈوں کے کام 1909 تک یہ ہوتے تھے ۔ پولیس، پبلک ورکس، تعلیم اور دیہاتوں کی صحت وصفائی۔

لارڈ رپن کی طرف سے متعارف کردہ دیہی مقامی حکومت پر بہت سی تنقیدیں ہوئیں ۔1907 میں برطانوی حکومت نے ایک کمیشن کا تقرر کیا جس کا کام حکومت ہند اور صوبائی حکومتوں اور ماتحت ذمہ داروں کے درمیان انتظامی اور مالیاتی تعلقات کے بارے میں تحقیقات کرنا تھا اور مروجہ نظام کی اصلاح کرکے اسے سادہ بنانا تھا ۔حکومت ہند کے ایکٹ 1919 کی

11 pol sc unit 12 Set
Monday, November 22, 2021 7:54:58 AM

منظوری سے مقامی حکومتوں کو اعتماد میں رکھا گیا تھا اور یہ سب دوہرے نظام حکومت کے تحت Provincial حکومتوں کے عناصر کے انتخاب سے ہوتا تھا۔

ٹمل ناڈو میں دیہاتی اداروں کی تعداد 1926 میں 1417 تھی اس میں اضافہ ہوکر 1937 میں 6250 ہوگئی۔ مقامی دیہی اداروں کا تین قطاری نظام ہے یعنی ضلعی بورڈس، تعلقہ بورڈس اور دیہی بورڈس ۔ ضلعی بورڈس اوتعلقہ بورڈس میں 1923 تک تبدیلیاں ہوگئیں ۔ تمام صوبوں میں غیر عہدے دار چیرمن کی جگہ باقاعدہ عہدے دار چیرمن لائے گئے ۔ ٹمل ناڈو میں اکثر ضلعی بورڈس پر جسٹس پارٹی کے ممبران چھا گئے اور وہ 1927 میں 545 کی تعداد میں تھے ۔ 1937 تک 1947 تک مقامی دیہی ذمہ داروں کو بہت سے چیلنجوں کا سامنا کرنا پڑا۔ ان چیلنجوں میں قومی آزادی کی تحریک بھی تھی۔

1947 میں ہندوستان کی آزادی کے بعد ہندوستان میں مقامی حکومتوں کی تجدید کے لئے ایک کوشش کی گئی ۔ گاندھی نے ہندوستان میں مرکزیت کو کم کرنے والی انتظامیہ قائم کرنے کے لئے دلائل دئے ۔ انہوں نے دیہاتی پنچایتوں کو حکومت کی ذمہ داری دینے کی بات کی (جسے خودکفیل دیہی آزادی کا نام دیا گیا) شری مان نارائن نے گاندھی کی ترتیب پر آزاد ہندوستان کے لئے گاندھین دستور کا ایک مسودہ شائع کیا جس میں سماجی، اقتصادی اور سیاسی سرگرمیوں کے منظّم کرنے کے لئے پنچایتوں کو بنیادی ادارے قرار دیا گیا تھا ۔ تمدنی سیاسی سرگرمیوں کے منظّم کرنے کے لئے پنچایتوں کو بنیادی ادارے قرار دیا گیا تھا۔ تمدنی سیاسی اور انتظامی رول کے ساتھ پنچایتوں کو اقتصادی رول بھی ادا کرنا تھا تا کہ پیداوار اور تقسیم کے ذرائع کو اس طرح سے منظّم کیا جائے کہ دیہاتی اقدام اپنی اکثر بنیادی ضروریات کو پورا کرنے میں خودکفیل ہوجائیں۔

لہذا دفعہ 40 کو دستور ہند میں داخل کیا گیا اور اسے قانونی حیثیت دی گئی اور اسے ریاستی پالیسی کے رہنما اصول کے طور پر حصہ IV میں جگہ دی گئی جسے 26 نومبر 1949 میں اپنایا گیا۔ دفعہ 40 اس بات کی وضاحت کرتی ہے کہ ریاستی حکومت دیہاتی پنچایت کو منظّم کرنے کے لئے اقدامات کرے اور دیہاتی پنچایت کو اس طرح کے اختیارات دے کہ وہ خودکار مقامی حکومت کی اکائی بن کر کام کرے۔

ریاستی پالیسی کے رہنما اصول کے سہولتوں کی تکمیل، ایک پسندیدہ دیہاتی سکٹر کا آغاز ، کمیونٹی ترقیاتی پروگرام کو 1952 میں شروع کیا گیا اس کا اہم مقصد تھا لوگوں کے خاص جمہوری اور کوآپریٹو تنظیموں کے ذریعہ حکومت کے فراہم کردہ تکنیکی خدمات اور قرضوں کے ساتھ سماجی اقتصادی تبدیلیوں کو حاصل کرنا۔ اس پروگرام کو بہت سارے بلاکوں تک توسیع کیا گیا اور اسے قومی توسیعات سروس کے مقصد سے زرعی، جانوروں کی خانہ داری اور دیہی حرفتی سکٹرس تک سائنسی اور تکنیکی معلومات پہنچانا تھا۔

1956 میں دوسرے پنج سالہ منصوبہ (1956 تا 1961) کے تحت اس بات کی سفارش کی گئی کہ دیہی پنچایتوں کا رابطہ اعلیٰ سطح میں مشہور تنظیموں سے ہونا چاہئے اور مشہور ادارے پوری انتظامیہ کو اپنے ہاتھ میں لیں ۔ 1957 میں حکومت ہند نے ایک کمیٹی کا تقرر کیا جس کا منصوبہ بند پروجیکٹ بلونت رائے مہتا کے چیرمن شپ میں تھا۔ اس مہتا کمیٹی نے دو نکات کی سفارش کی اس کے نام یہ ہیں۔ پہلی بات یہ ہے کہ انتظامیہ کو مرکزیت سے آزاد ہونا چاہئے اور انتظامیہ مقامی اداروں کے کنٹرول میں رکھنا چاہئے۔

دوسری بات یہ کہ کمیونٹی ڈیولپمنٹ بلاک کو اس طرح ڈیزائن کرنا چاہئے کہ ایک منتخب پنچایت یونین کے ساتھ انتظامی جمہوری اکائیاں ہوں تا کہ علاقہ میں ترقیاتی کارروائی کو آسانی سے

11 pol sc unit 12 Set
Monday, November 22, 2021 7:54:59 AM

چلایا جاسکے ۔اس نے یہ بھی سفارش کی کہ ضلعی ترقیاتی کونسل کی تشکیل بھی ہونی چاہئے (جسے ضلع پریشد) کہا جاتا ہے اور یہ ضلعی سطح پر ہونا چاہئے جس میں پنچایت یونینوں کے صدور ہوں، MLA ہوں اور MP ہوں ۔ان سب کا جانوروں کے علاج اور تعلیمی محکمہ سے تعلق والے ہوں وہ ممبر ان ہوں اور کلکٹر کا چیرمن ہو۔ یہ ضلعی ادارہ صرف ایک مشاورتی ادارہ ہے۔ مہتا کمیٹی کی سفارشات کا استقبال کیا گیا اور پنچایتی راج قانون ساز مجلس بنائی گئی اور 1960 تک تقریباً 90 فی صد آبادی ان پنچایتی راج اداروں کے تحت آ گئی۔

1977 میں حکومت ہند نے اشوکا مہتا کے چیرمن شپ میں ایک کمیٹی تشکیل کی ۔اس کمیٹی کا کام پنچایتی راج اداروں میں جا کر ساتھ دینا اور اسے مضبوط کرنے کے لئے اقدامات کے سلسلہ میں مشورے دینا تھا۔اس کمیٹی نے سفارش کی کہ پنچایتی راج کو جمہوری مقامی حکومت کے نظام کے ساتھ ضم ہو جانا چاہئے اور میونسپل کی ترقی اور کاموں کو منظّم کرنے کی ذمہ داری ادا کرنی چاہئے ۔لہذا پہلی سفارش کے ذریعہ ڈسٹرکٹ پنچایت (ضلع پریشد) کو براہ راست منتخب ادارے کے طور پر سیٹ اپ کیا گیا۔ عارضی انتظام کے طور پر کمیٹی نے بلاک کی سطح پر پنچایت یونین کے تسلسل کی سفارش کی ۔مقامی خود کار حکومت کی اکائی کے طور پر نہیں بلکہ ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کونسل کے لئے نامزد اوسط درجے کی مدد کے طور پر ۔اشوکا مہتا کمیٹی نے اپنی رپورٹ کو 1978 میں پیش کیا جسے ہاتھوں ہاتھ لیا گیا اور اس کے پیش ہونے کے بعد بہت سی ریاستوں نے اپنے علاقے کے پنچایت قوانین میں مناسب ترمیمات کا آغاز کیا ۔جیسے ریاست کرناٹک مہاراشٹرا، آندھرا پردیش، مغربی بنگال اور گجرات۔

1978 اور 1986 کے درمیان متعدد کمیٹیاں بنیں ۔ان سب کا مقصد خود کار مقامی حکومتی اداروں کو مضبوط کرنے کے لئے مختلف طریقے اپنایا تھا۔ جیسے سی ہچ ہنومانتھا راؤ کمیٹی G.V.K راؤ کمیٹی اور یل یم سنگھوی کمیٹی ۔ان کمیٹیوں کے ذریعہ اشوکا مہتا کمیٹی کے مقابلہ میں صرف چھوٹی موٹی تبدیلیوں کی سفارش کی گئی ۔اگلا نمایاں قدم 64واں اور 65واں دستوری ترمیمی بل رہا جسے جولائی 1989 میں راجیو گاندھی حکومت نے لایا تھا جسے کونسل آف اسٹیس (راجیہ سبھا) میں پاس نہیں کیا گیا۔

بہت سی کوششوں کے بعد 1992 میں اس معاملہ میں پرانے تجربوں سے اہم خصوصیات کو لیتے ہوئے حکومت نے پارلیمنٹ میں 73ویں اور 74ویں دستوری ترمیمی بل کو مرتب کر کے پیش کیا جسے ہندوستانی پارلیمنٹ نے 1993 میں منظوری دی۔اس 73ویں اور 74ویں دستوری ترمیمی بل نے دستور ہند میں موجود دفعات 243 تا 24329 میں نئے حصے IX اور IXA متعارف کروائے۔

12.5 73/ویں دستوری ترمیم-نافذ کرنا اور نتیجہ نکالنا (پنچایت راج ایکٹ)

73rd Constitutional Amendment - implementation and implications. (Panchayat Raj Act)]

73ویں دستوری ترمیم میں دفعہ 243B جسے داخل کیا گیا تھا ریاستوں اور یونین حکومتوں کو برابر کرتی ہے سوائے اس کے کہ جہاں آبادی 20 لاکھ سے زائد ہو تو وہاں تین قطاری نظام پنچایت کو لاگو کیا جائے گا جس میں دیہات، درمیانی آبادی اور ضلعی سطح کے شہر ہوں گے۔ جب کہ ضلع کی وضاحت کسی بھی ریاست میں ایک عام ضلع کے طور کی جاتی ہے، دیہات کی عدلیہ اور درمیانی درجہ کی آبادی کو اس دفعہ میں خصوصی وضاحت نہیں ہے۔

11 pol sc unit 12 Set
Monday, November 22, 2021 7:55:00 AM

ایک دیہاتی پنچایت کے عمل داری والے علاقے کو خصوصی ریاست کے گورنر کے نوٹیفیکیشن کے ذریعہ دی جاتی ہے اور وہ ایک سے زیادہ دیہات پر مشتمل ہوتا ہے۔اسی طرح درمیانی درجہ کا شہر جو کہ تعلقہ بھی ہوسکتا ہے یا بلاک،اس کو بھی گورنر کی طرف سے ایک پبلک نوٹیفکیشن کے ذریعہ خصوصی مقام دیا جاتا ہے۔اس سے ایک حد تک ریاستوں کو لچک ملتی ہے جس سے وہ پنچایتوں کی تشکیل نچلی اور درمیانی سطح پر کرتے ہیں۔

ایک نیا شیڈول جو کہ گیارھواں شیڈول ہے ، اسے ہندوستان کے دستور میں داخل کیا گیا ہے جس سے تینوں سطح پر پنچایتوں کے کاموں میں لازمی اور اختیاری سہولت حاصل ہوتی ہے۔

(a) دیہاتی سطح

(b) ضلعی سطح پر ضلعی پنچایت

(c) درمیانی درجہ کی پنچایت جو دیہات اور ضلعی کے پنچایتوں کے درمیان آتی ہے اور جہاں آبادی 20 لاکھ سے زیادہ ہوتی ہے۔

پنچایت میں سارے سیٹوں کی بھرتی راست ملکی و علاقائی حلقہ ہائے انتخاب کے ذریعہ منتخب اشخاص سے ہوتی ہے .اس الیکٹوریٹ کو ''گرام سبھا'' کہا جاتا ہے۔اس میں اس دیہات سے تعلق رکھنے والے لوگوں کے نام الیکٹورل رول میں رجسٹرڈ ہوتے ہیں۔

گیارہواں شیڈول (دفعہ 243G)

- زراعت،جس میں زرعی توسیع شامل ہے۔
- زمینی ترقی ، زمینی اصلاحات کا نفاذ ،زمینوں کو متحد کرنا اور مٹی کی حفاظت
- چھوٹی آب پاشی کی انتظامیہ اور فاصل آب (Water shed) کی ترقی
- جانوروں (مویشیوں) کی خانہ داری،شیر خانہ اور مرغیوں کا پالن
- ماہی گیری
- سماجی جنگل مانی اور خارجی جنگل مانی
- چھوٹے پیمانہ پر جنگل کی پیداوار
- چھوٹی صنعتیں جس میں غذا بنانے والی صنعتیں شامل ہیں۔
- کھادی،دیہاتی اور گھریلو صنعتیں
- دیہاتی گھر
- پینے کا پانی
- ایندھن اور چارہ
- سڑکیں،نالیاں،پل،کشتیاں چلانا،آبی راستے اور مواصلات کے دوسرے ذرائع
- دیہاتی بجلی کا انتظام جس میں بجلی کی فراہمی بھی ہے
- غیر روایتی توانائی کے ذرائع
- غربت کی تخفیف کے پروگرام
- تعلیم جس میں پرائمری اور سکنڈری اسکول کی تعلیم شامل ہے۔
- تکنیکی ٹریننگ اور حرفتی تعلیم
- تعلیم بالغان اور غیر رسمی تعلیم
- لائبریاں
- ثقافتی سرگرمیاں
- مارکیٹ،اور نمائش (ایگزیبیشن)
- صحت اور صحت وصفائی جس میں ہسپتال، پرائمری ہیلتھ اور دواخانے شامل ہیں۔
- خاندانی بہبود
- ترقی خواتین واطفال
- سماجی بہبود جس میں معذور اور دماغی معذور لوگوں کی بہبودی شامل ہے۔
- کمزور طبقات کی بہبودی خصوصیت سے شیڈولڈ کاسٹ اور شیڈولڈ ٹرائب
- عوامی تقسیم کا نظام
- سماج کے اثاثوں کی خبر گیری

11 pol sc unit 12 Set
Monday, November 22, 2021 7:55:00 AM

ہر پنچایت کے چیر پرسن کا انتخاب ریاستی قانون کے مطابق ہوتا ہے اور اس طرح کے قانون دیہاتوں، درمیانی پنچایتوں اور ضلعی پنچایتوں، یونین اور ریاستی مجلس قانون ساز کے چیر پرسنوں کی نمائندگی کے لئے بنایا گیا ہے۔

لہذا نئے ترمیمی ایکٹ سے سہولت ہوئی کہ پنچایت یونین کونسلوں اور ضلعی پنچایتوں میں MP اور MLA کی شرکت اور حصہ داری ہو۔ ترمیمی ایکٹ تین قطاری حکومت میں شیڈول کاسٹ اور شیڈول ٹرائب کے لئے سیٹوں کا تخصص کرتا ہے اور خواتین کے لئے کم از کم ایک تہائی سیٹیں مخصوص ہوتی ہیں۔ پنچایتوں کی میعاد پانچ سالہ ہوتی ہے۔

قانون یہ ہے کہ جو بھی شخص ریاستی لیجسلیچر کے لئے منتخب ہونے کی اہلیت رکھتا ہے اس کو پنچایت کا منتخب ممبر ہونا ضروری ہے۔ گیارھویں شیڈول میں پنچایتوں کی ذمہ داریوں کو واضح انداز میں دیا گیا ہے، قومی مالیاتی کمیشن کی طرح دستوری ترمیمی ایکٹ بھی ریاستی فائناس کمیشن کو سہولت فراہم کرتا ہے کہ مالیاتی امداد کا تبادلہ ریاستی حکومت سے مقامی حکومتوں کو تبادلہ کرنے کی سفارش کرے۔

کیا تم جانتے ہو؟

2011 کے مردم شماری کے مطابق ہندوستان میں تقریباً 2,50,000 قریہ جات ہیں۔

انجام کار 73ویں دستوری ترمیم کے مطابق اسی کے ساتھ سپریم کورٹ کے قوانین کے مطابق مؤثر طریقہ سے یہ فرمان جاری کیا گیا کہ مقامی حکومتوں کے ساتھ بھی مرکزی حکومت اور ریاستی حکومت کے جیسا برتاؤ ہونا چاہئے۔ وہ پنچایتیں جو ٹھوس طریقہ سے قانونی طور پر منظور شدہ حکومت کے ایسے ادارے ہیں اور جسے دیہاتی لوگوں کے لئے جمہوریت کا شرکتی ڈھانچہ بنایا گیا ہے۔ دستوری ادارے جیسے ریاستی الیکشن کمیشن اور ریاستی فائناس کمیشن نے بھی ان اداروں کو استقلال اور استحکام دیا ہے تاہم اکثر پنچایتوں کے ساتھ برتاؤ ریاست کی ایجنسیوں کی طرح کیا جاتا ہے تاکہ مجوزہ اسکیموں کا نفاذ ہو۔ یہاں تک کہ ضروری خدمات جیسے پینے کے پانی کی فراہمی، دیہی صحت وصفائی، محفوظ صحت اور ابتدائی تعلیم وغیرہ کو قانونی طور پر منظور کرلیا گیا ہے۔ کلکٹر کے کنٹرول کے تحت ضلعی انتظامیہ کی ساخت، نچلی سطح پر خصوصی طور پر افقی تعاون کی کمی کی وجہ سے سیاست کے نئے زمانے کے طریقہ کار میں کچھ غلطی ہوئی ہے۔ مقامی انتظامیہ کو شہریوں کے حق میں زیادہ جواب دہ، ذمہ دار اور شفاف ہونے کے لئے اس بات کی ضرورت ہے کہ صرف یونین اور ریاستی حکومت ہی میں نہیں بلکہ ڈسٹرکٹ (ضلعی) اور دیہاتی سطح پر بھی نمائندہ حکومت کی ضرورت ہے اور ان میں کاموں کی ٹھیک تقسیم ہونی چاہئے۔

کیا تم جانتے ہو؟

پنچایت راج (1959 تا 2009)

گولڈن جوبلی کا سال۔ 2 اکتوبر 1959 کو پنڈت جواہر لال نہرو نے راجستھان کے ناگاور میں پنچایتی راج کی بنیاد رکھی اور ہندوستان کے دیہی مقامی حکومتوں کے پس منظر میں یہ ایک انقلابی اقدام تھا۔ دیہاتوں کے جامع ترقیاتی پروگرام اور لوگوں کے ہاتھوں میں اقتدار دینے کے سلسلے میں یہ سفر رہا۔

11 pol sc unit 12 Set
Monday, November 22, 2021 7:55:01 AM

تین قطاری پنچایتی راج نظام
73ویں دستوری ترمیم کے تحت (1993)

- ضلعی پنچایتیں (منتخب اور نامزد)
- پنچایت یونین کونسل (منتخب)
- دیہی پنچایتیں (منتخب)
- گرام سبھا (ایک دیہات میں سارے ووٹرس)

(مشاورتی ادارہ)

کیا ہم جانتے ہو؟

گرام سبھا کی مجلسیں سال میں 6 مرتبہ منعقد کی جاتی ہیں۔یعنی جنوری 26 (یوم جمہوریہ)، مارچ 22 (عالمی یوم آب)، یکم مئی (مزدور کا دن)، اگست 15 (یوم آزادی)، اکتوبر 2 (گاندھی جینتی)، اور یکم نومبر (مقامی حکومت کا دن)

12.6 74ویں دستوری ترمیم-نفاذ اور بجٹ ونتائج (نگر پالیکا بل)

(74th Constitutional Amendment Implementation and implications (Nagarpalika Bill)

74ویں دستوری ترمیم کے تحت شہری علاقوں میں منتخب قسم کے میونسپل ادارے ہیں جو کردار، سائز اور اہمیت کے حوالہ سے مختلف ٹاؤن اور شہر تشکیل پائے ہیں۔میونسپل کارپوریشن، میونسپل کمیٹیاں، نوٹیفائیڈ ایریا کمیٹیاں، ٹاؤن ایریا کمیٹیاں اور کنٹونمنٹ بورڈ یہ سب میونسپل اداروں کی مختلف اقسام ہیں اور ان میں سے پہلے چار اقسام ریاستی میونسپل قوانین کے تحت بنائے جاتے ہیں۔فوجی چھاؤنیاں کنٹونمنٹ بورڈس مرکزی حکومت کے 1924 کنٹونمنٹ ایکٹ کے تحت بنے ہیں۔

اکثر ریاستوں میں شہری مقامی اداروں کی یہ ساری اقسام موجود ہوتی ہیں سوائے ٹاؤن ایریا کمیٹوں کے جنہیں منسوخ کرکے درجہ III میونسپل کمیٹیوں میں تبدیل کردیا گیا ہے۔ٹاؤن ایریا کمیٹیاں نیم میونسپل کمیٹیاں ہوتی ہیں جو چھوٹے ٹاون کے لئے بناتی جاتی ہیں اور اس کا علاحدہ ایکٹ ریاستی لیجسلٹو اسمبلی میں ہوتا ہے۔

1992 میں 74ویں دستوری ترمیم کے بعد حکومت ہند نے جون 1993 میں ترمیم کو متعین کیا۔1992 کا ایکٹ ایک سال کے لئے لایا گیا تھا اور ریاستوں کو اس میں ترمیم وتبدیل کرکے بہتر بنانے کی ضرورت تھی تاکہ اسے مرکزی ترمیم کے ساتھ ضم کردیا جائے۔مختلف ریاستوں اور یونین حکومتوں نے قوانین اپنائے تاکہ اپنے عدلیہ کے نظام کے میں شہری مقامی اداروں پر اختیارات رکھے جائیں۔مثال کے طور پر پنجاب حکومت نے 1998 میں پنجاب میونسپل بل نافذ کیا تاکہ 1911 کے پنجاب میونسپل ایکٹ کو بدلا جائے۔

74ویں دستوری ترمیم میں شہری مقامی اداروں نے تین قطاری ساخت کو تجویز کیا گیا تھا۔ان کے نام یہ ہیں۔ناگر پنچایت یا ٹاؤن پنچایت، میونسپالٹیاں اور میونسپل کارپوریشن۔ان تین مذکورہ شہری مقامی اداروں کے بارے میں ہم مختصر طریقہ سے بحث کریں گے۔

نگر پنچایت یا ٹاؤن پنچایت :
(Nagar Panchayat or Town Panchayat)

نگر پنچایت یا ٹاؤن پنچایت عبوری حکومت کے علاقوں کے لئے بنائی جاتی ہے یعنی اس علاقہ میں جو دیہاتی علاقہ سے تبدیل ہوکر شہری علاقہ میں آنے تک عبوری دور میں ہوتا ہے وہاں کے لئے یہ پنچایت ہوتی ہے۔اس علاقہ کی آبادی 5000 یا 15000 سے کم ہوتی ہے۔اور ٹیکس سے حاصل ہونے والی مالیات

11 pol sc unit 12 Set
Monday, November 22, 2021 7:55:01 AM

اور ذرائع آمدنی سالانہ فی کس حکومت وقت کے ساتھ متعین کرتی ہے ۔ ہر ناگر پنچایت ایک اجتماعی ادارہ ہوتا ہے اور اس کی دائمی موروثیت ہوتی ہے اور اس کی ایک مشترکہ نشست ہوتی ہے جہاں قوت واقتدر ہوتا ہے یا جائیدادوں کو ٹھکانے لگایا جاتا ہے اور دعوی کیا جاتا ہے۔

ٹاؤن پنچایت میں اسی طرح کے منتخب ممبران ہوتے ہیں جن کی تعداد 9 سے کم نہیں ہوتی اور 15 سے زیادہ نہیں ہوتی ہے جیسا کہ ریاستی حکومت نے اس کے قوانین متعین کئے ہیں ۔ MLAs ان حلقہ ہائے انتخاب کی نمائندگی کرتے ہیں جن میں عبوری علاقے شامل ہوتے ہیں یا اس سے متعلق کوئی حصہ اور ریاستی حکومت سے نامزد شدہ دو ممبران ان اشخاص میں سے جو میونسپل انتظامیہ میں خصوصی معلومات یا تجربہ رکھتے ہوں۔ان نامزد شدہ ممبروں کو ٹاؤن پنچایت کی میٹنگوں میں ووٹ دینے کا حق نہیں ہوتا ہے۔ٹاؤن پنچایت کی میعاد 5 سال ہوتی ہے۔

حکومت عبوری علاقوں کو متعدد عمل داری والے حلقہ ہائے انتخاب میں تقسیم کرے گی ۔ان تقسیم شدہ حصوں کو وارڈس کہا جاتا ہے اور ہر وارڈ صرف ایک ممبر کا انتخاب کرسکتا ہے۔ٹاؤن پنچایت ے جملہ سیٹوں کی بھرتی براہ راست الیکشن سے ہوتی ہے ۔سیٹیں شیڈول کاسٹ (SC) اور شیڈول ٹرائب (ST) کے لئے مخصوص ہوتی ہیں اور ان سیٹوں کا تخصص پوری آبادی میں سے SCs اور STs کے لئے مساوی تناسب سے ہوتا ہے ۔اس کے ساتھ جملہ سیٹوں میں سے ایک تہائی سیٹیں خواتین کے لئے مخصوص ہوتی ہیں۔ ٹاؤن پنچایت کے ممبران اپنی ممبروں کے درمیان میں سے منتخب ہوں گے ۔ڈپٹی کمشنر نے ایک صدر اور ایک نائب صدر کو طلب کیا۔ ہر ٹاؤن پنچایت اپنے فرائضی کام کرے گی جیسے پانی کی فراہمی ، پانی کی نکاسی ،گلیوں کی صفائی وغیرہ۔ ہر ٹاؤن پنچایت کے لئے ریاستی حکومت کی طرف سے ایک ایگزیٹو افسر کا تقرر ہوگا۔

میونسپل کونسل : (Municipal Council)

ایک میونسپل کونسل یا میونسپالٹی چھوٹے شہر کے لئے بنائی جاتی ہے جس کی آبادی 15000 یا اس سے زیادہ ہوتی ہے مگر 3 لاکھ سے کم ہوتی ہے اور ٹیکسوں سے حاصل ہونے والی مالیات سالانہ فی کس کے ساتھ ساتھ ریاستی حکومت متعین کرتی ہے۔

میونسپالٹی گریڈ	آبادی
کلاس-A	1 لاکھ یا اس سے زیادہ
کلاس-B	50,000 - ایک لاکھ سے کم
کلاس-C	50,000 سے کم

ایک میونسپل کونسل یا میونسپالٹی A گریڈ میں منتخب ممبران 20 سے کم اور 50 سے زیادہ نہیں ہوتے ہیں ۔ کلاس B میں 15 تا 30 اور گلاس C میں 10 تا 15 ممبران ہوتے ہیں ۔ ریاستی لیکسلیٹو اسمبلی کے وہ ممبران جو میونسپل ایریا کے حلقہ ہائے انتخاب میں نمائندگی کرتے ہیں وہ میونسپل کونسل کے سابق عہدیدار اور افسران ہوتے ہیں ۔ریاستی حکومت کی طرف سے تین ممبروں سے زیادہ نامزد نہیں کئے جاتے ہیں ۔ان کے نامزد ممبروں کو چیر پرسن اور نائب چیر پرسن کے انتخاب میں ووٹ دینے کا حق نہیں ہوتا ۔ ممبران کا انتخاب مخفی بیلٹ کے ذریعہ ہوتا ہے۔

پورے میونسپل علاقہ کو وارڈوں میں تقسیم کردیا جاتا ہے جتنے کونسلز منتخب ہوتے ہیں اس حساب سے وارڈ بنادئے جاتے ہیں۔ 10، 15، 30 کوئی بھی تعداد ۔ میونسپل علاقہ سے تعلق

11 pol sc unit 12 Set
Monday, November 22, 2021 7:55:02 AM

رکھتے ہوئے لیجسلٹیو اسمبلی کے الیکٹرول رول ووٹرس کی فہرست سے لئے جاتے ہیں ۔الیکشن لڑنے والے امیدواروں کو نشانات دئے جاتے ہیں۔منظور شدہ سیاسی پارٹیوں کے نشانات صرف انہی امیدواروں کو دئے جاتے ہیں جو ان پارٹیوں سے تعلق رکھتے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر کو منتخب ممبران کی میٹنگ الیکشن کے نتائج کے اعلان کے 14 دنوں کے اندر طلب کرنا ہوتا ہے تا کہ عہدے داروں سے حلف لیا جائے اور صدر اور نائب صدر کا انتخاب کیا جائے ۔ ٹاؤن پنچایتوں کی طرح سیٹیں SCs اور STs کے لئے مخصوص کی جاتی ہیں۔SCs اور STs کے ساتھ شامل کرتے ہوئے 30 فی صد سیٹ جملہ سیٹوں میں سے خواتین کے لئے مخصوص کی جاتی ہیں۔

74 ویں دستوری ترمیم وارڈ کمیٹیوں کی تشکیل کرتی ہے جس میں ایک یا زیادہ وارڈس میونسپالٹی کے عمل داری والے علاقے میں ہوتے ہیں جہاں آبادی 3 لاکھ یا اس سے زیادہ ہو۔ ایک وارڈ کی نمائندگی کرنے والا میونسپالٹی کا ممبر وہاں کی وارڈ کمیٹی کا ممبر ہوتا ہے ہر ایک میونسپالٹی کے لئے اسٹینڈنگ کمیٹیاں تشکیل کی جاتی ہیں ۔جن میں صدر، سیئر نائب صدر اور ناب صدر اور کلاس A کے لئے 4 دیگر ممبران، کلاس B کے لئے 2 اور ان کی میعاد ڈھائی سال ہوتی ہے ۔میونسپاٹی کے عہدیداروں کی مدت 5 سال ہے۔ منتخب میونسپالٹی کو اس وقت تحلیل کیا جاسکتا ہے جب وہ قوانین کے مطابق ٹھیک سے کام نہ کرے۔

میونسپل کونسل کی میٹنگ کم از کم مہینہ میں ایک مرتبہ ہوتی ہے، صدر اس کی صدارت کرتا ہے یا اس کی غیر حاضری میں نائب صدر، میونسپل کونسل میں جب کام زیادہ ہوجائے تو ذیلی کمیٹیاں بنادی جاتی ہیں ۔ان کمیٹیوں میں کونسلرس ہوتے ہیں تا کہ گہرائی سے مسائل کا مطالعہ کریں اور ان کے حل کے لئے سفارشات کریں۔ذیلی کمیٹیاں دو قسم کی ہوتی ہیں۔قانونی کمیٹیاں اور غیر قانونی کمیٹاں ۔میونسپل ااداے بھی خصوصی ذیلی کمیٹیوں کا تقرر کرتی ہیں چند خصوصی مقاصد کے لئے اور انتخاب کے لئے وہ وہی طریقہ کار اختیار کرتے ہیں جو طریقہ کار اسٹینڈنگ ذیلی کمیٹیوں کی تشکیل میں اختیار کیا جاتا ہے۔

میونسپل کونسل اپنے ممبروں میں سے ایک مہینہ کے اندر صدر کا انتخاب کرتی ہے۔الیکشن کے ہونے کے بعد میونسپل کونسل کی تشکیل ہوتی ہے اس کا صدر 5 سال کی میعاد کے لئے منتخب ہوتا ہے ۔اس کے علاوہ میونسپل کونسل ایک یا دو نائب صدر کا بھی انتخاب کرتی ہے۔میونسپالٹیوں کے صدر سفر خرچ کے علاوہ ماہانہ تنخواہ بھی پاتے ہیں۔صدر میونسپل کونسل کا اجلاس بلاتا ہے اور اس کی صدارت کرتا ہے ۔صدر کو اختیار ہوتا ہے ہے کہ مجرمانہ کارروائی کرنے والے کونسلروں کی تادیبی کارروائی کرے۔صدر ہی میونسپل کونسل کا چیف ترجمان ہوتا ہے او سارے کاموں کی نمائندگی کرتا ہے اور حکومت سے مراسلت بھی کرتا ہے۔

ریاستی حکومت ہر میونسپالٹی میں ایک ایگزیٹو ممبر افسر کا تقرر کرتی ہے ۔ ایگزیکٹو افسر اس عاملہ (Executive) کی سربراہی کرنے والا ذمہ دار ہوتا ہے جو سارے کاموں کی تعمیل کرتا ہے اور سب کے کاموں کی نگرانی کرتا ہے اور میسونسپالٹی کی سرگرمیوں کی رپورٹ کونسل کو پیش کرتا ہے ۔ میونسپل میونسپالٹی کا

100
95
75
25
5
0
11 pol sc unit 12 Set
Monday, November 22, 2021 7:55:02 AM

دستور کا بارھواں شیڈول : میونسپالٹیوں کے اختیارات اور ذمہ داریاں :

(Twelfth Schedule of the constitution : Powers and Responsibilities of Municipalities)

- شہری منصوبہ بندی اس کے ساتھ ٹاون پلاننگ
- زمینوں کے استعمال اور تعمیرات کے قواعد
- اقتصادی اور سماجی ترقی کے لئے منصوبہ بندی
- سڑکیں اور پل
- گھریلو ضروریات کے لئے پانی کی فراہمی
- صحت عامہ، صحت و صفائی کی حفاظت اور ٹھوس ناکارہ اشیاء کا انتظام
- شہری جنگل پانی، ماحول کا تحفظ اور ماحولیاتی پہلو کی ترقی
- آگ بجھانے کی خدمات
- سماج کے کمزور طبقات کے مفادات کی حفاظت جس میں معذور اور ذہنی معذور افراد بھی شامل ہیں۔
- گندے علاقوں کی بہتری اور ترقی
- شہری غربت کی تخفیف
- شہری خوش گواری کی فراہمی اور سہولیات جیسے پارکوں، باغات اور کھیل کے میدانات کی فراہمی
- ثقافتی، تعلیمی اور جمالیاتی پہلو سے ترقی
- قبرستان او رمردوں کو جلانے کی جگہیں اور مردوں کو جلانے برقی آلات
- مویشیوں کے لئے جھیلیں، جانوروں پر ظلم کو روکنا۔
- ہمہ قسم کی شماریات جس میں پیدائش اور موت کی رجسٹریشن
- ہمہ قسم کی شماریات جس میں پیدائش اور موت کی رجسٹریشن
- عوامی خوشگواریوں جس میں سڑکوں کے لائٹ، پارکنگ، بس اڈے اور عوامی سہولتیں
- ذبح خانوں اور ٹینریوں کے قواعد

حکمران ادارہ ہے جو میونسپل انتظامیہ کا ذمہ دار ہے۔ وہ قوانین کے تحت احکام جاری کرتا ہے کونسل کے میٹنگوں کے اوقات مقرر کرتا ہے، نوٹسیں دیتا ہے، میٹنگوں کو روکتا ہے۔

کونسلروں سے امیدوار توقع کی جاتی ہے کہ وہ شہریوں سے روابط رکھیں گے اور اس کا جائزہ لیں گے اور مناسب انتظامی سربراہ تک بات پہنچائیں گے یا کونسل کی میٹنگوں میں اس بات کو رکھیں گے۔ میونسپالٹیوں کے اختیارات اور ذامہ داریوں کو دستور کے بارھویں شیڈول میں محفوظ کیا گیا ہے۔

74ویں دستوری ترمیم ضلع کی منصوبہ بندی کے لئے کمیٹی کی تشکیل کرتی ہے تا کہ پورے ضلع کے لئے ایک مکمل ترقیاتی پلان بنانے ضلعی پنچایتوں اور میونسپالٹیوں کے طرف سے بنائے گئے۔ منصوبوں کو کمیٹی جوڑے گی۔ ضلعی منصوبہ بند کمیٹی 1992 ایکٹ سے بنائی گئی اس میں کمیٹی کے جملہ ممبروں میں سے 4/5 سے کم نہیں ہوں گے۔ ان کا انتخاب پنچایت کے ممبروں میں سے ضلعی سطح پر ہوتا ہے۔ اس کا تناسب دیہی علاقوں اور شہری علاقوں کی آبادی کے حساب سے ہوتا ہے۔

میونسپالٹیوں کو اختیارات دئے گئے ہیں کہ وہ اپنے فرائض اور کاموں کو پورا کرنے کے لئے آمدنی کے ذرائع بڑھائے جیسے ٹیسکوں اور فیسوں میں اضافہ کرے۔ مثال کے طور پر زمینوں پر ٹیکس، عمارتوں پر ٹیکس، صفائی کرنے پر ٹیکس، جنگی۔ اشتہارات پر

11 pol sc unit 12 Set
Monday, November 22, 2021 7:55:03 AM

ٹیکس ، آگ بجھانے پر ٹیکس ،سڑکوں اور پلوں پر جنگی (Toll) وغیرہ ۔ 74ویں ترمیمی ایکٹ کے ذریعہ سے ریاستی حکومتوں پر ضروری ہوجاتا ہے کہ وہ ریاستی مالیاتی کمیشن کی تشکیل (اس ایکٹ کے پاس ہونے کی تاریخ سے) ایک سال کے اندر اندر کرلیں۔

ریاستی مالیاتی کمیشن مندرجۂ ذیل امور کے متعلق سفارشات کرے گی۔

(i) ریاستی حکومت اور میونسپالٹیوں کے درمیان ٹیکسوں، ڈیوٹیوں، چنگیوں اور فیسوں کی تقسیم چاہے وہ مخصوص ہوں یا ریاست کی طرف سے مقبوضہ ہوں۔

(ii) اس طرح کے وصولات کا ریاست کی تمام میونسپالٹیوں کے درمیان حصوں کا تعین کرنا۔

(iii) ٹیسکوں ڈیوٹیوں چنگیوں اور فیسوں کا تعین مخصوص ہو یا میونسپالٹیوں کی طرف سے مقبوضہ ہو،

(iv) ریاست کے فنڈ کے لئے امداد کی منظوری

(v) میونسپالٹیوں کی مالیاتی حالت کو بہتر بنانے کے لئے اقدامات کی ضرورت

لیکن عملاً ہمارے ملک کی میونسپالٹیاں صرف وہی کام اپنے ذمہ لیتی ہے جو خصوصی طور پر ان کے سپرد کی جاتی ہیں جو کہ ترتیب وار ریاستی قوانین کے اجراء سے عمل میں آتی ہیں۔اس طرح کا پابند حکم طریقہ میونسپل افعال کے لئے زیادہ دن تک برقرار نہیں رہتا ہے اور تبدیل شدہ پس منظر اور ملک کی ضروریات کو زیادہ وقت تک تھامنے والا نہیں ہوتا ہے۔ ریاستی حکومت کے حصہ کے طور پر بڑھتی ہوئی رغبت رہی ہے جو مقامی کامیابوں کو زیادہ سے زیادہ اٹھاتی ہے چاہے وہ براہ راست یا خصوصی مقاصد پر بننے والی ایجنسیوں کے ذریعہ کسی بھی طرح انجام پائے۔

میونسپل کارپوریشن : (Municipal Corporation)

ہندوستان میں شہری مقامی حکومت کارپوریشنوں کو سب سے اونچا مقام حاصل ہے ۔ یہ میونسپل کارپوریشن ریاستی لیجسلچرس کے بڑے شہروں یا یونین حکومت ہو تو پارلیمنٹ کے لئے بنائے جاتے ہیں ۔شہروں کی درجہ بندی ان کی آبادی کے لحاظ سے کی جاتی ہے ۔اس طرح رقبہ اور ٹیکسوں سے حاصل ہونے والی آمدنی کے حساب سے بھی کی جاتی ہے ۔شروع زمانے میں میونسپل کارپوریشن تین صدر شہروں یعنی بمبئی ،مدراس اور کلکتہ میں قائم ہوئے تھے۔ میونسپل کارپوریشن کی بنیاد مقامی معاملات کے انتظام کے جمہوری اصول پر ہے اور وہ اس شہر کے لوگوں کی نمائندگی سے چلتا ہے ان نمائندوں کو شہر والے متعینہ میعاد کے لئے منتخب کرتے ہیں۔اس الیکشن میں سارے شہریوں کو رائے دی کا حق ہوتا ہے اور اس ادارے میں SCs اور STs اور خواتین کے لئے مخصوص سیٹیں ہوتی ہیں ۔ میونسپل کارپوریشن کا امتیاز یہ ہے کہ اس میں غور وفکر کرنے والے اور عاملہ والے بازو قانونی طور پر الگ الگ ہوتے ہیں۔

کارپوریشن کونسل اور اسٹینڈنگ کمیٹیاں غور وفکر کرنے والے اور عاملہ والے بازوؤں کی تشکیل کرتی ہیں ۔وہ کونسل جو منتخب نمائندوں اور چند نامزد شدہ ممبران پر مشتمل ہوتی ہے، قانون سازی کے لئے ذمہ دار ہوتی ہے ۔اسٹینڈنگ کمپنیاں کارپوریشن کے مددگار بن کر کام کرتی ہیں ۔سارے معاملات جو کونسل پاس (منظور) کرتی ہے ۔میونسپل کمشنر کے تجاویز اور سفارشات کے بعد ہی کرتی ہے ۔ میونسپل کمشنر عاملہ کا چیف ہوتا ہے اور کونسل کے ذریعہ ہونے والے فیصلوں کو نافذ کرتا ہے۔

11 pol sc unit 12 Set
Monday, November 22, 2021 7:55:03 AM

ہندوستان میں میونسپل کارپوریشنوں کی ساخت عموماً بمبئی میونسپل کارپوریشن کی طرح ہوتی ہے۔ میونسپل کارپوریشن کی میعاد پانچ سال ہوتی ہے۔ 74ویں ترمیم نے وارڈس کمیٹیاں بنائیں جنہیں کارپوریشن کے علاقوں کے اندر ایک یا دو وارڈس سمجھے جاتے ہیں۔ چیر پرسن کا انتخاب ایک سال کے لئے ہوتا ہے اور وہ دوبارہ منتخب ہونے کی اہلیت رکھتا ہے۔ ایک وارڈ کمیٹی پانی کی فراہمی، پائپوں، نالیوں، پانی کی نکاسی، بارش کی وجہ سے سڑکوں میں جو پانی کھڑا ہو جاتا ہے اس کے نکالنے، ٹھوس ناکارہ، اشیاء کو ہٹا کر راستوں کی صفائی، صحت اور قوت مدافعت کی حفاظت، گندے علاقوں میں شہری خدمات اور وہاں روشنی کا انتظام، سڑکوں کی مرمت، پارکوں کی خبر گیری وغیرہ کی نگرانی کرتی ہے۔

ہر ایک میونسپل کارپوریشن کے پاس ایک اسٹینڈنگ کمیٹی ہوتی ہے جس میں ایک میئر، سینٹر ڈپٹی میئر اور کونسلرس ہوتے ہیں۔ جنہیں ممبروں میں سے منتخب کیا جاتا ہے۔ میئر اسٹیڈنگ کمیٹی کا چیر پرسن ہوگا۔ میونسپل کارپوریشن وہ کمیٹیاں بھی تشکیل کرتی ہیں جو پانی کی فراہمی، نالیوں وغیرہ کے معاملات حل کرتی ہیں۔ ہر سبجکٹ کمیٹی میں کم سے کم تین اور زیادہ سے زیادہ پانچ ممبر ہوتے ہیں۔

سبجکٹ کمیٹی کی میعاد ایک سال ہوتی ہے۔ میونسپل کارپوریشنوں کو مالیاتی ذرائع سے مدد دی جاتی ہے تاکہ وہ اپنے فرائض اچھی طرح سے انجام دیں۔ میونسپل کارپوریشن کے 74ویں ترمیم کے مطابق ذمہ داریوں کو ادا کرنے کے لئے مالیاتی ذرائع فراہم کئے جاتے ہیں۔ دستور کے 12 ویں شیڈول کے مطابق 18 کاموں کی ایک فہرست تیار کی جاتی ہے۔ میونسپل کارپوریشن 73ویں ترمیم کی طرح سے 74ویں ترمیم کے ایکٹ نے بھی ایک کمیٹی فراہم کی ہے جو دارالسلطنت کے شہر کے لئے منصوبہ بندی کرتی ہے۔

اس کمیٹی میں کم از کم 2/3 ممبران ہوتے ہیں جو میونسپالٹیوں کے منتخب ممبروں میں سے اور میٹروپولیٹین علاقے کے پنچایت چیر پرسن میں سے ہوتے ہیں اور ان کا تناسب اس علاقے کی میونسپالٹیوں اور پنچایتوں کی آبادی کے لحاظ سے ہوتا ہے۔

سارے میونسپل کارپوریشن میئر اور ڈپٹی میئر کے دفتر فراہم کرتے ہیں۔ بعض ریاستوں میں میئر کا انتخاب اس میٹروشہر کے تمام سارے ووٹروں کے ووٹ دینے سے ہوتا ہے۔ چند ریاستوں میں میئر کا انتخاب، منتخب کونسلروں میں سے ہوتا ہے۔ میئر کونسل کے میٹنگوں کی صدارت کرتا ہے۔ کام میں سلیقہ برقرار رکھنے کے لئے غور وفکر کرنے میں رہنمائی کرتا ہے اور کونسل کے کاموں سے ریکارڈ میں سے قابل اعتراض چیزوں کو الگ کرتا ہے۔ اسے اختیار ہوتا ہے کہ ممبروں کی بداخلاقی اور بدعنوانی پر وہ انہیں خارج کردے۔ یا معاہدہ اور اتحاد کی صورت میں وہ اپنا ووٹ بھی ڈالتا ہے۔

میونسپل کمشنر کارپوریشن کا چیف ایگزیکٹو افسر ہوتا ہے عموماً کمشنر کو IAS کے افسران میں سے چن کر مقرر کیا جاتا ہے۔ ریاستی حکومت میں کمشنر کا تقرر بڑے نزاع اور اختلاف کا معاملہ ہوتا آرہا ہے۔ کمشنر کے عہدے کی میعاد تین سال ہوتی ہے جسے ریاستی حکومت بڑھا سکتی ہے۔ میونسپل کے قانونی ذمہ داروں میں سے وہ ایک ہے جو کارپوریشن ایکٹ کے امور انجام دیتا ہے۔

11 pol sc unit 12 Set
Monday, November 22, 2021 7:55:04 AM

کارروائی :

بڑے شہر پانچ قسم کے چیلنجوں کا سامنا کرتے ہیں

A۔ جدید ہم عصر منصوبہ بندی کی کمی ہوتی ہے اور اسی طرح عوامی فوائد کے لئے معیاری سہولتیں جیسے کشادہ سڑکیں، فٹ پاتھ، بس اڈے اور دیگر سرزمین استعمالات

B۔ کمزور مالیات، دونوں معاملات میں یعنی مالیاتی استحکام اور مالیاتی کفالت میں شہر میں مشکلات ہوتی ہیں۔

C۔ اسٹاف کی تعداد، اور اسٹاف کی صلاحیتوں، تنظیم میں کمزور، انسانی وسائل کا انتظام

D۔ اختیارات سے خالی میئر اور سٹی کونسل اور میونسپالٹیوں، سیاسی ایجنسیوں اور ریاستی محکموں کے بیچ سخت اختلاف اور توڑ۔

E۔ منظّم طریقہ سے شہریوں کے حصہ لینے کے لئے پلیٹ فارم کا بالکل نہ ہونا اور شہر کے اخراجات میں مالیات کے معاملہ میں شفافیت کا نہ ہونا۔

ذریعہ : ہندوستان کے شہری نظام کا سالانہ جائزہ (سروے)

بشکریہ : دی نیو انڈین ایکسپرس 15.3.2018

12.7 ٹمل ناڈو کا معاملہ
(The Case of Tamil Nadu)

ریاست ٹمل ناڈو کا الیکشن کمیشن 73ویں اور 74ویں دستوری ترمیم کے ذریعہ قائم ہوا، اس کمیشن نے ریاست تمل ناڈو کے مقامی حکومت کی تفصیل دی ہے۔ تمل ناڈو اسٹیٹ الیکشن کمیشن کی وضاحت کے مطابق 73ویں دستوری ترمیم کے ایکٹ (دیہی مقامی اداروں) کے تحت حکومت ٹمل ناڈو دستوری فرائض کی حیثیت سے ان اہم اور ضروری نکات کو لیا ہے۔ ان نکات میں سے ہر دیہات میں گرام سبھا کی تشکیل اور منتخب دیہاتی پنچایت پر اس کی نگرانی اور سالانہ منصوبوں کے لئے پنچایتوں کو گرینٹ کی منظوری، تین قطاری پنچایتوں کی تشکیل یعنی ضلعی پنچایت، پنچایت یونین اور دیہی پنچایت۔ ان کے فرائض یہ ہیں سماج کے کمزور طبقات جیسے STs, STs اور خواتین کے لئے سیٹوں کو مخصوص کرنا، ٹیکسوں کو عائد کرنے کے اختیارات، گرینٹ کی سہولت دینا۔ حکومتی فنڈس سے تفویضات وغیرہ اور یہ سب کام ریاستی فائناس کی تشکیل سے وجود پاتے ہیں۔

74ویں دستوری ترمیمی ایکٹ کے تحت مزید افعال کی سپردگی اور ٹیکس لینے کے اختیارات، ریاستی حکومتوں کے ساتھ مالیاتی حصہ داری، الیکشنوں کا باقاعدہ انعقاد، STs,SCs اور خواتین کے لئے سیٹوں کا تخصص، پورے ملک میں شہری اداروں کی یکساں ترکیب وغیرہ امور فراہم کئے جاتے ہیں۔

73ویں دستوری ترمیم کے تحت 1994 میں ٹمل ناڈو پنچایت ایکٹ پاس ہوا، جو 1958 کے پرانے ٹمل ناڈو پنچایت ایکٹ کی جگہ لیا تھا۔ 1994 کا ٹمل ناڈو پنچایت ایکٹ 1996 میں ترمیم ہوا۔ 1996 کے پنچایت ایکٹ کے مطابق، ترقیاتی ضرورتوں کی منصوبہ بندی، ضلعی پلاننگ کمیٹی کی تشکیل، ریاستی الیکشن کمیشن اور اسٹیٹ فائناس کمیشن کی تشکیل وغیرہ۔ 1994 ایکٹ کے تحت پہلے الیکشن میں 1,17,000 نمائندے مقامی حکومت کے تین حصوں میں پورے تمل ناڈو کے لئے منتخب ہوئے۔

11 pol sc unit 12 Set
Monday, November 22, 2021 7:55:04 AM

کیا تم جانتے ہو؟

ریاست ٹمل ناڈو میں 12620 دیہاتی پنچایتیں، 385 پنچایت یونینیں اور 30 ضلعی پنچایتیں ہیں۔

شہری مقامی حکومتیں :
(Urban Local Government)

شہری مقامی اداروں کے متعلق یہ بات ہے کہ 74ویں میں دستوری ترمیم نے مختلف ریاستوں میں شہری مقامی اداروں کے بنانے کے لئے راہ ہموار کی۔ ٹمل ناڈو کے دیہی اور شہریوں مقامی اداروں کے الیکشن 1996, 2001, 2006 اور 2011 ہوئے۔

12.8 ہم عصر مسائل : (Contemporary Issues)

وقت کے ساتھ ساتھ مقامی حکومتوں کے سلسلہ میں اس لائن کے ماہرین نے بہت سے مسائل ومشکلات کی نشاندہی کی ہے۔ان میں سے جو اہم مسائل ہیں وہ یہ ہیں پہلی بات یہ کہ مقامی حکومتوں کی ذمہ داریاں، بہت پھیل چکی ہیں پہلے کی ذمہ داریوں کے مقابلہ میں ان میں قابل ذکر اضافہ ہو چکا ہے۔

کیا تم جانتے ہو؟

پنچایتی راج (1959 تا 2009)

ٹمل ناڈو میونسپل قوانین (چوتھی ترمیم) بل 2018 اور ٹمل ناڈو پنچایت (دوسری ترمیمی بل) 2018 نے شہری اور دیہاتی مقامی اداروں کے خصوصی عہدے داروں کی میعاد چھ ماہ کی مدت بڑھادیا ہے۔

تفصیل سے سمجھتے ہوئے حکومت کی سطحوں کی اہلیت اور لائن آف کنٹرول، حکومت کے سارے ضروری مواد کے بارے میں غور کیا جائے اور موجود فہرست کی دوبارہ درجہ بندی کی جائے۔ دوسری بات یہ کہ دیہاتی عدالتوں کی خبر گیری بھی ایک ضروری مسئلہ ہے جہاں کی پالیسی ریاستی سطح پر مرکزی ہے اور جسے مقامی حکومت کے لحاظ سے عملاً نہیں رکھا جاسکتا ہے۔

تیسری بات یہ ہے کہ شہری مقامی اداروں پر بہت سے ایسے کاموں کا بھروسہ رکھا جاتا ہے۔ان میں سے بہت سے کاموں کا تعلق ریاستی حکومت کے محکموں سے ہوتا ہے۔

مجموعی اعتبار سے 73ویں اور 74ویں دستوری ترمیمی ایکٹ نے ہندوستان کی مقامی حکومتوں میں اصلاحات لائیں۔ان اصلاحات سے پہلے ہندوستان کی شہری اور دیہاتی مقامی حکومتیں اصلاحات لائیں۔ان اصلاحات سے پہلے ہندوستان کی شہری اور دیہاتی مقامی حکومتیں انگریزوں کی بنائی ہوئی تھیں اور انہی کے طرز پر تھیں۔ان مذکورہ ترمیمات کے نتیجہ میں بہت سی تبدیلیاں واقع ہوئیں۔ اب تک صرف 18 ریاستوں نے اپنی لیجسلیٹو اسمبلیوں میں ان اصلاحات کو منظوری دی ہے۔اسی کے ساتھ بہت سی ریاستی حکومتوں نے ان اصلاحات کی توثیق اور منظوری کے باوجود بہت سے شعبوں میں عملاً اسے نافذ نہیں کیا ہے۔ان مشکلات کی وجہ سے جن کا ذکر پہلے ہوا ہے، جب تک ان مشکلات کو دور نہیں کیا جاتا ہے وہ مقاصد پورے نہیں ہوسکتے ہیں جن مقاصد کے لئے 73ویں اور 74ویں ترمیمات لائی گئیں۔

کیا تم جانتے ہو؟

ٹمل ناڈو میں شہری مقامی اداروں کے طور پر کام کرنے والے 15 میونسپل کارپوریشن، 152 میونسپالٹیاں اور 561 ٹاؤن پنچایتیں موجود ہیں۔

فرہنگ الفاظ : Glossary



میونسپل کارپوریشن : میونسپل کارپوریشن مقامی حکمران ادارے کے لئے ایک قانونی لفظ ہے جو استعمال ہوتا ہے۔ ہندوستان میں میونسپل کارپوریشن یا شہری کارپوریشن ایک مقامی حکومت ہے جو ان شہروں کی انتظامیہ سنبھالتی ہے جس کی آبادی ایک ملین (دس لاکھ) سے زیادہ ہوتی ہے۔

میونسپالٹی : میونسپالٹی عموماً ایک شہری یا انتظامیہ حصہ ہوتی ہے جس میں مقامی حکومت یا عدلیہ کے اختیارات ہوتے ہیں جس کی منظوری قومی یا ریاستی قوانین کے تحت ہوتی ہے وہ جس ریاستی یا قومی حکومت کے تابع ہوتی ہے۔

11 pol sc unit 12 Set
Monday, November 22, 2021 7:55:05 AM

فوجی چھاؤنی بورڈ : (Cantonment Board)
کنٹونمنٹ بورڈ ہندوستان میں ایک شہری انتظامیہ کا ادارہ ہے جو وزارت دفاع کے کنٹرول میں ہوتا ہے۔اس بورڈ میں منتخب اراکین کے ساتھ سابق افسران اور نامزدشدہ ممبران ہوتے ہیں اور وہ 2006 کے کنٹونمنٹ ایکٹ کے تحت ہوتا ہے

ٹاؤن پنچایت : ٹاؤن پنچایت اس ٹاؤن میں ہوتی ہے جہاں کے لوگوں کی آبادی 20000 سے 25000 تک ہوتی ہے ۔اس کی تشکیل پنچایتی راج نظام کے تحت ہوتی ہے۔

پنچایتی راج : پنچایتی راج عموماً اس مقامی نظام حکومت کو کہا جاتا ہے جس کو 1992 کے دستوری ترمیم کے تحت شروع کیا گیا

گرام سبھا : گرام سبھا وہ ادارہ ہے جس میں وہ سارے لوگ ہوتے ہیں جن کے نام الیکٹورل رول میں شامل ہوتے ہیں ۔ پنچایتی یا دیہاتی سطح پر۔

میئر : میئر وہ شخص ہوتا ہے جس کا انتخاب اس گروپ کی قیادت کے لئے ہوتا ہے جو ٹاؤن یا شہر پر حکومت کرتا ہے۔

وارڈ : وارڈ ایک مقامی منتخب علاقہ ہوتا ہے جو اکثر الکیٹرول مقاصد کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

نگر پالیکا : ہندوستان میں نگر پالیکا ایک مقامی شہر یا ادارہ ہے جو 100000 یا اس سے زیادہ کی آبادی کا انتظام کرتا ہے۔

کونسلر : کونسل کے ممبر کو کہتے ہیں۔

دوہری حکومت (Dyarchy) : وہ حکومت جو دو آزاد ذمہ دار اداروں سے چلتی ہے (خصوصاً ہندوستان میں 1919 تا 1935 چلنے والی حکومت)

مشق Evaluation

I۔صحیح جواب منتخب کیجئے:

1۔ مدراس (چنئی) میونسپل کارپوریشن کب قائم ہوا ؟

1870 (a) 1882 (b) 1687 (c) 1992 (d)

2۔ لارڈ رپن کی قرارداد کو کب اپنایا گیا۔

1992 (a) 1858 (b) 1882 (c) 1870 (d)

3۔ دوہرا نظام حکومت سب سے پہلے.....کے تحت قائم کیا گیا۔

(a) حکومت ہند ایکٹ 1909 (b) حکومت ہند ایکٹ 1919

(c) حکومت ہند ایکٹ 1935 (d) حکومت ہند ایکٹ 1958

4۔ نگر پالیکا مسودہ (بل).....کے سال میں پاس کیا گیا

1989 (a) 1990 (b) 1991 (c) 1992 (d)

5۔ 73ویں اور 74 دستور ترمیمی ایکٹ میں مقامی اداروں میں خواتین کے لئے کتنے فی صد سیٹیں محفوظ (مخصوص) کی گئیں ؟

45 (a) 50 (b)

(c) حلقہ ہائے انتخاب میں موجود خواتین کی آبادی کے تناسب سے 20 (d)

11 pol sc unit 12 Set
Monday, November 22, 2021 7:55:05 AM

6۔ ریاستی فائناس کمیشن شعبہ ہے جو.....کا ذمہ دار ہے

(a) ٹیکسوں کی حصہ داری ریاست اور مقامی اداروں کے مابین ہونے کے لئے ریاستی حکومت سے سفارش

(b) الیکشنوں کے معاملات پر ریاستی گورنر سے سفارش

(c) مالیاتی اداروں سے تعلق رکھنے والے معاملات پر صدر ہند سے سفارش

(d) ریاست میں قانونی اور مالیاتی حالات کے تعلق سے وزیر اعلیٰ سے سفارش

7۔ .....کے تحت ضلعی منصوبہ بندی کمیٹی کی سہولت حاصل ہے

(a) 93 دستوری ترمیم ایکٹ (b) 73 ویں دستوری ترمیمی ایکٹ

(c) 89 ویں دستوری ترمیمی ایکٹ (d) 94 ویں دستوری ترمیمی ایکٹ

8۔ .....کے لئے جواہر روزگار یوجنا ایک پروگرام ہے

(a) روزگار کی فراہمی ضمانت (b) پبلک سکٹر بینک سے قرضہ لینے

(c) گھر کی تعمیر (d) بیرون ملک ملازمت

9۔ ذیل کا کون سا الیکشن ہے جس میں سیاسی پارٹیوں کے لئے جگہ نہیں ہے ؟

(a) میونسپل کارپوریشن میئر الیکشن (b) میونسپل کارپوریشن الیکشن

(c) پنچایت صدر اور پنچایت وارڈ ممبر الیکشن (d) ڈسٹرکٹ کونسلر الیکشن

10۔ ہندوستان میں بابائے مقامی حکومت کس کو کہا جاتا ہے ؟

(a) لارڈ مایو (b) رابرٹ کلائیو

(c) وارن ہاسٹنگ (d) لارڈ رپن

11۔ ریاستوں میں کون مقامی اداروں کے الیکشن چلاتا ہے ؟

(a) اسٹیٹ الیکشن کمشین (b) الیکشن کمیشن آف انڈیا

(c) چیف الیکشن کمشنر (d) ریاستی حکومت

12۔ دستور ہند میں کون سی دفعات ہیں جو مقامی حکومت کے بارے میں وضاحت کرتی ہیں ؟

(a) دفعہ 40، دفعہ 243 تا 243 O ، دفعہ 243P تا 243ZG (b) دفعہ 300 تا 300A

(c) دفعہ 3A, دفعہ 43A (d) دفعہ 31، دفعہ 117(1)

11 pol sc unit 12 Set
Monday, November 22, 2021 7:55:06 AM

13۔ دستوری سہولتوں کے مطابق تین قطاری پنچایتی راج نظام کو ترتیب دیں

(a) دیہی پنچایت - درمیانی پنچایت - ضلعی پنچایت

(b) پنچایت یونین - ضلعی پنچایت - دیہی پنچایت

(c) ضلعی پنچایت - دیہی پنچایت - درمیانی پنچایت

(d) دیہی پنچایت - ٹاؤن پنچایت - ضلعی پنچایت - درمیانی پنچایت

14۔ دعویٰ : 73ویں ترمیمی ایکٹ نے دیہی مقامی ادارے قائم کئے

سبب : جمہوریت مکمل ہوتی ہے مقامی حکومتوں کے راستہ سے

ہدایات : نیچے دئے گئے بیانات مذکورہ دعوٰی کے لئے سبب ہیں۔ ان میں سے کونسا سبب صحیح ہے؟

(a) A اور R دونوں صحیح ہیں اور R، A صحیح وضاحت ہے

(b) A اور R دونوں صحیح ہیں اور R، A صحیح وضاحت نہیں ہے

(c) A صحیح ہے مگر R غلط ہے

(d) A صحیح ہے اور R بھی صحیح ہے

II۔ مختصر ترین جوابات لکھئے۔

1۔ ٹمل ناڈو کے پنچایتی راج سسٹم میں سب سے چھوٹی اکائی کون سی ہے؟

2۔ گرام سبھا کی میٹنگیں سال میں کتنی بار ہوتی ہیں؟

3۔ میونسپل کارپوریشن کے میئر کے عہدے کی میعاد کیا ہے؟

4۔ ریاستی فائناس کمیشن کے اختیارات اور افعال کی وضاحت کریں۔

5۔ کس کمیٹی نے پنچایتی راج اداروں کے بارے میں سفارش پیش کی تھی؟

6۔ دیہی پنچایتوں کے مالیات کے ذرائع کیا ہیں؟

7۔ ہندوستان میں PRI اداروں کی ضرورت پر کم از کم دو وجوہات پیش کریں۔

8۔ ریاست ٹمل ناڈو میں کتنے میونسپل کارپوریشن موجود ہیں؟

9۔ کون تفریحی ٹیکس کو جمع کرتا اور وصول کرتا ہے؟

III۔ مختصر جوابات لکھئے:

1۔ پنچایتی راج اداروں کے کوئی تین نمایاں خصوصیات پیش کیجئے۔

2۔ شہری علاقے کی تعریف کیجئے۔

3۔ مقامی خودکار حکومت کے تصور کی وضاحت کیجئے

4۔ ہندوستان کے بڑے شہروں میں کون سے مسائل ہوتے ہیں

5۔ مہاسبھاس کی تنظیم کے سلسلہ میں وضاحت کریں۔

6۔ مقامی انتظامیہ میں انگریزوں نے کون سی بڑی تبدیلیاں پیدا کیں۔

11 pol sc unit 12 Set
Monday, November 22, 2021 7:55:06 AM

IV۔ تفصیلی جوابات لکھئے۔

1۔ ہندوستان میں پنچایت راج کے نظام کی وضاحت کیجئے۔

2۔ میونسپل کارپوریشن کے میئر کے افعال اور اختیارات کی وضاحت کیجئے۔

3۔ 73ویں اور 74ویں ترمیم شدہ دستور کو منظوری دینے کے بعد ہندوستان میں مقامی حکومت میں ترقی کی جانچ کریں۔

4۔ ہندوستان میں مقامی نجی حکومت کی اصلیت کا پتہ لگائیں۔

Reference حوالہ جات

1. Basu, Durga Das., 2013. Introduction to the constitution of India.
2. Pardeep Sachdeva. 2011. Local Government in India. Delhi: Pearson.
3. Burton Stein. 1994. Peasant State and society in medieval south India. Oxford and New York : Oxford University Press.
4. Nirvikar Singh . 1997. Issues in local government in India. Department of Economics, University of California.
5. TamilNadu social development Report 2000.

ICT CORNER کارنر ICT

Unit-12 Local Government اکائی 12 مقامی حکومت

تمل ناڈو کے دیہاتوں کے متعلق جانکاری حاصل کریں

مقامی حکومت

Local Government



مرحلے :

1۔ ضلع کے نام اور ضلعی کے دیہاتوں کے متعلق جانکاری کے لئے URL پر کلک کریں یا QR کوڈ اسکین کریں اور "Village maps" صفحہ کھولیں۔

2۔ ضلع اور ماتحت ضلع اور دیہاتوں کی تعداد معلوم کرنے کے لئے سائیلائٹ کے دائیں جانب کے خاکہ میں کسی بھی "district" (مثلاً کڈلور) پر کلک کریں۔

3۔ سب ڈسٹرکٹ کی نگرانی میں کتنے دیہات ہوتے ہیں معلوم کرنے کے لئے کسی بھی "sub-district" پر کلک کریں (مثال کے طور پر وردا چلم) دائیں جانب کے خاکہ میں نظر آئے گا۔

4۔ دیہات کا خاکہ کو معلوم کرنے کے لئے "village" پر کلک کریں۔

Download Link

*Pictures are indicative only.

*If browser requires, allow Flash Player or Java Script to load the page.

URL: http://villagemap.in/tamil-nadu.html

VJRP2

11 pol sc unit 12 Set
Monday, November 22, 2021 7:55:06 AM

اکائی 13

سماجی انصاف Social Justice



سیکھنے کے مقاصد :

اس سماجی انصاف کے سبق میں گہرائی سے مندرجۂ ذیل باتوں کو سمجھایا گیا ہے۔

- سماجی انصاف کے تصور کے متعدد ابعاد
- سماجی انصاف کی خصوصیات
- قابل تقسیم انصاف کے معنی اور اہمیت۔ معاشرتی درجہ بندی کے اثرات
- انصاف پسند سماج کے سلسلہ میں جان رالس کے تناظر
- ٹمل ناڈو میں سماجی انصاف کی تحریکات
- مثبت کارروائی کے تصورات رسیاسی اصول رمثبت تفریق
- ذات پات کی تفریق اور اس کے نتائج
- مساوی معاشرہ
- ریزرویشن پالیسی اور اس کی ضرورت
- کمزوروں کو اوپر اٹھانے اور انہیں مراعات دینے میں
- حکومت کا رول اور اس کے اثرات

13.1 سماجی انصاف سے آپ کی کیا مراد ہے؟

(What do you mean by Social Justice ?)

سماج کی طرف سے جو منفی اقدار سامنے آتے ہیں اس کے نتیجہ میں لوگوں کے درمیان نامساوات اور حق تلفیاں ہوتی ہیں۔ سماجی طاقت ایک غالب نظریہ ہے جو مقابلہ سے قطع نظر اور معاملات کے غیر مشروط کنٹرول پر ختم ہوتا ہے۔ سماجی شناخت کی حفاظت کی خاطر غلبہ پانے والی قومیں پاور سکٹر پر قبضہ کے لئے دوڑ دھوپ کرتی ہیں۔ مختلف قوموں کے درمیان ایک کثرت رکھنے والا سماج ایک ہی گروپ کے غلبہ کو نامناسب اور بے انصاف تصور کیا جاتا ہے۔ غلبہ پانے والے گروپ نسلی، مذہبی، ذات پات، لسانی اور ثقافتی احساسات رکھتے ہیں اور دوسرے گروپ کے سماجی حقوق کا غلط استعمال کرتے ہیں۔ اس کے نتیجہ میں مختلف گروپوں کے مابین مستقل دشمنی قائم ہوجاتی ہے۔ کمزور گروپوں کی طرف سے مساوی سماج کے قائم کرنے اور حصول انصاف کے لئے جو جدوجہد ہوتی ہے اسی کو سماجی انصاف (Social Justice) کہا جاتا ہے۔

OBRLC

معاشرتی درجہ بندی کا پس منظر :

(Background of Social Hierarchy)

قدیم ہندوستانی تہذیب میں ''ورنا شرما دھرما'' ہوتا تھا جس نے سماج میں درجہ بندیاں کیں۔ اونچے اور نچلے طبقات قائم کئے، اور ورنا نظام کو چارورنا نظام بھی کہا جاتا ہے جس کے تحت لوگوں کو چار طبقوں میں تقسیم کردیا گیا (1) برہمن (2) شستریاس 0) ویسیاس (4) شودراس



وہ طبقہ جو اس ورنا نظام سے باہر تھے انہیں شیڈول کاسٹ اور شیڈول ٹرائب کہا جاتا تھا۔ استعماری دور میں اس قسم کے دبے کچلے طبقات کو پنچاماس کہا جاتا تھا جو چھوت چھات کے مارے ہوئے تھے۔ پیدائش کی بنیاد اس تقسیم کو لوگوں کے دل میں بٹھادیا گیا تھا اور تہذیب کے مختلف مرحلوں میں اس ذات پات کے نظام کو گہرا کردیا گیا تھا اور اس طرح سماج میں ناہمواری اور عدم مساوات جڑ پکڑ گئی تھی۔

دستور ہند کی دفعہ 15(4)

(Article 15(4) of Indian Constitution)

دفعہ 29(2) سے سماجی اور تعلیمی پسماندہ قوموں SC اور ST کے لئے خصوصی پالیسی فیصلوں کے بنانے میں کوئی رکاوٹ نہیں تھی۔

11 pol sc unit 13 Set
Monday, November 22, 2021 8:32:54 AM

دستور ہند کی دفعہ 16 (4)

(Article 16(4) of Indian Constitution)

پسماندہ طبقات کے تقررات اور ریزرویشن کے سلسلہ میں اس سے کوئی تحفظ حاصل نہیں تھا اگر ان کی مناسب نمائندگی نہ ہو۔ ہندوستان ایک برصغیر ہے جو منطقہ حارہ پر واقع ہے اور جہاں متعدد جغرافیائی آب و ہوا پائی جاتی ہے ۔ لوگ یہاں مختلف زبانیں بولتے ہیں اوخصوصی موروثی اقدار کی پیروی کرتے ہیں ۔ ان باتوں کے باوجود ورنا نظام کی وجہ سے ہندوستان میں نامساوات پائی جاتی ہے اس سبب سے یہاں پر سماجی اقتصادی حالات سے روندے گئے ،لوگوں کی ترقی اور بہتری کے لئے کوشش کرنی چاہئے ۔ ہندوستان کے دستور میں مضبوط بنیاد کے ساتھ اس کے لئے مثالی رہنما خطوط ہیں۔

دستور ہند کے مطابق وہ ریاستیں جہاں تکنیکی ترقیات کم ہیں یا مناسب قدرتی وسائل نہیں ہیں وہ کلی ترقی کے لئے وہ خود اپنی خصوصی پالیسیاں بناسکتی ہیں۔ اس کے مطابق موجودہ دستوری سہولتوں کے ساتھ مظلوم اور مراعات سے محروم قوموں کو ساری ریاستوں میں خصوصی قوانین اور مراعات دئے گئے ہیں۔

نظریات وخیالات جیسے ساری ترقیات اور خودکفیل سماجی ترقی ، سماجی انصاف اعلیٰ درجہ کے قضیے، اس کے ساتھ ترقی سے کنارہ کردہ طبقات کے لئے خصوصی انتظامات کئے گئے ہیں۔ مساوی مواقع دینا ایک طریقہ ہے اور سماجی انتظامات جس سے سماجی جمہوریت کی پائیداری ہو اور کثرت کو مضبوط کیا جائے ۔اس طرح کے سماج میں مختلف گروپ ہوں جو الگ الگ مذہب، نسل اور عوامل رکھتے ہوں ۔ اپنی سماجی شناخت، صبر وحوصلہ اور طاقت و توانائی میں شراکت کے ساتھ زندگی گزاریں۔

یوروپی سماج میں جو بکھراؤ آیا اس کے اسباب میں سے اقتصادی حالات اور مقام ومرتبہ کا فرق ہی تھا۔ جب کہ ہندوستان میں تفرقہ رگ وید اور خصوصاً چار ورنا نظام کی وجہ سے پیدا ہوا تھا۔ وہ ورنا نظام انفرادی اشخاص کو اپنے حقوق اور اقدار سے محروم رکھتا ہے۔ دستور ہند اس سلسلہ میں نگران کار میکانزم نافذ کرتا ہے اور قابل تقسیم انصاف مہیا کرتا ہے جو کہ جمہوریت کا بڑا مقصد ہے اور یہ انصاف کا نظام ذات پات کی تفریق (ورنا نظام) کو گھاس پوس کی طرح جڑ سے اکھاڑ کر ہندوستانی میں ایک مساوی سماج قائم کرنا چاہتا ہے۔ ہندوستانی دستور میں موجود جمہوری اقدار سارے لوگوں کو برابر طاقت وقوت دیتے ہیں اور ان کا تحفظ کرتے ہیں تا کہ وہ سب اپنے آپ کو سماجی اقتصادی شعبوں میں ترقی کی راہ پر لگائیں۔ان دستوری سہولتوں سے چپک کر سماجی ترقی کر سکتے ہیں اور مزید سماجی آزادی اور انصاف کے لئے جگہ ملتی ہے ۔ لہذا

نسل، مذہب اور لسانی اقلیتوں کے تعلق سے اقوام متحدہ (UN) کا اعلان۔18 دسمبر 1992۔نمایاں خصوصیات

1۔ ساری اقلیتوں کو بغیر کسی تفریق کے مساوی حقوق حاصل ہیں اور ان کے موروثی اقدار اور ان کو حاصل شدہ آزادی میں دست درازی، اسی طرح ان کے مذہب کے ساتھ جڑے رہنے، مذہب کی اشاعت اور اپنی زبان کے استعمال وغیرہ میں رکاوٹ ڈالنا ممنوع ہے۔

2۔ ساری اقلیتوں کو حق حاصل ہے کہ وہ اپنی خاص تنظیمیں بنائیں اور ان تنظیموں کی حفاظت کریں۔

3۔ اقلیتوں کو یہ حق بھی حاصل ہے کہ وہ اپنی تاریخ وغیرہ کے بارے میں اپنی معلومات میں اضافہ کریں۔اسی طرح اپنے اجلاسات، زبان اور اپنے موروثی اقدار کی جان کاری کریں۔ان کو یہ موقع بھی دیا گیا ہے۔کہ ان کا جس سماج سے تعلق ہے اس کے بارے میں مکمل جان کاری حاصل کریں۔

4۔ اس اعلان سے ان حقوق کے اعلان پر کوئی اثر نہیں پڑتا جو پہلے سے موجود ہے اور اس میں دی گئی بنیادی آزادی پہلے کی طرح برقرار رہے گی۔

11 pol sc unit 13 Set
Monday, November 22, 2021 8:32:55 AM

ہندوستان میں لہرانے والا نمایاں سماجی انصاف قومی اتحاد کی حفاظت کرتا ہے جس کی وجہ سے قابل تقسیم انصاف اور جمہوری اقدار ٹھوس اور مضبوط ہوجاتے ہیں۔

13.2 سماجی انصاف کے لئے مساوات ناگزیر ہے
(Equality is essential for Social Justice)

لوگ مساوات کو لازمی اور ضروری مانتے ہیں مگر ابھی تک نامساوات اور تفریق موجود ہے اور یہ ایک پریشان کن عامل ہے۔ عدم مساوات زندگی کے تقریباً تمام دائروں میں موجود ہے جیسے مواقع، آرام سہولت اور کام کرنے کی فضا سب میں یہ بات باقی ہے ۔ اس قسم کی عدم مساوات اور امتیازی برتاؤ ہماری زندگی میں مستقل لگا ہوا ہے۔ کیا ایسا نہیں ہے؟ ہم ان لوگوں کے لئے کیا کرتے ہیں جنہیں ہمارے ملک کی ترقی کے لئے کام کرنے کے مواقع حاصل نہیں ہیں؟ اس قسم کی نامساوات ثقافتی اقدار کتنی ذمہ دار ہیں۔

یہ صرف ہندوستان ہی میں نہیں ہورہا ہے بلکہ عالمی سطح پر ہر جگہ ہورہا ہے۔ ابھی بھی لوگوں کے ذہن اس سے متاثر ہیں۔ اسی سبب سے سماجی اقتصادی اصول کے معاملہ میں سماجی مساوات کو ابتدائی اور بنیادی مقام حاصل ہے۔ مساوات ایک صول کے طور پر کس بات کی نشاندہی کرتا ہے؟ آپ مساوی سماج سے کیا مراد لیتے ہیں؟ ہم مساوات کو یقینی کیسے بنا سکتے ہیں؟ اس مساوات کی ضمانت کے ذریعہ سے ہم کون سی کامیابی حاصل کرسکتے ہیں؟ کیا ہم صرف اپنی آمدنی میں سے نامساوات کو ختم کرنے کی کوشش کررہے ہیں؟ کس قسم کی مساوات کو قائم کرنا چاہتے ہیں؟ کس کو ہم مساوات دیں گے؟

خصوصی مراعات کی ضرورت:
(Need of Special Privileges)

ہم انصاف کے لئے آواز اٹھائیں گے۔ ہم کو اسباب کا علم ہونا چاہئے۔ اگر سماجی شناخت کے ساتھ مواقع سے محروم کیا جاتا ہے تو یہ سماج کے ساتھ مکمل ناانصافی ہے۔ اس کی وجہ سے لوگوں کے درمیان عدم مساوات جنم لیتا ہے۔ ذات، نسل، صنف (جنس) مذہب اور دوسرے اختلافات کو نظر انداز کرکے سارے لوگوں کو مناسب مواقع ملنے چاہئیں جن سے وہ اپنی صلاحیت اور ذہانت کو انفرادی زندگی میں ثابت کریں۔ سماجی سیاست نظریات میں انفرادی اور سماجی ثقافتی فرق کے درمیان امتیاز کو ایک اہم حیثیت حاصل ہے۔ انفرادی اشخاص اپنی کامیابیوں اور ذہانتوں کی بنیاد پر عزت اور نیک نامی حاصل کریں اور وہ نیک نامی سماجی شناختوں کی بنیاد پر نہیں ہونا چاہئے ۔ نامساوات اور فریق پیدا کرنے والے اطوار جو سماج میں پائے جاتے ہیں وہ مصنوعی اور تعصب پر مبنی ہوتے ہیں۔

13.3 انصاف پسند تقسیم : (Just Distribution)

حکومتیں قوانین نافذ کرسکتی ہیں تاکہ سماج میں انفرادی اشخاص کو انصاف پسند تقسیم کے ذریعہ وسائل ملیں اور آسانی سے وسائل کی بہتر تقسیم کے لئے راہ ہموار ہو۔ قوانین نافذ کرنے والی ایجنسیاں تقسیم کے عمل کی نگرانی کریں۔



ہمارے جیسے ملک میں جہاں سماجی ثقافتی ناہمواریاں پائی جاتی ہیں ابھی تقسیم کے لئے صرف قوانین کے بنادینے سے وسائل کی تقسیم یقینی نہیں ہوجاتی ۔ حکومتوں کو چاہئے کہ ایک ایسی

11 pol sc unit 13 Set
Monday, November 22, 2021 8:32:56 AM

میدانی سطح یقینی بنائے تا کہ انصاف قائم ہو۔ دوسرے لفظوں میں قوانین کو لانے سے پہلے لوگ بنیادی زندگی کے مواقع کے چند بنیادی مساوات سے فائدہ حاصل کریں۔ زمینی سطح پر کام کرنے کی یہ کوششیں ہر شخص کو ضروری حالات فراہم کرتی ہے تا کہ وہ زندگی کے مقاصد سے مطمئن ہو۔ چنانچہ ہمارے دستور نے چھوت چھات کو اور ذات پات کی بنیاد پر ہونے والے تفریق کو ختم کر دیا ہے اس لئے ریاستی حکومت اور لیجسچر کو چاہئے کہ وہ دستور کے قانون پر عمل کرنے کو زمینی سطح پر یقینی بنائے۔ لہذا جو حکومت ہمارے دستور کی حفاظت کا حلف لیتی ہے اس کو ضروری ہے کہ وہ دستور کے وعدوں کو یقینی طور پر پورا کرے اور سماج میں مساوات کو لائے۔ اس لئے حکومت کی جانب سے یہ بات قانونی، دستوری اور اخلاقی ہونی چاہئے کہ وہ سارے شہریوں کو خصوصاً وہ قومیں جو تاریخ کے طویل زمانے سے بنیادی حقوق سے محروم ہیں کو عدل و انصاف اور مساوات فراہم کرے۔

اس زمینی سطح پر کام کرتے ہوئے مساوی مواقع کو صدقہ خیرات کے طور پر نہیں فراہم کرنا چاہئے بلکہ یہ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ عام شہریوں کو مساوات اور انصاف فراہم کرے۔ یہ شہریوں کا وہ بنیادی حق ہے جو دستور میں دیا گیا ہے۔ خصوصاً ان شہریوں کے لئے جو منافع سے محروم قوموں کو تعلیم اور روزگاری (ملازمت) میں مواقع فراہم کرنا چاہئے۔

اس سے یہ صاف پیغام ملتا ہے کہ مساوی مواقع کے دینے کا کیا مقصد ہے۔ جب جدید تعلیم بہت ہی نمایاں ذریعہ بن جائے اور حکومتی شعبہ جات میں روزگار اور ملازمت لوگوں کا اہم ذریعہ معاش بن جائے۔ زمینی سطح کا تصور یا مساوی مواقع کی وکالت کی گئی اور انجام کار یہ نظریہ ہمارے دستور کے ضروری مواد کا ایک اہم حصہ ہو گیا۔

اس معاملہ میں متعدد رائے ہیں کہ کس طرح ہم کو وسائل کو تقسیم کرنا چاہئے اور یکساں مواقع کو یقینی بنانا چاہئے اور سب کو خصوصاً منافع سے محروط طبقات کو تعلیم اور ملازمت تک اچھی طرح رسائی کرانا چاہئے۔ بہت سے لوگ جو سماج کے اونچے طبقات اس بات کی طاف میلان رکھتے ہیں کہ لوگوں کے ساتھ مختلف طرح کا سلوک کیا جائے تا کہ انصاف کے ساتھ تقسیم کو یقینی نہ بنایا جا سکے اور تفریق رہے۔ اس خیال سے لوگوں کے اندر مخالف کا جذبہ ابھرتا ہے اور بعض اوقات اس کے نتیجہ میں تشدد بھی پھٹ پڑتا ہے اس خوف سے کہ رعایت دی ہوئی کمزور قومیں تعلیمی اور روزگاری کے مواقع کھو رہی ہیں۔ حکومتیں منصوبہ بناتی ہیں کہ اس طرح کی کمزور قوموں کے لیے سیٹیں مخصوص کر دیں۔

مراعات یافتہ طبقہ ہمارے ملک میں قابلیت (merit) کی بنیاد پر تعلیم اور ملازمت دینے کی بات کرتا ہے اور وہ کہتا ہے کہ مخصوص سیٹوں کے دینے سے غیر مراعات یافتہ طبقے کی بنیاد پر نہ ہونے کی وجہ سے خراب ہو جائے گا۔ لہذا اس کے نتیجہ میں امیدواروں کی پیشہ ورانہ صلاحیتیں متاثر ہوں گی۔ مگر سیاسی نظریہ کے طلباء کے طور ہمیں ٹھنڈے دل سے ان معاملات کی جانچ کرنی چاہئے کہ انصاف کا حصول کیسے ہوگا۔ کیا تم پہلے پہل اس بات کو مانتے ہو کہ چند دخل اندازیوں کی ضرورت ہے تا کہ کمزور اور غیر حق یافتہ لوگوں کی مدد کی جائے۔ کیا نتیجہ نکلے گا اگر حق یافتہ طبقات ہی تمام ذرائع و وسائل پر قابض ہیں جن میں تعلیم اور روزگار کے مواقع بھی شامل ہیں باوجود یہ کہ ہمارا ملک آزاد ہو گیا اور جمہوری ملک ہے۔ کیا ہم ایک متحدہ ملک کا

11 pol sc unit 13 Set
Monday, November 22, 2021 8:32:56 AM

انتخاب کریں گے یا ایک الگ عوام کی بھیڑ؟ کس قسم کا سماجی انصاف آخر کار ہم پائیں گے؟



بحث ومباحثہ : (DEBATE)

- کیا لوگ حکومت سے سوال کریں گے کہ وہ اسپورٹس میں میدانی کارروائی کرے گی؟
- کیا کوئی اسی طرح کی مداخلت حکومت کی طرف سے نجی شعبوں اور مسلح فورس میں چاہتا ہے؟
- کیا کوئی مطالبہ کرتا ہے کہ لوگوں کے ساتھ امتیاز و تفریق کا سلوک کیا جائے۔ ہمارے اس ملک کے مجرمانہ نظام میں؟

13.4 قابل تقسیم انصاف اور مکافاتی انصاف
(Distributive Justice and Retributive Justice)

بحث ومباحثہ کا ٹھوس نکتہ یہ ہونا چاہئے کہ جب انصاف کے تصور کا مطالعہ کیا جائے تو یہ ہو کہ وسائل اور ذرائع کا سماج کے تمام طبقات میں کیسے صحیح تقسیم ہو۔ اس نکتہ کو مزید واضح طور پر سمجھنے کے لئے انصاف کے بعض پہلوؤں پر توجہ مرکوز کرنا ضروری ہے۔ انصاف کے بارے میں بات کرتے وقت عموماً وسائل کی مساوات ،مشترک ملکیت کے نظریات اور استحقاق کا حوالہ دیا جاتا ہے۔

A۔ وسائل کی مساوات : (Equality of Resources)

اس پس منظر سے وضاحت ہوتی ہے کہ وسائل کی تقسیم کو انصاف کے ساتھ ہونا چاہئے یعنی اگر یہ شخص کے پاس انصاف کے مطابق مناسب اور مؤثر وسائل ہوں تو یہ صحیح تقسیم ہوگی۔ اگر کسی سے کوئی کام لیا جائے تو کام کرنے والے سارے لوگوں کو ایک ہی مقدار کی مزدوری اور انعام دیا جائے گا تو یہ انصاف کی بات ہوگی۔

B۔ مشترک ملکیت کے اصول :
(Common ownership Theories)

ان اصولوں کو مقرر کرنے والے یہ بات کہتے ہیں کہ انصاف پسند تقسیم کے معنی یہ ہیں کہ ابتدائی مرحلہ میں ہر شخص کے پاس یکساں رقبہ کی زمین یا دوسرے قیمتی وسائل ہونے چاہئیں اس سے واضح طور پر یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ کسی بھی شخص کی ذاتی ترجیحات اور صلاحیتوں میں زیادہ فرق نہ ہونا چاہئے۔ سارے لوگوں کو انفرادی طور پر مساوی درجہ کی صلاحیتیں ملی ہوئی ہیں۔

C۔ استحقاق کا اصول : (Entitlements Theory)

اس سے مراد یہ ہے کہ انصاف پسند تقسیم اسی وقت ہوگی جب زمین یا دیگر وسائل کو انصاف کے ساتھ تاریخی طور پر خرچ کیا جائے۔ انفرادی اشخاص جنہیں کسی زمین یا وسائل کی ملکیت حاصل نہ ہو ان لوگوں کو دوسروں کی طرف سے رضا کارانہ طریقہ پر مناسب مقدار میں وسائل کو منتقل کر دینا چاہئے۔

ان سب پس منظر سے اس بات کا ثبوت ملتا ہے کہ وسائل اور انسانی صلاحیت دونوں امور پر توجہ کو مرکوز کرنا چاہئے۔ مثال کے طور پر وسائل۔ زمین اور علم، انسانی صلاحیت بھی اصول کے مقرر کرنے والوں کے نزدیک اہمیت رکھتے ہیں۔ اس بات پر اتفاق رائے ہے کہ انصاف کا حصول کسی بھی سماج میں اسی وقت ہوسکتا ہے جب انصاف مکافاتی سے زیادہ قابل تقسیم ہو، مکافاتی انصاف کی تعریف ہم کس طرح کر سکتے ہیں؟

D۔ مکافاتی انصاف: (Retributive Justice)

مکافاتی انصاف کے تصور کو اس طرح سمجھا جاسکتا ہے۔ اس قسم کے انصاف کی ترتیب چند اصولوں پر مبنی ہے

i) جن لوگوں نے غلط کارروائیاں کی ہوں، سخت جرائم کئے ہوں ان کو سخت سزائیں دینی چاہئے بالکل ان کے جرم کے تناسب۔

11 pol sc unit 13 Set
Monday, November 22, 2021 8:32:57 AM

(ii) اخلاقی طور پر یہ بات بہتر ہے جب جائز طریقہ سے سزا دینے والا مجرم کو اس کے جرم کے لائق کڑی اور سخت سزا دے۔ اس سزا دہی کے عمل کا دوسروں کے ساتھ موازنہ کیا گیا ہو یا نہ کیا گیا ہو، اخلاقی طور پر سزا دینا لازمی ہے۔

(iii) ارادتاً نادان لوگوں کو سزا دینے کی حوصلہ افزائی نہ ہو اور اسی طرح اس بات کو ناپسند کیا جائے کہ غلط کام کرنے والوں کو ناموافق طریقہ پر بڑی سزا نہ دی جائے۔

یہاں تک کہ مکافاتی انصاف کا نظریہ تھوڑے وقت کے لئے انصاف اور نظریاتی سزا کے سلسلہ میں اہم رول ادا کرتا ہے۔ اس کی چند اہم خصوصیات یہ ہیں جیسے تناسب کا ہونا، تکلیف کا معیاری درجہ ہونا اور مکافات کے لئے آخری جواز انتہائی ٹھیک ہوگا۔

مکافاتی انصاف ایک طرز ہے جو انصاف کے قیام کے لئے زیر عمل ہوتا ہے جسے خود ہمارے دستور میں نظر انداز کر دیا گیا ہے۔ ہمارے دستور کے بنانے والوں نے اس بات کو تسلیم کر لیا ہے کہ تشدد آمیز طریقوں کو امن پسند اور مستقل حل کے طور پر ہمارے سماج میں پائیدار انصاف کے قائم کرنے کے لئے نہیں لانا چاہئے۔

13.5 جان رال کا نظریۂ انصاف :

(John Rawls Theory of Justice)

جان رال کو بیسویں صدی کا ایک بہترین سیاسی فلسفی مانا جاتا ہے اس نے انصاف کے نظریہ کو ترقی دے کر انصاف کو خوب صورت اور جاذب نظر کے انداز میں پیش کیا۔ اس کے فریم ورک سے سارے شخصی انتساب کو اخلاقی خودمختاری ملتی ہے۔ لہذا اس کے نزدیک انصاف مساوات کا مطالبہ کرتا ہے۔ اس کے نزدیک سارے سماجی اقدار جیسے آزاد خیالی، مواقع، آمدنی، دولت، عزت نفس ان سب کو مساوی تقسیم کرنا ضروری ہے۔ دوسرے لفظوں میں ناانصافی اصل میں نامساوات ہے جو سب کے لئے فائدہ مند نہیں ہے۔ اگر کوئی انتساب کسی انفرادی شخص کی طرف سے ہو وہ سارے لوگوں کے لئے مفید نہیں ہوتا ہے۔ حقیقت میں وہ سماج کے ناانصافی کے اخلاق ہیں اس پس منظر میں ہم پہر ضروری ہو جاتا ہے کہ زیادہ جامع طریقہ سے خود انصاف کے مفہوم کو سمجھیں۔

جان رال کے اہم کارنامے :



- انصاف کا نظریہ 1971
- ڈائی اڈی ڈیس پالٹیس چین لبرلسیمس۔1993
- انصاف جاذبیت کے ساتھ۔1985
- لوگوں کا قانون - 1993

رال کے نزدیک اسباب کا علم الاخلاق ایک نئی سیاسی ساخت ہے جس میں لوگ ایسی پالیسیوں کے بارے میں سوچیں گے جس سے خود اپنے مفادات کی سوچ رکھنے کی بجائے ایک مکمل حساس سماج کے متعلق سوچیں۔ اس جامع اور کلی پس منظر کے رال کے فریم ورک میں ہونے کے سبب اس کو بالکل مناسب بنا دیتا ہے جب انصاف کے تعلق سے مباحثہ کریں۔ اس لئے کہا جاتا ہے کہ اس کو سارے لوگوں کے مفادات کے حق میں ہونا چاہئے اور سماج کے سارے طبقات کے لئے مفید ہونا چاہئے اور ایسا پالیسیوں اور قوانین کے ساتھ ہو۔ سماج کے کسی خاص طبقہ کے لئے نہ ہو۔ اس طرح کا حسن، بنیادی کام کا نتیجہ ہوگا نہ کہ خیر خواہی اور عالی ہمتی۔ جان رال کا نظریہ منتخب نمونہ کے لانے کے لئے تمہید قائم کرتا ہے۔ اس کو بنیادی طور پر ہونا چاہئے تاکہ انصاف کی روح حقیقتاً ہمارے سماج میں قائم ہو، ایک ایسی سوسائٹی جسے ہماری حس میں غیر بنیادی شناختیں اور احساسات سماج کے بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ صحیح معنی میں جان رال کی بتائی ہوئی انصاف کی روح کو سمجھنے کے لئے سخت محنت کرنی ہوگی۔

کیا تم جانتے ہو؟

مہاجر لوگوں کے بھی غیر ملک میں بعض حقوق ہوتے ہیں۔ پناہ گزیں، ہجرت کئے ہوئے اور جلا وطن کئے گئے لوگوں کے ضروری حقوق ہوتے ہیں۔ ان حقوق کو UN کے ممبر ممالک نے منظور کرایا ہے۔

11 pol sc unit 13 Set
Monday, November 22, 2021 8:32:57 AM

13.6 سماجی ثقافتی مساوات :

(Socio - Cultural Equality)

ایک متنوع سماج میں مختلف طبقات کے لوگ اپنے ثقافتی اقدار، خصوصی عادات کو برتتے ہیں اور اپنی ذاتی صلاحیتوں کو بڑھاتے ہیں۔اس کو پورا ہونے کے لئے سماج میں مساوات کو ہونا ضروری ہے اور یہی جانچ کا اصول ہے۔ ہر شخص کے لئے سماج میں مناسب موقع ملنے کو یقینی بنایا جائے۔ بڑی حد تک نامساوی فضا کو ختم کیا جائے تا کہ آزاد فضا سماج کو ملے۔

مختصر لفظوں میں کم از کم اس بات کے اقدامات کئے جانے چاہئیں کہ نامساوی ماحول کو کم کیا جائے۔مثال کے طور پر ایک اچھی صحت نگرانی تعلیم ، غذائیت سے بھرپور خوراک ، قلیل آمدنیاں ایسی بنیادی چیزیں ہیں جنہیں بغیر کسی تفریق کے پوری کرنی چاہئیں۔بغیر ان بنیادی سہولتوں کے ہم نہیں کہہ سکتے کہ سماج اور معاشرہ مساوات کا حامل ہے۔

ہمارے ملک کے اہم مسائل کیا ہیں؟

ذات پات اور مذہب کی بنیا پر اعتقادات اور اعمال بزدلانہ رکاوٹیں ہیں ۔ ہندوستان کے بہت سارے علاقوں میں عورت کا مقام بہت گرا ہوا ہے ۔تعلیم، ملازمت ، روزگار، جائیداد کا حق عورتوں کے لئے مانا نہیں جاتا ہے ۔اگر یہ حالات آگے بڑھے اور ہمارے تہذیب کے طور پر یہ چیز آگے بڑھ گئی تو ایک بڑی آفت کو ہمارے ملک سے ہٹایا نہیں جاسکتا ۔اگر نامساوات اور تفریق نے تہذیبی قدر حاصل کرلی تو انصاف اور مساوات سے ہم دور ہوجائیں گے اور اسے کبھی بھی حاصل نہیں کیا جاسکتا۔

اقتصادی مساوات : (Economic Equality)

اقتصادی مساوات کو ہر شخص کی ذاتی آمدنی اور جائیداد کی قیمت کے ذریعہ سے سماج میں پہچانا جاسکتا ہے۔ورنہ مالداروں اور غریبوں کے درمیان موجود خلیج سے اقتصادی مساوات کے درجہ کی شناخت ہوتی ہے۔مزید کتنے لوگ خط غربت کے نیچے رہتے ہیں ان کی تعداد معلوم کرکے ہم مضبوط طریقہ سے خلاصہ نکال سکتے ہیں اور تجاویز دے سکتے ہیں۔اس طرح کی شناخت سارے ملکوں میں پھیل چکی ہے لیکن تاریخی اور عادات پر مبنی افعال کی بنیاد پر قائم چند امتیازات (امتیازی سلوک) سماج میں غیر یقینی یا غیر اختیاری مشکلات کھڑی کرسکتے ہیں ۔ تاریخ کے مختلف زمروں میں آنے والے بنیادی مصلحین ان بے موقع اور غیر اخلاقی عادات واطوار کے تعلق سے بڑے پیمانے پر لوگوں کو آگاہ کیا ہے۔

ٹمل ناڈو کے ای وی رام سوامی عرف پیریار نے کہا ''انسانوں کو ذات پات اور خاندان کی بنیاد پر عزت دینا انتہائی ظالمانہ اور غیر انسانی سوچ ہے''۔پیریار نے اس سارے (کلچرل، عادات واطوار اور ساری غلط قدریں جو مساوات کو جھوٹی ثابت کرتی ہیں) کی مزاحمت کی۔پیریار بٹریار چل چاؤنزم کے بھی خلاف تھے جس نظام کے تحت عورت پوری تاریخ میں محکوم رہی ہے۔

وہی سماج اچھا اور بہترین ہے جس میں ذات پات ، مذہب ،جنس اور ظالمانہ عادات واطوار سے چھٹکارا ہو۔ یہ بات غمزدہ پیریار نے کہی تھی ۔ جدید سماج ان باتوں کو برداشت نہیں کرسکتا ہے۔جن باتوں کو زبان اور امتیازی سلوک کی وجہ سے اپنایا جاتا ہے۔پیریار کے علاوہ بہت سے سادھوسنت اور فلاسفرس نے سرگرمی کے ساتھ کوشش کی کہ ایک مساوی معاشرہ قائم ہوجائے۔ لوگ جو سلطنت وحکومت ، پیدائش اور نسلی برتری کی وجہ سے خاص حقوق سے فائدہ اٹھارہے تھے اس کا خاتمہ ہوگیا۔ ہر شخص کی صلاحیت جو پیدائش سے مطابقت رکھتی ہو ،نامساوی سماج کی ابتدائی اور غیر یقینی خصوصیت ہے۔اعلیٰ ذات میں پیدا ہونا غیر اختیاری ہے۔

اگر صلاحیت اور ذہانت کی بنیاد پر سارے لوگوں کے ساتھ یکساں سلوک کیا جائے تو وہ مساوی سماج کی طرف پہلا قدم

11 pol sc unit 13 Set
Monday, November 22, 2021 8:32:58 AM

ہے۔لیکن ابھی تک بہت سے جدید ملکوں میں غریبوں کو ووٹ دینے کا حق نہیں دیا گیا ہے۔اس 21 ویں صدی میں بھی بہت سارے ملک ایسے ہیں جہاں خواتین کو تعلیم دینا اور انہیں عہدے دینا ممنوع ہے۔

ہندوستان میں نچلے طبقے کے لوگوں کو صرف کلرک اور چھوٹے درجے کے عہدوں پر لایا جاتا تھا۔ نچلی ذاتوں سے تعلق رکھنے کی وجہ سے انہیں اونچے عہدوں پر فائز نہیں کیا جاتا۔ گذشتہ صدیوں میں انفرادی اشخاص اور تنظیموں نے بھاری کوششیں سماج میں مساوات لانے کے لئے کی ہیں۔

انسانی سماجوں میں بہت سارے ایسے ہیں جن پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے اس لئے کہ انہیں بالکلیہ نظر انداز کیا گیا، ان کے حقوق مارے گئے ہیں اور اونچی ذات کے لوگوں نے اس کا استحصال کیا ہے ۔ سچی مساوات کی شناخت صرف انہی شاذ و نادر مواقع میں ہوتی ہے۔ ماضی میں ناانصافیوں کی زنجیر میں جو کھولی گئی ہیں ان کی شناخت ضروری ہے تاکہ اصلی مساوات کیا ہے اس کا علم ہو۔

حکومت کی طرف سے ریزرویشن کی پالیسی کا اپنانا انصاف کے فراہم کرنے کے سلسلہ میں ایک اچھا آغاز کار ہے۔ اب تک جن لوگوں کو تعلیم اور روزگار سے محروم رکھا گیا تھا انہیں بہتر صورت حال اور مقام ریزرویشن کے ذریعہ سے دیا جاسکتا ہے۔تاریخی مرحلوں میں ایک طویل زمانے تک تفریق اور امتیازی سلوک جو لوگوں کے درمیان کیا گیا اسے مختصر مدت میں ختم نہیں کیا جاسکتا ہے۔تحقیق کاروں نے بتایا ہے کہ ایک یا دو نسلوں میں تبدیلی لانے کا خیال ایک بلند تصور ہے۔اگر اصلاحات مختصر سی مدت میں ہوجائیں تو یہ ایک اچھی علامت پورے ملک کی ترقی کی ہوتی۔

سماجی انصاف اور مساوات : (Social Justice and Equality)

ساری تہذیبیں اپنے افعال کی آگاہی سے لیس ہوتی تھیں۔ مانی ہوئی عادتیں اور رسمیں دھرم ہوتی ہیں اور نہ مانی ہوئی چیزیں ادھرم ہوتی ہیں۔ وہ لوگ جو اس طریقہ کو پھیلاتے تھے انہیں بادشاہوں نے سزائیں دیں۔ سارے ممالک میں غلطیوں اور ان سے متعلقہ سزائیں بالکل نیچرل ہیں۔





یونانی فلسفی بقراط اور اس کے شاگرد سقراط اکثر انصاف اور اس سے متعلقہ معمولات پر بحث و مباحثہ کرتے تھے۔سقراط کی گفتگو اور تعلیمات میں انصاف کے مخالف لوگوں کے سماج پر اثرات کی باتیں شامل تھیں۔انصاف اور حسن اخلاق ہی سماج میں اچھائیاں لاسکتے ہیں۔

اگر انصاف صرف چند اشخاص کو ملے تو اسے انصاف نہیں قرار دے سکتے۔انصاف سماج کی مکمل ترقی اور پیش قدمی سے متعلق ہے۔کسی بھی سماج کے سارے لوگوں کو انصاف ملے ۔ یہ بات سقراط کہتا تھا۔ان مذکورہ بیانات پر قیاس کرتے ہوئے ہم سمجھ سکتے ہیں کہ ریزرویشن سے اچھا انصاف ان لوگوں کو ملتا ہے جو اب تک انصاف سے محروم تھے اور جن کا استحصال کیا گیا تھا۔

متناسب انصاف: (Proportional Justice)

ہمارے ہندوستانی دستور کے ذریعہ جو سماجی انصاف، دبے کچلے اور روندے گئے لوگوں کو ملا ہے وہ ان کی ترقی اور پیش قدمی کے لئے مددگار ہے۔لیکن کتنا مددگار ہے اور کس کے لئے؟ یہ ایک بڑا سوال ہے۔

ذات پات کے نظام اور مذہبی رہنماؤں کی حکومت ایک بنیادی سبب ہے ۔ ہمارے ملک میں نامساوات کے واقع ہونے میں ۔ لہذا ذات پات کے نظام کی بنیاد پر سماجی انصاف کا لانا نہایت ہی ضروری ہے۔درجہ بندی میں ہمارے ملک میں پسماندہ

11 pol sc unit 13 Set
Monday, November 22, 2021 8:32:59 AM

طبقہ ہے۔ نہایت پسماندہ طبقہ ہے ، شیڈول کاسٹ ہے اور شیڈول ٹرائب (قبائلی) طبقہ ہے جنہیں حکومتی پالیسیوں نے سہولتیں تقسیم کی ہیں۔

کیا تم جانتے ہو؟

پسماندہ قوم کے لئے سب سے پہلا کمیشن 1953 میں قائم ہوا۔اس کمیشن کے پہلے سربراہ کاکا کلیکار تھے۔

13.7 امتیازی سلوک۔سماجی بنیاد رکھنے والا نظریہ : (Discrimination- Social Basis Theory)

ماہرین سماجیات و نفسیات کی وضاحت کے مطابق انسان اپنے گروپ کے حصہ کے طور پر پہچانے جاتے ہیں۔وہ اسی وقت فخر اور اپنے آپ میں طاقت محسوس کرتے ہیں جب کہ وہ اپنے گروپ کے حصہ کے طور پر تسلیم کئے جائیں۔امتیازی سلوک یہ ہے کہ لوگوں کو ان کے گروپ سے باہر کر کے ایک الگ الگ گروپ بنادیا جائے یا انہیں قدرتی وسائل سے محروم کردیا جائے ۔ یقیناً دولت ایک ضروری شئے ہے،کسی گروپ کی صلاحیت اور عزت نفس بالواسطہ طور پر کسی کے دولت کے حصول کا دفاع کرتی ہے۔

تجرباتی مطالعہ سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ وہ لوگ جو سماجی شناخت کا کم احساس رکھتے ہیں گروپ سے باہر آ کر اپنی قیمت گھٹا لیتے ہیں اور جو لوگ گروپ کو فوکس کر کے دشمنیاں قائم کرتے ہیں اس طرح نتیجہ میں انسانی نامساوات کا نظریہ بنتا ہے۔منفی رویے مختلف باہر نکلنے والے گروپوں (اخلاقی اور مذہبی اقلیتوں،خواتین اور وہ لوگ جو معذور یا بے گھر ہوتے ہیں) ایک دوسرے کے ساتھ مضبوطی سے جڑے ہوتے ہیں وہ امتیازی سلوک کی غیر متعینہ نوعیت کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔

13.8۔مثبت کارروائی (Affirmative Action)

مثبت کارروائی کا اصول اس لئے ہے کہ سماجی اور اقتصادی طور پر ظلم وستم کا شکار اور حقوق سے محروم لوگوں کو سماجی مساوات اور انصاف دیا جائے ۔اکثر وہ لوگ تاریخی اسباب کی بناء پر حقوق سے محروم ہوتے ہیں جیسے ظلم وستم اور غلامی۔مثبت کارروائی کی تائید کرنے سے اہداف کو حاصل کیا جاسکتا ہے۔روزگاری میں نامساوات کے فاصلوں کو کم کیا جاسکتا ہے ۔اسی طرح تعلیم ،مالداری کی حالت،ادارتی اور پیشہ ورانہ قیادت تک رسائی ہوسکتی ہے ۔سماج کی طرف زیادہ توجہ دے کر ماضی کی نمایاں غلطیوں کی درستگی کر کے نقصانات،خرابیوں،رکاوٹوں اور سماجی عدم توازن کو ختم کیا جاسکتا ہے وہ خرابیاں جو غلامی کے دور میں پیدا ہوئی تھیں۔

مثال کے طور پر سال 2017 کا مطالعہ بتاتا ہے کہ مثبت کارروائی کے نتیجہ میں ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں ’’ کالے ملازمین کی تعداد امریکہ میں پانچ سالہ کے عرصہ میں زیادہ ہوتی ہے۔‘‘

ریاست ہائے متحدہ : (United States of America)

اگر چہ کہ امریکہ میں آزاد خیالی اقتصادیات اور ٹیکنالوجی میں ترقی ہوئی ہے ۔لیکن بیسویں صدی کے اختتام تک بھی کالے اور گورے کے درمیان امتیازی سلوک کیا جاتا تھا۔اس کے نتیجہ میں وہاں شہری حقوق کے حصول کے لئے احتجاجات ہوئے۔ 1960 میں امریکہ میں جان یف کینڈی نے مثبت کارروائی کو متعارف کروایا۔ اسے انتظامی فرمان 10925 کہا گیا۔ (Executive order 10925)۔

اس حکم (فرمان) کے ذریعہ سے حکومت نے ملازمت دینے والوں سے درخواست کی تھی کہ وہ ملازمین یا امیدواروں کے درمیان امتیازی سلوک نہ کریں بلکہ تمام رنگ ونسل، مذہب اور قومیت والوں کے ساتھ مساوی سلوک کریں۔

1965 میں اس آرڈر کی جگہ دوسرا آرڈر 11246 بھی جاری کیا گیا۔اس کے ذریعہ سے وفاقی حکومت نے یقین دہائی کرائی کہ مساوی ملازمت اور روزگاری کے مواقع کو اصلیت دی جائے یعنی یقینی بنایا جائے اور ہر ایک محکمہ اور ایجنسی میں ایک مثبت اور مسلسل پروگرام کے ذریعہ سے سب کو برابر ملازمتیں دی جائیں۔ امریکہ کے مثبت کارروائی کے بنیادی مقاصد میں سے یہ بات تھی

11 pol sc unit 13 Set
Monday, November 22, 2021 8:32:59 AM

کہ اداروں پر دباؤ ڈالا جائے کہ وہ 1964 کے مساویانہ سلوک کے شہری حقوق ایکٹ کی پوری پاسداری کریں اور سرکاری حکم کی فرماں برداری کریں۔ 1967 میں اس مثبت کارروائی (Affirmative Act) میں توسیع کی گئی۔

اقوام متحدہ : (United Nations)

نسلی امتیاز کی تمام اقسام کے خاتمہ سے متعلق بین الاقوامی کنونشن میں یہ شرط رکھی گئی ہے کہ نظامی امتیاز کو درست کرنے کے لئے کنونشن کی توثیق کرنے والے تمام ممالک کے لئے مثبت کارروائی کے پروگرام کی ضرورت ہے۔ اس میں کہا گیا ہے کہ اس طرح کے پروگرام کسی بھی صورت میں مقاصد کے حصول کے بعد مختلف نسلی گروہوں کے لئے مساوی یا علحدہ حقوق کے نتیجہ میں نہیں ہوں گے۔

اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کمیٹی نے یہ بیان دیا ہے کہ ''مساوات کا اصول کو گھٹانے اور بڑھانے کے لئے بعض اوقات ریاستی پارٹیوں کی منظوری کی ضرورت ہوتی ہے جو مثبت کارروائی کرے تا کہ وہ ان حالت کو ختم کرے جو امتیازی سلوک کا سبب بنتے ہیں۔

ساؤتھ آفریقہ میں سماجی انصاف کے قوانین :

1994 میں جمہوریت سے پہلے عبوری دور میں ساؤتھ آفریقہ نے قوانین کے ذریعہ مثبت کارروائی کی تا کہ ماضی کے عدم مساوات اور عدم توازن کو دور کرے۔ اس کے مطابق سارے روزگار مہیا کرنے والے مالکان کو اس بات کا پابند کیا گیا کہ وہ حق رائے دہی سے محروم گروپس (جیسے کالے، انڈین اور سانولے لوگوں) کو روزگار دیں۔ انہیں ملازمت میں رکھیں اور انہیں اچھی تنخواہ دیں۔ اس سے کمپنیوں نے 50 سے زیادہ آدمیوں کو مقرر کیا تا کہ وہ منصوبوں کو لاگو کریں اور مردم نگاری کے کام کو ترقی دیں اور مزدوروں کے محکمہ کو اس کے بارے میں رپورٹ پیش کریں۔ روزگار کی فراہمی میں مساوات لانا کمپنی کا حصہ بن گیا اور اس کے نتیجہ میں کالوں کی اقتصادی حالت بہتر ہوگئی۔ اس پر مزید سپریم کورٹ نے قانون بنا دیا کہ کالوں کو ملازمت دینے کا اصول قائم رکھا جائے۔

چین : (China)

چین نے تعلیم میں ایک حد تک مثبت کارروائی اقلیتی باشندوں کے حق میں کی۔

روس : (Russia)

USSR میں کوٹا کا نظام (Quota System) لایا گیا۔ وہاں مختلف سماجی گروپوں کے لئے جیسے مذہبی اقلیتیوں، خواتین اور کارخانوں کے مزدوروں کے لئے کوٹا مقرر کیا گیا تا کہ وہ یونیورسٹی کی تعلیم تک رسائل حاصل کریں اور مختلف حکومتی عہدوں میں آئیں۔

نئی تعلیم - نئی ضروریات:

(New Education - New Requisites)

قدیم ہندوستان میں جو تعلیمی نظام تھا وہ امتیازی سلوک پر مبنی تھا لوگوں کو ان کی ذات پات کے حساب سے تعلیم میں داخلہ ملتا تھا۔ جدید ہندوستان میں نئے تعلیمی نظام کے آنے کے بعد بھی حاشیہ پر رہنے والی اقوام کو مرکزی دھارے میں آنے نہیں دیا گیا۔

جنوبی ہندوستان میں جدید تعلیمی نظام کو یوروپی مسیحی مشنروں نے متعارف کروایا، انیسویں صدی کے شروع میں انگریزوں نے ہندوستان کے اکثر حصوں میں عیسائی مشنریاں قائم کردیں۔ بہت سی قوموں کو جو تعلیمی مواقع سے محروم رکھا گیا تھا وہ قومیں ان مشنری تعلیم گاہوں سے تعلیم حاصل کر کے ترقی کرنے لگیں۔

13.9 مدراس پریسڈنسی کی حیثیت :

(Status in Madras Presidency)

اسی دور میں مدراس پریسڈنسی براہ راست انگریزوں کی حکومت میں آ گیا تھا۔ قوانین جیسے رعیت داری وغیرہ بنائے گئے۔ اس پر مزید ٹیکسوں کی وصول یابی کا نظام بنایا گیا۔ اس کے علاوہ فوج کا نظام بھی قائم کیا گیا۔ 1835 میں ہندوستان میں انگریزی کو پورے ہندوستان میں سرکاری اور دفتری زبان بنا دیا گیا۔ برطانوی ہندوستان کی فوج میں ہندوستانیوں کا تقرر کیا گیا۔ اکثریت جو فوج میں داخل ہوئی وہ غیر برہمنوں اور محروم طبقات کی تھی۔

11 pol sc unit 13 Set
Monday, November 22, 2021 8:33:00 AM

اگر چہ استعماری انگریزوں دور میں ہندوستانیوں کو فوجوں میں لیا گیا لیکن تعلیمی اداروں میں ہندوستانی زبانوں کو پڑھنے کی ا جازت نہیں دی گئی ۔ ایسے حالات انیسویں صدی کے آخر تک برقرار رہے جو لوگ انگریزی رواں بولتے تھے اور لکھتے تھے انہیں ان خدمات میں لیا جاتا تھا ۔ یوروپیوں کے تھر اینگلو انڈین اور برہمنوں کو سرکاری سروسس میں مقرر کیا جاتا تھا۔

انیسویں صدی کی ابتداء میں زمینداری اور رعیت داری کے نظام کے قیام کی وجہ سے زمیند ار اور دوسرے غالب چھا جانے والے گروپس پورے ہندوستان میں اعلیٰ عہدوں پر رہے ۔اوپر مذکورہ سارے گروپس ذات سے ہندو تھے۔ وہ اعلیٰ ذات کے ہندو دیہاتوں میں چھائے رہے اور وہاں کی زمنیوں پر انہی کے اختیارات تھے، کمزور قوموں کو دور رکھا گیا۔





اس تعلق سے ایک انگریز عہدے دار فرانسیسی ایلیس کو مقرر کیا گیا تا کہ وہ رعیت داری نظام کے بارے میں رپورٹ پیش کرے۔ اسی طرح ایک اور عہدیدار تھامس منرو نے بھی رعیت داری نظام کے تعلق سے ایک رپورٹ پیش کی۔

ان رپورٹوں کے مطابق کم ذات کے لوگوں کی جوتی گئی زمینوں پر زمینداروں کا قبضہ ناجائز تھا اس لئے کم معیار کی زراعت ہوتی تھی اور پیداوار کی سطح بھی کم تھی۔ یعنی معیار اور مقدار دونوں کم تھے۔ یہ بات بھی رپورٹ کی گئی کہ اس پیداوار کی کمی کے باعث زمینوں سے حاصل ہونے والا ٹیکس بھی کم ہوتا ہے۔ مزید اس پر ظلم یہ کہ کمزور اور روندے گئے لوگوں کو ان کی زمینوں سے ہاتھ دھونا پڑتا ہے اور ان کے بچوں کو اسکولوں اور اعلیٰ تعلیمی اداروں میں داخلہ سے محروم رکھا جاتا تھا۔

روندی گئی قوموں کے لئے ترجیحی حقوق :

(Preferential Rights for the Downtrodden)

1885ء میں مدراس پریسڈنسی حکومت نے کمزور طبقہ کے لوگوں کے لئے ملی امداد پالیسیوں کا اعلان کیا اور اسی طرح حکومت کی جانب سے نچلی ذات کے لوگوں کے لئے اسکول قائم کئے۔ اس دوران چنگل پیٹ کے کلکٹر ٹریمنکار نے چنگل پیٹ ضلع کے کمزور طبقات کی حالت پر رپورٹ پیش کی۔ اس رپورٹ کے اقتباسات یہ ہیں۔ روندے گئے طبقات کے لوگ ہر لحاظ سے نچلی سطح پر ہیں۔ خصوصاً سماجی اقتصادی ور تعلیمی اداروں میں ان کی حالت بہت گھٹی ہے ۔ زمینوں سے انہیں محروم رکھا جاتا ہے۔ انہیں اپنی ذاتی مکانات بنانے کی اجازت نہیں دی جاتی ہے۔ ان کو تعلیمی مواقع سے دور رکھا جاتا ہے۔ انہیں غلام بنا کر بیچا جاتا ہے۔ بڑی بڑی زمینیوں کو بنجر بنا کر رکھا گیا ہے۔ ان سب وجوہات سے حکومت کی آمدنی کم ہوگئی ہے۔ حکومت کی آمدنی کو بڑھانے کے لئے ضروری ہے کہ زمینوں کو لوگوں میں برابر تقسیم کیا جائے۔

ان افسروں کی رپورٹوں میں بہت ساری سفارشات کی گئی تھیں۔ 1892ء میں اس رپورٹ پر غور کیا گیا اور حکومت نے اس کو منظوری دے دی۔ اس کے مطابق 12 لاکھ ایکڑ زمینوں کو ان نچلی ذات کے لوگوں میں تقسیم کر دیا گیا۔ ان تقسیم کردہ زمینوں کو پنچامی کہا جاتا تھا۔ ان نچلے طبقات کے لئے جو اسکول بنائے گئے ان اسکولوں کو پنچامر اسکول کہا جاتا تھا۔

''پنچامر'' کا مطلب وہ لوگ جو ورناسسٹم سے الگ ہیں یا الگ کردہ قومیں ایوتھی داشا اور سنگارا ویلا دونوں اس بات پر متفق ہیں کہ پنچامیر اسکولوں کو'' آدی دڑاور اسکول'' کہا جاسکتا ہے اور یہ پرانا روایتی نام ہے۔

11 pol sc unit 13 Set
Monday, November 22, 2021 8:33:01 AM

1854ء میں عدالت (کورٹ) نے ہدایت جاری کردی کہ نچلے ذات کے بچوں کو اسکولوں میں داخلہ پر کوئی پابندی نہیں کی جاسکتی ہے۔ ہندو ذات اور دوسری اعلیٰ ذاتوں کے لوگوں نے کورٹ کے اس حکم کو نہیں مانا۔ 1865ء میں برطانوی پارلیمنٹ کے ہندوستانی سکریٹری نے آرڈر جاری کرکے ادنیٰ ذات کے بچوں کو اسکولوں میں داخلہ دلوایا مگر حالت وہی برقرار رہے، اس میں تبدیلی نہ آئی۔

انیسویں صدی کے اختتام میں برطانوی حکومت نے سارے محکموں میں برہمنوں کی ترقی کی تائید کی اور اقلیتوں کو تعلیمی مواقع سے دور رکھا گیا۔ اسی طرح اقتدار اور ملازمت کے شعبوں سے بھی محروم رکھا گیا۔ غیر برہمن او راقلیتی طبقے جو جدید تعلیمی اداروں کے تعلیم یافتہ تھے اس صورت حال سے بہت غیر مطمئن تھے اور حکومت کے اس ایک طرف جھکاؤ سے انہیں شکایت تھی۔ انہوں نے سرکاری خدمات کے شعبوں میں ادنیٰ ذات کے طبقات کے لئے ریزرویشن کا مطالبہ کیا۔



1891ء میں ٹراونکور سلطنت نے ملیالی یادگار کو پیش کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ ملازمتوں میں مقامی باشندوں کو مناسب مواقع دئے جائیں۔ 1896ء میں ایژاوا میموریل نے اپنا مطالبہ رکھا کہ اویرنا (پسماندہ طبقہ) کو ملازمت اور تعلیم میں مناسب مواقع دئے جائیں۔ نارائن گرد نے ذات پات کے نظام سے متاثر قوموں کو منظّم کرنے کی زبردست کوشش کی اور ان کے لئے اس نے تعلیمی ادارے قائم کئے۔ اس سے بھی اس طرح کی تحریکیں چلتی رہیں۔ 1902ء میں کولاپور کے راجہ چترا پتی ساہو نے پہلی بار حکومت کے عہدوں میں غیر برہمنوں کے لئے ریزرویشن کا طریقہ شروع کیا۔ تقریباً اسی زمانے میں میسور کی سلطنت میں ملر کمیٹی نے فرقوں کے حساب سے ملازمتوں کی تقسیم کی سفارش کی تھی۔

وہ لوگ جنہوں نے مناسب نمائندگی کے مطالبات کئے تھے وہ تھے۔ او تھی داسا، سنگاراویلر، ریٹاملائی سری نیوانس پٹی تیگارائر، پناگل کا راجہ اور دوسرے لوگ بھی تھے۔ ان لوگوں کے مطالبات کو 1922ء میں منظور کیا گیا۔ فرقوں کی بنیاد پر نمائندگی کا آرڈر مدراس پریسڈنسی کے تمام محکموں میں جاری کردیا گیا۔ وہ آرڈر 128(2) کا آرڈر کہلاتا ہے۔۔ اس آرڈر کو مدارس پریسیڈنسی کے تمام حصوں میں نافذ کردیا گیا۔

تمل ناڈو کی طرف سے ''تعلیم سب کے لئے'' کی جد وجہد ملک کی دوسری ریاستوں تک پھیل گئی۔ لیڈران جیسے جیوتی راؤ پھولے، سوتیری بائی پھولے نے مہاراشٹرا میں دبے کچلے فرقوں کی تعلیم کے لئے بھاری کوششیں کیں۔



جسٹس پارٹی: (Justice Party)



1913 میں رائل کمیشن کے سربراہ الیگزینڈر کارڈو کے نام بہت سی درخواستیں بھیجی گئیں۔ مدراس پریسیڈنسی سے رنگون تراوی اسوسی ایشن اور دوسرے اداروں نے بھی اپنے مطالبات کی درخواستیں کمیشن کو بھیجیں۔ ساری درخواستوں میں اس بات پر زور دیا گیا کہ پسماندہ دبے کچلے او رمذہبی اقلیتوں کو ملازمتوں میں ریزرویشن دیا جائے۔ ڈاکٹر نٹیسن

11 pol sc unit 13 Set
Monday, November 22, 2021 8:33:01 AM

بٹی، تیگرائر، T,M نائر وغیرہ نے اقلیتوں اور اچھوتی ذات کے لوگوں کے سلگتے مسئلہ کے بارے میں رپورٹ پیش کی۔ P۔تیگرائر نے 1916 میں غیر برہمن کا منشور (Non Brahmin Manifesto) کے نام سے ایک مضمون لکھ کر شائع کیا۔





1916ء میں پٹی، T.M نائر وغیرہ نے غیر برہمن لوگوں کے مفادات کے لئے ساؤتھ انڈین لبرل فیڈریشن کا آغاز کیا۔اس فیڈریشن نے جسٹس (انصاف) نامی ایک پرچہ بھی شائع کیا جس میں وہ اپنے خیالات ونظریات پیش کرتے تھے۔بعد ازاں وہ وفاق (فیڈریشن) 'جسٹس پارٹی' کے نام سے مشہور ہوا۔

اس تحریک کے ذریعہ سے تعلیم اور روزگار کے شعبہ میں غیر برہمنوں کی نمائندگی کے خیالات پھیلائے جانے لگے۔ 1915ء میں جسٹس پارٹی نے عرضی پیش کی جس میں اعلیٰ تعلیم کے دائرہ میں انگریزی اور سنسکرت کے غلبہ کی مذمت کی گئی تھی۔آگے انہوں نے اعلیٰ تعلیم کے شعبہ میں تمل اور دوسری زبانوں کو بھی شامل کرنے کی مانگ رکھی۔

1917ء میں 54 اسوسی ایشنوں نے برطانوی حکومت کے نمائندہ ممبران سے ملاقات کی اور اپنا مطالبہ رکھا کہ غیر برہمنوں اور دوسری اقلیتوں کے لئے انصاف پسند اور بہتر نمائندگی ہونی چاہئے۔اس پر مزید گونا گوں کانفرنسوں میں فرقہ واری نمائندگی کے مطالبے کئے جانے لگے۔

پہلا فرقہ واری نمائندگی کا آرڈر :
(First communal Representation order)

مدراس پریسڈنسی میں جسٹس پارٹی کے حکمرانی کے دور میں فرقہ واری نمائندگی کا مطالبہ زوردار طریقہ سے ہونے لگا تھا۔ جسٹس پارٹی کی طرف سے فرقہ واری نمائندگی کے سلسلہ میں طویل جدو جہد اور لوگوں کی اس سلسلہ میں وسیع طریقہ سے تائید نے 1921ء میں مرکزی حکومت کو ایک ریزولیشن پاس کرنے پر مجبور کیا اس ریزولیشن کو بعد میں فرقہ واری نمائندگی ڈکری Communal Representation Decree کہا جانے لگا۔

وہ ایک سرخ خط کا دن تھا ہندوستان کی تاریخ میں جب نچلے ذات کے فرقوں (جو کہ صدیوں سے سماجی اور اقتصادی طریقہ سے دبے کچلے گئے تھے) کو اعتماد حاصل ہوا اور وہ عزت نفس کے ساتھ باوقار زندگی گذارنے کے قابل ہوئے۔

ایک قرارداد چنئی کے MLA منوسوامی کی طرف سے پیش کی گئی۔اس قرارداد میں یہ بات تھی ''غیر برہمنوں جو کم از کم تعلیمی لیاقت (Educational Qualification) رکھتے ہوں کو ملازمت کے مواقع ملنے چاہئیں۔غیر برہمن لوگوں خصوصاً عیسائیوں، مسلمانوں اور دوسرے نچلے طبقات کا حکومت کی تمام سروسس میں تقرر ہونا چاہئے۔اس کے لئے ایک مستقل قانون آرڈر جاری کیا گیا۔اگر تنخواہ 100 روپئے سے زیادہ ہو تو اس آرڈر کو 7 سالوں تک نافذ کرنا ہوگا تاکہ 75 فی صد آبادی تک اس کا فائدہ پہنچے''۔اس قرارداد کے تعلق سے R.K شن موگم نے وضاحت کی ''اگر یہ تاریخی اور نمایاں ریزولیشن نافذ ہو جائے اور اس پر عملدرآمد ہو تو آنے والی نسلیں ضرور ذات پات کے نظام سے چھٹکارے کی ہماری سچی کوششوں کو سراہیں گی۔''اس خیال کی تائید کرتے وہئے ڈاکٹر سی۔نیشن نے آواز بلند کی ''اگر بہتر نمائندگی ہمارے لوگوں کو فراہم نہ گئی تو ہم ٹیکس ادا نہیں کریں گے۔''

پیریار E.V رام سوامی جو کہ کانگریس کے پکے حامی

11 pol sc unit 13 Set
Monday, November 22, 2021 8:33:02 AM

تھے۔ انہوں نے بھی جسٹس پارٹی کے خیالات کی تائید کی۔انہوں نے وہی مطالبہ کانگریس پارٹی میں رکھا۔1925 میں کانچی پورم کے کانگریس پارٹی کانفرنس میں پریار نے تعلیم اور ملازمت میں فرقہ وارانہ نمائندگی کی قرارداد پاس کرنے کے لئے کہا۔جب ان کی قرارداد کو منظور نہیں کیا گیا تو وہ کانگریس سے علاحدہ ہوگئے۔1928ء میں R میتیا (جسٹس پارٹی) کی قیادت میں فرقہ وارانہ نمائندگی کو پاس کیا گیا اور اسے حکومت کے تمام محکموں میں نافذ کیا گیا۔

پہلی ترمیم (First Amendment)

1951 میں ہندوستانی دستور کے مؤثر نفاذ کے بعد مسٹر سنگاراجن نے ہائی کورٹ میں ایک دعوی میڈیکل سیٹوں کے ریزرویشن کو ختم کرنے کے تعلق سے دائر کیا۔اس نے یہ بھی واضح کیا کہ فرقہ وارانہ نمائندگی اس کے سیٹ کے رد ہونے کے سبب ہے۔ہائی کورٹ نے اپنا فیصلہ سنایا کہ کمیونل نمائندگی کی ڈگری کے دستور کے خلاف ہے اور اس سے دست برداری ہونی چاہئے۔اس پر مزید یہ کہ سپریم کورٹ نے بھی اس فیصلہ کا پورا ساتھ دیا۔اس فیصلہ کی وجہ سے ذات کی بنیاد پر ریزرویشن کی پالیسی سے دست برداری اختیار کرلی گئی۔



اس فیصلہ کے خلاف ٹمل ناڈو کی پوری ریاست میں احتجاجات پونے لگے۔ E.V رام سوامی نے دستور میں ترمیم کا مطالبہ کیا پیریار کی انہی کوششوں کے نتیجہ میں ٹمل ناڈو کانگریس کمیٹی کے صدر کامراج، وزیراعظم جواہر لال نہرو اور امبیڈکار نے ریزرویشن پالیسی کے تعلق سے ایک ترمیم کی۔وہ ترمیم ہندوستان کے دستور میں ترمیم تھی۔اس کی وجہ سے پسماندہ طبقات اور دوسرے فرقے ریزرویشن کی سہولت سے مستفید ہونے لگے۔

دستور ہند کے دفعات 15 اور 16 کے مطابق ''سماجی اور اقتصادی طور پر پسماندہ طبقات کو خصوصی رعایتیں دی گئیں۔'' اس کے سبب نہرو کو ہندوستان کے دستور میں پہلی ترمیم کرانی پڑی۔

اس کے مطابق دستور 4(15) اور 4 (16) کے ذیلی دفعات شامل کی گئیں۔ترمیم کے بعد 1951 سے پسماندہ قوموں کو 25% اور نچلی ذاتوں کو 16% ریزرویشن دئے گئے۔

ریزرویشن کی توسیع : (Expansion of Reservation)



ایم کروناندھی کے دور حکومت میں شاناڈھن کی چیرمین شپ میں ایک کمیشن کی تشکیل ہوئی تاکہ پسماندہ قوم کی بہبودی ہو شاناڈھن کمیشن کی سفارشات پر پسماندہ کمیونٹی کو 31% اور SC/ST کو 18% ریزرویشن 1971 میں دیا گیا۔

1979 میں حکومت ٹمل ناڈو کے سوشیل ویلفیر محکمہ نے ایک آرڈر جاری کیا جس کا نمبر MS نمبر 1156 مورخ (02.02.1978) ہے۔اس آرڈر کے مطابق پسماندہ کمیونٹی کے خاندان کی سالانہ آمدنی 9000 روپئے متعین کی گئی۔بعد میں اس حکم (آرڈر) کو منسوخ کردیا گیا۔ایک اور آرڈر جاری کیا گیا جس میں پسماندہ کمیونٹی کے لئے ریزرویشن کا فی صد 31 سے بڑھا کر 50 کردیا گیا اور SC/ST کو 18% ہی رکھا گیا۔مجموعی اعتبار سے ٹامل ناڈو ریاست میں 68% ریزرویشن پر عمل ہونے لگا۔

11 pol sc unit 13 Set
Monday, November 22, 2021 8:33:03 AM

اس کے تسلسل کے طور پر 1989 میں سپریم کورٹ میں ایک اور درخواست داخل کی گئی جس میں شیڈول ٹرائب (ST) کے لئے علاحدہ ریزرویشن کی منظوری کی مانگ کی گئی۔اس مسئلہ میں سپریم کورٹ نے فیصلہ سنایا جس کے تحت پسماندہ کمیونٹی، نہایت پسماندہ، شیڈول کاسٹ اور شیڈول ٹرائب قوموں کے لئے بالترتیب 30%، 20%، 18% اور 1% ریزرویشن دیا گیا۔اس طرح مجموعی طور سے ٹمل ناڈو میں 69 فی صد ریزرویشن دیا گیا۔

مرکزی حکومت میں ریزرویشن
(Reservation in Central Government)

منڈل کمیشن : (Mandal Commission)

مرکزی حکومت نے وی پی سنگھ کے وزیر اعظم ہونے کے دور میں منڈل کمیشن کی سفارشات کو منظوری دی۔حکومت نے ایک آرڈر جاری کیا جس میں یقین دہائی کرائی گی کہ سنٹرل گورنمنٹ سروس میں پسماندہ طبقات کو 27% ریزرویشن ملازمت کے لئے دئے جائیں گے۔



اس کی مخالفت میں اندرا ساہنے نے ایک مقدمہ دائر کیا کہ اس آرڈر کی وجہ سے دستوری ڈھانچہ میں شگاف پڑتا ہے۔ اس نے یہ بھی وضاحت کی کہ ریزرویشن پالیسی قانون کے آگے سب برابر ہیں، کے اصول کا حد سے زیادہ استعمال ہے۔سپریم کورٹ نے ایک صاف اور واضح فیصلہ سنایا کہ مرکزی حکومت میں پسماندہ طبقات کو دیا گیا 27% ریزرویشن قانونی طور پر صحیح ہے۔مزید سپریم کورٹ نے یہ بھی کہا کہ ریزرویشن کا عمل 50% سے زیادہ نہیں ہونا چاہئے۔

سپریم کورٹ نے ریزرویشن پالیسی کے لئے آخری حد 50% مقرر کردی مگر اس کو دستور میں نہیں دیا گیا ہے۔آگے آخری حد 50% بھی نکال دی جاسکتی ہے۔

لہذا فیصلہ یہ کہتا ہے (Thus the Judgement says)

اگر چہ مرکزی حکومت میں ریزرویشن کی آخری حد 50% مقرر کی گئی ہے لیکن اسے تبدیل بھی کیا جاسکتا ہے۔تہذیب و کلچر میں الگ تھلگ رہنے والوں کو اس سپریم کورٹ کی مقررہ حد سے مستثنیٰ رکھا جاسکتا ہے۔ 50% کی حد کو مستثنیٰ کیا جاسکتا ہے۔انہی ججوں نے یہ بات بنائی جو جج کہ اس فیصلہ میں شریک تھے۔

یہ کہا گیا ہے کہ کفز یورٹرسٹ کے ایک ممبر K.N وجیان نے جو ٹمل ناڈو کے تھے یہ درخواست دائر کی کہ ٹمل ناڈو میں جو 69 فی صد ریزرویشن دیا گیا ہے وہ سپریم کورٹ کے فیصلہ کے خلاف ہے۔تاہم سپریم کورٹ نے اپنے فیصلہ اس بات کی بھی وضاحت کی ہے کہ انجیرنگ او رمیڈیکل کالجوں کو دیا جانے ولا ریزرویشن 50% سے زیادہ نہیں ہونا چاہئے اس نے ریزرویشن کے سلسلہ میں عبوری طور پر روک بھی لگائی۔



وہ اس کے مماثل تھا جو کہ 1951 میں بے موقع ہوا تھا جس پر جے۔جئے للیتا کے دور حکومت میں ریاستی حکومت نے ریاستی اسمبلی ایک بل پاس کیا تھا جس میں اسٹیٹ پالیسی کے رہنما اصول (دفعہ (31(c) کا حوالہ دیا گیا تھا۔

30.12.1993 کے اس مسودہ (بل) کو صدر ہند کی طرف سے منظوری 19.07.1994 کو دی گئی تھی جس میں کہا گیا تھا کہ 69% ریزرویشن کلی طور پر قانونی ہے۔آئندہ بھی ٹمل ناڈو حکومت کے خلاف کسی بھی قسم کا مقدمہ دائر نہ ہو اس کے لئے کوشش

11 pol sc unit 13 Set
Monday, November 22, 2021 8:33:03 AM

کرے دستور ہند میں ریزرویشن پالیسی کے لئے نواں شیڈول بنادیا گیا۔

پارلیمنٹ نے 76ویں ترمیم دستور میں کی ۔اس ترمیم کے ذریعہ حکومت ٹمل ناڈو نے دستور کے اندر نواں شیڈول داخل کرایا۔مزید اس کو 16 نومبر 1992 سے پرانے تسلسل کے طور پر عمل بھی لایا گیا۔

مختلف فرقوں کے لئے ریزرویشن کا دیا جانا ایک عارضی کوشش ہے جو مختلف شعبوں میں مقام دلانے کے لئے کی جاتی ہے ۔سماجی طور پر مکمل تبدیلی لانے کے لئے ذات پات کے نظام کو پورے طور پر ختم کرنا ضروری ہے تاکہ دائمی مساوات کو قائم رکھا جائے۔ان ذرائع میں سے ایک ذریعہ دائمی مساوات لانے کے لئے مختلف قوموں کے درمیان شادی کو رواج دینا ہے۔اپنی قوم اور ذات کے اندر ہی شادی کرنے سے ذات پات کے نظام کو مزید تقویت دیتا ہے اور یہ بات مساوی سماج کے بنانے میں ایک رکاوٹ ہے ۔ذات پات کو دیکھے بغیر ہر پہلو سے مثالی سوچ ہی بہترین طریقہ کاری ہے جس کے سبب بنیادی سماجی تبدیلی لائی جاسکتی ہے۔

پسماندہ طبقات کا کمیشن
(Backward classes commission)

ہندوستانی دستور کے آرٹیکل 340 کے مطابق صدر ہند پسماندہ طبقات کا کمیشن مقرر کرسکتا ہے تاکہ سماجی اور تعلیمی اعتبار سے پسماندہ گروپوں کی شناخت کی جاسکے اور اسی طرح ان کے معیار اور حالت کے تعلق سے سفارشات بھی پیش کی جاسکیں۔





اب تک حکومت ہند نے پسماندہ طبقات کے کمیشن کی تشکیل کی ہے۔ان کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

1۔کاکا کلیکار کمیشن:
(KaKa Kalelkar Commission)

کاکا کلیکار کمیشن پہلا کمیشن ہے جس کی تشکیل 1901-1953 میں ہوئی تھی اس کمیشن میں 11 ممبران تھے جس کے چیرمن جواہر لال نہرو تھے۔انہوں نے اس کمیشن کی رپورٹ کو پارلیمنٹ میں پیش کیا گیا تھا مگر اس رپورٹ کو اپنایا نہیں گیا۔

2۔ منڈل کمیشن: (Mandal Commission)

مرکزی حکومت نے مورارجی دیسائی کے دور حکومت میں 1978 - 2012 میں سوبیندر سوری پرساد منڈل کمیشن بنایا۔ وہ دوسرا قسم کا کمیشن تھا جو پسماندہ کمیونٹی کے لئے بنایا گیا۔S.S گل کو اس کمیشن کا سکریٹری مقرر کیا گیا۔اس کے ذریعہ پسماندہ کمیونٹی کے حالات کا جائزہ لیا گیا اور اس کام کے لئے 1978 میں B.B منڈل کی سربراہی میں ایک گروپ بنایا گیا اور وہ گروپ سارے ملک کے دورے پر گیا۔اس کمیشن نے 11 بنیادی اسباب کے تحت 3743 ذاتوں کی نشاندہی کی جو پسماندہ طبقات میں آتے تھے۔تعلیم اور سماجی حالات کے حساب سے لوگوں کے ذاتوں کی شناخت کی گئی۔

اس رپورٹ کے پیش لفظ میں منڈل نے لکھا کہ ''مدراس صوبہ فرقہ واری نمائندگی کے سلسلہ میں پہل کرنے والا صوبہ ہے۔ اس صوبہ نے پسماندہ طبقات کے لئے نمائندگی دی ہے۔''ہم اس بات سے یہ نتیجہ اخذ کرتے ہیں کہ سماجی انصاف کے لئے ٹمل ناڈو پیدائشی مقام ہے اور ٹمل ناڈو دوسری ریاستوں کے لئے اس سلسلہ میں راستہ دکھانے ولا ہے۔

ہندوستان کے 52% پسماندہ طبقات کے لئے 27% ریزرویشن دیا جانا چاہئے۔منڈل رپورٹ نے ریمارکس لکھے،اس ریزرویشن کو 13.08.1990 میں وی پی سنگھ نے مرکزی حکومت کے جملہ سروسس میں نافذ کیا۔اس آرڈر کے ذریعہ سے وہ پسمانہ

11 pol sc unit 13 Set
Monday, November 22, 2021 8:33:04 AM

طبقات جو تعلیمی اور سماجی حیثیت سے پسماندہ تھے مرکزی حکومت کے سروس میں داخل ہوئے۔

سماجی انصاف کی پیش رفت:
(Promoting Social Justice)

سماجی انصاف کے حصول کے لئے اس بات کا مشورہ اکثر و بیشتر دیا گیا ہے کہ ریزرویشن پالیسی ایک اہم آلہ ہے۔ ہم اس بات کی اصلیت کو سمجھیں کہ تعلیم اور ملازمتوں میں ریزرویشن دینا سماجی انصاف کے حصول کے طریقوں میں سے ایک طریقہ ہے۔ مساوات انسانی کے فلسفہ میں سماجی انصاف کو لازمی طریقہ سے بطور تمہید کے جگہ دینی چاہئے۔ اس فلسفہ کے اصول سے پیدائش کے لحاظ سے کوئی ادنیٰ اور اعلیٰ نہیں ہے۔

پیدائشی طور پر اعلیٰ و ادنیٰ کے فلسفہ سے جو لوگ فائدہ اٹھا رہے تھے وہ جان لیں کہ جدید دنیا میں ان کا فلسفہ چلنے والا نہیں ہے۔ جدید دور کے کسی بھی شخص کے لئے یہ بات ضروری ہے کہ وہ ہر شخص کے ساتھ مساوات برتنے کے سلسلہ میں حساس رہے۔ بد قسمتی سے جدید دور کو صرف جدید الیکٹرانک اور سہولت والی اشیاء کے مترادف سمجھ لیا گیا ہے۔ تازہ ترین تراکیب سے ہم جدید (ماڈرن) نہیں بن جاتے۔ ہندوستان کو ماڈرن ملک بنانے کے لئے اس بنیادی تبدیلی کو اختیار کرنا ضروری ہے۔ اسی وجہ سے سماجی انصاف کو جدید ہندوستان کے تصور کے ساتھ مضبوطی سے جوڑا گیا ہے۔

کیا تم جانتے ہو؟

حکومت ہند نے 1979 میں دوسرا پسماندہ طبقات کا کمیشن مقرر کیا۔ اس کی سربراہی B.P منڈل نے کی تھی۔ اسی لئے وہ منڈل کمیشن کے نام سے مشہور ہوا۔ اس نے معیاری اصول سماجی اور تعلیمی لحاظ سے پسماندہ طبقات کی نشاندہی کے لئے بنائے اور ان کی بہتری کے لئے اقدامات کرنے کی اس کمیشن نے سفارش کی۔ ان سفارشات میں سے ایک یہ کہ سرکاری ملامتوں میں پسماندہ طبقات کے لئے 27 فی صد ریزرویشن کا دیا جانا تھا۔

دسمبر 1980 میں منڈل کمیشن کے ممبران نے اپنی رپورٹ وزیر داخلہ ذیل سنگھ کو پیش کی تھی۔ رپورٹ دینے کے بعد B.P منڈل نے کہا تھا ''میں جانتا ہوں کہ اس رپورٹ کے تیار کرنے میں بہت خرچ آیا ہے مگر مجھے کہنے دیجئے کی آج ہم نے گہرائی سے رپورٹ پیش کی ہے اس پر ہمیں خوشی حاصل ہے۔''

بعد کے دس سال رپورٹ ہوم منسٹری کے دفتر میں پڑی رہی۔ اس دھول میں اٹی ہوئی رپورٹ کو اس وقت کے وزیر اعظم وی پی سنگھ نے اٹھا کر 1990 میں نافذ کی۔ منڈل کمیشن کی رپورٹ نزاع اور بحث و مباحثہ کی سبب سے زیادہ سلگتی اور اہم موضوع بن گئی۔ قومی سیاسی دنگل میں ایک مکمل الجھن رہی۔ کسی بھی بڑی سیاسی پارٹی نے منڈل کمیشن کی سفارشات کو نافذ کرنے کی تائید نہیں کی۔

چند لوگوں اور اسوسی ایشنوں نے اس آرڈر کے خلاف بڑی تعداد میں کورٹ میں مقدمات داخل کئے۔ سپریم کورٹ کے 11 ججوں نے دونوں طرف کے دلائل سنے۔ 1992ء میں سپریم کورٹ کے ججوں نے اپنے فیصلہ کا اعلان کیا کہ وہ آرڈر قانونی طور پر جائز ہے۔ اسی وقت سے سپریم کورٹ نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ اس آرڈر میں بہتر تبدیلی کرے۔ اس میں کہا گیا ہے کہ پسماندہ طبقات میں سے اچھی کارکردگی کرنے والے اشخاص کو ریزرویشن کے فوائد سے باہر رکھا جائے۔ اس کے مطابق پرسنل اور ٹریننگ کے محکمہ نے 8 ستمبر 1993 کو ایک اور دفتری میمورنڈم جاری کیا۔ اس طرح وہ تنازعہ ختم ہوا اور اس پالیسی پر اس وقت سے عمل ہو رہا ہے۔

11 pol sc unit 13 Set
Monday, November 22, 2021 8:33:05 AM

اندرا ساہنے V۔ یونین آف انڈیا AIR 1993 SC 477

- اسے منڈل کمشین کیس بھی کہا جاتا ہے
- B.P منڈل کی چیرمن شپ میں 1979 میں دفعہ 340 کے تحت دوسرا پسماندہ طبقات کا کمیشن بٹھایا گیا جو یونین حکومت کی طرف سے وزیر اعظم مورار جی دیسائی کی سربراہی میں ہوئی۔
- اس کمیشن کی جانب سے ایک بڑی سفارش جو سامنے آئی وہ یہ تھی۔ SCs اور STs کے علاوہ دوسرے پسماندہ طبقات جو تقریباً 52% آبادی رکھتے ہیں انہیں 27% سرکاری ملازمتیں دینی چاہئے۔ اس طرح مجموعی اعتبار سے STs, SC، OBCs , کو ریزرویشن 50% ہو جاتا ہے۔
- بہت زمانہ تک منڈل رپورٹ کی بنیاد پر کوئی کام نہیں ہوا سوائے اس کے کہ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں دو مرتبہ اس پر بحث ہوئی ایک بار 1982 میں اور دوبارہ 1983 میں۔
- 13 اگست 1990 میں وی پی سنگھ نے مرکزی منڈل کمیشن کی سفارشات کو منظور کرتے ہوئے ایک آفس میمورنڈم جاری کیا اور 27% ریزرویشن کا اعلان کیا جس کے تحت حکومت ہند کی آسامیوں میں پسماندہ طبقات کی بھرتی ہوئی۔

فرہنگ الفاظ : Glossary

بھاری چارہ (Fraternity) – دستور ہند میں دیا گیا عالمی بھائی چارہ

استحصال (Exploitation) – ذرائع کا غلط استعمال

مساوات انسانی کا معاشرہ – Egalitarian Society

ایک خاص انسانی برادری کو مخصوص اسکیمیں یا حق – privileges

ناانصافی – Injustice

سماجی شناخت – Social Identity

نسلی عصبیت – Aparthied

ذات پات کا نظام – Varna System

اقلیتیں – Minorities

ریزرویشن (مخصوص نشستیں) – Reservation

کثرت والا سماج – Plural Society

سماجی تبدیلی – Social Change

شہری حقوق – Civil Rights

سیاسی حقوق – Political Rights

اقتصادی مساوات – Economy Equality

دھرم – Dharma

زمین داری – Land Lordism

حقوق سے محروم – Deprived

ورنا سسٹم سے باہر (پنچامیر) – Panchamer

انصاف – Justice

11 pol sc unit 13 Set
Monday, November 22, 2021 8:33:05 AM

Evaluation تشخیص

I۔ صحیح جواب منتخب کیجئے :

1۔ Fittest Theory کو .....نے بنایا۔

(a) ڈینیم (b) روسو (c) ڈارون (d) ان سب نے

2۔ غلاموں کی تجارت سے مراد .....ہے۔

(a) عورتوں کا لین دین (b) بچوں کا لین دین (c) مردوں کا لین دین (d) یہ سب

3۔ نسلی عصبیت کے دور سے مراد.....ہے

(a) ایک نسل کا دوسری نسل پر ظلم (b) گوروں کا کالوں پر ظلم (c) اذیت (d) متمول سماج

4۔ نارائن گرو کس ریاست سے تعلق رکھتے تھے

(a) آندھرا پردیش (b) مغربی بنگال (c) مہاراشٹرا (d) کیرلا

5۔ وائیکوم تحریک کی قیادت.....نے کی

(a) پیریار (b) راجاجی (c) نہرو (d) گاندھی

6۔ "An inquiry into Wealth of Nations" کو .....نے لکھا

(a) کنیس (b) آدم اسمتھ (c) روسو (d) بوڈیو

7۔ ریزرویشن پالیسی.....کے لئے ہے

(a) اوپر اٹھانے والے (b) ترقی (c) انصاف (d) ساری باتوں کے لئے

8۔ ذات پات کا نظام.....میں زیادہ سطح پر ہے۔

(a) ہندومت (b) اسلام (c) عیسائیت (d) زرتشت

9۔ امبیڈکار نے آخر میں .....کو اختیار کیا ۔

(a) عیسائیت (b) ہندومت (c) بدھ مت (d) جین مت

10۔ صرف سوسائٹی کا مطلب

(a) بلاتفریق (b) ذات پات کے بغیر (c) بغیر مذہب کے (d) تمام

11۔ منڈل کمیشن نے ان کو .....نے ترقی دی۔

SC (a) ST (b) OBC (c) OC (d)

11 pol sc unit 13 Set
Monday, November 22, 2021 8:33:05 AM

12۔ توثیق (A) : برطانوی ہندوستان میں غیر برہمنوں کو سرکاری شعبوں میں نامزد کیا گیا۔
سبب (R) : 1921 میں Communal Representation Decree کو پاس کیا گیا تھا۔

(a) A اور R دونوں صحیح ہیں اور A کی صحیح وضاحت R کرتا ہے۔
(b) A اور R دونوں صحیح ہیں اور A کی صحیح وضاحت R نہیں کرتا ہے۔
(c) A صحیح ہے مگر R غلط ہے۔
(d) A غلط ہے مگر R صحیح ہے۔

II۔ درج ذیل سوالوں کے بالکل مختصر جواب دیجئے۔

1۔ سماج، حکومت اور ذات پات کا نظام - تعریف کیجئے۔
2۔ ذات پات کے بغیر سماج - تعریف کیجئے۔
3۔ ذات پات کی تفریق سے آپ کی کیا مراد ہے؟
4۔ مساوات کیا ہے؟
5۔ استحصال (exploitation) سے کیا مراد ہے؟
6۔ ذات پات کے تشدد کی تعریف کیجئے۔

12۔

III۔ درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب دیجئے۔

1۔ ریزرویشن پالیسی (reservation policy) سے متعلق ایک نوٹ لکھئے۔
2۔ ہندوستانی دستور (آئین) میں مساوات سے متعلق لکھئے۔
3۔ ذات پات کی تنظیموں سے متعلق ایک مختصر نوٹ لکھئے۔
4۔ ہندوستان میں ذات پات کی تفریق سے متعلق ایک نوٹ لکھئے۔
5۔ منڈل کمیشن کی سفارشات سے متعلق وضاحت کیجئے۔

IV۔ درج ذیل سوالوں کے جوابات تفصیل سے لکھئے۔

1۔ مساوی سماج (equal society) کے بنیادی اصولوں سے متعلق بحث کیجئے۔
2۔ پیریار کے سیاسی خیالوں سے متعلق ایک نوٹ لکھئے۔
3۔ مساوات سے متعلق مختلف قائدوں کا کیا رول رہا ہے، اس سے متعلق لکھئے۔
4۔ جدید تحریکوں کی قیادت سے متعلق ایک نوٹ لکھئے۔
5۔ نئی سماجی تحریک سے متعلق ایک نوٹ لکھئے۔

کتب حوالہ

1. Gauba. O.P, 'Dimension of Social Justice', National Publishing Co, New Delhi, 1983.
2. Rawls, John, 'A Theory of Justice', Universal Law Publishing Co. Pvt, Ltd, Delhi.
3. Rao, Priya, 'Development & Social Justice - A Legal Perspective'; Kalpaz Publications, Delhi, 2012.
4. Purohit . B.R; 'Social Justice in India', Rawat Publications, New Delhi, 2003.

11 pol sc unit 13 Set
Monday, November 22, 2021 8:33:06 AM

CNKG8

واقعات کی ڈائری

1914	-	دراوڑی اسوسی ایشن کی شروعات
1916	-	ساؤتھ انڈین لبرل فیڈریشن کی تشکیل ہوئی۔
1917	-	جسٹس پارٹی
1919	-	مونٹاگو چیمس فورڈ اصلاحات
1925	-	پیریار نے عزت نفس تحریک کی بنیاد ڈالی۔
1937	-	راجاجی قیادت میں کانگریس کی وزات بنائی گئی۔
1937	-	ہندی مخالف احتجاجات
1944	-	سیلم کانفرنس میں جسٹس پارٹی کا نام دراوڈر کژگم (DK) رکھا گیا.
1946	-	مدراس صوبے میں کانگریس کے ٹی۔ پرکاسم نے حکومت بنائی۔
1947	-	O.P رام سوامی وزیراعلیٰ بنے۔
1949	-	پی۔کمارسوامی راج انے اپنی وزارت تشکیل دی۔
1949	-	دراوڑا منٹر اکژگم (DMK) کی شروعات
1952	-	پہلے جنرل الیکشن ہوئے۔
1956	-	ریاستی تنظیم نو ایکٹ
1965	-	ہندی مخالف احتجاجات
1967	-	سی ین انادورائی کی قیادت میں DMK نے حکومت بنائی۔
1969	-	مدراس صوبے کا نام ٹمل ناڈو رکھا گیا۔
1969	-	سی ین انادورائی کا انتقال ہوگیا۔
1969	-	یم۔کروناندھی ریاست کے وزیراعلیٰ بنے۔
1972	-	M.G رام چندرن (MGR) نے AIADMK پارٹی بنائی
1974	-	اسمبلی میں ریاست کی خودمختاری کا ریزولیشن پاس کیا گیا۔

11 pol sc unit 14 Set
Monday, November 22, 2021 8:49:25 AM

سیکھنے کے مقاصد :

- 1900 میں مدراس پریسڈنسی میں ہوئی سیاسی گفتگو کی نوعیت کو سمجھنا۔
- غیر برہمنی تحریک ابھرنے کا عقدہ حل کرنا اور سمجھنا کہ کس طرح ٹمل ناڈو میں دراوڑی پارٹیوں کے قیام کے لئے راہ ہموار ہوئی۔
- ریاست میں مختلف سیاسی پارٹیوں کے دور حکومت میں مرکزی اور ریاستی تعلقات کی نوعیت کو واضح کرنا۔
- سماج میں دراوڑی پارٹیوں کے بہبودی (ویلفیر) پالیسیوں کا مطالعہ کرنا اور ان پالیسیوں کے اثرات کو سمجھنا۔
- اس بات کی جانچ کرنا کہ ریاستی سطح کی کوئی سیاسیات قومی سیاست پر اثر انداز ہوئی۔
- اس مطالعہ کا اہم مقصد یہ ہے کہ ریاست میں سماجی بہبودی پالیسیوں کے مختلف زاویہ ہائے نظر کو سمجھنا۔
- دراوڑی پارٹیوں میں پھوٹ کے اسباب اور اس کے نتائج کو واضح کرنا۔

14.1 ٹمل ناڈو کی سیاسی تاریخ :

باقی ہندوستان کے مقابلہ میں ٹمل ناڈو میں ایک صحت مندانہ انتظامیہ اور سیاسی کلچر موجود رہا ہے۔ کم و بیش طریقہ پر اقتصادی زندگی اور روشن ماضی کا تسلسل حال میں بھی موجود ہے۔ ساؤتھ انڈیا کی مدراس پریسیڈنسی انگریزوں کے انتظامی اور سیاسی ضرورتوں کے تحت وجود میں آئی۔ مدراس پریسیڈنسی کی تشکیل 1801 میں ہوئی۔ وہ مدراس پریسڈنسی انیسویں اور بیسویں صدی میں موجود تھی۔ اس میں موجودہ آندھرا پردیش، کیرلا کا مالابار علاقہ، جنوبی کرناٹک، اڑیسہ کا انتہائی جنوبی علاقہ اور لکشادیپ کی یونین حکومت شامل تھے۔

بیسویں صدی کی مدراس پریسیڈنسی کی سیاست میں برہمن، غیر برہمن تنازعات چھائے رہے۔ اسکالرز اور سیاسی مفکرین اس بات کو مانتے ہیں کہ ان دو گروپوں یعنی برہمن اور غیر برہمن کے تنازعات کو سمجھنا ضروری ہے تاکہ جنوبی ہندوستان کی سیاست اور سماج کو سمجھا سکے۔

مدراس پریسڈنسی :

اسی کے ساتھ ساتھ غیر برہمن ذاتوں کے چند ممبران نے صنعتی کارخانوں، تجارتی کارخانوں میں ملازمت کے حصول کی کوشش کی۔ مگر غیر برہمنوں کا ایک حصہ دیہاتی علاقوں سے پریسڈنسی کے شہری علاقوں کی طرف مختلف ہوگئے اور وہ اپنی شناخت دراوڑی اور ٹمل کی حیثیت سے بنانا چاہتے تھے اور آہستہ آہستہ وہ سیاست انتظامیہ اور سماج میں برہمنوں کو حاصل شدہ مراعات اور ان کی اجارہ داری کو چیلنج کرنے لگے

لفظ 'دراوڑی' کو اسکالرز اور غیر ٹملوں نے غیر آریائی ٹمل بولنے والے لوگوں کے لئے استعمال کیا۔ اسی وقت برہمنوں کی شناخت آریہ اور سنسکرتی تہذیب کے حامل لوگوں کی حیثیت سے ہونے لگی جب کہ غیر برہمنوں کو دراوڑی قرار دیا جانے لگا اور ان کو ٹمل زبان اس کی تہذیب اور تمدن کا محافظ سمجھا جانے لگا۔

14.2 دراوڑی تحریک کا ظہور :

ٹمل شناخت، تہذیب اور غیر برہمنوں کو سماجی سیاسی اور اقتصادی مفادات کے تحفظ کے لئے ایک تحریک وجود میں آئی جو دراوڑی تحریک کہلاتی ہے جسے غیر برہمنوں کے ایک گروپ نے مدراس پریسڈنسی میں شروع کیا۔

11 pol sc unit 14 Set
Monday, November 22, 2021 8:49:26 AM

دراوڑی اور غیر برہمن شناخت :

1801 میں مدراس پریسڈنسی کی تشکیل استعماری حکومت نے اس طرح کی اس میں کثیر زبانیں بولنے والے ہوتے تھے جیسے ٹمل ،تلگو، ملیالی، کنڑی اور Tulus۔ مدراس پریسڈنسی کی سماجی ترقیوں میں ہندوستان کا تنوع نظر آتا تھا ۔ بنگال اور بقیہ شمالی ہندوستان میں سنسکرت او رویدک ہندوستانی کلچر واقع ہے۔اس کے علاوہ ہند آریائی یا ہند جرمن کی زبانیں نظر آتی ہیں، غیر ویدک، غیر سنسکرتی کلچز نامنظور شدہ تھے۔مشکل سے پڑھی جانے والی برہمی تحریروں پر 1837 میں جیمس پرنسیپ نے ریسرچ کیا۔جنوبی ہندوستان کی زبانوں پر تحقیقات (ایلیس 1816 میں اور کالڈویل 1856 میں) کی ہیں۔ اس سے یہ بات ثابت کی گئی ہے کہ ہندوستان کی تہذیب دیسی نہیں ہے اور یہاں غیر آریائی زبانیں پائی جاتی تھیں۔



ایلیس کی تعریف اس طرح کی گئی ہے کہ وہ محبّ ٹمل زبان تھا۔وہ تروکرل اور ولور سے محبت کرتا تھا۔حقیقت میں ولور کو جیین کی طرح کی شخصیت ثابت کرتا تھا تاکہ تھامس کے خیالات کو ہندوستان میں آگے بڑھائے۔

فرانسس واہٹ ایلیس



7 مئی 1814 کو کلیڈی (UK) میں پیدا ہوا۔ 28 آگسٹ 1891 کو کوڈائی کنال (ہندوستان) میں انتقال ہوا۔

رابرٹ کالڈویل

ہندوستان میں بدھ مت او ردراوڑی روایات بھی پائی جاتی تھیں ۔ جنوب میں خصوصاً کثیر لسانی مدراس پریسڈنسی میں دراوڑی زبانوں کے گروپ پر نظریات اور دراوڑی تہذیبی میراث کے وجود سے غیر برہمنوں میں دراوڑی شناخت کا دعویٰ کیا جاتا ہے۔

اس کے دو عوامل ہیں (1) برہمنوں کی غیر برہمنوں پر برتری اور (2) برہمنوں کی تعلیم اور ملازمتوں پر اجارہ داری سے غیر برہمنوں میں دراوری شناخت منتقل ہوجاتی ہے۔مہاراشٹرا میں جیوتی باراؤ پھولے نے بھی اسی طرح کی ایک غیر برہمن تحریک چلائی تھی اور انیسویں صدی کے وسط میں جنوبی ہندوستان میں دراوڑین بھی غیر برہمن سمجھے جاتے تھے۔



جیوتی باراؤ پھولے

مدراس پریسڈنسی کے غیر برہمن لوگوں کو شکایت یہ تھی کہ ابھرنے والے قومی لیڈران غیر برہمنی لوگوں کے مسائل پر کوئی توجہ نہیں دیتے تھے۔1852 میں گجولو لکشمی نراسو چیٹی نے اپنی شکایت درج کرتے ہوئے اس نے برٹش انڈین اسوسی ایشن سے قطع تعلق کرلیا او اپنی خاص تنظیم مدراس نیٹو اسوسی ایشن نامی چلانے لگی۔ بغاوت کے بعد کے زمانے میں غیر برہمنی لیڈروں نے ایسی اصلاحات سے زیادہ سماجی اصلاحی کام کیا۔1909 میں منٹو مارلے اصلاحات کے تعارف کے بعد مدراس پریسڈنسی کے غیر برہمن لیڈروں نے اس بات کا احتجاج شروع کیا کہ انہیں تعلیم اور ملازمت میں نامناسب نمائندگی حاصل ہے۔

11 pol sc unit 14 Set
Monday, November 22, 2021 8:49:26 AM



سر الیگذنڈر گارڈن کارڈیو جوگورنر ایگزیکٹو کونسل کا ایک ممبر تھا اس نے 1913 کے سال شماریاتی تفصیلات دیتے ہوئے ثابت کیا کہ برہمن جوآبادی کا صرف 3% ہیں زیادہ مواقع سے فائدہ اٹھارہے ہیں۔

14.3 جسٹس پارٹی : (Justice Party)

اس وقت کی بڑی سیاسی تنظیم انڈین نیشنل کانگریس میں برہمنوں کا غلبہ تھا وہ غیر برہمنوں کے مطالبات پر توجہ نہیں دیتے تھے۔ لہذا مدراس پریسیڈنسی کے غیر برہمن لیڈران ایک غیر برہمن سیاسی تنظیم چلانے کے بارے میں سوچنے لگے۔ پہلی عالمی جنگ کے بعد کے سیاسی اصلاحات کے مناظر اور نمائندہ اداروں کے امکانات آگے بڑھائے جانے لگے۔





1916 میں ڈاکٹر ٹی یم نائر، پٹٹی تیاگارائر اور ڈاکٹر سی نیٹیسن نے مل کر ساؤتھ انڈین لبرل فیڈریشن قائم کیا تا کہ اس کے ذریعہ سے غیر برہمنوں کے سماجی اقتصادی سیاسی مفادات کا تحفظ کیا جائے ۔ یہی ساؤتھ انڈین لبرل فیڈریشن (SILF) اپنے انگریزی پرچہ (جنرل) جسٹس کی وجہ سے جسٹس پارٹی کے نام سے مشہور ہوا۔ اپنے مسلسل جد وجہد کئے ذریعہ انہوں نے لیجیسلیٹو کونسل کے انتخابات میں غیر برہمنوں کے لئے سیٹیس محفوظ کرالیں۔ 1919 کے ایکٹ کے تحت

جسٹس پارٹی کے اہم مقاصد

i) برہمنوں کے علاوہ دوسرے تمام قوموں کی تعلیمی سماجی اقتصادی اور مالیاتی ترقی کے لئے کام کرنا۔

ii) دستوری حکومت کے ذریعہ غیر برہمنوں کو اوپر اٹھانے کے لئے کام کرنا۔

iii) حکومت کو صحیح معنی میں نمائندہ حکومت بنانا۔

iv) غیر برہمنوں کے مطالبات کے حق میں رائے عامہ کو ہموار کرنا۔










11 pol sc unit 14 Set
Monday, November 22, 2021 8:49:27 AM

مونٹاگو چیمس فورڈ نے 1919 میں ریاستوں میں دوہری حکومت کو متعارف کرایا۔ جس کے ذریعہ چند محکموں کو منتخب کردہ ہندوستانی وزیروں کے لئے مخصوص کردیا۔ دوہری حکومت کے تحت ہونے والے 1920 کے پہلے انتخابات میں انڈین نیشنل کانگریس نے عدم تعاون تحریک کا ساتھ دینے کی وجہ سے انتخابات کا بائیکاٹ کردیا۔ مگر بہت سے کانگریسی مختلف بینر تلے الیکشن لڑے۔ جسٹس پارٹی نے بھاری اکثریت سے سیٹیں حاصل کیں اور A سبرایالو پہلے وزیر بنے اور ان کی موت کے بعد پناگل کے راجہ 1921 میں مدراس کے پہلے وزیر اعلیٰ منتخب ہوئے۔





14.4 جسٹس پارٹی کی خدمات:

(Countributions of Justice Party)

الیکشنوں میں نشیب و فراز کے باوجود جسٹس پارٹی 1921 سے 1937 تک مسلسل اقتدار پر رہی۔ اس پارٹی نے بہت سی اصلاحات کیں۔ فرقہ واری سرکاری آرڈر کے ذریعہ غیر برہمن قوموں کی تمام قسموں کو مناسب تعداد میں اس نے مواقع فراہم کئے۔ انہوں نے شودر اور پنچاماس کے خلاف ہونے والے تمیازی سلوک کو ختم کیا۔ ان چھوٹی ذات کی قوموں کو سڑکوں، ٹرانسپورٹ، ریستوران اور عوامی کنوؤں کو استعمال کرنے کا موقع دیا گیا۔ انہوں نے مندروں کے معاملات کو نئے دستوری ہندو مذہبی وقف بورڈ کے ذریعہ چلایا۔ پنچاماس کو مخصوص نشان کردہ زمینیں (پالس) دئے گئے۔ ان زمینوں کو پنچامی لینڈ کہا جاتا تھا۔ اس کے علاوہ نئے شیر (ٹاؤن شپ) اور صنعتی علاقے میں تعارف کروائے۔ دبے کچلے طبقات کے بچوں کو تعلیم دینے کے لئے خصوصی کوششیں کی گئیں۔

انہوں نے سب سے پہلے چند اسکولوں میں طعام نیم روز (Noon Meal Scheme) شروع کیا۔ طبی تعلیم کے لئے سنسکرت کی تعلیم جو بنیادی طور پر ضروری تھی اسے نکال دیا گیا۔ اس کی وجہ سے غیر برہمن طلباء کو طبی تعلیم میں داخلہ کی سہولت حاصل ہوگئی۔ آغاز کار



کے طور پر ڈاکٹر متولکشمی اور دوسروں نے ٹمل ناڈو سے دیوداسی نظام کو ختم کردیا اور عورتوں کو حق رائے دہی سے سرفراز کیا گیا۔ کوآپریٹو سوسائٹیوں کو ترقی دی گئی۔ میراث داری نظام کو منسوخ کیا گیا اور 1923 میں بہت سی آب پاشی کی اسکیمیں متعارف کرائی گئیں۔ ان کے دور میں انا ملائی یونیورسٹی اور آندھرا یونیورسٹی قائم کی گئیں۔ دوہرے نظام حکومت میں جسٹس پارٹی نے کامیاب طریقہ سے حکومت کی اگرچہ چند ہی محکموں کو ان کی تفویض میں دیا گیا تھا۔

14.5 پیریار ای وی۔ رام سوامی :

راجہ جی کے حکومتی فیصلہ



یعنی ہندی زبان کی لازمی تعلیم کو پیریار E.V رام سوامی جی نے شمالی ہندستان کی استعماریت اور ٹمل زبان اور اس کی تہذیب کے خاتمہ کی طرف کیا جانے والا اقدام سمجھا۔ پیریار نے مزید خطرہ سمجھا کہ ہندی کا نفاذ ایک سوچی سمجھی کوشش یا سازش ہے کہ اس کے ذریعہ سے دراوڑوں کو ماتحت رکھا جائے اور آریائی برہمنوں کی بالادستی برقرار رکھی جائے۔

مدراس پریسڈنسی میں بڑے بڑے عوامی احتجاجات ہندی کے خلاف ہوئے اور پریار کو مدراس کی حکومت نے قید کردیا۔

11 pol sc unit 14 Set
Monday, November 22, 2021 8:49:28 AM

یہ بات نمایاں طور پر نوٹ کرنے کی ہے کہ پیریار پندرہ سالوں کے اندر 23 بار جیل گئے تھے اور انہیں جیل کا پرندہ (Sirai Paravi) کا نام دیا گیا۔1938 میں پیریار کو ہندی مخالف احتجاج کرنے کی سزا کے طور پر جیل میں رکھا گیا اور اس کے بعد انہیں جسٹس پارٹی کا صدر بنایا گیا۔اسی سال جسٹس پارٹی نے یہ قرارداد پاس کیا کہ ٹمل ناڈو کی ایک الگ ریاست بنائی جائے جو برطانوی حکومت کی وفاداری ہوگی اور اسے سکریٹری آف اسٹیٹ برائے ہندوستان کے براہ راست کنٹرول میں رکھا جائے گا۔

پیریار E.V رام سوامی جنہوں نے مدراس پریسیڈنسی میں آغاز کار میں نمایاں رول ادا کیا تھا۔انہوں نے اپنی سی پوری کوشش کی کہ ٹمل ناڈو کانگریس کمیٹی سیاسی میدان میں غیر برہمنی لوگوں کی متناسب نمائندگی کے سلسلہ میں ریزولیشن پاس کرے۔ انہوں نے وائکوم کی ستیہ گرہ میں مؤثر قیادت کی تھی اور ذات پات کے امتیازی سلوک کے خلاف چیرن مہادیوی گروکلا میں مہم چلائی تھی۔

جب انہوں نے دیکھا کہ کانگریس کے ذریعہ سے ان کی ساری کوششیں ناکام ہورہی ہیں تو انہوں نے کانگریس کو چھوڑ دیا اور 1925 میں عزت نفس تحریک کا آغاز کیا۔وہ الیکٹورل سیاست سے پرہیز کرتے ہوئے سماجی اصلاحات خصوصاً ذات پات کے ظالمانہ نظم کو ختم کرنے میں لگ گئے۔ اسی طرح ایک دسرے کی بے توقیری اور جنس کی بنیاد پر عورتوں کے ساتھ غیر مساویانہ سلوک او رموروثی طور پر پادری کے عہدے کے خاتمے کی جد و جہد کرنے لگے۔عزت نفس تحریک کے ذریعہ انہوں نے پرانے زمانے کے غلط توہمات اور رسوم کے خلاف ایک زبردست مہم چلائی اور سوال کھڑا کیا کہ اس طرح کے نامعقول رسوم و رواج اور عدم مساوات کے مذہب کا رول ہونا چاہئے اور معقولیت پسندی کے ساتھ سارے کام ہونے چاہئیں۔ان کی عزت نفس تحریک نے عقلیت پسندی کسی کی عزت نفس کے خلاف ہونے والے مظالم کو روکنے اور ہر شخص کو مساوی درجہ دینے کے لئے ایک مضبوط مہم چلائی۔ان کی کوششوں میں خواتین کو برابر کا درجہ مذہب کے دائرے میں دینا بھی تھا۔

عزت نفس تحریک نے اپنے ممبروں کو حکم دیا کہ اپنے ذات کی شناخت کا عرفی نام چھوڑ دیں۔اپنے مذہبی تعارف کو بھی ترک کردیں۔اس نے عزت نفس کی شادیوں کو متعارف کرایا۔اس نے نہ صرف یہ کہ چھوت چھات کے خلاف جنگ لڑی بلکہ ذات پات کے خلاف اور ذات پات کی بنیاد پر ہونے والے عزت نفس کے خلاف مظالم کو ختم کرنے کی کوشش کی۔

عزت نفس تحریک نہ صرف یہ کہ عورتوں کے ساتھ بہتر سلوک کے بارے میں پروپگنڈہ کیا، بلکہ عورتوں کو مساوی حقوق، مساوی مواقع کی فراہمی کے لئے کوششیں کیں۔عزت نفس تحریک نے عورتوں کی آزادی کے لئے جو جدو جہد کی تھی اس کے نتیجہ میں E.V رام سوامی کو خواتین کی ایک کانفرنس میں پیریار کا خطاب دیا۔ پیریار کے رسالہ ''کوڈی ارسو''، ''ریولٹ'' اور بعد میں ''ویڈوودلائی'' نے مؤثر طریقہ سے عزت نفس تحریک کے نظریات کو خوب پھیلایا۔



14.6 عزت نفس تحریک : (Self Respect Movement)

1929 میں عزت نفس تحریک کی پہلی کانفرنس چنگل پیٹ میں منعقد ہوئی۔1937 کے دو ٹوک الیکشن C۔راجہ گوپال آچاری کی قیادت میں کانگریس پارٹی کو اکثریت کی سیٹیں ملیں۔کانگریس پارٹی کی جیت جسٹس پارٹی کے زوال کے سبب ہوئی۔کانگریس نے حکومت کی تشکیل کی اور راجاجی مدراس پریسڈنسی کے وزیر اعظم (Premier) بنے۔

11 pol sc unit 14 Set
Monday, November 22, 2021 8:49:29 AM

اقتدار کے حصول کے فوری بعد کانگریس کی حکومت نے ہندی کو اسکولوں میں ایک لازمی زبان کا درجہ دیا۔ پیریار نے ہندی کے خلاف احتجاجات شروع کرادئے۔ پیریار کے منظّم کردہ اس احتجاج میں بڑی تعداد میں طلبہ شریک رہے۔

اس دوران کمیونسٹ پارٹی (جو کہ 1925 میں شروع ہوئی تھی) سوشلسٹ پروگراموں کی مہم لے کر فعال ہوگئی اور لیبر تحریکات کو منظّم کردیا۔ M۔ سنگاراویلو اوران کے مددگار جو عزت نفس تحریک کے سماجی ا صلاحی پروگراموں سے متاثر تھے، وہ کمیونسٹیوں کے اقتصادی پروگراموں کی تائید کرنے لگے اور ان دونوں تحریکات نے معاہدہ کر کے مشترک پروگرام پر کام کرنا شروع کیا جسے ایروڈ پلان کہا جاتا تھا۔



عزت نفس لیگ کے مقاصد:
(Objectives of Self-Respect League)

i) دراوڑی سماج کی اصلاح کر کے اسے صحیح معنی میں عقلیت پسند بنانا۔

ii) دراوڑیوں کو قدیم ٹمل تہذیب کی سچائی سکھانا

iii) دراوڑی سماج کو آریائی تہذیب کے غلبہ سے بچانا۔

iv) برہمنوں کے رسوخ واثرات اور توہماتی رسوم کو ختم کر کے ہندومت کی اصلاح کرنا۔

وہ چاہتے تھے کہ غیر برہمنوں میں آگاہی اور شعور پیدا کر کے دراوڑی لوگوں کو بے عزتی سے بچائیں، خصوصاً نوجوان نسل میں آگاہی لانا چاہتے تھے۔ انہوں نے عزت نفس کی شادیوں کی وکالت کی یعنی ایسی شادی جس میں برہمن کی پیشوائی سے آزادی ہو۔ لوگوں کو بے عقلی کی بنیاد پر ہونے والی مذہبی تقریبات کو ختم کرنے کی پوری کوشش کی اور کسی بھی سماجی کارروائی میں برہمن کی خدمات حاصل نہ کی جائیں اس کی جدوجہد کی۔

جسٹس پارٹی کا زوال :
(Decline of Justice Party)

1929 تک عزت نفس تحریک مدراس پریسڈنسی میں ایک خوف ناک تحریک بن چکی تھی ۔1930 میں ریاست (صوبے) کے سیاسی دائرے میں زوال کا سامنا کرنے لگی تھی۔ اس زوال کے تین اہم بڑے اسباب تھے ۔ پہلا یہ کہ پارٹی کو دبے کچلے اور اقلیتوں کی طرف سے ملنے والی تائید ختم ہوگئی ۔ دوسرے یہ کہ پیریار کی قیادت میں عزت نفس تحریک زیادہ بنیاد پرستی کا شکار ہوگئی۔ تیسرا سبب یہ کہ جسٹس پارٹی میں خاص لوگوں کی حکمرانی اور اس پارٹی کی انگریزوں کی حمایت نے اسے زوال تک پہنچایا۔

14.7 ہندی مخالف احتجاج :
(Anti Hindi Agitation)

جسٹس پارٹی کے زوال اور پیریار کے الیکشنی سیاست میں حصہ نہ لینے کی وجہ سے اور گاندھی کی بڑھتی ہوئی شہرت ومقبولیت نے انڈین نیشنل کانگریس کو 1937 کے مدراس پریسیڈنسی کے الیکشن میں جیت دلائی اور راجہ گوپال آچاری وزیر اعظم بنے۔

انہوں نے شراب پر مکمل پابندی لگادی اور زمنی داری نظام کو منسوخ کردیا اور قوانین بنا کر دبے کچلے طبقات کو مندروں میں داخلہ پر پابندی ہٹادی۔ ان کے بہت سارے اسکول بند کرانے اور ہندی کو لازمی زبان قرار دئے جانے کے اقدامات نے عزت نفس تحریک کے سراہنے والے اور ٹمل قومیت پسند لوگوں کو

11 pol sc unit 14 Set
Monday, November 22, 2021 8:49:29 AM

اکسایا۔ان لوگوں میں مرائی ملائی اڈیگل نے 1937 میں مخالف ہندی احتجاج کو منظّم کیا۔ ہزاروں احتجاجی جن میں E.V رام سوامی بھی تھے کو قید کیا گیا اور بہت سے احتجاجی قید خانے ہی میں مر گئے۔



سیلم کانفرنس، 1944 :

1944 میں پیریار کی قیادت میں سیلم میں ایک کانفرنس ہوئی جس میں ایک تاریخی قرارداد پاس کی گئی کہ جسٹس پارٹی کا نام بدل کر دراوڑ کژگم رکھ دیا گیا۔ پیریار نے 'دراوڑا ناڈو' کانفرنس کو نظم کیا اور دراوڑیوں کے لئے ایک آزاد وطن کا مطالبہ کیا۔ مزید انہوں نے کانفرنس میں اپنا مشہور نعرہ لگایا دراوڑا ناڈو دراوڑیوں کے لئے۔

دراوڑا ناڈو کے مطالبہ کے علاوہ دراوڑ کژگم نے ذات پات سے پاک سماج قائم کرنا چاہا۔ اس نے خلاف عقل اور گھٹیا مذہبی رسومات و روایات اور توہمات کی مذمت کی۔ دراوڑ کژگم بہت سے دیہاتیوں اور شہروں میں مقبول ہوا خصوصاً طلبہ میں اسے بہت مقبولیت ملی۔ بہت سے غیر برہمن لیڈروں اور طلبہ نے اپنے نام بدل کر تمل شناخت والے نام رکھ لئے۔

ہندی مخالف احتجاج (1965)

(Anti Hindi Agitation 1965)

ہندوستانی دستور کے دفعہ 313 کے مطابق ہندی کو انڈین یونین حکومت کی سرکاری زبان قرار دے دیا گیا۔ یہ قانون 26 جنوری 1965 کو بنایا گیا۔ یونین حکومت کے اس فیصلہ کی مخالفت میں دراوڑا مینٹرا کژگم نے 26 جنوری 1965 کو ماتم کا دن قرار دینے کا فیصلہ کیا۔ بہت سے پارٹی لیڈران اور کارکنان کو قید کیا گیا۔ تمل ناڈو میں بہت بڑے پیمانے پر ہندی مخالف احتجاجات ہوئے۔ ان احتجاجات کی وجہ سے طلباء میں اسے اچھی تائید ملی۔ دوسری طرف کانگریس کو ریاست ٹامل ناڈو اپنی طاقت اور لوگوں کی تائید سے ہاتھ دھونا پڑا۔ اس دوران دراوڑا منیٹر اکژگم (DMK) نے خود مختار دراوڑا ناڈو کے مطالبہ کو ترک کر دیا اور الیکشنی سیاست میں سرگرمی سے حصہ لیا اور وہ ریاست کی حکمران پارٹی بن گئی۔

14.8 دوسری جنگ عظیم اور اس کے بعد دراوڑی تحریک :

(Dravidian Movement during second World War and after :)



1939 میں کانگریس نے حکومت کے دوسری جنگ عظیم میں ہندوستان کو شریک کرنے پر احتجاج کیا جس کے نتیجہ میں کانگریس کی وزارت کو مستعفی ہونا پڑا۔ مدراس پریسڈنسی میں راجاجی کی وزارت ختم ہوگئی اور پریار نے دراوڑا ناڈو کا مطالبہ کیا۔ اس پس منظر میں کہ آزادی سے پہلے سماجی تہذیبی مساوات کے ساتھ تمل مفادات کو دھکا لگتا تھا۔ 1949 میں دراوڑا کژگم ٹکڑے ہوگئی اور دراوڑا منیٹر اکژگم وجود میں آئی۔

1951 میں سپریم کورٹ نے اعلیٰ تعلیم میں فرقہ واری ریزرویشن کو ختم کر دیا۔ پیریار نے اس کے فوراً بعد اس ریزرویشن کو بحال کرنے کے لئے ایک بڑا احتجاج شروع کر دیا۔

11 pol sc unit 14 Set
Monday, November 22, 2021 8:49:30 AM

کیا تم جانتے ہو؟

نمبر شمارہ	پریمئر وزرائے اعلیٰ	سال
1۔	A۔سبرایالو ریڈیار	1920 تا 1921
2۔	راجہ آف پناگال	1921 تا 1926
3۔	P۔سبرائن	1926 تا 1930
4۔	P۔سبرائن	1930 تا 1932
5۔	پوپی لی راجہ	1932 تا 1937
6۔	P.T.راجن	1936
7۔	K.V ریڈی نائیڈو	1937
8۔	C راجاجی	1937 تا 1939
نوٹ : ٹمل ناڈو ریاست 29 اکتوبر 1939 سے 30 اپریل 1946 تک گورنر کی حکومت میں رہی۔		
9۔	T۔پرکاسم	1946 تا 1947
10۔	O.P راماسوامی ریڈیار	1947 تا 1949
وزرائے اعلیٰ		
11۔	P.S کمارسوامی راجہ	1949 تا 1952
12۔	C۔راجاجی	1952 تا 1954
13۔	K۔کامراج	1954 تا 1957
14۔	K۔کامراج	1957 تا 1962
15۔	K۔کامراج	1962 تا 1963
16۔	M۔بکتاوٹسلم	1963 تا 1967
17۔	C.N۔انادورائی	1967 تا 1969
18۔	M۔کروناندھی	1969 تا 1971
19۔	M۔کروناندھی	1971 تا 1976
20۔	M.G رام چندرن	1977 تا 1980
21۔	M.G رام چندرن	1980 تا 1984
22۔	M.G رام چندرن	1985 تا 1987
23۔	جانا کی رام چندرن	1988
24۔	M۔کروناندھی	1989 تا 1991
25۔	J۔جے للیتا	1991 تا 1996
26۔	M۔کروناندھی	1996 تا 2001
27۔	J۔جے للیتا	2002 تا 2006
28۔	O۔پنیرسیلوم	2001 تا 2002
29۔	J۔جے للیتا	2002 تا 2006
30۔	M۔کروناندھی	2006 تا 2011
31۔	J۔جے للیتا	2011
32۔	O۔پنیرسیلوم	2012 جنوری
33۔	J۔جے للیتا	16 مئی 2016 تا ڈسمبر 2016
34۔	O۔پنیرسیلوم	دسمبر 2016 تا فروری 2017
35۔	K۔پلنی سوامی	فروری 2017 تا 2021

11 pol sc unit 14 Set
Monday, November 22, 2021 8:49:30 AM



قاعدے اور قانون صرف لوگوں کے لئے ہیں۔
لوگ قاعدے اور قانون کے لئے نہیں ہیں۔
- کامراج

آخر کار پہلا دستوری ترمیمی ایکٹ پاس کر دیا گیا جس میں پارلیمنٹ نے سماجی اور تعلیمی لحاظ سے پسماندہ طبقات کو ریزرویشن کی سہولت دے دی۔

14.9 راجاجی دور حکومت (1952 - 54)
(Rajaji Regime (1952-54)

ہندوستان میں مدراس صوبے کی سیاست میں پرانے طرز کی حامیوں اور اصلاح کاروں کے درمیان مسلسل ٹکراؤ کی جدوجہد رہی۔ سی۔راجاجی جو مدراس کی پہلی منتخب وزارت کی سربراہی کر رہے تھے ان کی سربراہی میں دوبارہ اسکولوں کی تعداد گھٹا دی گئی اور وہ اسکولوں اور ایلمنٹری تعلیم کی تبدیل شدہ اسکیم میں ہندی کو داخل کرنا چاہتے تھے۔ ایلمنٹری تعلیم کی تبدیل شدہ اسکیم کے تحت موروثی پیشہ ور لوگوں کے لئے جزء وقتی تعلیم کا انتظام تھا جسے کلاکلوی (Kulakalvi) کہا جاتا تھا۔

دراوڈی لیڈروں نے پوری ریاست میں اس تحریک کے خلاف ایک احتجاج شروع کر دیا یہاں تک کہ کانگریس لیڈروں کا ایک طبقہ بھی راجاجی کی تجاویز سے ناراض تھا جس کی بدولت وزیر اعلیٰ کو بدلا گیا۔

14.10 کامراج کا دور (1963 تا 1954):

کامراج نے ایلمنٹری تعلیم کے تبدیل شدہ اسکیم کو ختم کر دیا۔ انہوں نے بڑی تعداد میں اسکول کھولے۔ زراعت آب پاشی کی ترقی کے لئے بہت سے ڈیم بنوائے، بہت ساری صنعتیں شروع کرائیں اور حیران کن طریقہ سے ریاست میں صنعتی ترقی ہوئی۔ انہوں نے تعلیم تک غریبوں اور دیہاتی بچوں کی رسائی آسان کرائی۔ کامراج نے اسکول کے بچوں کے لئے طعام نیم روز شروع کرایا۔





1963 میں کامران وزیر اعلیٰ کے عہدے سے استعفی دے کر انڈین نیشنل کانگریس کے صدر بنے اور M بھگتاوت چالم نے حکومت سنبھالی۔ خوراک کی کمی اور ہندی مخالف احتجاجات نے اس کی وزارت کو غیر مقبول بنا دیا۔

دراوڑی پارٹیوں کی حکومت :

1967 کے جنرل الیکشن میں کانگریس پارٹی کو شکست ہوگئی۔ دراوڑ منیٹر اکژگم نے حکومت بنائی۔





11 pol sc unit 14 Set
Monday, November 22, 2021 8:49:31 AM

کیا ہم جانتے ہو؟

1956 میں ریاستی تنظیم نو ایکٹ کے تحت مدراس پرسیڈنسی نے ملیالم کے علاقے کیرلا کو، تیلگو کے علاقے آندھرا پردیش کو اور کنڑا کے علاقے میسور کو دے دئے۔ لہذا مدراس ریاست صرف ٹمل والوں کی ریاست بن گئی۔ کامراج نے ایک مستحکم حکومت قائم کی۔

غریبوں کے لئے آرام دہ مکانات، غذا کا تحفظ (چاول کی اسکیم) اور سلم کلیرنس بورڈ کا قیام، یہ سب کام استواری سے ترقی پائے اور شہروں کے غریب لوگ بھی اس سے امداد حاصل کرنے لگے۔ نمایاں طور پر یہ بات ہوئی کہ حکومت نے 1969 میں ریاست کا نام مدراس کو بدل کر ٹمل ناڈو کر دیا۔ پارٹی کے دوسرے اہم کارنامے یہ تھے۔

A۔ 75 میل سے زیادہ بس کے راستوں کو قومیا دیا گیا۔

B۔ پری یونیورسٹی اور پری ٹکنیکل کورسس کے غریب طلبہ کو ٹیوشن فیس معاف کر دیا گیا۔

C۔ دوسری عالمی ٹمل کانفرنس منعقد کی گئی۔

D۔ ٹمل ناڈو کے لوگوں کو امدادی چاول مہیا کئے گئے۔

14.11 آزادی کے بعد ٹمل ناڈو میں دراوڑی حکومت :

(Dravidan Rule in Post-Independence Tamil Nadu)

گزشتہ 62 سالوں سے ٹمل ناڈو میں دراوڑی پارٹیاں ہی حکومت کر رہی ہیں۔ دراوڑ امنیٹرا کژگم نے الیکشن سیاست میں 1957 میں داخل ہونے کا فیصلہ کیا اور دراوڑا ناڈو کے مطالبہ کو چھوڑ دیا۔ انجام کار ہندوستانی علاقوں پر چینی جارحیت ہوئی اور نئے ترمیم شدہ الیکٹورل قوانین بنائے گئے۔ 1967 کے الیکشن میں دراوڑی پارٹی نے اکثریت سے جیت حاصل کی۔ انادورائی نے مختصر مدت کے لئے یعنی 1967 سے 1989 تک حکومت کی۔ انہوں نے مدورائی ریاست کا نام ٹمل ناڈو رکھا۔ اسی طرح سول میرتج ایکٹ بھی پاس کرایا۔ اور مرکزی حکومت سہ لسانی پالیسی کو ٹمل ناڈو میں مسترد کر دیا۔ اور دولسانی پالیسی (انگریزی اور ٹمل) کو ٹمل ناڈو میں جاری کیا۔






پہلی بار انہوں نے امدادی چاول (One measure one rupee) اسکیم کو متعارف کرایا۔ ان کے جانشین یم۔کرونانڈھی نے انہی کے طریقہ کو باقی رکھا۔ 1972 میں یم۔جی۔راما چندرن نے اپنی خاص دراوڑی پارٹی آل انڈیا انا دراور منیٹرا کژگم (AIADMK) قائم کیا۔ وہ 1977 میں قتدار پر آئے اور 1987 میں اپنی موت تک حکومت پر برقرار رہے۔ اس کے بعد سے یم۔کرونانڈھی کی قیادت میں DMK اور جے جئے للیتا کی قیادت میں AIDMK ایک کے بعد دیگرے الیکشن میں جیت کر وزارت پر آتے رہے اور حکومت کرتے رہے۔ ان کے علاوہ تھوڑے دوسری دراوڑی پارٹیاں جیسے مرومل رچی دراوڑا منیٹرا کژگم (MDMK) بھی ریاست میں موجود ہیں۔

11 pol sc unit 14 Set
Monday, November 22, 2021 8:49:31 AM

چھ دہائیوں سے زیادہ ریاست دراوڑی پارٹیوں کی حکومت نے ٹمل والوں کی ترقی کے لئے نمایاں کام کیا ہے۔انہوں نے پوری ثابت قدمی سے ٹمل والوں اور ٹمل زبان کے مفادات کا تحفظ کیا ہے۔عام لوگوں کی مشکلات کو کم کرنے کے لئے بہت سی ویلفیر اسکیمیں شروع کی ہیں۔انہوں نے خوراک (غذا) کا تحفظ امدادی اور مفت چاول کی تقسیم کے ذریعہ کیا۔مقوی غذائی اسکیم، انڈر گریجویٹ کی سطح تک مفت تعلیم، کھیتی کے لئے مفت بجلی کی فراہمی ،سائیکل رکشا، ہاتھ سے صفائی کے کام وغیرہ کو ختم کیا۔ لاوارث بچوں کے گہوارہ بچہ اسکیم (Cradle baby scheme) اور غیر منظّم مزدوروں کے لئے ویلفیر بورڈس اور یہاں تک کہ نامردوں کے لئے بھی ویلفیر اسکیمیں لائیں۔نقصاندہ ذات پات کے تنازعات کے دور کرنے کے لئے سماتھوا پورم اور اوژ اور سندائی شروع کئے گئے۔





جھونپڑوں کے لئے مفت بجلی فراہم کی گئی۔گندے محلوں میں رہنے والوں کے لئے slum clearance board بنا کر ہاؤزنگ کا انتظام کیا گیا۔صنعتی سرگرمیوں میں غیر معمولی اضافہ نے نوجوانوں کو روزگار کے مواقع بڑھادئے۔ان سب ترقیات کے نتیجہ میں ٹمل ناڈو کا ریٹنگ انسانی (ہیومن ڈیولپمنٹ انڈکس) میں اعلیٰ ہے۔ آج ٹمل ناڈو کا مقام آٹو موبائل صنعت، الیکٹرانکس اور دواسازی کی صنعت میں بہت نمایاں ہے۔اس کے نئے اکانامک زون بڑی بڑی سرمایہ کاری کرنے والوں کے لئے پرکشش ہیں۔ انفراسٹرکچر کی ترقیات میں ٹمل ناڈو کے کارناموں کو سب لوگ سراہتے ہیں ۔ پختہ سڑکیں ، بندرگاہیں ،الیکٹریفکیشن اور ماہر کاریگروں کی فراہمی صنعتی ترقی کو آسان بنارہی ہے۔

مختلف اقسام کے اسکولوں کی تعداد میں بھی گونا گوں اضافہ ہوا ہے۔اسی طرح یونیورسٹیوں کی بھی اچھی خاصی تعداد میں اضافہ ہوا ہے ۔ٹملناڈو میں خواتین کے لئے علاحدہ انجینرنگ، ٹکنالوجی ، قانون ، طب، سدھا طریقہ علاج اسپورٹس وغیرہ کی یونیورسٹیاں موجود ہیں ۔ٹمل زبان کی زبردست ترقی ہوئی ہے۔ ٹمل یونیورسٹی ،اولاگ ٹمل ارایچی نروونم، ورلڈ ٹمل کانفرنس اور اولا گ ٹمل سیموژی کانفرنس اور مخطوطات کی اصلاحات وغیرہ سے ہمہ جہت طریقہ سے ٹمل زبان کی ترقی ہوئی ہے۔

دراوڑی پارٹیاں انادورائی کے دور سے ہی ریاست میں سیکولرزم لانے اور اسے خودمختار بنانے کے لئے جدوجہد کررہی ہیں ۔دراوری پارٹیاں استواری کے ساتھ قومی سیاست میں بھی حصہ لے رہی ہیں۔دراوڑی سیاسی دھارا ٹمل ناڈو میں مسلسل سخت ہورہا ہے۔

فرہنگ الفاظ: Glossary

اتحاد : (Coalition) – عارضی طور پر سیاسی پارٹیوں کا الیکشن کے موقع پر اتحاد کرلینا۔

دراوڑی (Dravidian) – یہ اصطلاح جنوبی ہندوستان کے لسانی خاندان کے لئے استعمال ہوتی ہے جس میں خصوصاً ٹمل ناڈو، کرناٹک، کیرلا، آندھراپردیش اور سری لنکا آتے ہیں۔

11 pol sc unit 14 Set
Monday, November 22, 2021 8:49:32 AM

E- حاکمہ (E-Governance) - الکٹرانک حاکمہ اطلاعات، مواصلات اور ٹیکنالوجی کا ایک اپلیکیشن (ICT) ہے جس کے ذریعہ لوگوں تک پبلک سروسس پہنچائی جاتی ہیں۔

عوام کی ملکیت کا اصلو (Populism) - وہ سیاسی سرگرمیاں جس کے ذریعہ سے حکومتیں عوام کی تائید حاصل کرنے کے لئے مختلف ویلفیر اسکیمیں لاتی ہیں۔

انتہا پسندی (Radicalism) - لوگ جو اپنی پالیسیوں اور پروگراموں کو زور زبردستی سے ٹھونستے ہیں اسے انتہا پسندی کہتے ہیں۔

علاقائیت (Regionalism) : یہ ایک سیاسی نظریہ ہے جس میں کسی خاص علاقہ یا ریاست کے مفادات پر زور دیا جاتا ہے

ریزرویشن (Reservation)- یہ ایک پالیسی ہے جو حاشیہ میں رکھی گئی ۔سماجی اقتصادی اور سیاسی لحاظ سے کمزور قوموں کو طاقت ور اور بااختیار بنانے کے لئے اپنائی جاتی ہے جس میں سیٹیں ان قوموں کے لئے مخصوص ہوتی ہیں۔

سماجی انصاف (Social Justice) - یہ ایک سیاسی تصور ہے جس میں اس بات کو ملحوظ رکھا جاتا ہے کہ سارے لوگوں کو دولت صحت، خوش حال زندگی، انصاف اور مواقع کے حصول میں برابر اور مساوی درجہ دیا جاتا ہے۔

سماجی بہبودی (Social Welfare) - حکومت کی طرف سے غریبوں، ضرورت مندوں اور حاشیہ میں رکھے گئے لوگوں کے لئے فراہم کردہ سروسس۔

ریاستی خودمختاری (State Autonomy) - یہ ایک نظریہ ہے جس میں ریاستی حکومت کو سیاسی اور اقتصادی طور پر مکمل خود مختاری پائی جاتی ہے۔

محاسبہ Evaluation

64A7E

I۔ صحیح جواب منتخب کیجئے۔

1۔ کس سال اور اس ریاست کو ٹمل ناڈو نام دیا گیا

a) 1969 b) 1975 c) 1950 d) 1965

2۔ مدراس نیٹو اسوسی ایشن.....سال میں قائم ہوئی

a) 1947 b) 1849 c) 1862 d) 1860

3۔ ٹمل ناڈو میں کس نے کولا کلوی اسکیم کو شروع کیا

a) راجاجی b) رام سوامی c) کامراج d) کروناندھی

4۔ کس سال یونیورسٹی آف مدراس قائم ہوئی

a) 1885 b) 1947 c) 1857 d) 1965

5۔ آبادی کے لحاظ سے ٹمل ناڈو ہندوستان کا.....واں بڑا صوبہ ہے۔

a) 5 b) 7 c) 3 d) 4

11 pol sc unit 14 Set
Monday, November 22, 2021 8:49:33 AM

6۔ جسٹس پارٹی کے پہلا سربراہ اعلیٰ (Premier).....تھے

a) سپرایالوریڈیار b) سرنیگرایا c) P.T راجن d) بوبیلی راجہ

7۔ وہ لیڈر جو وائیکوم کے ہیرو کہلاتے ہیں۔

a) K.A کامراج b) راجہ جی c) وردارا جولونائیدو d) پیریارE.V.R

8۔ ٹمل ناڈو میں عزت نفس تحریک کے بانی.....تھے

a) راجاجی b) تروویکا c) کامراج d) پیریارE.V.R

9۔ جوڑ لگائیے :

A	B
a) ہندی مخالف احتجاج	1949
b) DMK کی شروعات	1937
c) ریاستی تنظیم نو ایکٹ	1919
d) دوہری حکومت	1956

10۔ غیر برہمن کا منشور ..... .نے جاری نہیں کیا۔

a) C۔نیٹسن b) ہٹی تیکرائر c) T.M فائر d) راجہ آف پناگل

11۔ ساؤتھ انڈین لبرل فیڈریشن بعد میں.....کہلائی

a) جسٹس پارٹی b) درراوڑا کژگم c) ٹمل کژگم d) دراوڑی پارٹی

12۔ دعویٰ A : کروناندھی 1957 کے الیکشن میں کولی تھالی کی سیٹ کو جیتتے ہوئے ٹمل ناڈو اسمبلی میں داخل ہوئے۔

سبب R : کروناندھی ریاست کے وزیر اعلیٰ بن گئے۔

a) A اور R دونوں صحیح ہیں اور R ، A کی درست وضاحت ہے۔

b) A اور R دونوں صحیح ہیں اور R ، A کی درست وضاحت نہیں ہے۔

c) A صحیح ہے مگر R غلط ہے۔

d) A غلط ہے مگر R صحیح ہے۔

11 pol sc unit 14 Set
Monday, November 22, 2021 8:49:33 AM

13۔ دعویٰ A: EVرام سوامی نے عزت نفس تحریک شروع کی

سبب R : عزت نفس تحریک ایسی تحریک تھی جس کا مقصد غیر برہمن ذات کے لوگوں کو مساوی انسانی حقوق دلانا تھا۔

وضاحت: مضمون کے دو دعوں میں دعویٰ (A) اور سبب (R) کے طور پر نیچے دو وضاحتیں دیئے گئے ہیں۔ ان میں کونسا صحیح ہے؟

a) A اور R دونوں صحیح ہیں اور R ، A کی درست وضاحت ہے۔

b) A اور R دونوں صحیح ہیں اور R ، A کی درست وضاحت نہیں ہے۔

c) A صحیح ہے مگر R غلط ہے۔

d) A غلط ہے مگر R صحیح ہے۔

II۔ مختصر ترین جوابات لکھئے:

1۔ ''دراوڑی'' اصطلاح کی تعریف کیجئے۔

2۔ ساؤتھ انڈین لبرل فیڈریشن کے مقاصد کیا تھے؟

3۔ عزت نفس تحریک پر ایک مختصر نوٹ لکھئے۔

4۔ دراوڑانا ڈو کے مطالبہ کی خصوصیت بیان کیجئے۔

5۔ ریاستی خودمختاری کے تصور کی ضاحت کیجئے۔

6۔ نامردوں کی بہبودی کے لئے کئے گئے اقدامات پر ایک مختصر نوٹ لکھئے۔

III۔ مختصر جوابات لکھئے :

1۔ جسٹس پارٹی کی شروعات پر ایک وضاحت لکھئے۔

2۔ غیر برہمن منشور کی اہمیت کی جانچ کیجئے۔

3۔ 1944 میں ہونے والی سیلم کانفرنس کے نتائج پر تبادلہ خیال کیجئے۔

4۔ مٹلی احتجاجات سے کیا مراد ہے؟

5۔ M.G.R کی زیر قیادت آل انڈیا انا دراوڑا منیڑ اکژگم کی سماجی بہبودی کی پالیسیوں کو سمجھائیں۔

6۔ راجامنتار کمیٹی پر ایک نوٹ لکھئے۔

7۔ 1991 تا 1996 آل انڈیا انا دراوڑا منیڑ اکژگم کی حکومت کے عوامی پالیسیوں کی وضاحت کریں۔

IV۔ تفصیلی جوابات لکھئے:

1۔ مدراس پریسیڈنسی میں غیر برہمنی تحریک کے ابھرنے کے اسباب معلوم کیجئے۔

2۔ ہندی مخالف احتجاجات پر ایک مضمون لکھئے۔

3۔ ان حالات کی وضاحت کریں جن میں آل انڈیا انا دراوڑا منیڑ اکژگم کی تشکیل ہوئی۔

4۔ 2006 تا 2011 دراوڑ منیڑ اکژگم (DMK) کی سماجی بہبودی کی پالیسیوں کو پیش کیجئے۔

11 pol sc unit 14 Set
Monday, November 22, 2021 8:49:33 AM

Reference Books : کتب برائے حوالہ جات

1. Baker, C.J. (1976). The Politics of South India 1820-1937, Cambridge: Cambridge University Press.
4. M.S.S.Pandian, Brahmin and Non-Brahmin: Genealogies of the Tamil Political Present, 2007.
9. V.Geetha, and S.V. Rajadurai, Towards a Non Brahmin Millenium - From Iyothee Thass to Periyar, Calcutta, Samya, 1998.
11. Hardgrave, R.L. Jr. The Dravidian Movement, Bombay: Popular Prakashan, 1965.

ICT CORNER کارنر ICT



Unit-14 Political Developments In Tamilnadu اکائی - 14 ٹمل ناڈو میں سیاسی سرگرمیاں

تمل ناڈو میں انتخابی نتائج کے معلومات حاصل کریں۔



Government and Politics of Tamil Nadu تمل ناڈو کی حکومت اور سیاست

مرحلے :

1۔ URL پر کلک کریں یا QR کوڈ اسکین کریں تو "تمل ناڈو میاپ الیکشنس" کا صفحہ کھلے گا۔

2۔ حلقوں کے نمائندوں کو جاننے کے لئے حلقوں کے خاکہ پر Scroll the cursor۔

3۔ لیجسلیٹیو اسمبلی کے حلقوں کے حدود کو جاننے کے لئے بائیں جانب کے ونڈو "Assembly Constituencies of Tamil Nadu" پر کلک کریں۔

4۔ وزیر اعلیٰ کی میعاد معلوم کرنے کے لئے ہوم پیج کے بائیں جانب کے ونڈو "Chief Ministers of Tamil Nadu" پر کلک کریں۔

Download Link

* Pictures are indicative only.
* If browser requires, allow Flash Player or Java Script to load the page.

https://www.mapsofindia.com/assemblypolls/tamil-nadu/election-results.html

11 pol sc unit 14 Set
Monday, November 22, 2021 8:49:34 AM

اکائی 15

ٹمل ناڈو سیاسی نظریات

Tamil Nadu Political Thought



15.1 تاریخی پس منظر (Historical Background)

قدیم کلاسیکی ٹمل علاقہ (تمزگم) میں آج کے ٹمل ناڈو کے علاوہ کیرلا، آندھرا اور کرناٹک کے علاقے بھی شامل تھے۔ اسٹرابو (63 ق م تا 24 عیسوی) ایک مشہور یونانی جغرافیہ دان اور مؤرخ گزرا ہے جس نے پانڈیا کے قدیم ٹمل سلطنت کے زمانہ کا مشاہدہ کیا ہے۔ چیرلا، چولا، پانڈیا اور پلاؤں کے بحری سفروں سے اس زمانے کے ٹمل والوں کی بحری طاقت و اقتدار کا اندازہ ہوتا ہے۔ ٹمل ناڈو کے ساحل پر بندرگاہیں ہندوستان اور بحیرۂ روم کے درمیان بحری تجارت کے اہم مراکز تھے۔ اسی طرح ہندوستان اور بحیرۂ روم کے درمیان بحری تجارت کے اہم مراکز تھے۔ اسی طرح ہندوستان اور ساؤتھ ایسٹ ایشیاء کے درمیان بھی وہ مرکز تھے۔ کورکائی، پوم پوہار، واساوا سمدرم، پیری مولا، اریکا میڈو، الاگانکولم، ماملا پورم، وغیرہ جنوب مشرقی ایشیائی ممالک جیسے سری لنکا، چین، مصر، یونان اور روم کے ساتھ متحرک طریقہ سے تجارت اور تہذیبی تبادلہ میں مشغول تھے۔ منظّم طریقہ سے جہاز سازی کی صنعت کی روایت ٹمل ناڈو میں رہی ہے جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ قدیم ٹمل والوں کی بنیادی متاثر کن سیاست، سماج، تہذیب، تجارت اور تجارتی لین دین باہر کی دنیا سے رہا ہے۔

سنگم ادب کی تاریخ اندازاً 300 ق م سے 300 عیسوی تک ہے، وہ ایک قیمتی ادبی سرمایہ ہے جس سے اس زمانے کے سماج، اقتصادیات، تہذیب اور سیاست پر روشنی پڑتی ہے۔ سنگم دور کی شاعری، تہذیب اور سیاست پر روشنی پڑتی ہے۔ سنگم دور کی شاعری کی درجہ بندی اس طرح کی جاتی ہے ایک بزم محبت (محبت کی

سیکھنے کے مقاصد :

طلبہ سیکھ سکیں گے

- ٹمل ناڈو کے قدیم سیاسی نظریات کو سیکھیں گے۔
- ترولور کے سیاسی نظریات کی صاف وضاحت ہوگی۔
- بھارتی یار کی نظموں سے قومیت کو سمجھیں گے۔
- سنگارویلار کی تحریروں کے ذریعہ ٹمل ناڈو میں پائے جانے والے کمیونسٹ نظریات سے واقف ہوں گے۔
- ٹمل ناڈو کے سماج، سیاست اور اقتصادیت پر دراوڑی نظریات اور ان کے اثرات کو معلوم کریں گے۔ سماجی انصاف کی تحریک کے سلسلہ میں E.V.R پیریار کے کارناموں، مساوات اور برابری ذاتوں کے ظلم و ستم سے آزادی کے تعلق سے معلومات حاصل ہوں گی۔
- ٹمل تحریک اور دراوڑی تحریک اور اس کے سیاسی اثرات کے اصلی معنی کو وضاحت سے سمجھیں گے۔

11 pol sc unit 15 Set
Tuesday, November 23, 2021 1:07:19 PM

شاعری) akam دوسرے جنگی (رزمیہ شاعری) Puram، رزمیہ شاعری میں جنگوں، اچھے اور برے خیالات، سماج، انصاف اور سلطنت کے امور پر اظہار خیال کیا جاتا تھا۔اس سے ٹمل سیاست کا انکشاف ہوتا ہے۔سنگم لٹریری کام کی درجہ بندی آٹھ بیاض اشعار سے ہوتی ہے جسے ایٹوتو گائی کہا جاتا ہے (i) نٹری نائی (2) کرونتگائی (3) آئین گرونورو (4) پڈی تروپٹورو (5) پری پڈل (6) کلی تتوگائی (7) اگانورو (8) پورن نورو۔ایک اور نظموں کا مجموعہ ہے جسے ہٹو پیاٹٹو کہا جاتا ہے یعنی دس گیت۔اسی زمانے میں تولکاپیم کے پہلی دو کتابوں کا شروع کا حصہ ٹمل گرامر کا ہے۔

سنگم دور کے بعد کے مشہور لٹریچر کو پدی نن کلیک کنکو کہا جاتا تھا۔دو مشہور رزم ناموں (Epics) کے علاوہ سلپدی گارم بھی ایک مختصر مدت سے تعلق رکھنے والی کتاب ہے۔اس کے تھوڑے وقفہ کے بعد تین مزید رزم نامے لکھے گئے۔اس طرح پانچ چھوڑے رزم نامے (جنگ نامے) اور اٹھارہ چھوٹے کام وجود میں آئے۔(پدی نن کلیک کنکو جس میں تروکرل بھی شامل ہے) اسی زمانے میں لکھے گئے پرابندھا لٹریچر میں مختلف قسم کی شاعری موجود ہے۔کووائی۔جس میں اشعار کو ایک خاص موضوع پر ترتیب دیا گیا ہے (عموماً محبت کے موضوع پر) اور کلم باکم جس میں نظم کے پہلے بند کا اختتام دوسرے بند کا شروع ہوتا ہے (یہ نظمیں عموماً بادشاہ اور اس کی بہادری سے متعلق ہوتی تھیں) اور پَرانی۔اس روایتی شاعری کی بہترین تشریحات پینتک کووائی، نندیک کلم باکم اور کلینگا توپ-پَرانی ہیں۔

سنگم دور کے قدیم ادب (لٹریچر) میں تروکرل، سلبدی گارم، منی میگلائی وغیرہ سیاست، سماج اور کلچر کی نوعیت پر گہری روشنی ڈالتے ہیں۔ٹمل زبان، ٹمل شناخت، رسموں اور روایات کا اصل مغز ہوتی ہے۔اس کے علاوہ زمینوں اور جغرافیہ کا تنوع، حکمرانوں، دیہاتی سرداروں کے حالات جو ٹمل کے علاقوں میں پھیلے ہوئے تھے اور ٹمل بولنے والے علاقوں کا اتحاد بھی واقع تھا۔

کلنگا باشاہ، کاراویلا 165 ق م کے پتھر کے کتبے لٹریری حقائق کی دریافت ہوتی ہے جس نے 113 سالہ قائم ٹمل کے وفاق کو برباد کیا تھا۔اسی طرح ٹمل وفاق کے بادشاہوں نے بیرونی حملہ کا مقابلہ کیا تھا اس کا بھی تذکرہ ایک سنگم لٹریچر اگانورو میں موجود ہے۔لہذا ٹمل قومیت کا نظریہ اور پھیلاؤ صرف استعماریت کا نتیجہ نہیں ہے۔ ٹمل قومیت کی بنیاد سنگم دور کے تاریخی ٹمل زبان اور سیاست سے گہرا تعلق ہے۔

یونان کی شہری ریاست کی طرح ریاست اور بادشاہ کے خیال کا ایک ہونا اس وقت کی سیاست میں تھا۔قدیم کلاسیکی ٹمل ملک جیسے تمزگم کہا جاتا تھا۔اس کے حدود تروپتی پہاڑ کے جنوب اور کیپ کمورین (کنیا کماری) کے درمیان تھے۔زمین کی قدیم زمانے میں پانچ جغرافیائی حصوں میں درجہ بندی کی گئی تھی جسے تنائی کہا جاتا ہے۔ پہاڑی علاقہ کو کرونجی، جنگلاتی علاقے کو ملئی، زرخیز زمینوں کو مرودم، ساحلی علاقے کو نیدل اور بنجر علاقے کو پالئی کہا جاتا تھا۔

ٹمل بولنے والے کے علاقے مختلف فرماں رواؤں کے درمیان تقسیم تھے۔چولا۔اس کا پایۂ تخت اریور، پانڈیا کا پایہ تخت مدورائی، چیرلا موجودہ کونگوناڈو اور کیرلا پر حکومت کرتے تھے اور پلاواؤں کا پایہ تخت کانچی پورم تھا۔ٹمل ملک میں مختلف قسم کی بادشاہتیں تھیں۔بادشاہ کو وینڈار، بڑے اور چھوٹے گروپ کے سرداروں کو ویل یا ویلیر کہا جاتا تھا جن کا بادشاہ سے کم اختیار ہوتا تھا سنگم دور کے شاعر ویلیروں کی تعریف میں گیت گاتے تھے۔خصوصاً سات سرپرست بادشاہوں کی ان کی سخاوت کی تعریف کی جاتی تھی۔کہیلار اور اووی یار نے سرداروں جیسے اے، پاری اوری، مالاین، ایلنی، ہیگان اور نلی کا تذکرہ کیا ہے۔

بادشاہوں کی خوبیاں، ان کی رعایا کے ساتھ انصاف کا برتاؤ اور میدان جنگ میں ان کی بہادری کے کارنامے بھی شاعر بیان کرتے تھے۔سبھائی اور مندرم اعلیٰ درجہ کی عدالتیں ہوتی تھیں جن

11 pol sc unit 15 Set
Tuesday, November 23, 2021 1:07:19 PM

میں فیصلے بادشاہ خود کرتے تھے۔ ہر دیہات میں اس کا خاص مندرم ہوتا تھا۔ جس کی میٹنگیں عوامی مقامات میں ہوتیں اور اس میں دیہات کی قوموں کی کارروائیاں انجام پاتیں۔ جنگجوؤں کا اعزاز کیا جاتا اور جو شخص میدان جنگ میں مارا جاتا۔ اس کی یاد میں پتھر نصب کیا جاتا اور اس کی پوجا کی جاتی۔ اگر کسی جنگجو کی موت اس حالت میں ہوتی کہ زخم پیٹھ پر واقع ہوتا تو اسے سنگم دور میں ذلت کی بات سمجھی جاتی۔

سنگم لٹریچر میں جنگ کے دور کے بہت سی باتوں کا تذکرہ موجود ہے۔ پرانورو ایک سنگم لٹریچر ہے جس میں اس پانڈیا راجہ کی تعریف کی گئی ہے جس نے ایک ملک پر حملہ کرنے سے پہلے اعلان کرایا تھا کہ ساری عورتیں، بچے، بیمار اور عمر رسیدہ لوگ، محفوظ مقام میں چلے جائیں، انصاف کا خیال ریاست وحکومت میں انصاف ایک اہم عنصر ہوتا تھا۔ ایک اچھا بادشاہ کبھی بھی اچھے اخلاق و عادات ہمیشہ بادشاہ کو دائمی شہرت بخشتے ہیں۔ انصاف کرنا بادشاہت کا ایک اہم سیاسی اصول رہا ہے۔

سیاسی نظام کی نوعیت بادشاہت ہونے کے باوجود بادشاہ کی بادشاہت عوام کی رضامندی کے ساتھ ہوتی تھی اور بادشاہ لوگوں کی تائید کے ساتھ حکومت کرتا تھا اگر وہ لوگوں کی تائید سے محروم ہوجاتا تو وہ حکومت کرنے کے حق سے بھی محروم ہوجاتا تھا۔ سنگم لٹریچر (پٹینا پالئی) میں مختلف ٹیکسوں کا ذکر موجود ہے جیسے کسٹم ڈیوٹی، انکم ٹیکس، راستہ کا محصول (Toll Tax) وغیرہ حکومت کی آمدنی کے خصوصی ذرائع تھے جس میں وزیروں کی کونسل، ماتحت افسران اور انتظامی افسران ہوتے تھے۔ غیر ملکی تجارت اور کسٹم سے ہونے والی آمدنی کے تعلق سے کام کرنے والے افسران ہوتے تھے، وہ آمدنی بجٹ کا ایک اہم حصہ ہوتی تھی۔ پانڈیا کے کتبات سے ظاہر ہوتا ہے کہ سمندر سے موتی نکالنے کے کام کے افسران ہوتے تھے (کلاتیکا) اور چیف کاتبین (کنادیگن) ہوتے تھے، جھنڈوں اور سکوں پر چولا کا باگھ کا نشان، چیرا کا تیر کمان اور پانڈیا کا مچھلی کا نشان ہوتا تھا اور پلاؤں کا نشان شیر تھا۔

جاسوسی کا ادارہ ایک اہم ادارہ سمجھا جاتا تھا اور امن کے قیام و استحکام کے لئے اس ادارے کو مؤثر طریقہ سے چلایا جاتا تھا اگر چہ کہ غلامی کو ایک ادارہ کی حیثیت حاصل نہیں تھی مگر بعد میں حملوں کے بعد غلام لائے جاتے تھے، ان کی تجارت ہوتی تھی ان کا تبادلہ تحفہ کے طور پر ہوتا تھا اور حکمران لوگ ان غلاموں سے تعمیرات کا کام لیتے تھے۔

قدیم ٹمل والوں میں ذات پات کا نظام غیر معروف تھا۔ پیشہ وارانہ کاموں اور مختلف عہدوں کے لحاظ سے لوگوں میں فرق کرنے کا تصور موجود تھا۔ سنگم سماج میں ذات پات کا نظام اجنبی اور غیر ملکی تھا۔ سماج کی تقسیم طبقات کے لحاظ سے ہونے کا تذکرہ سنگم دور کے شعراء نے اس طرح کیا ہے۔ سماجی درجہ بندی (کوڈی) ٹوڈیان، پنان اور کڈمبان یا ارسر (حکمران)، وائشیار (تاجر) اور ویلالار (کسان)۔ مقام ومرتبہ میں امتیاز ناگزیر طریقہ پر قبول کرلیا گیا تھا۔ یہاں تک کہ سنگم سماج میں ذات پات کے نظام ورنا کو تھوڑا بہت جانا جاتا تھا۔

لیکن تہہ بہ تہہ سماجی ذات پات کا وہ نظام جو آریائی برہمنوں کا تھا جسے منوسمرتی کہا جاتا تھا وہ قدیم ٹمل سماج میں عالمی طور پر نہیں تھا۔ اس کی شروعات آریائی برہمنی تملوں سے ہوئی اور ذات پات کے فرق کا طریقہ بعد کے سنگم دور میں آیا۔ ٹمل والوں کا پرانا مذہب اور عوامی روایات (folk traditions) کی بنیاد پر تھا، فطرت اور فطری عناصر (قدرتی اشیاء) کی پوجا عام بات تھی۔ موروگن سیون کی پوجا قبائلی ٹمل والوں میں پائی جاتی تھی او رموروگن کی جنگجو خدا کے طور پر پوجا کرنا عوامی کلچر کی بنیاد پر تھا۔ ٹمل دراوڑی روایات میں زمینی عناصر سے مرکب خدا کی پوجا اور عبادت پکڑتی ہوئی تھی۔ چھٹویں صدی عیسوی کے بعد ہی ٹمل اور سنسکرت

11 pol sc unit 15 Set
Tuesday, November 23, 2021 1:07:20 PM

میں تاریخی کتبات لکھے گئے تھے۔ سنسکرت کے اثرات آہستہ آہستہ ٹمل عوام میں پھیلنے لگے تھے۔ برہمنوں کے بادشاہوں کے ساتھ خیر خواہی اور وفاداری کے جذبات پھیلنے سے سنسکرتی اثرات عام لوگوں میں پھیل گئے تھے۔

اس کے بعد سے ٹمل بادشاہوں کا برہمنوں سے دعا (آشیرواد) کا لینا حکومت کرنے کے لئے ضروری ہوگیا تھا۔ سنسکرت کے ساتھ ویدک رسمیں، پوجا اور سماجی ذات پات کا نظام بھی آیا۔ اس طرح دراوڑی پیشہ ورانہ تقسیم کی جگہ سماج میں برہمنوں کا موروثی سماجی ذات پات کا نظام آیا۔ اونچی ذات نچلی ذات کا تصور آیا۔

حکومت و ریاست اور بادشاہ کو ایک طرح دیکھا جانے لگا۔ موروثی اول اور مقدس حقوق کا تصور ٹمل راجاؤں میں آ گیا۔ قوت و اقتدار کے اصول اور بادشاہت کا مقام بھی تہذیبی خصوصیات سے ہٹ کر طاقت کی مرکزیت پر آ گیا۔ علاقائی ریاست کے خیال نے بدلتے ہوئے خاندانوں اور جغرافیائی تبدیلیوں کو موروثی مفاہمت فراہم کی۔ کیونکہ ریاستوں کی سرحدوں کو پھر سے مخصوص بنوایا گیا اور اقتدار اور بادشاہت کے محل وقوع کے حکمرانی کے اصول بھی مخصوص ثقافت سے اختیار کی بنیاد پر طاقت کے مرکز میں منتقل ہو گئے۔ لہذا بعد میں یعنی سنگم دور کے بعد بادشاہ تنہا، قوت و اقتدار کا مالک ہوگیا۔

پلاواؤں نے اپنے آپ کو برہما کے اوتار ثابت کیا اور بادشاہت کے مقام کو مقدس اور موروثی سمجھا گیا۔ پلاواؤں کے دور میں شمالی ہندوستان سے آئے ہوئے آریاؤں کی تہذیب جنوبی ہندوستان کے دراوڑیوں میں سرایت کر گئی اور انہوں نے ان کے خیالات نظریات اور طریقہ کار کو جذب کر لیا۔ ٹمل کا مذہبی کلچر اسی آریاؤں کے ساتھ تبادلۂ خیال کا ایک نتیجہ ہے اور اسی طرح مندروں میں مورتی کی پوجا میں سرگرمی بھی اسی کا نتیجہ ہے۔

خواتین کو بہت عزت دی جاتی تھی اور وہ مختلف ملازمین اور فرائض انجام دیتی تھیں۔ یہاں تک کہ وہ بادشاہ کی محافظ بن کر بھی فرائض انجام دیتی تھیں۔ صرف قوت و اقتدار مردوں کے ہاتھ میں ہوتا تھا۔ عورتیں پبلک اسمبلیوں میں بھی حصہ لیتی تھیں۔ مگر حکمران اور منتظم زیادہ تر مرد ہوتے تھے۔ عورتیں گھروں اور خاندانوں کی رسموں کو انجام دیتی تھیں اور اس میں ان کا نمایاں حصہ ہوتا تھا اور اختیارات مردوں کے ہوتے تھے۔

عورتوں کے کردار اور مقام کو واضح کرتے ہوئے ٹمل سوسائٹی میں اووی یار کی روایت کو سمجھنا ضروری ہے۔ اووائی یار کے معنی معزز خواتین کے ہیں۔ یہ کسی عورت کے نام سے زیادہ لقب ہے اور یہ لقب ٹمل ادب میں ان عورتوں کو دیا گیا ہے جن کا ٹمل ادب اور لٹریچر میں خاص مقام ہے اور ان کی ادبی خدمات ہیں۔ اور یہ چار سے چھ خواتین رہی ہیں۔ جنہوں نے یہ لقب مختلف اوقات میں اپنی ٹمل خدمات کی وجہ سے پایا ہے۔

سنگم دور اور چولا دور کی اووائی یار خواتین معروف ہیں جنہوں نے غیر معمولی رسوخ لٹریچر، کلچر، اخلاق، سیاست کی نوعیت جنگ، امن اور سیاسی حکمت عملی میں حاصل کیا ہے۔ سنگم دور کی اووائی یار پہلی اور دوسری صدی عیسوی میں رہی ہیں۔ دلیر۔ سلطنت کا راجہ اتھیامن نیڈومان انچی اووائی یار کا سرپرست رہا ہے اور اس ادبی (لٹریری) قومی افسانے کے ہم عصر لکھی جانے والی کتابیں ترولور کی ترو کرل اور کیلا رکی نٹرینی، کرونتوگئی، اکانورو اور پورانور ہیں۔ وہ عورت اووائی یار ایک ڈیپلومٹ عالمہ تھی جس نے بادشاہ ادھیامن نیڈومن انچی کے لئے سفارت کا کام کرتی تھی۔ اووائی یار ایک شاعرہ اور ادھیامن راجہ کی دوست تھی۔ وہ راجہ ٹگاڈور کا حکمران تھا اس شاعرہ نے دو حکومتوں کو جنگ سے بچایا تھا۔

کانچی پورم کے راجہ تونڈائی مین نے اس کو ایک نوٹ بھیجا تھا جس میں اس نے ٹگاڈور پر حملہ کرنے کا ارادہ ظاہر کیا تھا۔ اووی

11 pol sc unit 15 Set
Tuesday, November 23, 2021 1:07:21 PM

یارنے کہا ’’ اے توانڈائی مین ! تمہارے ہتھیار ادھیامین کے ہتھیاروں سے کتنے الگ ہیں یعنی تمہارے ہتھیار پاک صاف اور چمک دار ہیں جب کہ ادھیامن کے ہتھیار خون سے زنگ آلود اور مرمت کی حالت میں رہتے ہیں‘‘ تونڈائی مین جنگ میں کم تجربہ رکھتا تھا اور اس کے جیتنے کا امکان نہیں تھا۔ اس بات کو اس نے تعریف کے پیرایہ میں بیان کردیا۔ ایک اوراوووی یار چولا کے دور میں تقریباً دسویں صدی عیسوی میں تھی ۔اس نے بچوں کے لئے اخلاقی اصول سمجھائے۔ جب کہ اس کی تخلیقات جیسے آتی چوڈی اور کونرائی ویندھن چھوٹے بچوں کے لئے لکھی گئی تھیں اور اس نے موتورائی اورنل وڑی بڑے بچوں کے لئے لکھے تھے۔

مفکرین کے متعین حصے درج ذیل ہیں۔

- سماجی تبدیلیوں اور آخر کار عوام کے دماغوں میں تبدیلی لانے کے واقعات کے لئے بنیاد۔
- سیاسی فیصلے لئے گئے جن کے اثرات سماجی تبدیلیوں پر پڑے۔
- بڑے بڑے سیاسی فیصلوں کے پیچھے بہترین دماغوں نے خدمات کی ہیں جس سے متنوع سماج کو فائدہ ہوتا تھا۔
- سماجی نظریات کو عام خیالات میں تبدیل کرنا جس سے ان عوام کی ترقی میں مدد ملتی ہے جو مختلف قوموں سے تعلق رکھتے ہیں۔

سیاسی مفکرین جو عوام کے عقلی شعور کو روشن کرتے ہیں کی سرگرمیوں کے ذریعہ سے نئے سیاسی نظریات کی تائید ہوتی ہے۔ ان مفکرین کے اپنے ہمعصر سماج کے ساتھ تبادلۂ خیال سے ایک نیا فریم ورک بنتا ہے۔ اور ایک مکمل نظام بنتا ہے۔ ابھرنے والی نسلوں میں بڑی تبدیلیاں لانے کے لئے نئے سیاسی فیصلے کئے گئے۔ عام لوگوں کی روزمرہ زندگی مفکرین کی سیاسی فیصلوں سے ہونے والی تبدیلیوں سے گھری جاسکتی ہے۔ عالمی سطح پر اس قسم کے مفکرین سماجی سیاسی نظام میں تبدیلیاں پیدا کردیتے ہیں ۔اس قسم کے مفکرین جو غیر معمولی صلاحیت رکھتے تھے۔ گزشتہ صدیوں میں ملک میں عموماً اور ٹمل ناڈو میں خصوصاً رہا کرتے تھے۔

قومی سیاسی مفکرین ،ٹمل سیاسی مفکرین ،سماجی مفکرین ، سمانی انصاف کے مفکرین جدید زمرہ بندی کے مختلف حصے ہیں۔ اس حصہ میں ہم ٹمل ناڈو کے ان مختلف سیاسی مفکرین کے بارے میں تبادلہ خیال کریں گے جنہوں نے سماجی تبدیلیاں لانے میں نمایاں حصہ لیا تھا۔

ٹمل ناڈو کے سیاسی نظریات سماج، سیاست اور اقتصادیات کے سلسلہ میں نظریات ،اعتقادات ، مشوروں اور طریقۂ ہائے کار سے بھرپور ہیں جب کہ بھارتیار ایک قومیت پسند اور سنگرا ویلار ایک کمیونسٹ تھے ۔ پیریار کے مطابق دراوڑی نظریات سماجی مساوات پر زور دیتے ہیں ۔ٹمل ناڈو میں پائے جانے والے سیاسی نظریات تینوں قسم کے یعنی بائیں ،دائیں اور مرکزی نظریات کا مجموعہ ہیں۔

15.2 قدیم سیاسی نظریات :
(Ancient Political Ideas)

تروولّور



ترو کرل کے ارتو پیال میں ترولر ایک عظیم اخلاقیات کے داعی نظر آتے ہیں۔ انیتو پیال میں وہ ایک شاعر کی حیثیت رکھتے ہیں اور پروتو پال میں وہ ایک سیاسی رہنما کا روپ رکھتے ہیں۔ ترولر کا سیاسی فلسفہ اب بھی بہت حد تک قابل عمل ہے۔

11 pol sc unit 15 Set
Tuesday, November 23, 2021 1:07:21 PM

پروتھو پال کے ساتھ حصے:

پروتھو پال کے 7 حصے ہیں۔ان میں 70 اشعار ہیں۔ان میں 25 سیاسی ، وزارت کے 10، دفاع کے 2، مال و دولت کا 1،فوج کے 2، دوستی کے 17،اور شہریت کے 13 اشعار ہیں۔

" படை குடி கூழ்அமைச்சு நட்பரண் ஆறும்
உடையான் அரசருள் ஏறு" (குறள்: 381)

ترجمہ: ایک فوج ،لوگ، دولت، وزارت، دوست احباب، قلعہ یہ چھ چیزیں جس کے پاس ہوتی ہیں وہ ایسا ہے جیسے شیر بادشاہوں کے درمیان میں رہتا ہے۔ کرل نمبر۔381

لہذا پروتپال کے پہلے شعر ہی میں ترولور نے ایک حکومت و ریاست کے لئے ضروری چھ اقسام میں فرق بتادیا ہے۔اس لئے حکومت کے مختلف حصے یہ ہیں وزارت،فوج،عدالت، رعایا، دوستی اور شہریت۔ یہ ایک بادشاہ کی حکمرانی کو متعین کرتے ہیں۔مزید یہ ترکیبی اجزاء دوسرے طریقہ سے بھی بادشاہ کے لئے زمرہ بندی کرتے ہیں۔لہذا بادشاہ کے لئے اثاثوں اور ملک کی انتظامیہ کے تعلق سے بہت سے تصورات ہیں۔

بادشاہ کی نوعیت : 25 ابواب

پروتپال میں ترولور نے تفصیل سے بادشاہ کے اخلاق و عادات کے متعلق 25 ابواب میں بیان کیا ہے ۔حکمران کی خصوصیات (ارائی مٹچی ۔ باب 39) سے ایڈوکن اژائی یامئی (مسائل کے سلسلہ میں بے پرواہ۔ باب 63) ارسر، وینڈر، نیلان آنڈاور ، مناوار کے نام سے ترولور کے بارے میں 46 مرتبہ نشاندہی کی ہے۔

جمہوریت کے بارے میں تصور :

ترولور بادشاہت کے دور کے جمہوری لیڈروں کے لئے بھی قابل عمل ہیں ۔انہوں نے بادشاہ کی حکمرانی میں ریاست و حکومت کی نوعیت کی نشاندہی کی ہے۔ ولور کے الفاظ حکومت ور یاست کے متعلق ہر زمانے میں ساری دنیا کی تنظیموں کے لئے قابل عمل اوران کے مناسب ہیں۔

ویلفیر ریاست اور بادشاہ :

سادہ سے لفظوں میں ولور کا سیاسی نظام ویلفیر ریاست کی بنیاد پر ہے۔مثال کے طور پر ارائی مٹچی (حکمران کی خصوصیات) میں وہ کہتے ہیں۔

முறைசெய்து காப்பாற்றும் மன்னவன் மக்கட்கு
இறையென்று வைக்கப் படும். (குறள்: 388)

ترجمہ : کون مملکت اور انصاف کی حفاظت کرتا ہے وہی بادشاہ انصاف کو برقرار رکھتا ہے جو خدا کی طرح اپنے رعایا کے ساتھ سلوک کرتا ہو۔

اگر کوئی بادشاہ اپنے فرائض کو امانت داری کے ساتھ ادا کرتے ہوئے انصاف کرے،اس کی خدا کی طرح عزت کی جاتی ہے۔مثالی راستہ اور بہبودی کا طریقہ قائم کرنے والا بادشاہ عزت پاتا ہے اور اسے سر اور آنکھوں پر بٹھایا جاتا ہے۔اس طرح کا تصور صرف بادشاہی دور ہی کے لئے نہیں ہے بلکہ موجودہ جمہوری دور کے لئے بھی ہے۔

ریاست وحکومت کی خصوصیات :

کسی بھی حکومت کے خصوصیات میں سے یہ ہے کہ اچھے اخلاق قائم کرے، غلط طریقوں کو مٹانے لوگوں کے عزت نفس کی حفاظت کرے اور انصاف کو رواج دے۔

அறனிழுக்கா தல்லவை நீக்கி மறனிழுக்கா
மானம் உடைய தரசு (குறள்: 384)

ترجمہ : بادشاہت اپنی اچھی خصلتوں کے ساتھ ناکام نہیں ہوسکتی ہے۔ سارے عیبوں کو روک دیتی ہے۔کسی کا دل توڑے بغیر عزت کی گئی تو بہادری میں ناکام نہیں ہوتا ہے۔ کرل نمبر 384

بادشاہ کا اپنایا ہوا راستہ لوگوں کا راستہ ہوتا ہے یعنی لوگ اپنے بادشاہ کے طریقہ پر چلتے ہیں۔بادشاہ کو اپنے رعایا کے لئے رہبر ورہنما ہونا چاہئے۔اگر وہ نقصان پہنچاتا ہے یا شیطانی حرکتیں کرتا ہے تو اس کا اثر سب پر پڑتا ہے وہ اس لئے کہ بادشاہ عام رعایا کے لئے لیڈر ہوتا ہے۔اس کا نظم وضبط اور پرائیوٹ زندگی پوری سلطنت میں پھیلتی ہے ۔حکمرانی کرنے والے بادشاہ کے لئے اخلاقی زندگی گزرنا بہت ضروری ہے۔عزت وسیع طریقہ پر پورے ملک سے تعلق رکھتا ہے ۔ ولور عظیم اعزاز کو ترجیح دیتے ہیں جو بہادری کے برابر ہے۔ وہ اس بات پر زور دیتے ہیں کہ بادشاہ کو ملک کا وفادار ہونا چاہئے یہی ملک کا اعزاز ہے۔

11 pol sc unit 15 Set
Tuesday, November 23, 2021 1:07:22 PM

مثالی حکومت اور لوگوں کی فلاح و بہبودی :

شخصی حکومت کے دور میں مثالی حکمرانی اور انضمام کا سارے زمانے میں ہونے کی ولور وکالت کرتے ہیں ۔سارے علاقوں اور خطوں کے لوگ بارش سے اپنی پیداوار کی امید رکھتے ہیں اسی طرح کسی بھی ملک کے شہری بادشاہ کی مثالی حکمرانی اور اتحاد کو پسند کرتے ہیں۔

வானோக்கி வாழும் உலகெல்லாம் மன்னவன்
கோல்நோக்கி வாழுங் குடி (குறள்:542)

ترجمہ: ساری زمین آسمان کی طرف دیکھتی ہے کہ کہاں بارش کے قطرے پڑتے ہیں ۔اسی طرح ساری رعایا بادشاہ کی طرف دیکھتی ہے کہ وہ کیسی حکمرانی کرتا ہے۔ کرل نمبر 542

اس شعر میں ترولور نے Kol کی نشاندہی مثالی حکمرانی کے طور پر کی ہے۔اس کا اطلاق صرف بادشاہ پر نہیں ہوتا بلکہ جمہوریت پر بھی ہوتا ہے۔

குடிதழீஇக்கோலச்சும் மாநில மன்னன்
அடிதழீஇ நிற்கும் உலகு. (குறள்:544)

جس بادشاہ کا دل ساری رعایا کو اپنی آغوش میں لے لیتا ہے خدا اس کو اپنی آغوش میں لے لیتا ہے اور اس کے بادشاہ کے قدموں کو ساری دنیا کے لوگ اپنی آغوش میں لے لیتے ہیں۔ کرل نمبر:544

یعنی اس بادشاہ کے لئے جو اپنے شہریوں کو محبت الفت کے ساتھ تحفظ دیتا ہے اس کے قدموں کو رعایا محبت کے ساتھ اپنے آغوش میں لے لیتے ہیں۔ یہ ایک بہترین محاورہ ہے جو ترولور نے اچھی حکومت وسلطنت کے لئے تجویز کیا ہے۔

استبداد کے خلاف : (Against Tyranny)

کوڈونگونمائی (ظالم شاہی عملہ) کے باب میں ولور نے اسے منفی الفاظ میں سمجھایا ہے ۔ ظالمانہ اور استحصال کرنے والی حکمرانی سے لوگوں کو غیر معینہ مدت کے لئے تکلیف واذیت ہوتی ہے اور اس تکلیف سے لوگوں کی آنکھوں سے نکلنے والے آنسو اتنے طاقت ور ہوتے ہیں کہ پوری سلطنت کو فنا کر دیتے ہیں۔

அல்லற்பட்டு ஆற்றாது அழுதகண்ணீரன்றே
செல்வத்தைத் தேய்க்கும் படை (குறள் 555)

اس ظالم بادشاہ کی رعایا کے غم کے آنسو صبر کو ختم کر دیتے ہیں اور وہ آنسو خون کے برابر ہوتے ہیں جو تیز دھار والے ہتھیاروں کے ساتھ مارچ کر کے دولت وحکومت کو ختم کر دیتے ہیں۔ کرل:555

اذیت میں مبتلا شہریوں کے غم کے آنسو تخت وتاج کو چھین سکتے ہیں اور پوری حکومت کو تباہ کر سکتے ہیں ۔ یہ ترولور کا قول ہے جس میں انہوں نے آنسوؤں کو فوج کے برابر کہا ہے۔ یہ ولور کا نادر اور عجیب وغریب تصور ہے۔

جابر اور ڈکٹیر میں جیسے ہٹلر، مسولینی اور زار سب منفی کام کرنے والے حکمران تھے ان جیسے حکمرانوں کے لئے ترو کرل میں ایسی بات کہی گئی ہے۔

حکومت کا بجٹ : (Government's Budget)

ایک بادشاہ کو اتنا قابل منظّم ہونا چاہئے کہ وہ حکومت کی آمدنی میں اضافہ کر سکے۔اس کے علاوہ وہ بجٹ کو چلانے میں ماہر ہونا چاہئے۔

ارائی مچّی میں وہ کہتے ہیں۔

இயற்றலும் ஈட்டலும் காத்தலும் காத்த
வகுத்தலும் வல்லதரசு. (குறள்:385)

بادشاہ وہ ہے جو خزانہ کو بڑھاتا ہے اس کی حفاظت کرتا ہے، اس کا دفاع کرتا ہے اور اپنی سلطنت کی خوش حالی میں خرچ کرتا ہے۔ کرل نمبر:385

پہلا نکتہ یہ کہ ایک بادشاہ کو چاہئے کہ وہ آمدنی کے متعدد ذرائع کو ڈھونڈے۔اس کے لئے انہوں نے اسے ایٹرل کہا ہے۔ دوسری بات یہ کہ ان تمام ذرائع کو یکجا کر کے احتیاطی تدابیر کے ساتھ ان کی حفاظت کرے۔اسے 'کاتّل' کہا ہے۔

چوتھا نکتہ بہت ضروری ہے یعنی ان ذرائع کو مختلف شعبوں کے لئے مختص کر لے لوگوں کی بھلائی کے لئے استعمال کرے ۔اسے وگوتتل کہا ہے۔لہذا یہ چار راستے ہیں جن کے ذریعہ بادشاہ ملک کی آمدنی کو صحیح طریقہ سے استعمال کرتا ہے اور بادشاہ کا اولین فریضہ ہے۔

ان جدت پسندانہ اور سیاسی نظریات کو سیاسی اور اقتصادی ماہرین نے قبول کرتے ہوئے اسے اشتراکی سماج کی بنیاد قرار دیا۔

11 pol sc unit 15 Set
Tuesday, November 23, 2021 1:07:23 PM

ترولور کی مفید باتیں (Relevance of Thiruvalluvar)

ترولور نے بادشاہ کے لئے جو تعلیمی لیاقتیں ضروری بتائی ہیں وہ شہریوں کے لئے بھی ضروری ہیں، لہذا انہوں نے سارے لوگوں کے لئے ایڈوکن اریامائی، کلوی، وژووم اویرکو، منڈرکو کے الفاظ استعمال کئے ہیں۔

ولور نے پروتپال میں جو نظریات پیش کئے ہیں وہ اعلیٰ درجہ کے اخلاقی اصول ہیں۔ ان کے اصول میں عوام کی بہبودی بنیادی درجہ رکھتی ہے۔

اسے دوسرے لفظوں میں اس طرح کہا جاسکتا ہے کہ ریاست میں ولور کے پیش کردہ اصول اس زمانے کے جمہوری حاکمہ میں لوگوں کی بہبودی کے لئے برتے جاسکتے ہیں۔

وہ خصوصیات جن کو ولّور نے بادشاہ کے لیے کی پیش کی تھی وہ شہریوں پر بھی لاگو ہوسکتی ہے۔ لہذا، اس نے لفظ ''ادوکّن اریامائی''، ''کلوی'' کے لیے ''واژم اویرکو''، ''ماندھرکو'' کے الفاظ استعمال کیے جو تمام لوگوں کے لیے ہیں۔

پروٹپال میں ولوور نے جن سیاسی نظریات کی وکالت کی تھی ان میں ''عوامی-فلاح'' کا تعاون کی ضرورت بہت اہم ہے۔

اسے مختلف انداز میں پیش کیا جائے تو سیاست میں ولوور کی شراکت کا سب سے زیادہ اطلاق تمام لوگوں کی عظیم فلاح کے لیے موجودہ جمہوری طرز حکمرانی پر ہوتا ہے۔

کیا تم جانتے ہو؟

ترو کرل۔ صحیح معنی میں ایک سیکولر اخلاقی کارنامہ ہے۔

مشاہدے سے جو پہلی حقیقت کرل کے بارے میں سمجھ میں آتی ہے وہ یہ کہ وہ ایک سیلوکر کتاب ہے۔ ولور کے زمانے میں ہندوستان میں بہت سے مذاہب موجود تھے۔ بدھ مت، جین مت، ہندومت، دہریہ اور بے دین ملحد بھی تھے مگر سیکولرزم ایک تصور کے طور پر غیر معروف تھا۔ ولور خود ایک خدا پرست آدمی تھے اور انہوں نے ایک باب خدا کی تعریف میں لکھا ہے اور وہ ایک مخصوص مذہب کے پیروکار تھے لیکن انہوں نے اپنی کتاب ترو کرل میں کسی مذہب کی طرف منسوب بھی نہیں کیا۔

قدیم ہندوستانی قانون ساز مانو اور قدیم یونانی فلسفی افلاطون (Plato) اور ارسطو یقین کے ساتھ کہتے تھے کہ انسان سارے برابر (مساوی) پیدا نہیں ہوئے۔ صدیوں تک یہ نظریہ ساری تہذیبوں میں مانا جاتا تھا۔ ولور جو ایک فلسفی شاعر تھے وہ بالکل دوسرا تصور رکھتے تھے۔ وہ کہتے ہیں

''سارے انسان پیدائش کے اعتبار سے برابر سرابر ہیں لیکن اخلاق و کردار کے لحاظ سے مختلف ہوتے ہیں، اس سبب سے کہ ان کے صفات اور افعال مختلف ہوتے ہیں۔'' (کرل 972)

15.3 قومیت (Nationalism):

سبرامنیا بھارتیار

(1882 تا 1921)

سی۔ سبرامنیا بھارتیار ٹمل ناڈو کے ایک شاعر، مجاہد آزادی اور سماجی اصلاح کار تھے۔ وہ مہاکوی (عظیم شاعر) بھارتیار اور مدحیہ شاعر کے نام سے مشہور تھے۔ وہ ہندوستان کے عظیم شاعروں میں سے ایک تھے۔ ان کے گیت اور قومیت پر مبنی نظمیں ٹمل ناڈو والوں کو آزادی کی تحریک میں جوڑنے پر ابھارتی تھیں۔

11 pol sc unit 15 Set
Tuesday, November 23, 2021 1:07:23 PM



ஜாதி மதங்களைப் பாரோம் –
உயர் ஜன்மம்இத் தேசத்தில் எய்தின ராயின்
வேதிய ராயினும் ஒன்றே –
அன்றி வேறு குலத்தின ராயினும் ஒன்றே

ہمیں کسی بھی ذات اور مذہب کو نہیں دیکھنا چاہئے۔ سارے انسان اس زمین پر رہنے والے چاہے وہ ویدوں کی تعلیم دیتے ہوں یا کسی دوسرے مذہب سے تعلق رکھنے والے ہوں سب ایک ہیں (سبرامنیا بھارتیار)

بھارتی : ایک شاعر اور ایک قومیت پسند :

ہمارے اندر ہزاروں فرقے ہیں لیکن ہم کسی بیرونی حملے کو برداشت نہیں کر سکتے۔

سبرامنیا بھارتی کے بعد سے ٹمل لٹریچر میں نمایاں طور پر ایک نیا دور شروع ہوا۔ ان کی تخلیقات کا اکثر حصہ ترتیب دینے کے لائق ہے۔ ان کی نظموں میں حب الوطنی عشق الٰہی کے جذبات اور عارفانہ موضوعات ہوتے ہیں۔ اشعار میں غنائیت ہوتی ہے اور جذبات کا پر جوش اظہار ہوتا ہے۔ بھارتی ایک غنائیت والے شاعر (Lyrical Poet) تھے۔ کنن پائٹو نیلا وووم وانمنوم کاٹروم، پنچالی سہاتم، کونک پائٹو وغیرہ بھارتی کی عظیم شاعری کی مثالیں ہیں۔

بھارتی کو ایک قومی شاعر سمجھا جاتا ہے اس لئے کہ ان کی بہت ساری نظموں میں حب الوطنی کے جذبات پائے جاتے ہیں، ان نظموں کے ذریعہ شاعر نے لوگوں کو آزادی کی تحریک میں شامل ہونے کی پرزور ترغیب دی ہے۔ وہ صرف ملک پر فخر کرنے کے بجائے ایک آزاد ملک کے تصور کا خاکہ پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے 1908 میں حساس پرچہ سودیشی گیتانگل شائع کیا۔

کیا تم جانتے ہو؟

بھارتیار کی پنچالی سباتھم (ڈراوپڈی کا عہد) ایک خیالی تصویر ہے جس میں ہندوستانی کو ڈراوپڈی کہا گیا ہے، انگریزوں کو کاؤراواس اور آزدی کی لڑائی لڑنے والوں کو پانڈاوا کہا گیا ہے۔ دراویڈی کی جدوجہد کے ذریعہ بھارتیار نے انگریزوں سے ہندوستانیوں کی لڑائی کی سخت بات کو قابل برداشت بنادیا ہے۔

بھارتی ایک صحافی (Bharai as a Journalist)

بھارتی کی زندگی کا بڑا حصہ صحافت کے میدان میں گزرا ہے۔ بھارتی نے جوانی میں اپنے کام کا آغاز صحافی کی حیثیت سے کیا۔ نومبر 1904 میں وہ سودیشی مترن کے نائب مدیر تھے۔ مئی 1906 میں ''انڈیا'' نے دن کی روشنی دیکھی۔ اس پرچہ سے فرانسیسی انقلاب کے تین نعرے اپنے مقصد کے اعلان کے طور پر سنائے وہ یہ ہیں آزادی، مساوات اور بھائی چارہ۔ ٹمل صحافت میں اس سے ایک نئی رونق آئی۔ اپنے انقلابی سرگرمیوں نے اعلان کے لئے بھارتی نے اپنا ہفتہ واری پرچہ سرخ رنگ میں شائع کیا جس کا نام ''انڈیا تھا'' اور یہ پہلا پرچہ تھا ٹمل ناڈو کا جس میں سیاسی کارٹون شائع کئے جاتے تھے انہوں نے ''وجیا'' نامی ایک ٹمل روزنامہ اور انگریزی ماہنامہ ''بلا بھارتا'' اور ''سوریوتھیام'' نامی ایک مقامی ہفتہ واری پرچہ پانڈیچیری سے شائع کرتے تھے۔

''انڈیا'' پرچہ کے دفتر کو وارنٹ آیا اور اس کے ایڈیٹر بھارتی کو گرفتار کیا گیا۔ 1908 کے ان خراب حالات کی وجہ سے بھارتی نے پانڈیچیری جانے کا فیصلہ کرلیا۔ پانڈیچیری شہر فرانسیسی عمل داری میں تھا۔ وہاں جا کر انہوں نے انڈیا پرچہ کو جاری رکھنا چاہا۔ بھاری پانڈیچیری میں چند دن رہنے کے لئے گئے تاکہ انگریز استعماریوں کے غصہ کا نشانہ نہ بنیں۔

11 pol sc unit 15 Set
Tuesday, November 23, 2021 1:07:24 PM



کیا تم جانتے ہو؟

1908 میں مدراس میں انہوں نے ایک بڑی پبلک میٹنگ ''سوراج ڈے'' (آزادی کا دن) منانے کے لئے منعقد کی تھی۔ ان کی نظمیں ونڈے ماترم، ان تایوم تایوم، جے بھارت شائع ہوئیں اور ٹمل والوں میں مفت تقسیم کی گئیں۔

کیا تم جانتے ہو؟

اپنی جلاوطنی کے دوران بھارتی کو تحریک کے فوجی حصہ کے

سبرامنیا بھارتیار 11 دسمبر 1882ء کو ٹمل ناڈو کے ترونلویلی ضلع کے ایک دیہات ایتیاپورم میں پیدا ہوئے اور ان کا بچپن میں نام سوبیا تھا۔ ان کے والد کا نام چنناسوامی اور والدہ کا نام لکشمی اقبال تھا۔

سات سال کی عمر میں سے انہوں نے نظمیں لکھنا شروع کردی تھیں۔ جب وہ گیارہ سال کے ہوئے وہ اس انداز سے لکھتے تھے کہ بڑے بڑے تعلیم یافتہ لوگ ان کی معلومات اور صلاحیت کی داد دیتے تھے۔ گیارہ سال کی عمر میں انہوں نے محسوس کیا کہ انہیں سرکاری تصدیق حاصل کرنی چاہئے۔ انہوں نے اسکالروں کی اسمبلی میں ایک چیلنج کیا کہ وہ بحث ومباحثہ میں ان سے کسی بھی موضوع پر مقابلہ کریں۔ پہلے سے کسی تیاری کے بغیر وہ مباحثہ کے لئے آمادہ ہوگئے اور وہ مقابلہ ایتھا پورم کے دربار میں منعقد ہوا جس میں راجہ خود موجود تھا اس مباحثہ کا موضوع ''تعلیم'' تھا۔ سوبیا مباحثہ میں جیت گئے اور وہ لمحہ سوبیا کی زندگی میں ایک یادگار لمحہ تھا۔

وہ لڑکا اس وقت سے ایتیاپورمن سوبیا کہلانے لگا اور اس کے بعد سے وہ بھارتی کے نام سے مشہور ہوگئے۔

بعد میں لوگ انہیں عزت سے بھارتیار کہنے لگے اور یہ لقب قومیت پسندوں اور لاکھوں محبان ٹمل کی طرف سے دیا گیا تھا۔

جون 1897 میں بھارتی کی عمر مشکل سے پندرہ سال تھی۔ اس وقت ان کی شادی کردی گئی۔ ان کی بیوی کا نام چیلمال تھا۔ بھارتی بنارس گئے جسے کاسی اور وارناسی بھی کہا جاتا تھا۔ وہ وہاں اپنی خالہ کپیمال اور خالو کرشناسیون کے ساتھ اگلے دو سال تک رہے۔ وہ سنسکرت، ہندی اور انگریزی بہت جلد سیکھ گئے اور انہوں نے الہ آباد یونیورسٹی انٹرنس امتحان پاس کرلیا۔ بنارس کے قیام نے بھارتی کی شخصیت میں زبردست تبدیلی پیدا کردی تھی۔ ظاہری حلیہ ان کا اس طرح ہوگیا تھا کہ بڑی بڑی مونچھیں رکھ لیں، سکھوں کی پگڑی باندھ لی اور ان کی چال اور رفتار میں ہمت و بہادری نظر آتی تھی۔

بہت سے لیڈروں سے ملنے جلنے کے مواقع ہوئے۔ ان لیڈروں میں اروبندو، لاجپت رائے اور V.V سبرامنیم اور وہ سب فرانسیسی عمل داری کے شہر پانڈیچیری میں پناہ لئے ہوتے تھے۔ بھارتی کی زندگی کے وہ دس سال جو انہوں نے پانڈیچیری میں گزارے قیمتی اور فائدہ مند رہے پانڈیچیری سے انہوں نے مدراس کے ٹمل نوجوانوں کو قومیت کے راستہ پر ڈالا۔ بھارتی کی تحریروں سے ٹمل نوجوانوں میں حب الوطنی کی جو روح بیدار ہورہی تھی اور وہ نوجوانوں کو جیسا متاثر کررہے تھے اس کی وجہ سے انگریزوں کا ان پر غیظ وغضب زیادہ ہوگیا۔ 1919ء میں بھارتی نے مدراس کے راجاجی ہال میں گاندھی سے ملاقات کی، نومبر 1918 میں بھارتی

100 95 75 25 5 0

11 pol sc unit 15 Set
Tuesday, November 23, 2021 1:07:24 PM

برطانوی ہندوستان میں کڈلور کے قریب داخل ہوئے اور فوراً گرفتار کرلئے گئے ۔ قید میں بھی انہوں نے آزادی، قومیت اور ملک کی بہبودی کے تعلق سے نظمیں لکھیں۔

ان کی اپنی جوانی کے زمانے میں قومی ٹمل لیڈروں جیسے V.O چدمبرم، سبرامنیا سیوا، منڈایم ترومل آچاریا، اور سری نیواچا ری وغیرہ سے اچھے تعلقات تھے۔ان لیڈروں کے ساتھ انگریزوں کی حکومت سے ملک کو درپیش مسائل کے حل کے سلسلہ میں تبادلہ خیال کرتے تھے ۔ بھارتی انڈین نیشنل کانگریس کے سالانہ اجلاسوں میں شرکت کرتے اور انتہا پسند قومی لیڈروں جیسے بپین چندرا پال، B.G تلک اور V.V سبرامنیم کے ساتھ ملک کے مسائل پر گفتگو کرتے تھے۔ان کے 1905 میں بنارس کے اجلاس اور 1907 کے سورت کے اجلاس میں شرکت اور سرگرمیوں سے بہت سے قومی لیڈران متاثر ہوئے تھے۔ان کی حب الوطنی کے جذبات نے بھی انہیں متاثر کیا تھا۔ بھارتی کے چند قومی لیڈروں سے بہت اچھے روابط تھے اور وہ ملک اور اس کی آزادی اور قومی تحریکات کے تعلق سے اپنے خیالات اور مشوروں سے انہیں آگاہ کرتے تھے ۔اس میں شک نہیں کہ ان کے عاقلانہ مشوروں اور مستقل تائید سے قومی تحریک کو تقویت ملتی تھی اور قومی لیڈروں کے حوصلے جوان ہوتے تھے۔اس طرح بھارتی نے ہندوستانی آزادی میں بہت اہم کردار ادا کیا۔

بھارتیار-ایک سماجی اصلاح کار :
(Bharathiyar as a social reformer)

بھارتی بھی ذات پات اور اونچ نیچ کے خلاف تھے ۔ وہ کہتے تھے کہ صرف دو ذاتیں ہیں ایک مرد اور دوسری عورت ۔ان کے علاوہ کچھ نہیں ۔اس سب کے ساتھ انہوں نے خود بھی اپنی زنار نکال کر پھینک دی تھی۔ وہ مسلمانوں کی دکانوں سے چائے لے کر پیتے تھے ۔وہ اپنے خاندانہ افراد کے ساتھ تہواروں کے موقع پر چرچ بھی جایا کرتے تھے ۔وہ مندروں میں شیڈول کاسٹ کے لوگوں کے داخلہ کے حامی تھے۔ان سب اصلاحات کے نتیجہ میں انہیں اپنے پڑوسیوں کی جانب سے مخالفت کا سامنا کرنا ہوتا تھا۔مگر بھارتی اس بارے میں دوٹوک نظریہ رکھتے تھے کہ جب تک سارے ہندوستانی اپنے مادر وطن کی آزادی کے لئے متحد نہیں ہوں گے ملک آزاد نہیں ہوگا ۔ وہ عورتوں کے حقوق، صنفی مساوات اور ظلم سے عورتوں کی آزادی کے حامی اور علمبردار تھے۔وہ بچپن کی شادیوں اور جہیز کے رسوم ورواج کے خلاف تھے اور بیواؤں کی دوبارہ شادی کی ترغیب دیتے تھے۔ بھارتی کی کم عمری میں موت واقع ہوگئی اس وجہ سے وہ اپنے خیالات ونظریات کو تحریک میں تبدیل نہیں کرسکے۔

بھارتی کی سوامی ویواکنندا کی شاگرد سسٹر نیواڈیٹا کے ساتھ خواتین کے حقوق کے سلسلہ میں میٹنگ ہوئی۔ان کی وہ میٹنگ ان کے سماجی مسائل کے وسیع حل کے تعلق سے ہوئی تھی جس میں ذات پات کے جکڑے نظام سے آزادی اور روحانیت کی طرف پیش قدمی کے سلسلہ میں تھا۔انہوں نے جدید عورت کے تصور کو طاقت کی علامت کے طور پر پیش کیا جس میں وہ طاقتور، آزاد اور مرد کے مساوی شریک (پارٹنر) ہوگی۔

''اگر مرد اور عورت کے مساوی درجہ دیا جائے
تو دنیا علم اور ذہانت میں ترقی کر کے خوش حال ہوجائے گی۔''
سبرامنیا بھارتیار

بھارتیار ایک تخیلی شاعر: (Bharatiyar - A Visionary)

بھارتیار نے ایک شاعر، صحافی، مجاہد آزادی اور سماجی مصلح کی حیثیت سے نہ صرف یہ کہ ٹمل سماج پر زبردست اثرات ڈالے بلکہ پورے انسانی سماج پر اثر انداز ہوئے۔ وہ جو باتیں کہتے تھے اور جن باتوں کی اشاعت کرتے تھے ان پر خود عمل کرتے تھے۔اسی سے ان کی بڑائی آشکارا ہوتی تھی ۔استعماری دور میں ملک کی آزادی کے بارے میں ان کی پیشن گوئی ان کی موت کے پچیس سالوں کے بعد صحیح ثابت ہوئی۔ ایک روشن ہندوستان کا ان کا تخیل آزادی کے بعد پورا ہوا۔ بھارتی صرف اپنے لئے نہیں جیتے

11 pol sc unit 15 Set
Tuesday, November 23, 2021 1:07:25 PM

تھے بلکہ ملک وقوم کے لئے جیتے تھے۔اس لئے انہیں پوری عزت کے ساتھ بھارتیار کے نام سے یاد کیا جاتا تھا۔آج بھی کئی دہائیوں کے بعد بھارتیار آزادئ ہند اور ٹمل قومیت کی ایک انمٹ علامت بنے ہوئے ہیں۔

کیا تم جانتے ہو؟

بھارتیار کا انتقال 11 ستمبر 1921 کو ہوا۔اس وقت کی بگڑی ہوئی صورت حال کے سبب ان کے جنازے میں صرف 14 لوگوں نے شرکت کی تھی ۔اس لئے کہ انگریزوں کی طرف سے عتاب اور ردعمل کا خوف تھا اور وہ جلاوطن تھے۔

15.4 فرقہ واریت

سنگاراویلار (1860 تا 1946)

(Communism - Singara Velar (1860-1946))



سودیشی اور ہوم رول تحریک ہندوستان میں بیسویں صدی کے آغاز میں تھی اور اس نے آزادی کی پیاس بڑھائی۔سماج کے تعلق سے ہندو مذہب میں اصلاحات کئے گئے ۔سیاسی منظر نامہ میں ان تحریکات نے ہندوستانی ہونے اور قومی ہونے کے احساسات کو پیدا کرنے اور بڑھانے میں کلیدی رول ادا کیا۔

مگر تحریکات اپنی نوعیت میں مذہبی نہ تھیں۔زیادہ تر ان تحریکات میں حصے لینے والے افراد اونچی ذات کے ہوتے تھے۔ آزادی لینے کی ان کی کوششیں سیاسی نوعیت کی ہوتی تھیں ۔وہ کسانوں اور مزدوروں کے مفادات اور ان کی معاشی ترقی کو نظر انداز کرتے تھے۔اس سے ہندوستانیوں کی اکثریت جو غریب اور کسانوں کے طبقہ سے تعلق رکھتی تھیں خوش نہیں تھی ۔اس پر مزید کانگریس پارٹی میں ذات پات کا امتیاز برتا جاتا تھا۔خصوصاً ٹمل ناڈو میں ایک واضح فرق برہمنوں اور غیر برہمنوں کے درمیان موجود تھا۔

اس پس منظر میں سنگارا ویلار نے عقلی نظریات اور سائنٹفک ادراک کی سیاست میں اشاعت کرنے میں اہم رول ادا کیا تھا۔ انہوں نے بھی ہندوستان کی آزادی کی جد وجہد میں کسانوں اور مزدوروں کے مفادات کو جوڑنے میں کلیدی کردار ادا کیا اور اسی طرح ریاست میں سماجی لحاظ سے کلیدی کردار ادا کیا اور اسی طرح سیاست میں سماجی لحاظ سے غور وفکر کے طریقہ کو پھیلایا۔

کانگریس پارٹی پر سنگاراویلار کے خیالات کے اثرات :

برطانوی حکومت نے جو خام اشیاء کو ہندوستان سے برآمد کرتی تھی ۔ بعد میں ہندوستان کی مانگ کو دیکھ کر صنعتیں شروع کیں۔اس سے عام لوگوں کی زندگی کا معیار بدتر ہوگیا۔عام لوگ کم مزدوری پر کام کرنے کے لئے تیار تھے۔لہذا جو لوگ کام کرتے تھے ان کے ساتھ غلاموں جیسا سلوک کیا جاتا تھا۔ یہاں تک کہ ملازمین کی طرف سے ذرا سا بھی احتجاج ہوتا تو اسے سختی کے ساتھ دیا جاتا تھا۔مزدور طبقہ کے حقوق کی حفاظت کے لئے بہت ساری مزدوروں کی تنظیمیں ابھریں۔ ان تنظیموں کی سربراہی تروو ی۔ کلیانا سندرانا اور ڈی۔وردا راجالو مدراس پریسیڈنسی میں کرتے تھے۔ مدراس پریسڈنسی میں ذمہ داروں کی تنظیموں کو بہتری کے لئے سنگاراویلار نے بہت جدوجہد کی۔

سنگاراویلار چاہتے تھے کہ مزدوروں کو سیاست کے معاملہ میں حساس بنانا جائے اور انہیں آزادی کی کوششوں میں مصروف رکھا جائے مگر کانگریس پارٹی سنگاراویلار کے اس خیال کو منظور نہیں کیا۔ سنگاراویلار نے اس پرزور طریقہ سے تنقید کی اور کانگریس کے اعلیٰ عہدیداروں کو ٹیلی گراف بھیجے ۔اس سلسلہ میں انہوں نے ایک خط گاندھی کو بھی لکھا تھا۔مزید اس پر انہوں نے اس مسئلہ پر مشہور

11 pol sc unit 15 Set
Tuesday, November 23, 2021 1:07:26 PM

روزناموں سودیش شرن ۔دی ہندو اور رالے جیسے نواسکتی میں مضامین لکھے۔انہوں نے کانگریس کے کارکنوں کے درمیان بھی اس مسئلہ کو پھیلایا۔عین وقت پر1992 کی کانگریس کمیٹی کی میٹنگ میں وہ تمل ناڈو کے نمائندے کی حیثیت سے شرکت کی۔اس وقت بھی انہوں نے ان مطالبات کے سلسلہ میں وضاحت کی اور کانگریس ممبروں کی تائید حاصل کی۔

- ہندوستان کی آزدی میں مزدوروں اور کسانوں کی اقتصادی آزادی بھی شامل ہے۔
- کسانوں اور مزدوروں کی بہبودی بھی کانگریس پارٹی کا مقصد ہونا چاہئے۔
- ہندوستانی قومی تحریک میں کسانوں اورمزدوروں کو بھی شامل کیا جانا چاہئے۔
- مختلف تنظیموں سے اٹھ کھڑے ہونے والے عوام کی کانگریس لیڈروں کو مدد کرنی چاہئے۔

انجام کار1922 میں انڈین نیشنل کانگریس نے یہ قرار پاس کی کی آزادی کی تحریک میں مختلف تنظیموں سے لوگ لئے جائیں۔ ایک چھ رکنی کمیٹی تشکیل دی گئی جس میں سنگارا ویلار کو بھی ایک ممبر مقرر کیا گیا۔اس کے علاوہ انہوں نے مزدوروں کے حقوق کی لڑائی بھی لڑی۔انہوں نے اس مطالبہ کو زوردار بنانے کے لئے سارے مشہور روزناموں میں اس پر لکھا۔اس کے نتیجہ میں ہندوستان میں 1926 میں مزدوروں کے حقوق کے تحفظ کا قانون پاس ہوا۔اس پر مزید انہوں نے دیسی زبانوں ہی میں بات کرنے کی تاکید کی۔ تب ہی اپنے خیالات کو دوسرے لوگوں تک پہنچایا جاسکتا ہے۔اس طرح لیڈروں اورعوام کے درمیان اچھے روابط رکھے جاسکتے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ٹمل ناڈو والوں کے مسائل پر تعلق سے ایک ریزرولیوشن مدراس پرسیسڈنسی اسوسی ایشن کانفرنس میں پاس کیا گیا ۔اس کانفرنس میں سنگارویلاراور پیریار معزز اعلیٰ عہدیداران تھے۔

عزت نفس تحریک اور کمیونسٹ تحریک پر سنگاراویلا کے اثرات:

جب پریار نے اس بنیاد پر کہ کانگریس میں برہمنوں اور غیر برہمنوں کے درمیان امتیازی سلوک برتا جاتا ہے۔کانگریس پارٹی سے استعفیٰ دے دیا تو سنگارویلار نے پیریار کے اس فیصلہ کی تائید کی۔USSR کو جاکر آنے کے بعد پیریار کمیونسٹوں کے نظریات سے متاثر ہوگئے۔انہوں نے عزت نفس تحریک کا نام بدل کر عزت نفس سماجی انصاف پارٹی رکھ دیا۔اس تحریک کی پالیسیاں اور اصول بنانے میں سنگارا ویلار نے پورا حصہ لیا۔انہوں نے مسلسل پیریار کے جمہوری رسالہ Republic Magazine میں اوہام پرستی کے خلاف مضامین لکھے۔وہ مضامین اورتحریریں سادہ اورآسان ہوتی تھیں اور ہرایک انہیں سمجھ لیتا تھا۔

سنگاراویلار کا کمیونزم کے فلسفہ پر گہرا یقین تھا۔انہوں نے کانگریس پارٹی کو مزدوروں کی تنظیموں کی تائید میں آگے بڑھانا چاہا۔مدراس سوشلسٹوں کے نام سے انہوں نے کانگریس کے اعلیٰ عہدیداروں کو ٹیلی گراف بھیجے۔کانگریس کمیٹی کی ساری میٹنگوں میں وہ ایک کمیونسٹ نمائندے کے طور پر ہر بات کرتے تھے۔

1923 میں وہی تھے جنہوں نے مدراس (چنئی) میں پہلی مئی ڈے تقریب منائی تھی۔اسی دن انہوں نے مزدور کسان سیاسی پارٹی بنانے کا اعلان کیا۔ان کی اس نئی پولیٹیکل پارٹی کے مطالبات یہ تھے

- آٹھ گھنٹے کام کریں گے
- یونین بنانے کا حق ہوگا۔
- مزدوروں کے مطالبات کو منوانے کے آخری حربہ کے طور پر اسٹرائک کا حق ہوگا۔
- تین سطحی کمیٹی مطالبات پر نظر ثانی کے لئے ہوگی
- کم سے کم مزدوری کا یقین
- بنیادی ضروریات کے ساتھ کھانا دیا جائے
- میڈیکل اور لائن انشورنس ہو
- Provident Fund کی سہولت
- Earned Leave ہونا چاہئے
- مفت طبی امداد ہو
- زچگی کی چھٹی ہو
- معاہدہ پر کام کرنے کا خاتمہ ہو

11 pol sc unit 15 Set
Tuesday, November 23, 2021 1:07:27 PM

کسانوں کے لئے

- زراعت کے لئے مفت پانی کی فراہمی
- زمین داری نظام کی منسوخی

عام لوگوں کے لئے

- سب کے لئے ووٹ دینے کا حق
- غریبوں، مزدوروں اور کسانوں کے لئے الیکشن لڑنے کا حق

1925ء میں پہلی سوشلسٹ کانفرنس کی سربراہی کانپور میں سنگارا ویلا رنے کی۔انہوں نے تشدد کے بغیر سوشلزم پر بات کی تھی۔اس کے علاوہ انہوں نے ہندوستان کے ماحول کے مطابق کمیونزم کو اپنانے کا عزم ظاہر کیا۔انہوں نے نصیحت کی تھی کہ کانگریس پارٹی کا ممبر رہتے ہوئے ایک سوشلسٹ کو اپنا رول ادا کرنا چاہئے۔ آخر کار کانگریس کے اندر ایک سوشلسٹ بلاک قائم ہوگیا۔

زندگی اور خدمات :

بچپن ہی سے سنگارا ولارا ورناسسٹم اور توہم پرستی کو نہیں مانتے تھے۔اس کے نتیجہ میں انہوں نے بدھ مت اسوسی ایشن قائم کی اور ورناسسٹم اور توہم پرستی کے خلاف 1880ء ہی سے انہوں نے کہنا اور لکھنا شروع کر دیا۔

وہ ایک مالدار خاندان میں پیدا ہوئے اور وہ چونکہ قانون (Law) کو اچھی طرح جانتے تھے اس لئے انہوں نے چنئی کی میونسپالٹی اور ہیلتھ سکٹر میں خدمات انجام دیں۔ پسماندہ علاقوں میں علاقائی بیماریوں کی وجہ سے وہ صحت اور تعلیم کے شعبے کو ترجیح دیتے تھے۔انہوں نے مزدوروں کے حقوق کے تحفظ کی لڑائی لڑی۔ اس کی بنیاد پر انہوں نے کانگریس پارٹی فعال کردار ادا کیا، بعد میں وہ پیریار کی عزت نفس تحریک میں شامل ہوگئے۔

اگر چہ کہ وہ پچاس سال کی عمر کے بعد سیاست میں داخل ہوئے لیکن وہ فعالیت کے ساتھ اپنے کام کرتے تھے اور تیس سال سے زیادہ عرصہ تک انہوں نے کمیونسٹ نظریات کی تائید میں لکھا۔ انہیں ذوق وشوق سے یاد رکھا گیا اور انہیں ساؤتھ انڈیا کا پہلا کمیونسٹ کہا گیا۔

15.5 دراوڑی نظریات : (Dravidian Ideology)

پریار (1879 تا 1973)



تعارف :

ای وی پریار، ای۔وی۔رام سوامی کوٹمل ناڈو کا ایک بہترین مفکر سمجھا جاتا ہے، اس لئے کہ وہ ریاست کے اولین اصلاح کار تھے۔آیئے اس سبق میں ہم ان کے بارے میں تفصیل سے جانیں۔

کیا ہم جانتے ہو؟

پیریار کا اصلی نام E.V رام سوامی تھا۔وہ 1879 میں ایروڈ کے ایک متمول تاجر خاندان میں پیدا ہوئے۔اپنی نوجوان کے دور میں پیریار اپنے خاندان اور ماحول میں پائے جانے والے توہم پرستی کے خلاف تنقیدیں کرتے تھے۔وہ اپنے ابتدائی دور میں سیاست میں داخل نہیں ہوئے تھے مگر وہ اس وقت بھی ایروڈ میونسپالٹی کے چیرمین کے عہدے پر رہے۔

پیریار توہم پرستی، عورتوں کی غلامی اور سماجی پسماندگی (جو کہ ٹمل ناڈو میں زمانہ دراز سے موجود تھی) کے خلاف لڑائی جاری رکھی ہوئی تھی۔ان کے مزاج میں سمجھداری اور عزت نفس کی صفت ہمیشہ رہی۔اسی وجہ سے لوگ انہیں چاہت اور پیار سے ''تندائی پیریار'' کہتے تھے۔سماجی انصاف کے متعدد اسکالروں نے کہا ہے کہ دراوڑی نظریات جو پیریار سے سماجی خطوط پر پیش کئے تھے اس کے اثرات سارے ملک پر ہوئے۔

پیریار کو سیاست میں اس وقت کشش ہوئی جب گاندھی سیاست میں داخل ہوئے، اس لئے وہ کانگریس میں شامل ہوئے اور فعالیت کے ساتھ آزادی کی تحریک اور سماجی اصلاحات میں لگ گئے۔اس دور میں یعنی 1970 کے آس پاس کانگریس اعلیٰ ذات

11 pol sc unit 15 Set
Tuesday, November 23, 2021 1:07:27 PM

کے لوگوں کا غلبہ تھا۔مگر پیریار کانگریس کو پسماندہ طبقات تک لے آئے اور کامیابی کے ساتھ عام نچلی ذات کے لوگوں کا داخلہ مندروں میں کروایا۔ پیریار کانگریس پارٹی کے اندر اور ورنا نظام کی موجودگی سے بہت اداس ہوئے اور انہوں نے کانگریس سے علاحدگی اختیار کرلی۔ وہ جسٹس پارٹی میں شامل ہوئے اور بعد میں انہوں نے عزت نفس تحریک کی تشکیل کی۔اس کے بعد پیریار کی سرگرمیوں کو ہندوستان کی سیاست اور خصوصاً ٹمل ناڈو کی سیاست سے الگ نہیں کیا جاسکتا۔

ملک وقوم کے نام پر ایک گروپ کا دوسروں گروپوں کا ستحصال کرنا حقیقی آزادی نہیں ہے جس آزادی کے لئے اتنی قربانیاں دی گئیں۔ یہ بات پیریار E.V رام سوامی کہتے تھے۔ پیریار قومیت کے نظریہ اور نسل پرستی کے خلاف پرزور انداز سے تنقید کرتے تھے۔سارے نظریات ،قوم،قومیت اور قومیت پرستی سب ملتے جلتے تصورات ہیں۔ان سب فرق سے پورے ملک کی آبادی کی ''عزت نفس'' کا اشارہ ملتا ہے۔اگر ٹمل ناڈو میں کوئی نیشلزم کے متعلق بات کرتا ہے تو مجھے تعجب ہوتا ہے کہ کیا وہ لوگوں کی بہبودی اور فلاح کے سلسلے میں بات کرتا ہے ۔ یہ سوال پیریار اٹھاتے تھے۔

قومیت پسندی ایک استحصال ہے :
(Nationalism as exploitation)

ایسے بہت سے لوگ ہیں جو ہندوستانیوں ،ٹمل والوں اور عزت نفس کی پرواہ نہیں کرتے ۔وہ اپنے اغراض اور فوائد کے لئے لوگوں کو قومیت پسندی کا نام لے کر دھوکہ دیتے تھے۔اگر قوم اور قومیت پسندی کے نام پر عزت نفس کا بیڑا غرق ہوجائے تو وہ ہندوستانیوں کے خلاف ایک بڑا جرم ہے۔یہ پیریار کا قول ہے۔

قومیت پسندی ایک غیر حقیقی احساس وتصور ہے۔قومیت کا تصور کچھ نہیں ہے مگر ایک سازش ہے جو مالدار اور اہل اقتدار لوگوں نے بنائی ہے جس کے ذریعہ وہ ولوگوں کے منفی جذبات پر قابو پا کر انہیں دھوکہ دیتے ہیں۔ڈایک ایک غلط مفروضہ ہے جس کا پروپگنڈہ اونچی ذات کے لوگ کرتے ہیں تاکہ غریبوں کو ان کے حقوق سے محروم رکھا جائے۔

ایک قدیم رسموں کو توڑنے والا اور عقلیت پسند سماجی مصلح
ان کا کام اور ورثہ (His work and his legacy)

اوسط درجہ کے ٹمل والوں کے لئے آج پیریار آئیدیل ہیں۔وہ ایسی سیاست کرتے تھے جس میں سماجی مساوات،عزت نفس اور لسانی فخر تھا۔سماجی مصلح کے طور پر انہوں نے سماجی،تہذیبی،اور صنفی عدم مساوات پر زور دے کر اصلاح کا کام کیا اور ان کے اصلاحی ایجنڈے نے اعتقادات،صنف (جنس) اور روایات پر سوالات کھڑے کئے۔وہ لوگوں سے چاہتے تھے کہ وہ اپنی زندگی کے معاملات میں عقلیت پسندی سے کام لیں۔وہ کہتے تھے کہ عورت کو آزاد ہونا چاہئے وہ صرف جننے کے لئے نہیں ہے اور اس بات پر زور دیتے تھے کہ انہیں بھی روزگار میں برابر کے مواقع ملنے چاہئیں۔عزت نفس تحریک جسے انہوں نے چلائی اس میں شادیاں بغیر رسومات کے کی جاتی تھیں اور عورتوں کو بھی جائیداد میں سے حصہ دیا جاتا تھا یہاں تک کہ مطلوبہ عورتوں کو بھی حقوق دئے جاتے تھے۔وہ ولوگوں سے کہتے تھے کہ وہ اپنے نام کے ساتھ ذات پات کا نام استعمال نہ کریں اور اپنی ذات کا اظہار نہ کریں ۔انہوں نے 1930 کی پبلک کانفرنسوں میں شیڈول کاسٹ لوگوں کے ہاتھ کا پکایا ہوا کھانا کھایا۔

سالوں تک سیاسی تقسیم سے بلند وہ کر،اسی طرح مذہب اور ذات پات سے بلند ہوکر لوگوں نے ان کی عزت وتعظیم کی اور ان کو تندائی پیریار کا لقب دیا۔وہ جدید ٹمل ناڈو کے معزز شخصیت سمجھے گئے۔

بشکریہ : ارون جنارڈھنن، دی نیو انڈین ایکسپرس 13.3.2018

11 pol sc unit 15 Set
Tuesday, November 23, 2021 1:07:28 PM

انہوں نے کہا کہ قومیت ایک لت کا بھنبھناتا ہوا لفظ ہے اور لوگوں کو جذباتی بنانے والا ہے۔

عالمی قومیت-ایک رد (Global Nationalism-A Denial)

پیریار نے سری لنکا میں اپنی ایک تقریر میں بہت سختی سے قوم اور قومیت کی مخالفت کی تھی جب کہ دوسرے لوگ انڈین نیشلزم کی بات کرتے تھے اور اس لفظ کو بطور ہتھیار استعمال کرتے تھے۔ پیریار نے ان عوامل کے خلاف بات کی۔ انہوں نے ہندوستانی قومیت کے علاوہ دوسرے ملکوں اور وہاں کے قومی احساسات دکھائے۔

اس قومیت کے ذریعہ سے لوگوں کو بھینٹ چڑھایا جاتا ہے۔ سرمایہ دار طبقہ دوسرے انہی کی طرح کے لوگوں کو ساتھ لے کر حب الوطنی کے احساسات کا غلط استعمال کرتا ہے۔ پیریار نے کہا۔

مثال کے طور پر اگر مالدار قوموں کا UK (برطانیہ) میں USA کے ساتھ ٹکراؤ ہوتا ہے تو وہ اس طرح للکارتے ہیں'' اور برطانیہ کے محبّ وطنو! ہمارا ملک خطرہ کی حالت میں ہے''۔ اس طرح کے جھوٹے الفاظ صرف اپنی اقتصادی ترقی کے لئے ہوتے ہیں نہ کہ غریب طبقہ کی مفاد کے لئے۔

اس سے پہلے روس میں بھی بہت سی نسلیں تھیں اور تہذیبی گروپس تھے مگر اس ملک میں کسی قسم کا امتیاز نہیں تھا۔ انہوں نے کمیونسٹ انقلاب کی تائید کی۔ یہ ممالک قومیت اور مذہب کمیونسٹ انقلاب کی تائید کی۔ یہ ممالک قومیت اور مذہب سے آزاد تھے۔ وہ ممالک جو قومیت، مذہب اور خدا سے آزاد تھے، آرام دہ طرز زندگی نہیں رکھتے اور وہاں کے مالدار لوگ غریبوں کا استحصال نہیں کرتے۔ وہ لوگ قومیت اور خدا سے تعلق کا دعوٰی نہیں کرتے۔ ان کے ہاں مساوات اور مساوی معاشرہ پایا جاتا ہے وہاں کچھ بھی فرق و امتیاز نہیں ہے جیسے امیر و غریب، مالک مزدور، طاقتور کمزور۔ اس طرح کا کوئی فرق نہیں برتا جاتا ہے۔ وہاں کے لوگ جو اعلیٰ اقدار اور مساوی معاشرہ رکھتے ہیں۔ ان کے برابر ملک نہیں ہوسکتا جو خدا کو اور نیشلزم کو ترجیح دیتا ہے۔

دوسرے ملکوں کی مثالیں اور ثبوت دیتے ہوئے پیریار نے ہندوستانی قومیت پسندی کے احساسات اور حب الوطنی پر تنقید کی ہے۔ اس لئے کہ ان احساسات کو ہتھیار کے طور پر استعمال کرتے ہوئے چند طاقتور گروپوں نے دوسرے کمزوروں کا استحصال کیا ہے۔

ہندوستان۔ تنوعات رکھنے والا ایک ملک ہے:

کیا قومیت کا تصور ہندوستان جیسے ملک کے لئے نامناسب ہے؟ پیریار نے یہ ٹھیک سوال کیا اور خود ہی جواب دیا۔

''مدراس ایک علاحدہ ملک نہیں ہے اور اسے الگ سے چلایا نہیں جاسکتا''۔ ہمارے چند دوست یہ بات کہتے ہیں۔ کسی زمانے میں مدراس ایک ملک تھا۔ اب وہی ڈراویڈم ہے۔ یہاں کی تہذیب اور دوسری باتیں بنگال اور بمبئی سے الگ ہیں۔ ہندوستان کے ان مختلف ملکوں میں انگریزی زبان یکسانیت کے لئے ایک بنیاد فراہم کرتی ہے۔ اگر برطانوی حکومت اور اس کی زبان ہندوستان سے نکل جاتی ہے تو ہندی ایک قومی زبان بن سکتی ہے۔ ہندوستان کو ایک ملک کہنے کی بجائے دراوڑ ناڈو، آندھرا، بنگال کو بالترتیب الگ الگ ملک کہا جاسکتا ہے۔ مثال کے طور پر دراوڑی ملک کی اپنی تہذیب، زبان اور ان کی اپنی حکمرانی ہزاروں سال تک تاریخی ثبوتوں کے ساتھ رہی ہے۔ یقیناً یہ بات سب لوگوں کو معلوم ہے۔

''دراوڑی قومیت'' جسے پیریار نے تجویز کیا تھا اس کی وسعت مذہبی بالادستی سے زیادہ ہے۔

زبان پر (On Language)

ہر ایک کو حق حاصل ہے کہ وہ اپنی زبان کی حفاظت کرے۔ ان حقوق کی حفاظت دراوڑا سوشلسٹ ریپبلک رول کے ذریعہ کی جاسکتی ہے۔ کسی بھی زبان کو دوسروں پر زبردستی تھوپا نہیں جاسکتا ہے۔

زبان کو ہتھیار کے طور پر تفریق کرنے کے لئے استعمال نہیں کیا جانا چاہئے۔ ساری قسم کی سہولتوں کے لئے اگر لوگ مرکزی حکومت کے قوانین پر انحصار کرتے ہوں تو اس کا کوئی اچھا نتیجہ نہیں ہوگا۔ اگر زبانوں کو مرکزی سطح پر سرکاری اور دفتری درجہ دے دیا جائے تو کیا لوگوں کو بھوک سے نجات مل جائے گی؟

اسے واضح طریقہ سے کیا ٹمل مزدوروں کا ٹمل بولنے والے صاحب ثروت طبقہ نے ہی استحصال کیا ہے؟

11 pol sc unit 15 Set
Tuesday, November 23, 2021 1:07:29 PM

ذات پات سے پاک سماج : (Casteless Society)

پیریار کے احتجاجات اور تقاریر ہمیشہ اسی نقطہ کے ارد گرد ہوتے تھے۔ ''ٹمل ناڈو ٹمل والوں کے لئے ہے اور دراوڑی ملک دراوڑیوں کے لئے ہے'' ان کے نظریات میں یہ باتیں شامل تھیں۔ مشترک منصوبہ، مشترک کام کی ترتیب، اسلامی تبدیلی، علاحدہ دراوڑی ملک دراوڑیوں کے لئے، اسی کے لئے انہوں نے طاقتور بالادستی رکھنے والی قوموں سے لڑائی لڑی۔

ان کا کہنا تھا کہ بالادست قوموں نے ٹمل، ٹمل قومیت ٹمل نسل کا غلط استعمال ٹمل ناڈو میں اپنے اقتدار کی برقراری کے لئے کیا ہے۔ اسی کے لئے وہ غلط ٹمل لیڈروں کی مدد سے انہوں نے لوگوں کے دماغوں میں ٹمل قومیت کا انجکشن لگایا ہے تاکہ طویل زمانے تک یہاں وہ اپنا اقتدار برقرار رکھیں۔

فرہنگ الفاظ Glossary



سیاسی تحریک : یہ ایک سماجی گروپ ہوتا ہے جو سیاسی ہدف کے حصول کے لئے لوگوں کو اکٹھا کرتا ہے۔

سماجی تحریک: یہ ایک گروپ کا عمل ہے جس سے دبی کچلی آبادی کو بااختیار بنایا جائے تاکہ اس سے چیلنجوں کا مؤثر طریقے سے مقابلہ کیا جاسکے اور طاقت ور اور مراعات حاصل کرنے والے خواص کی مزاحمت کی جائے۔

دراوڑی تحریک: دراوڑی تحریک مدارس پریسڈنسی میں آگے بڑھی جس میں چار بڑے انسانی لسانی گروپس جنوبی ہندوستان میں شامل ہیں۔

عزت نفس تحریک : عزت نفس تحریک ایک ایسی تحریک ہے جس کا مقصد ایک ایسا سماج قائم کرنا تھا جس میں پسماندہ ذات کے لوگوں کو بھی مساوی انسانی حقوق حاصل ہوں۔

مزدور تحریک : مزدور کی بہتری کے لئے بنائی گئی تحریک

جسٹس پارٹی : برہمنوں اور غیر برہمنوں کے درمیان فرقہ ورانہ تقسیم ہوگئی تھی۔ پیریار نے علاحدہ تملناڈو کا مطالبہ رکھا اور ذات پات سے پاک سماج کا نظریہ پیش کیا۔

ذات پات سے پاک سماج: ایک ایسا سماج ہو جس میں مساوات انسانی ہو، ذات پات کی تفریق نہ ہو۔

خالص ٹمل تحریک: خالص ٹمل تحریک ایک ایسی تحریک ہے جس میں یہ مقصد بنایا گیا ہے کہ ٹمل زبان سے دوسری زبانوں کے الفاظ خصوصاً سنسکرتی الفاظ کو نکال دیا جائے

ہوم رول تحریک : 1916 اور 1918 کے درمیان ہندوستان تحریک آزادی کی سربراہی ڈاکٹر بسنت کی ہوم رول لیگ نے کی تھی۔

سیاسیات: وہ سرگرمیاں جو کسی ملک کی حاکمہ خصوصاً اقتدار رکھنے والی پارٹیوں کے درمیان بحث و مباحثہ کی ہوں سیاسیات کہلاتی ہیں۔

امتیازی سلوک یا غیر منصفانہ سلوک: غیر منصفانہ یا غیر قانونی برتاؤ

لہذا ذات پات سے پاک سماج کا قیام پیریار کی پہلی ترجیح ہوگئی تھی۔ دوسرے نظریات جیسے علاحدہ دراوڑی ملک، طاقتور قوموں کو حد میں رکھنا، سرمایہ دار طبقہ کی طاقت توڑنا۔ پیریار کی ثانوی ترجیحات تھیں۔

اس مقصد اور ہدف کے نتیجہ میں دراوڑا کژگم پیریار نے بنایا۔ وہ کہتے تھے ''ذات پات کے احساس نے دراوڑی نسل کو تقسیم کیا اور وہ آریاؤں کے غلام بن گئے'' یہ بات انہوں نے 1950 کی اپنی تحریروں میں پیش کی ہے۔

پریسیڈنسی میں انیسویں صدی کے اواخر میں اور بیسویں صدی کے اوائل میں قوانین بنائے گئے کہ غیر برہمنوں کی نمائندگی کو سرکاری ملازمتیں میں بڑھایا جائے اور برہمنوں کی نمائندگی کے تناسب کو کم کیا جائے۔

11 pol sc unit 15 Set
Tuesday, November 23, 2021 1:07:29 PM

جولوگوں کے مختلف گروپوں کے درمیان ہوتا ہے خصوصاً نسل، صنف کی بنیاد پر ہونے ولا امتیازی سلوک۔

امن : امن وسلامتی کا تصور جس میں ظلم وتشدد نہ ہو یہ ایک احساس ہے۔امن تنازعات اور تشدد سے آزادی دلاتا ہے انفرادی شخصوں اور سماجی گرپوں کے درمیان

قومی تحریک : قومی تحریک ایک سماجی اور سیاسی تحریک ہوتی ہے۔ قومی شناخت اور خودمختاری لوگوں کے درمیان برقرار رکھنے کے لئے اور اس کے ممبران کو قومی سمجھا جاتا ہے۔

ویلفیر ریاست : یہ ایک ایسا نظام ہے جس میں ریاست شہریوں کی صحت اور خوش حالی کی حفاظت کرتی ہے۔

محاسبہ Evaluation

TZUV7

I۔ صحیح جواب منتخب کیجئے :

1۔ تروکرل کے ارتوپیال (Arathupal) میں ترولور.....کے بارے میں کہتے ہیں۔

(a) اخلاق وکردار (b) شاعری (c) سیاسی فلسفہ (d) ویلفیر ریاست

2۔ پروتپال (Porutpal) میں کتنے حصے ہیں؟

5(a) 4 (b) 7 (c) 6 (d)

3۔ بھارتیار .....کے مدیر تھے

(a)انڈیا (b) ینگ انڈیا (c) کیسری (d) دراوڑین

4۔بنچالی سباتم کس نے لکھا.....

(a) بھارتیار (b)تروومی کا (c) کمبر (d) بھارتی داسن

5۔ ٹمل ناڈو میں کس کو بہترین سیاسی مفکر مانا گیا

(a) J.C کمارپپا (b)پیریار (c)تروولور (d) مرائی ملائی اڈیگال

6۔ E.V رام سوامی .....کے سال پیدا ہوئے

1879 (a) 1877 (b) 1878(c) 1876 (d)

7۔ کس نے کہا''ذات پات کے احساسات نے دراوڑیوں کو تقسیم کیا اور دراوڑی آریاؤں کے غلام ہے''

(a) C. N انادورائی (b) E.V پیریار (c)سنگاراویلار (d) مرائی ملائی اڈیگال

8۔ 1923 میں پہلی مئی دے کی تقریب چنئی میں.....نے منعقد کی تھی

(a)الینگو اڈیگال (b) E.V.R پیریار (c)سنگاراویلار (d) مرائی ملائی اڈیگال

9۔ پیریار کا انتقال سال .....میں ہوا

1971(a) 1972 (b) 1973 (c) 1972 (d)

11 pol sc unit 15 Set
Tuesday, November 23, 2021 1:07:29 PM

10۔ بھارتیار.....میں پیدا ہوئے

(a) اریتایاپورم (b) تروچی (c) ترونل ویلی (d) چنئی

11۔ ٹمل ناڈو میں عزت نفس تحریک کس نے شروع کی

(a) انادورائی (b) E.V.R پیریار (c) مرائی ملائی اڈیگال (d) سنگاراویلار

12۔ کس نے کہا ''ٹمل ناڈو ٹمل والوں کے لئے اور دراوڑی ملک دراوڑیوں کے لئے ہے۔

(a) الینگواڈیگال (b) E.V.R پیریار (c) سنگاراویلار (d) مرائی ملائی

13۔ برطانوی ہندوستان میں کس سال مزدوروں کے تحفظ کا قانون بنا تھا

1914(a) 1924 (b) 1926 (c) 1928 (d)

14۔ پیریار انڈین نیشنل کانگریس سے کیوں علاحدہ ہوگئے۔

(a) اہمسا (b) ورناشرمادھرما (c) شخصی اختلافات (d) کوئی بھی نہیں

15۔ دعویٰ : بھارتیار پانڈیچری گئے اور وہیں رہ گئے

سبب : بھارتیار ایک ٹمل روزنامہ ''انڈیا'' کے ایڈیٹر تھے جو قومیت کی اشاعت کرتا تھا۔

(a) A اور R صحیح ہیں اور A,R کی صحیح وضاحت ہے

(b) A اور R صحیح ہیں اور A,R کی صحیح وضاحت نہیں ہے

A(c) صحیح ہے مگر A غلط ہے (d) A غلط ہے مگر R صحیح ہے

II۔ صحیح جوڑ لگایئے :

1۔	چولا	-	مدورائی
2۔	چیرا	-	کونگوناڈو
3۔	پانڈیا	-	کانچی پورم
4۔	پلاوا	-	ارائی یور

III۔ مختصر ترین جوابات لکھئے۔

1۔ تروکرل کیا ہے؟

2۔ پروتپال میں کتنے حصے ہیں؟

3۔ کوئیل پائٹو کا شاعر کون ہے؟

4۔ خواتین کو بااختیار بنانے کے بارے میں بھارتیار کے نظریات کی وضاحت کیجئے۔

5۔ بھارتیار ایک صحافی تھے اس پر تبادلہ خیال کیجئے۔

6۔ خدا کے بارے میں پیریار کے نظریات کیا تھے۔

7۔ مزدور تحریک کے سلسلہ میں سنگاراویلار کے رول پر ایک مختصر نوٹ لکھئے۔

8۔ سیاست کے بارے میں سنگاراویلار کے خیالات وتصورات کیا تھے؟

9۔ ٹمل سماج کے لئے سنگاراویلار کی خدمات کی وضاحت کیجئے۔

11 pol sc unit 15 Set
Tuesday, November 23, 2021 1:07:30 PM

IV۔ مختصر جوابات لکھئے۔

1۔ ویلفیر ریاست اور بادشاہ کے تعلق سے ترولور کے خیالات کیا تھے؟
2۔ استبداد کے بارے میں ولور کے خیالات کی وضاحت کیجئے۔
3۔ برطانوی حکومت کے بارے میں بھارتیار کے نظریات وتصورات کو سمجھایئے۔
4۔ قومیت کے بارے میں بھارتیار کے خیالات کی وضاحت کیجئے۔
5۔ کانگریس پارٹی کے بارے میں سنگاراویلار کے تصورات کی جانچ کیجئے۔
6۔ 1922 میں سنگاراویلار کے پیش کئے گئے مطالبات کی فہرست بنایئے۔
7۔ دراوڑاناڈو کے بارے میں پیریار کے نظریات کو تفصیل سے سمجھایئے۔

V۔ تفصیلی جوابات لکھئے۔

1۔ سماج کے متعلق ترولور کے نظریات وخیالات پر ایک نوٹ لکھئے۔
2۔ ٹمل ناڈو میں سنگاراویلار۔مزدوروں کے لیڈر تھے ان کی اس حیثیت پر تبادلہ خیال کیجئے۔
3۔ ٹمل ناڈو کی سماجی سیاسی ترقی کے لئے بھارتیار کے کارنامہ کو تفصیل سے سمجھایئے۔
4۔ پیریار کی سوانح حیات اور کارنامے کو تفصیل سمجھائیں۔
5۔ ٹمل ناڈو کے سیاسی افکار ونظریات کے پس منظر کا سراغ لگائیں۔

Reference حوالہ جات

1. Padmaja, R, Purushothaman, V.P (2000). *Sanga Kaala Mannargalin Kaala Nilai*. Volume 1. International institute of Tamil Studies: Chennai.
2. Pope .G.U , "Thirukkural: English translation and commentary", Kazhagam 2017 edition.
3. Rajaram.M, " I sing the glory of this Land: Translated verses of Bharathiyar", Rupa Publications, Chennai, 2018.
4. Vasanthakumaran .P , " The godfather of Indian labour : M. Singaravelar" , Chennai : Poornima Publishers, 2003.
5. Veeramani. K , " Thoughts of Periyar", DRAVIDAR KAZHAGAM PUBLICATIONS , chennai ,(2012),
6. Palanithurai. G, " Caste Politics and Society in Tamilnadu", South Asia Books (1 July 1994)
7. Puranannoru….. See 'Purananooru, moolamum thelivum', Manimegalai prasuram, pg 82

Internet Sources: انٹرنٹ کے ذرائع

- http://15hsactn15.blogspot.com/2017/07/the-sangam-age-society.html
- https://allmyearthlythoughts.wordpress.com/2017/06/02/avvaiyar-the-story-of-the-many-women-who-carried-that-name/
- http://vijeejournalist.com/2016/10/avvaiyar-the-diplomat/

11 pol sc unit 15 Set
Tuesday, November 23, 2021 1:07:30 PM



KEY TERMS اہم اصطلاحات

Absolute Monarchy	–	مطلق عنانیت (بادشاہت)
Activist	–	فعالیت پسند
Adherence	–	حمایتی
Ad-Hoc	–	وقتی اور سبھی
Administrative Law	–	انتظامی قانون
Administrative Machinery	–	انتظامی مشنری
Administrative Policy	–	انتظامی پالیسی
Administrative units	–	انتظامی اکائیاں
Affirmative Action	–	مثبت کارروائی
Age of Enlightenment	–	روشن خیالی کی عمر
Alternative vote	–	متبادل ووٹ
Amendment	–	ترمیم
Amnesty International	–	انسانی حقوق کی علم برداری
Anachronism	–	سہوزمانی
Anarchism	–	انارکی/بدنظمی
Anarchists	–	بدنظمی پھیلانے والے
Antecedents	–	مقدم
Anthropology	–	علم الانسان
Anti-Defection Law	–	خلاف انحراف قانون
Apartheid	–	نسلی عصبیت
Appeal	–	درخواست
Appetite	–	بھوک (خواہش)
Aristocracy	–	شرفاء کی حکومت
Astronomy		علم فلکیات
Asylum	–	پناہ
Authority	–	بااختیار عہدہ
Behavioral Approach	–	رویے کا نقطہ نظر
Behaviouralism		طرز عمل
Bill of Rights	–	حقوق کا مسودہ
Bourgeoise	–	متوسط طبقے کا روایت پسند
Bureaucracy	–	نوکرشاہی
Cabinet	–	کابینہ
Capitalism	–	سرمایہ داری
Centralisation	–	مرکزیت
Charismatic Leadership	–	کرشماتی قیادت
Charter of Human Rights	–	حقوق انسانی کا منشور
Checks and balances	–	توازنی اقتدار
Child Labour	–	بچہ مزدور
Citizenship	–	شہریت
City-State	–	شہری ریاست
Civic Participation	–	تمدنی حصہ داری

11 pol sc unit 15 Set
Tuesday, November 23, 2021 1:07:30 PM

Civil Equality	–	شہری مساوات
Civil Rights	–	شہری حقوق
Civil Society	–	شہری سماج
Civil War	–	خانہ جنگی
Class Antagonisms	–	طبقاتی دشمنی
Class Struggle	–	طبقاتی جدوجہد
Classless Society	–	غیر طبقاتی معاشرہ
Coalition Ministry	–	اتحادی وزارت
Code of conduct	–	ضابطہ اخلاق
Cold War	–	سرد جنگ
Collective Responsibility	–	مجموعی ذمہ داری
Collegiability	–	اجتماعیت
Colonialism	–	استعماریت
Committee System	–	کمیٹی نظام
Commonwealth Nations	–	دولت مشترکہ اقوام
Communal Harmony	–	فرقہ وارانہ ہم آہنگی
Communist Manifesto	–	اشتراکی منشور
Communitarianism	–	فرقہ واریہ
Comparative Analysis	–	تقابلی تجزیہ
Comparative Approach	–	تقابلی نقطہ نظر
Comparative Study	–	تقابلی مطالعہ
Compartmentalism	–	اجزاء کاری
Confederation	–	متحد ریاستیں
Consenses	–	اتفاق رائے

Conservatives	–	قدامت پسند
Constituent Assembly	–	دستوری اسمبلی
Constitutional Amendment	–	دستوری ترمیم
Constitutional Law	–	آئینی قانون
Constitutional Monarchy		آئینی سلطنت
Constitutional remedies	–	آئینی تدابیر
Contest	–	مقابلے
Contractual Rights	–	معاہدے کے حقوق
Cultural and Educational Rights	–	ثقافتی اور تعلیمی حقوق
Cultural Revolution	–	ثقافتی انقلاب
Customs	–	روایات
Das Capital	–	راس سرمایہ
Decentralization of Powers	–	اقتدار کی عدم مرکزیت
Decision Making Policy	–	فیصلہ ساز پالیسی
Declaration of Rights of Man	–	حقوق انسانی کا اعلان
Decolonization	–	ترک نوآبادیات
Decree	–	فرمان
Deductive Reasoning	–	استخراجی استدلال
Deep Ecology	–	گہرے ماحولیات کا علم
De-facto sovereignty		اصلی خودمختاری
De-jure sovereignty	–	حقیقی خودمختاری

11 pol sc unit 15 Set
Tuesday, November 23, 2021 1:07:31 PM

Deliberative Democracy	–	غور وفکر کرنے والی جمہوریت
Deligation of Authority	–	اختیار دینا
Delimitation Commission	–	حد بندی کمیٹی
Democratic Elitism	–	جمہوری اشرافیہ
Despotic Government	–	غاصب حکومت
Despotism	–	غصب
Developed Countries	–	ترقی یافتہ ممالک
Dialectical Materialism	–	جدلیاتی مادیت
Dialectical Method	–	جدلیاتی طریقہ
Dictatorship	–	آمریت
Dictatorship Of The Proletariat	–	پرولتاریہ کی آمریت
Diplomacy	–	سفارتی
Distributive Justice	–	تقسیم انصاف
Divine Origin Theory of State	–	ریاست کا الٰہی کا نظریہ
Divine Rights Theory	–	الٰہی حقوق کا نظریہ
Domestic Liberty	–	گھریلو آزادی
Early Vedic Period	–	ابتدائی ویدوں کا دور
Eco-Feminism	–	حقوق نسوان کا ماحول
Ecologist	–	ماہرین ماحولیات
Economic Democracy	–	اقتصادی جمہوریت
Economic Security		اقتصادی سالمیت
Enforciable	–	قابل نفاذ

Environmental Sustainability	–	ماحولیاتی استحکام
Equality of Opportunity	–	مواقع کی مساوات
Equity		مساوات
Era	–	دَور
Eradication	–	خاتمہ
Eradication of Poverty	–	غربت کا خاتمہ
Eternal Law	–	دائمی قانون
Evolutionary Theory	–	انقلابی نظریہ
Evolutionary Theory of Origin of State	–	ریاست کے ظہور کا ارتقائی نظریہ
Executive Authority	–	عاملانہ اختیار
External Sovereignty	–	خارجی خودمختاری
Fabian Socialism	–	اشتراکی سوشلزم
Factionalism	–	گروہ بندی
Feminism	–	نسوانیت
Feminists	–	حقوق نسواں
Feudalism	–	جاگیرداری
Flexible constitution		لچک دار دستور
Franchise	–	حق رائے دہی
Fraternity	–	برادرانہ
Fundamental Rights	–	بنیادی حقوق
Gender Equality	–	جنسی مساوات
General Will	–	عام مرضی
Global Warming	–	اشتعال کرہ ارض

11 pol sc unit 15 Set
Tuesday, November 23, 2021 1:07:31 PM

Globalization	–	عالم گیریت
Glorious Revolution	–	شاندار انقلاب
House of Representatives	–	ایوان نمائندگان
Human Rights	–	حقوق انسانی
Human Trafficking	–	انسانی اسمگلنگ
Ideal State	–	مثالی ریاست
Idealistic Theory of Rights	–	حقوق کا مثالی نظریہ
Identity Politics	–	شناختی سیاست
Inductive Method	–	استقرائی طریقہ
Initiative	–	اقدام
Institutional Approach	–	ادارتی نقطہ نظر
Instrumental Marxism	–	مارکسزم کو عمل میں لانا
Interest Groups		مفاداتی گروپس
Internal Sovereignty	–	داخلی خودمختاری
International Law	–	بین الاقوامی قانون
International Organizations	–	بین الاقوامی تنظیمیں
International Peace	–	عالمی امن
International Relations	–	عالمی روابط
League of Nations	–	انجمن اقوام (لیگ آف نیشنس)
Legal Approach	–	قانونی طریقہ کار
Legal Sovereignty	–	قانونی خودمختاری
Liberalism	–	آزادخیالی
Local-self Government	–	مقامی خودمختار حکومت
Magna Carta	–	منشور عظیم

Materialistic Individualism	–	مادی انفرادیت
Minority Rule	–	اقلیت کا قانون
Mobocracy	–	عوامی حکومت
Moderates	–	اعتدال پسند
Monarchy	–	سلطنت، بادشاہت
Monistic Theory of Sovereignty	–	ایک وجودی نظریہ کی حاکمیت
Natural Rights	–	فطری حقوق
Natural Rights	–	قدرتی حقوق
Naturalised Citizen	–	قدرتی شہری
Negative Liberalism	–	منفی آزادخیالی
Negative Liberty	–	منفی آزادخیال
Nominal Sovereignty	–	نامزد خودمختاری
Non-Alignment	–	غیر جانبدار
Normative	–	معیاری
Nutritious MealScheme	–	قوت بخش خوراک اسکیم
Observation	–	مشاہدہ
Observation Method	–	مشاہداتی طریقہ
Office of Profit	–	منافع بخش دفتر
Oligarchy	–	امرشاہی
Organisation	–	تنظیم
Over Developed State	–	نہایت ترقی یافتہ ریاست
Parliamentary Form of Government	–	پالیمانی طرز کی حکومت
Paternalism	–	ولدیت

11 pol sc unit 15 Set
Tuesday, November 23, 2021 1:07:32 PM

Patriarchal Theory of State	–	پدرانہ نظریہ کی حالت
Patriarchy	–	پدریت
Patricians	–	سرپرست
Patriotism	–	حب الوطنی
Per-Capita Income	–	فی کس آمدنی
Personal Liberty	–	شخصی آزادی
Personality	–	شخصیت
Personality Cult	–	شخصیت پرستی
Petitions	–	عرضیاں
Philosophical Anarchism	–	فلسفیانہ انارکی
Physical Law		طبعی قانون
Planning	–	منصوبہ بندی
Plebeians	–	عام آدمی
Plebiscitary Democracy	–	رائے شماری جمہوریت
Plural Executive	–	مجموعی عاملہ
Pluralism	–	اجتماعیت
Pluralistic Theory of Sovereignty	–	اجتماعی نظریہ حاکمیت
Plurality	–	اجتماعیت
Policy	–	پالیسی
Policy makers	–	پالیسی ساز
Political Asylum	–	سیاسی پناہ
Political Authority	–	سیاسی اختیار
Political Democracy	–	سیاسی جمہوریت
Political Economy	–	سیاسی معیشت
Political Equality	–	سیاسی مساوات

Political Ideology	–	سیاسی نظریہ
Political influence	–	سیاسی رسوخ
Political Obligation	–	سیاسی فرائض
Political Parties	–	سیاسی پارٹیاں
Political Polarization	–	سیاسی تقطیب
Political Power	–	سیاسی اقتدار
Political Rights	–	سیاسی حقوق
Political Science	–	سیاسی سائنس
Political Self-Determination	–	سیاسی خودداریت
Political Sovereignty	–	سیاسی حاکمہ
Political System	–	سیاسی نظام
Political Theory	–	سیاسی نظریہ
Politician	–	سیاست دان
Politics	–	سیاست
Polling process	–	رائے دہندگی کا عمل
Polyarchy	–	کثیر الجہتی
Popular Initiative	–	مقبول اقدام
Popular Referendum	–	مقبول ریفرنڈم
Popular Sovereignty	–	مقبول حاکم
Popular will	–	مقبول مرضی
Popularity	–	مقبولیت
Positive Liberalism	–	مثبت آزاد خیال
Positive Liberty	–	مثبت آزاد خیال
Positive Rights	–	مثبت حقوق
Post- Revolutionary Stage	–	قبل انقلاب کا مرحلہ

11 pol sc unit 15 Set
Tuesday, November 23, 2021 1:07:32 PM

Post-Behavioralism	–	طرزِعمل کے بعد
Post-Colonial Feminism	–	استعماریت کے بعد نسوانیت
Post-Colonial States	–	استعماریت کے بعد کی ریاستیں
Post-Modern Feminism	–	جدید دور کے بعد نسوانیت
Post-Modernism	–	جدیدیت کے بعد
Post-Revolutionary Stage	–	انقلاب کے بعد کا مرحلہ
Poverty	–	غربت
Pre- Revolutionary Stage	–	انقلاب سے قبل کا مرحلہ
Preamble		تمہید
President of India	–	صدر ہند
Presidential Form of Government	–	صدارتی طرز کی حکومت
Presidential Form of Government	–	صدارتی طرز کی حکومت
Presidential System	–	صدارتی نظام
Pressure Groups	–	دباؤ ڈالنے والے گروپس
Preventive Detention	–	احتیاطی حراست
Primitive Communism	–	قدیم فرقہ واریت
Primitive Communism	–	قدیم فرقہ واریت
Primordial	–	ابتدائی
Privileges	–	مراعات
Progress	–	ترقی

Progressivism	–	ترقی یا فتگی
Proletariat	–	ادنی طبقہ
Prominent	–	نمایاں
Promulgation	–	اشاعت
Propaganda	–	پروپیگنڈہ
Proportional	–	متناسب
Protective Democracy	–	تحفظاتی جمہوریت
Proxy	–	نائب
Psephology	–	انتخابات
Psephology	–	علم انتخابات
Psychology	–	علم نفسیات
Public interest	–	عوامی مفاد
Public office	–	عوامی دفتر
Public Opinion	–	رائے عامہ
Public Sector	–	عوامی سکٹر
Purchasing Power Parity	–	خریداری کی طاقت
Qualitative Methods	–	معیار کے طریقے
Quantitative Methods	–	مقداری طریقے
Quasi-Federal State	–	نیم وفاقی ریاست
Quasi-Judicial	–	نیم عدالتی
Quota	–	معینہ مقدار - کوٹہ
Racial Discrimination	–	نسلی امتیاز
Radical Democracy	–	بنیاد پرستانہ جمہوریت
Radical Feminism	–	بنیاد پرستانہ نسوانیت
Rajya Sabha	–	راجیہ سبھا

11 pol sc unit 15 Set
Tuesday, November 23, 2021 1:07:32 PM

Real Sovereignty		اصلی حاکمیت
Real Will	–	اصلی مرضی
Realism	–	اصلیت
Reason	–	سبب
Recall System	–	یاد کرنے کا نظام
Recognition	–	منظوری
Referundum	–	عوام کی رضامندی (ریفرنڈم)
Reforms	–	اصلاحات
Regional	–	علاقائی
Regional Alliances	–	علاقائی اتحاد
Regulate	–	درست کرنا
Religion	–	مذہب
Religious Fundamentalist	–	مذہب بنیاد پرست
Religious Minorities	–	مذہبی اقلیت
Renaissance	–	نشاۃ ثانیہ
Representation	–	نمائندگی
Representative	–	نمائندہ
Representative Democracy	–	نمائندہ جمہوریت
Representative Government	–	نمائندہ حکومت
Republic	–	جمہوریہ
Reservation	–	مختص کردہ حصہ (سرکاری معاملات میں)
Resignation	–	راضی نامہ، استعفیٰ
Resignation	–	راضی نامہ، استعفیٰ
Resources	–	ذرائع، وسائل
Responsibility	–	ذمہ داری

Returning officer	–	ناظم انتخابات
Reverse discrimination		اُلٹا امتیاز
Revolution	–	انقلاب
Rhetoric	–	بیان بازی، فن خطابت
Right	–	حق
Right against Exploitation	–	استحصال کے خلاف حق
Right to Equality	–	مساوات کا حق
Right to Freedom	–	آزادی کا حق
Right to Freedom Of Religion	–	مذہبی آزادی کا حق
Right to Life	–	زندگی کا حق
Right to Privacy	–	رازداری کا حق
Right to Privacy	–	اندرونی حق
Rightist Ideology	–	قدامت پسندی
Rightist Ideology	–	قدامت پسندی
Rigid Constitution	–	بے لچک دستور
Rule of Law	–	قانون کی حکمرانی
Ruling Class	–	حکمران طبقہ
Satyagraha	–	ستیہ گرہ
Schedule	–	فہرست (شیڈول)
Scheduled castes	–	درج فہرست ذاتیں
Scheduled Castes And Scheduled Tribes	–	درج فہرست ذاتیں اور درج فہرست قبائل
Scheduled tribes	–	درج فہرست قبائل
Scope	–	دائرہ کار
Seats	–	نشستیں
Secessionism	–	علحدگی پسند

11 pol sc unit 15 Set
Tuesday, November 23, 2021 1:07:33 PM

Secular State	–	سیکولر ریاست
Secularism	–	سیکولرزم
Security deposit	–	تحفظی جمع شدہ رقم
Self-Rule	–	خودکار حکومت
Seminary	–	درس گاہ
Senior Citizens	–	بزرگ شہری
Separation of Powers	–	اختیارات کی علحدگی
Service Sector	–	خدمات کا شعبہ
Sessions	–	اجلاس
Shallow Ecology	–	سطحی ماحولیات
Simple Majority	–	سادہ اکثریت
Single Citizenship	–	واحد شہریت
Sinification	–	مفہوم، معنیٰ
Slavery	–	غلامی
Social Activism	–	سماجی سرگرم کارکن
Social activist	–	سماجی سرگرم کارکن
Social Autonomy	–	سماجی خودمختاری
Social Coercion	–	سماجی جبر
Social Contract Theory	–	سماجی معاہداتی نظریہ
Social Contractualists	–	سماجی معاہداتی تعلق کار
Social Democracy	–	سماجی جمہوریت
Social Democratic State	–	سماجی جمہوری ریاست
Social Equality	–	سماجی مساوات
Social Justice	–	سماجی انصاف

Social Media	–	سماجی ذرائع ابلاغ/سوشیل میڈیا
Social Movements	–	سماجی تحریکات
Social Status	–	سماجی حیثیت
Social System	–	سماجی نظام
Socialism	–	سماجیات
Socialistic Democracy	–	سماجی جمہوریت
Society	–	سماج
Soft State	–	نرم ریاست
Soft State	–	نرم ریاست
Sovereignty	–	حاکمیت
Speaker	–	مقرر
Spirit	–	روح
Spoils System	–	نظام کو خراب کرنا
Standing Committee	–	قائم کمیٹی
State	–	ریاست، حکومت
State Legislative Assembly	–	ریاستی قانون ساز اسمبلی
State legislature	–	ریاستی لجس لیچر
State of Nature	–	فطری حالت
Statelessness	–	حکومت کے بغیر، بے وطنی
Structural Functional Approach	–	ساختی عمل پذیر طریقہ کار
Structural Marxism	–	ساختی مارکسزم

11 pol sc unit 15 Set
Tuesday, November 23, 2021 1:07:33 PM

Structure	–	ساخت بناوٹ
Sub-continent	–	برصغیر
Suffrage	–	ووٹ دینے کا حق
Summit	–	چوٹی کانفرنس
Super Powers	–	بڑی طاقت
Superintendence	–	نگران
Superiority	–	برتری
Supervision	–	نگرانی
Supervisor	–	نگران
Sustainable Development	–	مستحکم ترقی، پائیدار ترقی
Syllogisms	–	منطقی طرز استدلال
Syndicalists		مزدور یونین کارکن
System Approach	–	نظام کا نقطہ نظر
System of Logic	–	منطقی نظام
Systems Approach	–	نظام کا نقطہ نظر
Tenure	–	دَور
Territory	–	علاقہ، عمل داری
The Reformation Movement	–	تحریک اصلاح
Theocracy	–	مذہبی حکومت
Theology	–	دینیات
Theory of Surplus Value	–	زائد قیمت کا نظریہ
Three-Fold Citizenship	–	سہ رخی شہریت
Timocracy	–	منصب داری، حکمت امراء
Totalitarian Democracy	–	مطلق العنان جمہوریت
Traditional Morality	–	روایتی اصول اخلاق
Traditionalism	–	روایت پرستی
Transform	–	تبدیلی
Transgenders	–	مخنث، تیسری جنس
Transparency	–	شفافیت
Tribunals	–	خصوصی عدالتیں
Tri-Coloured Flag	–	ترنگا جھنڈا
Two Party System	–	دو پارٹی والا نظام
Tyranny	–	استبداد، ظالم
Under Developed Countries	–	ترقی پذیر ممالک
Unethical	–	غیر منصفانہ
Unfair	–	غیر اخلاقی
Unitary State	–	ایک حکمران والی ریاست
United Nations	–	اقوام متحدہ
Universal Adult Franchise	–	عالمی بالغان کا حق رائے دہی
Universalism	–	عالم گیریت
Untouchability	–	چھوت چھات
Unwritten Constitution	–	غیر تحریری آئین/ غیر تحریری دستور
Upper Chamber	–	اوپری خانہ/ چیمبر
Urban local body	–	شہری مقامی حکومت
Utilitarianism	–	افادیت پسندی
Utopian Socialism	–	خیالی سماجیات
Utopian Theory	–	خیالی نظریہ
Utopianism	–	خیالیات
Vice President of India	–	نائب صدر ہند

11 pol sc unit 15 Set
Tuesday, November 23, 2021 1:07:33 PM

Vidhan Sabha	–	اسمبلی
Vote	–	ووٹ
Voters` list	–	ووٹروں کی فہرست
Votes	–	ووٹ
Voting Machine	–	ووٹنگ مشین
Voting Right	–	ووٹ ڈالنے کا حق
Ward	–	وارڈ / حلقہ
Weaker sections	–	کمزور طبقات
Welfare State	–	فلاحی ریاست
White Man Burden	–	سفید آدمی کا بوجھ/ ذمہ داری
Withdrawal	–	واپسی
Withering away of the State	–	ریاست کا مرجھانا
Women Empowerment	–	خواتین کا بااختیار ہونا
Working Class	–	مزدور طبقہ
World Bank	–	عالمی بینک
Writ of Certiorari	–	مسل طلبی کا حکم نامہ
Writ of Habeas Corpus	–	تحریری حکم نامہ
Writ of Habeas Corpus	–	تحریری حکم نامہ
Writ of Mandamus	–	عدالت کا حکم نامہ

Writ of Mandamus	–	عدالت کا حکم نامہ
Writ of Prohibition	–	امتناعی حکم نامہ
Writ of Quo-Warranto	-	عدالتی حکم نامہ
Writ of Quo-Warranto	–	عدالتی حکم نامہ
Write of Prohibition	–	امتناعی حکم نامہ
Written Constitution	–	تحریری آئین
Written Constitution	–	تحریری دستور



11 pol sc unit 15 Set
Tuesday, November 23, 2021 1:07:33 PM

Political Science - Class XI - Urdu Medium
List of Translators and Reviewer

Academic Head :
Dr. Mrs. S. Shameem,
Deputy Director, SCERT, Chennai

Translators
Syed Masood Ahmed
B.T. Assistant, Osmania Hr. Sec. School,
Tirupattur, Tirupattur District.

Mohamed Jaweed Akram
P.G.Asst., Islamiah Boys' Hr. Sec. School,
Vaniyambadi, Tirupattur Dist.

J. Mohamed Irshad Khan
B.T. Asst., Islamiah Boys' Hr. Sec. School,
Vaniyambadi, Tirupattur Dist.

Nazia Nikhath P.K.
S.G. Asst., Haji Essa Abba Sait
Aided Primary School, Chennai.

Reviewer
Mr. H. Abrarul Haq
B.T. Asst., Islamiah Boys' Hr. Sec. School,
Vaniyambadi, Tirupattur Dist.

Co-ordinators :
Dr. R. Anbazhagan,
Principal, DIET, Ranipet District.

M. Suresh Kumar,
Lecturer, DIET, Ranipet,

A. Siva Kumar,
Lecturer, DIET, Ranipet

Ramesh Munisamy
SCERT, Chennai.

Urdu DTP and Layout
TAJ Printers, Vaniyambadi.

This book has been printed on 80 GSM Elegant Maplitho paper

Printed by Offset at :

سیاسی سائنس (سیاسیات) برائے گیارھویں جماعت

تعلیمی سربراہ
ڈاکٹر مسز لیس۔شمیم
ڈپٹی ڈائرکٹر، لیس.ای.آر.ٹی، چنئی۔

مترجمین
سید مسعود احمد
بی.ٹی.اسسٹنٹ، عثمانیہ ہائرسکنڈری اسکول،
ترپاتور، ضلع ترپاتور۔

محمد جاوید اکرم،
پی.جی.اسسٹنٹ، اسلامیہ بائس ہائرسکنڈری اسکول،
وانم باڑی، ضلع ترپاتور۔

جے۔محمد ارشاد خان،
بی.ٹی.اسسٹنٹ، اسلامیہ بائس ہائرسکنڈری اسکول،
وانم باڑی، ضلع ترپاتور۔

نازیہ نکہت پی۔کے۔
لیس.جی.اسسٹنٹ، حاجی عیسیٰ ابا سیٹھ ایڈڈ پرائمری اسکول
چنئی۔

نظر ثانی
ایچ۔ابرار الحق
بی.ٹی۔اسسٹنٹ، اسلامیہ بائس ہائرسکنڈری اسکول
وانم باڑی۔ضلع ترپاتور۔

معاونین
ڈاکٹر آر. انبوگن
پرنسپال، DIET، رانی پیٹ

یم.سریش کمار
اسسٹنٹ پروفیسر، DIET، رانی پیٹ

اے۔ سوا کمار
اسسٹنٹ پروفیسر، DIET، رانی پیٹ

ترتیب وتزئین
تاج پرنٹرس ، وانم باڑی۔

11 pol sc unit 15 Set
Tuesday, November 23, 2021 1:07:34 PM